
بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

منظر ایلیاء Shia Books PDF




MANZAR AELIYA
9391287881
HYDERABAD INDIA

يا علي ولي الله

# الولاية الثالثة

وفضائل

اميرالمؤمنين علي عليه السلام

تاليف

مظهرحسين جوادي

# فہرست


| | | | |
|---|---|---|---|
| خطبہ و تمہید | 7 | حدیث نمبر 20 شہادتِ ثالثہ تقرب الٰہی ہے | 37 |
| حدیث نمبر 1 معراج النبی اور ہر چیز پر شہادتِ ثالثہ | 8 | حدیث نمبر 21 روایتِ رسول خدا (ص) | 38 |
| حدیث نمبر 2 شہادتِ ثالثہ اور عرشِ الٰہی | 10 | حدیث نمبر 22 مولا علیؑ کے تاج پر شہادتِ ثالثہ | 39 |
| حدیث نمبر 3 زیارتِ آل یاسین اور شہادتِ ثالثہ | 10 | حدیث نمبر 23 اقرارِ شہادت ثالثہ کے بغیر اعمال باطل | 40 |
| حدیث نمبر 4 زیارتِ جامعہ کبیرہ اور شہادتِ ثالثہ | 13 | حدیث نمبر 24 روایت امام باقرؑ اور شہادتِ ثالثہ | 43 |
| حدیث نمبر 5 دعائے عشرات میں شہادتِ ثالثہ | 14 | حدیث نمبر 25 اصحاب کہف کا شہادتِ ثالثہ پر اقرار | 44 |
| حدیث نمبر 6 تلقینِ میت میں شھاداتِ ثلاثہ کی گواہی | 16 | حدیث نمبر 26 شہادتِ ثالثہ کے اقرار پر اللہ کی ضمانت | 47 |
| حدیث نمبر 7 انبیاء کے تمام صحف میں شہادت ثالثہ | 17 | حدیث نمبر 27 نبی (ص) کی انگوٹھی کا نقش علی ولی اللہ | 48 |
| حدیث نمبر 8 عقیق پتھر اور شہادتِ ثالثہ کا اقرار | 18 | حدیث نمبر 28 ولایتِ علی علیہ السلام یعنی شہادتِ ثالثہ | 50 |
| حدیث نمبر 9 عقیق کی انگوٹھی پر شہادتِ ثالثہ | 18 | حدیث نمبر 29 دعائے اہلِ قبور میں شہادتِ ثالثہ | 54 |
| حدیث نمبر 10 فطرت الٰہی (توحید) شہادتِ ثالثہ ہے | 19 | حدیث نمبر 30 بادل اور شہادت ثالثہ کا اقرار (معجزہ) | 55 |
| حدیث نمبر 11 مؤمن کا کلمہ طیبہ شہادتِ ثالثہ | 21 | حدیث نمبر 31 حجر الاسود کا شہادتِ ثالثہ پر اقرار | 56 |
| حدیث نمبر 12 جنت کے آٹھ دروازوں پر شہادتِ ثالثہ | 21 | حدیث نمبر 32 سلیمان نبی کی انگوٹھی پر محمد و علیؑ کا نام | 58 |
| حدیث نمبر 13 حضرت آدم اور عرش پر شہادتِ ثالثہ | 25 | حدیث نمبر 33 عرش کے اطراف پر شہادتِ ثالثہ | 60 |
| حدیث نمبر 14 رب ذوالجلال اور شہادتِ ثالثہ | 26 | حدیث نمبر 34 ایک فرشتے کا شہادتِ ثالثہ پر اقرار | 60 |
| حدیث نمبر 15 سام بن نوح اور شہادتِ ثالثہ کا اقرار | 29 | حدیث نمبر 35 ساتویں آسمان کے ہر در پر شہادتِ ثالثہ | 61 |
| حدیث نمبر 16 روایت امام رضا علیہ السلام | 31 | حدیث نمبر 36 شہادتِ ثالثہ پر ابوذر کا قصہ | 63 |
| حدیث نمبر 17 شہادتِ ثالثہ عرش پر عقدِ الٰہی ہے | 33 | حدیث نمبر 37 جو شہادتِ ثالثہ کی معرفت نہیں رکھتا! | 65 |
| حدیث نمبر 18 شہادتِ ثالثہ اللہ کی ولایت ہے | 35 | حدیث نمبر 38 عرش کے نیچے ایک فرشتے کی ندا | 67 |
| حدیث نمبر 19 جنتی بادام پر شہادتِ ثالثہ | 35 | حدیث نمبر 39 حضرت خضر کا شہادتِ ثالثہ پر اقرار | 68 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| حدیث نمبر40 حضرت آدم کی انگوٹھی پر شہادتِ ثالثہ | 71 | حدیث نمبر61 عرش کے دو فرشتے اور شہادتِ ثالثہ | 92 |
| حدیث نمبر41 تمام انبیاء کی وصیت شہادتِ ثالثہ | 72 | حدیث نمبر62 عالم اشباہ اور شہادتِ ثالثہ | 93 |
| حدیث نمبر42 امام رضاؑ کا روضہ اور شہادتِ ثالثہ | 73 | حدیث نمبر63 آسمان کے ہر ستون پر شہادتِ ثالثہ | 94 |
| حدیث نمبر43 تین جانور اور شہادتِ ثالثہ (معجزہ) | 74 | حدیث نمبر64 موت کے بعد پہلا سوال شہادتِ ثالثہ | 95 |
| حدیث نمبر44 مسلم بن عقیل اور شہادتِ ثالثہ کا اقرار | 75 | حدیث نمبر65 چار مقام پر شہادتِ ثالثہ | 96 |
| حدیث نمبر45 امام باقرؑ کی انگوٹھی پر شہادتِ ثالثہ | 76 | حدیث نمبر66 معراج پر ایک مرغ کی ندا شہادتِ ثالثہ | 98 |
| حدیث نمبر46 عیسائیوں کے ناقوس اور شہادتِ ثالثہ | 77 | حدیث نمبر67 حضرت موسیٰ پر شہادتِ ثالثہ کی وحی | 98 |
| حدیث نمبر47 حضرت موسیٰ کی تحریر شہادتِ ثالثہ | 78 | حدیث نمبر68 یھود اور شہادتِ ثالثہ (معجزہ) | 99 |
| حدیث نمبر48 امام علیؑ کا اقرار شہادتِ ثالثہ | 79 | حدیث نمبر69 صحفِ انبیاء اور شہادتِ ثالثہ (معجزہ) | 100 |
| حدیث نمبر49 بادل پر شہادتِ ثالثہ کی کتابت | 80 | حدیث نمبر70 حضرت محمد (ص) اور شہادتِ ثالثہ | 102 |
| حدیث نمبر50 امام کاظمؑ کی ایک روایت | 81 | حدیث نمبر71 عالم ذر اور شہادتِ ثالثہ | 104 |
| حدیث نمبر51 اذان سلمان فارسی میں شہادتِ ثالثہ | 82 | حدیث نمبر72 فرشتے کے شانوں پر شہادتِ ثالثہ | 105 |
| حدیث نمبر52 اذانِ ابوذر میں شہادتِ ثالثہ | 83 | حدیث نمبر73 روایتِ امام باقر علیہ السلام | 105 |
| حدیث نمبر53 عقیق اور شہادتِ ثالثہ | 85 | حدیث نمبر74 انسان پر واجب ترین فریضہ شہادتِ ثالثہ | 106 |
| حدیث نمبر54 ہر جگہ شہادتِ ثالثہ | 85 | حدیث نمبر75 جبل قاف اور شہادتِ ثالثہ | 107 |
| حدیث نمبر55 اپنے مردوں کو شہادتِ ثالثہ کی تلقین | 88 | حدیث نمبر76 ملائکہ کا اقرار شہادتِ ثالثہ | 109 |
| حدیث نمبر56 اسماعیل بن جابر کا شہادتِ ثالثہ پر اقرار | 89 | حدیث نمبر77 ولادتِ امام علیؑ اور شہادتِ ثالثہ | 110 |
| حدیث نمبر57 عالم ذر میں میثاق شہادتِ ثالثہ | 90 | حدیث نمبر78 براق کی پیشانی پر شہادتِ ثالثہ | 111 |
| حدیث نمبر58 چاول کا شہادتِ ثالثہ پر اقرار | 90 | حدیث نمبر79 تورات میں شہادتِ ثالثہ | 112 |
| حدیث نمبر59 بینگن کا شہادتِ ثالثہ پر اقرار | 91 | حدیث نمبر80 جام پر تحریر شہادتِ ثالثہ | 113 |
| حدیث نمبر60 حضرت آدم اور شہادتِ ثالثہ | 92 | حدیث نمبر81 جنت کے دروازے پر شہادتِ ثالثہ | 116 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| حدیث نمبر82 لوح کے نسخہ پر شہادتِ ثالثہ | 117 | حدیث نمبر103 قیامت کے دن شیعہ اور شہادتِ ثالثہ | 139 |
| حدیث نمبر83 شہادتِ ثالثہ کی تلاوت گناہوں کی معافی | 117 | حدیث نمبر104 قیامت کے دن شہادتِ ثالثہ پر نجات | 141 |
| حدیث نمبر84 شہادتِ ثالثہ اور بعثتِ انبیاء | 120 | حدیث نمبر105 مہر نبوت پر شہادتِ ثالثہ | 142 |
| حدیث نمبر85 بیت المقدس میں شہادتِ ثالثہ | 121 | حدیث نمبر106 استقرارِ عرش اور شہادتِ ثالثہ | 142 |
| حدیث نمبر86 باحکم خدا منادی کی ندا شہادتِ ثالثہ | 121 | حدیث نمبر107 فطرتِ الٰہی شہاداتِ ثلاثہ ہیں | 142 |
| حدیث نمبر87 فاطمہ بنت اسد اور شہادتِ ثالثہ | 122 | حدیث نمبر108 باحکم نبی(ص)شہاداتِ ثلاثہ کی گواہی | 143 |
| حدیث نمبر88 سنگریزے کا اقرار (معجزہ)شہادتِ ثالثہ | 123 | حدیث نمبر109 اہل سنت کی کتاب اور شہادتِ ثالثہ | 144 |
| حدیث نمبر89 صحفِ ابراہیم و موسیٰ میں شہادتِ ثالثہ | 124 | حدیث نمبر110 سام بن نوح کا کلمہ شہادتِ ثالثہ | 145 |
| حدیث نمبر90 شہادتِ ثالثہ سے تمسک پر جنت ہے | 125 | حدیث نمبر111 حضرت ابو طالب اور شہادتِ ثالثہ | 145 |
| حدیث نمبر91 جنتی میوہ پر شہادتِ ثالثہ | 126 | حدیث نمبر112 ولادتِ امام علیؑ اور شہادتِ ثالثہ | 146 |
| حدیث نمبر92 نبی(ص)کی مستجاب دعا شہادتِ ثالثہ | 126 | حدیث نمبر113 حضرت فاطمہ (س)اور شہادتِ ثالثہ | 147 |
| حدیث نمبر93 شہاداتِ ثلاثہ اور استقرارِ عالم کائنات | 128 | حدیث نمبر114 امام حسنؑ اور شہادتِ ثالثہ کی گواہی | 147 |
| حدیث نمبر94 چوتھے آسمان پر انبیاء سے سوال | 128 | حدیث نمبر115 امام حسینؑ اور شہادتِ ثالثہ کی گواہی | 148 |
| حدیث نمبر95 روایت امام عسکریؑ | 129 | حدیث نمبر116 امام زمانہعج اور شہادتِ ثالثہ کی گواہی | 148 |
| حدیث نمبر96 ولادت امام زمانعج اور شہادتِ ثالثہ | 131 | حدیث نمبر117 لوح محفوظ پر شہادتِ ثالثہ | 149 |
| حدیث نمبر97 امام حسینؑ کی روایت میں شہادتِ ثالثہ | 132 | حدیث نمبر118 منادی کی ندا شہادتِ ثالثہ | 149 |
| حدیث نمبر98 جبرائیل کے پروں پر شہادتِ ثالثہ | 134 | حدیث نمبر119 روز حشر شیعہ اور شہادتِ ثالثہ | 150 |
| حدیث نمبر99 شہاداتِ ثلاثہ پر درخت کا اقرار (معجزہ) | 135 | حدیث نمبر120 شہادتِ ثالثہ پر حضرت آدم کا اقرار | 150 |
| حدیث نمبر100 عائشہ کی روایت اور شہادتِ ثالثہ | 136 | اذان اور شہادتِ ثالثہ کی گواہی | 151 |
| حدیث نمبر101 جنتی پرندہ کا شہادتِ ثالثہ پر اقرار | 137 | اللہ تعالی کے حکم سے اذان | 155 |
| حدیث نمبر102 حضرت ابوطالب کی انگوٹھی کا نقش | 138 | علیؑ کی ولایت بے حساب جنت لے جاتی ہے | 156 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| امام حسینؑ اور شہادتِ ثالثہ (علی ولی اللہ) کی گواہی | 157 | اہل سنت کی کتب سے امیر المومنینؑ کے فضائل | 193 |
| نماز اور شہادتِ ثالثہ | 162 | حدیث 1 | 193 |
| رسول اللہؐ کی نماز ولایتِ علیؑ کی گواہی کے ساتھ | 163 | حدیث 2 | 194 |
| شہادتِ ثالثہ اور روایاتِ اہل بیت (ع) | 166 | حدیث 3 | 194 |
| امام صادقؑ کا دوسرا فرمان تشہد نماز کے بارے | 168 | حدیث 4 | 196 |
| وہ تشہد جو امام رضاؑ سے منقول ہے | 169 | حدیث 5 | 196 |
| امام رضاؑ کا تشہد جو کتاب فقہ الرضا سے منقول ہے | 171 | حدیث 6 | 197 |
| حضرت علیؑ ذکر اللہ ہیں | 172 | حدیث 7 | 197 |
| علماء کے فتاوے اور شہادتِ ثالثہ امیر المومنینؑ | 173 | حدیث 8 | 199 |
| کتب اربعہ میں سے شہادتِ ثالثہ کا ثبوت | 175 | حدیث 9 | 200 |
| تین سوال اور ان کا جواب | 177 | حدیث 10 | 201 |
| قرآنی آیات اور ولایت و شہادتِ ثالثہ امیر المومنینؑ | 180 | حدیث 11 | 201 |
| آیت عزت | 180 | حدیث 12 | 202 |
| آیت فطرت | 181 | حدیث 13 | 202 |
| آیت سوال انبیاء | 182 | حدیث 14 | 204 |
| آیت میثاق (عہد بنی آدم) | 183 | حدیث 15 | 204 |
| آیت عہد (عہد توڑنے والوں کی مذمت) | 186 | حدیث 16 | 205 |
| آیت نور | 188 | حدیث 17 | 206 |
| آیت اطاعت | 188 | حدیث 18 | 207 |
| آیت ولایت | 189 | حدیث 19 | 208 |
| آیت تبلیغ | 191 | حدیث 20 | 209 |
| آیت اکمال دین | 192 | حدیث 21 | 211 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| حديث22 | 212 | حديث44 | 237 |
| حديث23 | 213 | حديث45 | 238 |
| حديث24 | 214 | حديث46 | 239 |
| حديث25 | 215 | حديث47 | 240 |
| حديث26 | 216 | حديث48 | 242 |
| حديث27 | 217 | حديث49 | 243 |
| حديث28 | 219 | حديث50 | 244 |
| حديث29 | 220 | حديث51 | 246 |
| حديث30 | 220 | حديث52 | 247 |
| حديث31 | 222 | حديث53 | 248 |
| حديث32 | 224 | حديث54 | 250 |
| حديث33 | 224 | حديث55 | 251 |
| حديث34 | 226 | حديث56 | 252 |
| حديث35 | 228 | حديث57 | 252 |
| حديث36 | 229 | حديث58 | 253 |
| حديث37 | 230 | حديث 59 | 254 |
| حديث38 | 231 | حديث60 | 255 |
| حديث39 | 232 | حديث61 | 256 |
| حديث40 | 233 | حديث62 | 257 |
| حديث41 | 234 | حديث63 | 258 |
| حديث42 | 235 | حديث64 | 261 |
| حديث43 | 236 | حديث65 | 262 |

| | |
|---|---|
| حدیث66 | 263 |
| حدیث67 | 265 |
| حدیث68 | 265 |
| حدیث69 | 266 |
| حدیث70 | 267 |
| حدیث71 | 271 |
| حدیث72 | 273 |
| حدیث73 | 274 |
| حدیث74 | 275 |
| حدیث75 | 276 |
| حدیث76 | 277 |
| حدیث77 | 278 |
| حدیث78 | 281 |
| حدیث79 | 284 |
| حدیث80 | 285 |
| حدیث81 | 286 |
| حدیث82 | 288 |
| حدیث83 | 289 |
| حدیث84 | 290 |
| حدیث85 | 291 |
| حدیث86 | 293 |
| حدیث87 | 294 |
| حدیث88 | 295 |
| حدیث89 | 295 |
| حدیث90 | 296 |
| حدیث91 | 298 |
| حدیث92 | 299 |
| حدیث93 | 300 |
| حدیث94 | 301 |
| حدیث95 | 302 |
| حدیث96 | 304 |
| حدیث97 | 305 |
| حدیث98 | 306 |
| حدیث99 | 307 |
| حدیث100 | 308 |
| شکریہ نامہ | 310 |

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدلله رب العالمين وصل الله على محمدوآله الطيبين الطاهرين المعصومين ولعنة الله على اعدائهم اجمعين الى قيام يوم الدين اللهم عجل لوليک الفرج واجعلنا من خيرأعوانه وأنصاره برحمتک ياأرحم الراحمين

## تمہید

اس کتاب میں امیر المومنین علیہ السلام کے فضائل روایاتِ معصومین علیہم السلام کے مطابق درج ہیں، جو صراط مستقیم، نبأ عظیم، صالح المومنین، یعسوب الدین، امام المتقین، خلیفۃ اللہ فی العالمین، حبل اللہ المتین، سر اللہ فی العالمین، میزان الاعمال سیف ذوالجلال، وجہ اللہ المضی الباقی، عین اللہ الناظرۃ ولسان اللہ الذاکرۃ وید اللہ المبسوطۃ واذن اللہ الواعیۃ، مثل اللہ الاعلی، اسم اللہ الرضی، نور اللہ المضی ہے۔

یہ نور نورِ خدا ہے اللہ اس نور کو کامل کرے گا اگرچہ کافر یہ پسند نہیں کرتے ہیں علیؑ کا نام اللہ اور رسولؐ کے نام کے ساتھ عالمین کی ہر شی پر مرقوم ہے علیؑ کی ولایت عالمین میں اللہ ورسولؐ کی ولایت ہے علیؑ کی اطاعت اللہ کی طرف سے عالمین پر فرض ہے اور جو بھی علیؑ کی ولایت کو قبول نہیں کرے گا اسکا کوئی عمل بھی قبول نہیں ہوگا اگرچہ اسکا عمل عالمین کے عمل کے برابر ہی کیوں نہ ہو۔

یہ کتاب نجف اشرف میں 2017 میلادی امیر المومنین علیہ السلام کی مدد اور بضعۃ سید المرسلین سیدۃ النساء العالمین کی عنایت سے لکھی گئی ہے اس میں خالصا شیعہ عقائد مرقوم ہیں دعا ہے اللہ تبارک وتعالی ہمیں محمد وآل محمدؐ کی ولایت ومحبت پر ثابت قدم فرمائے آمین۔

فقیر آل محمدؐ مظہر حسین جوادی

# حدیث نمبر1

## معراج النبی ؐ اورہر چیز پر شہادتِ ثالثہ

روی عن القاسم بن معاويه أنه قال قلت لابى عبدالله عليه السلام هولاء يروون حديثاً في معراجهم إنه لماأسرى برسول الله رأى على العرش مكتوباً لااله الاالله محمدرسول الله ابوبكر الصديق فقال :سبحان الله غيروا كل الشي حتي هذا ؟!قلت: نعم قال: إن الله عزوجل لما خلق العرش كتب عليه لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالومنين ولما خلق الله عزوجل الماء كتب فى مجراه:لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالمومنين لما خلق الله عزوجل الكرسي كتب على قوائمه: لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالمومنين ولما خلق الله عزوجل اللوح :كتب فيه لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالمومنين ولماخلق الله عزوجل اسرافيل كتب على جبهته:لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالمومنين ولما خلق الله عزوجل جبرائيل:كتب على جناحيه لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالمومنين ولما خلق الله عزوجل السماوات :كتب في أكتافها :لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالمومنين ولما خلق الله عزوجل الارضين :كتب في أطباقها لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالمومنين ولما خلق الله عزوجل الجبال: كتب في رؤسها لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالمومنين ولماخلق الله عزوجل الشمس :كتب عليها لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالمومنين ولما خلق الله عزوجل القمر:كتب عليه لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالمومنين وهو السواد الذى ترونه في القمر

فاذا قال أحدكم: لااله الاالله محمدرسول الله فليقل علي أميرالمومنين ولى الله

ترجمہ: قاسم ابن معاویہ سے نقل ہے: میں نے امام صادقؑ کی خدمت میں عرض کیا یہ لوگ (مخالفین) رسول اللہ سے حدیث نقل کرتے ہیں کہ جب آنحضرتؐ کو معراج پر لے جایا گیا حضرت نے دیکھا عرش پر لکھا ہوا ہے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ابو بکر صدیق پس امام صادقؑ نے فرمایا: سبحان اللہ تمام چیزوں کو انہوں نے تبدیل کر دیا یہاں تک کے اس حدیث کو بھی تبدیل کر دیا! میں نے کہا جی ہاں، اس وقت حضرتؑ نے فرمایا: جب اللہ تبارک و تعالی نے عرش کو خلق کیا اس پر لکھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین اور جب اللہ نے پانی کو خلق کیا تو اس کے جریان کے مقام پر لکھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین اور جس وقت اللہ نے کرسی کو خلق کیا تو اس کے پایوں پر لکھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین اور جب اللہ نے لوح کو خلق کیا تو اس میں لکھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین اور جب اللہ نے اسرافیل کو خلق کیا تو اسکی پیشانی پر لکھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین اور جب اللہ نے جبرائیل کو خلق کیا اسکے دونوں پروں پر لکھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین اور جب اللہ نے آسمانوں کو خلق کیا اس کے کناروں پر لکھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین اور جب اللہ نے زمینوں کو خلق کیا ان کے طبقوں پر لکھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین اور اللہ نے جب پہاڑوں کو خلق کیا تو انکی چوٹیوں پر لکھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین اور جب اللہ نے سورج کو خلق کیا اس پر لکھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین اور جب اللہ نے چاند کو خلق کیا اس پر لکھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین اور وہ سیاہی جو چاند میں نظر آتی ہے وہ یہی ہے، اور جب تم میں سے جو بھی کھے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پس اس پر واجب ہے کھے علی امیر المومنین علیہ السلام ولی اللہ۔

(حوالہ: کتاب احتجاج طبرسی جلد اول صفحہ ۲۳۱ منشورات نعمان، بحار الانوار ج ۲۷ ص ۱)

ملاحظہ: عالم کائنات کا قوام ان تین شہادتوں کے ساتھ ہے اور نماز کا قیام بھی ان کے ساتھ ہے۔

## حدیث نمبر2

روی عن الاصبغ بن نباته :أنه سأل أميرالمومنين عن قول الله عزوجل:سبح اسم ربک الاعلی فقال مکتوب علی قائمة العرش قبل أن یخلق الله السموات والارضین بألفی عام لااله الاالله وحده لاشریک له وأن محمداًعبده رسوله فالشهدوا بهماو أن علیاً وصی محمدؐ۔

ترجمہ: اصبغ بن نباتہ نے امیر المومنینؑ سے اللہ تبارک وتعالی کے قول سبح اسم ربک الاعلی کے بارے میں سوال کیا (تم اپنے رب کے اعلی نام کی تسبیح کرو) تو مولا امیر المومنینؑ نے فرمایا: پایہ عرش پر آسمانوں اور زمینوں کی خلقت سے دو ہزار سال پہلے سے یہ لکھا ہوا ہے: اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں محمدؐ اس کا بندہ ہے اور رسول ہے پس ان دونوں گواہیوں کے ساتھ تم پر واجب ہے یہ گواہی دو کہ بیشک علیؑ وصی محمد ہے۔

(حوالہ: سورۃ اعلی تفسیر علی بن ابراہیم جلد ۲ صفحہ ۴۱۷، انتشارات علامہ)

## حدیث نمبر3

### زیارتِ آلِ یاسین میں شہادتِ ثالثہ امیرالمومنین علیہ السلام

روی عن محمدبن عبدالله جعفر الحمیری أنه قال خرج التوقیع من ناحیة المقدسة(حرسهاالله) بعد المسائل بسم الله الرحمن الرحیم لا لأمره تعقلون ولا من أولیائه تقبلون حکمة بالغة فما تغنی النذرعن قوم لایؤمنون(صافات۱۳)السلام علیناوعلی عبادالله الصالحین اذا أردتم التوجه

بنا الی الله و إلینافقولوا کما قال الله تعالی :سلام علی آل یاسین،السلام علیک یاداعی الله وربانی آیاته .........أشهدک یامولای أنی أشهدان لااله الاالله وحده لاشریک له وأن محمداًعبده ورسوله لاحبیب الا هو و أهله وأشهدک یا مولای أن علیاً أمیرالمومنین حجته والحسن حجته والحسین حجته وعلی بن الحسین حجته ومحمدبن علی حجته وجعفربن محمدحجته وموسی بن جعفرحجته وعلی بن موسی حجته ومحمدبن علی حجته وعلی بن محمدحجته والحسن بن علی حجته اشهد انک حجة الله ۔۔۔فاشهدماأشهدتک علیه أنا ولی لک وبری من عدوکم فالحق مارضیتموه والباطل ما أسخطتموه والمعروف ماأمرتم به والمنکرما نهیتم عنه

اور زیارت میں پھر آخر میں تین شھادتوں کا دوبارہ اقرار ہے ان جملات کے ساتھ:

( نفسی مومنة بالله وحده لاشریک له وبرسوله وبأمیرالمومنین وبکم یا مولای اولکم وآخرکم ونصرتی معدة لکم ومودتی خالصة لکم آمین)

ترجمہ:نہ امر خدا کو سمجھتے ہیں اور نہ اس کے اولیاء سے قبول کرتے ہیں، حکمتِ خدا پہنچنے والی ہے (کسی پر مخفی نہیں ہے) پس ایسی قوم جو ایمان لانے والی نہیں اسے انبیاء اور اولیاء کا ڈرانا اور انذار کرنا فائدہ نہیں دے گا سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر اور جب تم ہمارے وسیلہ سے اللہ اور ہماری طرف توجہ کرنا چاہو تو جیسے اللہ نے فرمایا ہے کہو:(سلام علی آل یاسین) اے آل محمدؐ آپ پر اللہ کا سلام ہو، سلام ہو آپ پر اے حجت خدا امام زمان عج کہ آپ اللہ کی طرف سے بلانے والے ہو اور اللہ کی آیات کے عارف ہو اس کے بعد یہ کہو(أشهدک یامولای) اے میرے مولا میں آپ کو اپنے عقیدہ پر جو تین شھادات پر مشتمل ہے گواہ بناتا ہوں میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اور وہ ایسا واحد ہے جس کا کوئی شریک نہیں ہے اور حضرت محمدؐ اس کا بندہ اور رسولؐ ہے حضرت محمدؐ اور اس کی

آل طاہرین کے علاوہ اللہ کا کوئی محبوب نہیں ہے اور میں آپ کو گواہ بناکر یہ کہتاہوں حضرت امیر المومنین علی بن ابیطالبؑ اللہ کی حجت ہے، امام حسنؑ حجت خدا ہے، امام حسینؑ حجت خدا ہے، امام زین العابدینؑ حجت خدا ہے، امام محمد باقرؑ حجت خدا ہے، امام صادقؑ حجت خدا ہے، امام کاظمؑ حجت خدا ہے ، امام رضاؑ حجت خدا ہے، امام تقی جوادؑ حجت خدا ہے، امام علی نقیؑ حجت خدا ہے، امام حسن عسکریؑ حجت خدا ہے، اور پھر (أشهدانک حجة الله) اور میں گواہی دیتاہوں کہ آپ امام زمانؑ حجت خدا ہیں۔

اور اس کے بعد یہ جملہ ہے: (فاشهد ماأشهدتک عليه ) پس اے میرے مولا آپ میرے اس عقیدہ پر گواہ ہو جائیں جس پر میں نے آپ کو گواہ بنایا ہے میں آپکی ولایت کو قبول رکھتاہوں اور آپ کے دشمنوں سے بری وبیزار ہوں پس جس سے آپ راضی ہو وہی حق ہے اور جس سے آپ ناراض ہو وہی باطل ہے جس کا آپ نے حکم دیا ہے وہی نیکی ہے اور جس سے آپ نے منع کیا ہے وہی منکر وبرائی ہے

(و نفسی مومنة بالله وبرسوله وبأميرالمومنين وبكم يامولای) اے میرے مولا حجت بن الحسن عسکریؑ میں اپنے نفس وجان سے اللہ اور رسول اللہ ﷺ وامیر المومنینؑ اور آپ آئمہ طاہرینؑ پر ایمان رکھتا ہوں اور آپ (اماموں) کے اول وآخر پر ایمان رکھتاہوں میں آپکی نصرت کے لئے آمادہ ہوں اور میری مودت آپ اہل بیتؑ کے ساتھ خالص ہے خدایا میری دعا کو قبول فرما۔

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے اپنے وقت کے امام کو جو آپ کے اعمال پر شاھد وناظر ہیں گواہ بنا کر اپنا تین گواہیوں والا ایمان وعقیدہ مولا حجت خدا کے سپرد کر دیا ہے کیونکہ یہ عقیدہ مومن کا ایمان ہے، اللہ نے (يا ايهاالذين آمنوا ) کھ کر تمام فروع دین کا مطالبہ مومنین سے کیا ہے اور ایمان کی گواہیاں تین ہیں، جن پر آپ نے امام زمانؑ کو گواہ بنایا ہے۔

(حوالہ: کتاب احتجاج ج ۲ ص ۳۱۵ سے ۳۱۷ مکتبہ مصطفوی اور مفاتیح الجنان شیخ عباس قمی زیارت آل یاسین)

# حدیث نمبر4

## زیارتِ جامعہ کبیرۃ میں شہادتِ ثالثہ

حدیثِ زیارت جامعہ کبیرہ شیخ صدوق نے کتاب فقیہ اور کتاب عیون میں موسی بن نخعی سے روایت کی ہے کہ میں نے امام علی نقیؑ کی خدمت میں عرض کیا مجھے ایک زیارتِ جامع وکامل تعلیم فرمائیں کہ جس وقت آپ ائمہ علیہم السلام میں سے کسی کی زیارت کروں تو اس زیارت کو پڑھوں: تو مولا نے یہ زیارت تعلیم فرمائی: اس زیارت میں حجت خدا نے مومنین کو تین شہادات پر قائم رہنے کے ساتھ ساتھ شہادت ثالثہ کے وہ فضائل بتائے ہیں کہ جن کی وجہ سے بعض افراد کو کلامِ امامِ معصوم میں شک اور غلو ہونے لگا (اعاننا الله تعالی من المشككين) اللہ ہمیں شک کرنے والوں سے بچائے۔

السلام علیکم یا اهل بیت النبوة ........اس زیارت میں ایک صفحہ کے بعد شہادات ثلاثہ کا ذکر ہے:

أشهدأن لااله الا الله وحده لا شريک له كما شهدالله لنفسه وشهدت له ملائكة واولوالعلم من خلقه لااله الاهوالعزيزالحكيم وأشهد أن محمداًعبده المنتجب ورسوله المرتضى أرسله بالهدى و دين الحق ليظهره على الدين كله ولو كره المشركون وأشهدأنكم الائمة الراشدون المهديون المعصومون المكرمون المقربون المتقون الصادقون المصطفون .

اس کے بعد تمام زیارت میں شہادتِ ثالثہ معصومین علیہم السلام کا ذکر ہے۔

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں اللہ وحدہ لاشریک ہے، جیسا کہ اللہ نے اپنی خود گواہی دی ہے اور ملائکہ اور اولوا العلم جو اس کی مخلوق ہیں انھوں نے اللہ کی گواہی دی ہے وہ غالب حکمت والا ہے اس کے علاوہ کوئی

معبود نہیں ہے اور میں گواہی دیتاہوں محمدؐ اس کا برگزیدہ بندہ ہے اور چناہوا رسولؐ ہے، اللہ نے اس دین کو حق وہدایت کے ساتھ بھیجاہے تاکہ اس دین کو تمام دینوں پر غالب کرے اگرچہ مشرکین اس کو اچھا نہیں سمجھتے ہیں اور میں گواہی دیتاہوں آپ ائمہ راشدین، مھدیین و معصومین ومکرمین ومقربین و متقین وصادقین ہیں۔

پھر امام ہادیؑ نے معصومینؑ کی ایسی فضیلتیں بیان فرمائیں کہ بعض کم ظرف شک میں پڑنے لگے، (فاعتبروا یااولوالابصار) اے صاحبان عقل عبرت حاصل کرو۔

(حوالہ: کتاب فقیہ اور کتاب عیون لشیخ الصدوق اور مفاتیح الجنان شیخ عباس قمی)

# حدیث نمبر5

## دعائے عشرات میں شہادت ثالثہ

کتاب مفاتیح الجنان شیخ عباس قمی میں منقول دعائے عشرات جس کا پڑھنا صبح وشام مستحب ہے اور افضل اوقات عصر جمعہ ہے، اس دعامیں معصومین علیہم السلام نے اپنے شیعوں اور محبوں کو انکے ایمان اور اعتقادات بتائے ہیں، اس دعامیں دوسرے صفحہ پر یہ جملات ہیں:

اللهم أشهدک و کفی بک شهیداً و أشهد ملائکتک وأنبیائک ورسلک و حملة عرشک و سکان سمواتک و أرضک وجمیع خلقک أنک أنت الله لااله الاأنت وحدک لا شریک لک و أن محمد صلی الله علیه وآله عبدک ورسولک و أنک علی کل شی قدیرتحی و تمیت وتمیت وتحی و أشهد أن الجنة حق وأن النار حق و النشور حق والساعة آتیة لا ریب فیها وأن الله یبعث من فی القبور و أشهد أن علی ابن ابی طالب امیرالمومنین حقاً حقاًو أن الائمة من ولده هم

الائمة الهداةالمهديون غير الضالين ولا المضلين وأنهم اوليائک المصطفون
وحزبک الغالبون وصفوتک وخيرتک ونجبائک الذين انتجبتهم لدينک
واختصتهم من خلقک واصتفيتهم على عبادک وجعلتهم حجة على العالمين
صلواتک عليهم والسلام و رحمة الله وبرکاته اللهم اکتب لی هذه الشهادة
عندک حتى تلقنيها يوم القيامة و أنت عليّ راضٍ إنک على ما تشاء قدير

ترجمہ: اے اللہ میں آپ کو اپنے ایمان اور عقیدہ پر گواہ بناتا ہوں کیونکہ تو سب سے بڑا گواہ ہے تیری گواہی میرے لئے کافی ہے اور میں تیرے نبیوں اور رسولوں اور ملائکہ کو اور حاملانِ عرش اور تیرے آسمانوں اور زمین کے تمام ساکنین اور تمام مخلوق کو گواہ بناتا ہوں اس گواہی پر بے شک تو ہی تو اللہ ہے تیرا کوئی شریک نہیں ہے اور تیرے سواء کوئی لائق عبادت نہیں ہے اور حضرت محمدؐ تیرا بندہ اور رسول ہے اور بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے تو ہی زندہ کرتا ہے تو ہی موت دیتا ہے اور تو ہی موت دیتا ہے اور تو ہی زندگی عطا کرتا ہے اور میں گواہی دیتا ہوں جنت و جہنم اور موت کے بعد زندہ ہونا حق ہے، اور قیامت آنے والی ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے جب اللہ مردوں کو قبروں سے زندہ کرے گا اور میں گواہی دیتا ہوں بے شک علی بن ابی طالب امیر المومنینؑ حق ہے، حق ہے، اور تمام ائمہؑ جو ان کی اولاد سے ہیں وہ آئمہؑ ہدایت ہیں، کہ کوئی زمان و مکان ان کی ہدایت سے خالی نہیں ہے، نہ وہ گمراہ ہیں اور نہ گمراہ کرنے والے ہیں بے شک وہ تیرے چنے ہوئے ولی ہیں اور تیری غالب جماعت ہیں اور تیرے منتخب اور اختیار کئے گئے خالص بندیں ہیں، جنھیں تونے اپنے دین کے لئے چن لیا ہے اور اپنی مخلوق میں انہیں خاص بنایا ہے اور اپنے بندوں میں سے انہیں چن کر انہیں عالمین پر اپنی حجت بنایا ہے تیرا درود و سلام اور رحمت و برکت ہمیشہ ان پر قائم رہے، اے میرے اللہ میری اس گواہی کو اپنے پاس بطور امانت لکھ لے تاکہ روز قیامت میں اس گواہی کو اپنی زبان پر جاری دیکھو اور تو مجھ سے راضی ہو جائے۔

ملاحظہ: اب آپ نے اس ایمان واعتقاد پر اللہ اور معصومین اور خصوصاً اپنے وقت کے امام زمان حجۃ بن الحسن عسکری عج اور عالم کائنات کی ہر شی کو گواہ بنایا ہے اور پھر قرآن مجید کی آیت فطرت سے ملائیں جہاں اللہ نے فرمایاہے:( فأقم وجهک للدين حنيفاً فطرة الله التی فطر الناس عليها لاتبديل لخلق الله ذلک دين القيم ولکن اکثرالناس لايعلمون)(روم ۳۰)

ترجمہ: دینِ حقیقی کے لئے اپنے چہرہ کو خم کردو اللہ کی فطرت جس پر اللہ نے لوگوں کو خلق کیا ہے اس میں تبدیلی واقع نہیں ہوتی ہے یہی محکم دین ہے لیکن اکثر لوگوں کو اسکا علم نہیں ہے

امام باقر علیہ السلام سے فطرت اللہ کے بارہ سوال ہوا تو حضرت نے فرمایا: فطرت اللہ سے مراد (لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہے اور یہاں تک توحید ہے)(حوالہ: تفسیر قمی تفسیرِ آیت 30 روم)

اور اسی طرح امام صادقؑ نے فطرت اللہ کے بارہ میں (سورۃ روم آیت 30) میں فرمایا: توحید اور محمد رسول اللہ اور علی امیر المومنین علیہما السلام پر ہونا فطرتِ الٰہی ہے

نوٹ: یہی شہادتِ ثالثہ امیر المومنین علیہ السلام ہے اور یہی مومنین کا اعتقاد وایمان ہے جس پر ہم نے اللہ وامام اور ملائکہ اور عالم کائنات کی ہر شی کو گواہ بنایا ہے۔

(حوالہ: تفسیر نور الثقلین ج4، ص183 ح59، اور حدیث 60)

## حدیث نمبر6

## تلقینِ میت میں شہاداتِ ثلاثہ کی گواہی

جو آپ مرنے والے مومن کو یاد دلاتے ہوئے یہ کہتے ہیں:( اسمع افهم هل انت علی العهد الذی فارقتنا عليه من شهادة ان لااله الا الله وحده لا شريک له و ان

محمداًعبده ورسوله و ان علياً اميرالمومنين والحسن والحسين.....) مرنے والے کو کہتے ہو سن اور سمجھ، کیا تو اس عہد پر باقی ہے جو تو نے اللہ سے کیا تھا جس عھد پر رہتے ہوئے تو ہم سے جدا ہوا ہے وہ عھد یہ گواہیاں تھیں اللہ وحدہ لاشریک کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اور محمدؐ اللہ کا رسول ﷺ ہے اور علی امیر المومنینؑ ہے، اور امام حسنؑ و حسینؑ اللہ کی حجت ہیں، اور پھر ایک ایک کر کے تمام اماموں کا نام ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے یہ سب آئمہ اللہ کی حجت ہیں، یہ سب تیرے امام حق ہیں اور جب دو فرشتے تیرے پاس آئیں گے اور سوال کریں گے:( من ربک من نبیک ومن امامک) تو یہی تین شھادات ہیں جو قبر میں حشر و نشر، قیامت و برزخ و جنت تک آپ کے ساتھ ہیں، ان کے علاوہ چارہ نہیں ہے۔

(حوالہ: مفاتیح الجنان شیخ عباس قمی)

## حدیث نمبر7

روی عن ابی الحسن أنه قال ولاية علي مكتوبة في جميع صحف الانبياء و لن يبعث الله نبياً إلا بنبوة محمدؐ وولاية وصيه عليؑ .

ترجمہ: حضرت امام موسی کاظمؑ سے روایت ہے آپ نے فرمایا: ولایتِ امام علیؑ تمام کتب سماوی میں لکھی ہوئی ہے ہر گز اللہ نے کسی نبی کو نبی نہیں بنایا ہے مگر جب تک اس نے نبوت محمد ﷺ اور ان کے وصی علیؑ کی ولایت کا اقرار نہیں کیا ہے۔

(حوالہ: کتاب بصائر الدرجات ص ۷۲ح ۱)

* * *

# حدیث نمبر8

قال الاعمش حدثنی الصادق :قال حدثنی الباقر قال حدثنی السجاد قال حدثنی الشهید قال حدثنی التقی هو الوصی أمیرالمومنین علی ابن ابی طالب قال حدثنی النبیؐ قال أتانی جبرائیل آنفا فقال تختموا بالعقیق إنه اول حجر شهدلله بالوحدانیة و لی بالنبوة ولعلي بالوصية ولولده بالامامة ولشيعته بالجنة.

ترجمہ: اعمش نے کہا مجھے امام صادقؑ نے حدیث بیان فرمائی اور فرمایا: مجھے امام باقرؑ نے اور انہوں نے اپنے بابا امام سجادؑ سے اور انہوں نے امام حسینؑ سے اور امام حسینؑ نے فرمایا: مجھے تقی نے خبر دی ہے جو وصی نبیؐ امیر المومنین علی بن ابیطالبؑ ہے، اور علیؑ نے نبی اکرمؐ سے کہ آنحضرت نے فرمایا: جبرئیل میرے پاس آیا اور کہا اللہ تبارک وتعالی کا حکم ہے اپنی امت سے کہو کہ وہ عقیق کی انگوٹی ہاتھ میں پہنیں کیونکہ یہ پہلا پتھر ہے جس نے اللہ کی وحدانیت اور میری نبوت اور علیؑ کی وصایت اور اس کی اولاد کی امامت، اور ان کے شیعہ کے لئے جنت کی گواہی دی ہے۔

(حوالہ: بحارالانوار جلد ۲۷ روایت ۳ باب ۹۴ چاپ ۵۷ دار احیاء تراث، کتاب عمدہ فی عیون الاخبار فی مناقب الابرار چاپ تہران)

# حدیث نمبر9

روی عن جعفربن محمد عن أبيه عن جده أنه قال من صاغ خاتماًعقيقاً فنقش فيه محمدنبي الله و علي ولی الله وقاالله ميتة السوء ولم يمت إلا على الفطره ای ولاية أميرالمومنين .

ترجمہ: امام صادقؑ اپنے باپ اور اپنے جد امام زین العابدینؑ سے روایت کرتے ہیں جو بھی عقیق کی انگوٹھی بنائے تو اس پر یہ نقش کرے محمد نبی اللہ و علی ولی اللہ تو اللہ اسے موت بد سے محفوظ رکھے گا اور وہ اللہ کی فطرت پر مرے گا جو ولایتِ امیر المومنینؑ ہے۔(یعنی فطرتِ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ)

اللہ کی فطرت کیا ہے؟ آیں قرآن سے اور معصوم کے فرمان سے سمجھتے ہیں:

( اقم وجهک لدين حنيفاً فطرة الله التى فطر الناس عليها لا تبديل لخلق الله ذلک دين القيم لكن اكثر الناس لا يعلمون (سورة روم ۳۰)

ترجمہ: تم اپنا چہرہ خالص دین کے لئے جھکا دو وہ فطرت جس پر اللہ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے، یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ اس فطرت میں اللہ کے مخلوق کے لئے تبدیلی نہیں ہے، یہی تو پایدار دین ہے لیکن اکثر لوگ اسے نہیں جانتے ہیں کتابِ اصول کافی میں امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: دین حنیف سے مراد ولایت ہے (یعنی ولایتِ علی بن ابیطالبؑ)۔

(حوالہ: تفسیر نور الثقلین ج4، ص182ح51)

## حدیث نمبر 10

روى عن على بن موسى عن ابيه عن جده عن ابيه محمدبن على بن الحسين فى قوله تعالى:فطرة الله التى فطرالناس عليها قال هو:لااله الاالله محمدرسول الله على أميرالمومنين ولى الله إلي هٰهنا التوحيد(سورة روم ۳۰)

ترجمہ: امام رضاؑ سے انہوں نے اپنے باپ اور اپنے جد اور امام محمد باقرؑ سے کہ اس آیت کی تفسیر اس طرح بیان فرمائی ہے: (فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیھا) اللہ کی وہ فطرت جس پر اللہ نے تمام لوگوں کو پیدا کیا ہے

فرمایاوہ فطرت خدا یہ ہے:(لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ الی ھھنا توحید)توحید یہاں تک ہے ،کیونکہ ولایت رکن توحید ہے توحید اس رکن پر قائم ہے۔

(حوالہ: کتاب تفسیر علی بن ابراھیم قمی جلد ۲ صفحہ ۱۵۵ انتشارات علامہ، تفسیر نورالثقلین ج4 ص183 ح59)

اگر ولایت جو رکن واساسِ توحید ہے ہٹادیں تو نہ توحید باقی رہے گی اور نہ نبوت، دین ہی ختم ہو جائے گا، کیونکہ اسی ولایت کے سبب سے (الیوم اکملت لکم دینکم) جیسے نماز کے رکن پانچ ہیں، اور انسان عمداًاور سھواً، انہیں انجام نہ دے نماز باطل ہے اسی طرح کوئی عمداًیاسھواًولایت کی گواہی نہ دے اس کا دین ہی ختم ہے، اسی بات کی تایید میں امام رضاؑ کی دوسری روایت جو سلسلہ ذھب سے منسوب ہے: اس میں امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں:

(کلمة لااله الا الله حصنی فمن دخل فی حصنی امن من عذابی فقال بشرطها و شروطها وأنا من شروطها)

ترجمہ: امام رضا علیہ السلام نے فرمایا: کلمہ لا الہ الا اللہ، میرا محکم قلعہ ہے جو بھی اس میں داخل ہوا وہ میری عذاب سے محفوظ ہوا فرمایا اس کلمہ لا الہ الا اللہ کی شرط و شروط ہیں، اور ان شروط میں سے میری ولایت بھی ہے، یعنی جو ہماری ولایت کو قبول رکھتا ہے اس کے لئے کلمہ قلعہ ہے اور جو ہم میں سے کسی ایک کی ولایت کا منکر ہے اسے کلمہ کوئی فائدہ نہیں دے گا جیسا کے جو ایک آیت قرآن کا منکر ہے وہ پورے قرآن کا منکر ہے، علمِ اصول کا قاعدہ ہے:(اذا فقد الشرط فقد المشروط)جب شرط نہیں رہے گی مشروط نہیں رہے گا، جیسے اگر وضو نہ ہو گا تو نماز نہیں ہو گی کیونکہ وضو نماز کیلئے شرط ہے اسی طرح ولایت آل محمدؑ توحید کے لئے شرط ہے اگر ولایت نہیں تو پھر توحید نہیں ہے۔

***

## حدیث نمبر 11

روی عن الصادق فی قوله تعالی إلیه یصعد الکلم الطیب والعمل الصالح یرفعه (سورة فاطر ۱۰) انه قال الکلم الطیب قول المؤمن لااله الاالله محمدرسول الله علي ولي الله و خلیفة رسول الله و قال و العمل الصالح الاعتقاد بالقلب إن هذا هو الحق من عندالله لاشک فیه من رب العالمین

ترجمہ: حضرت امام صادقؑ سے روایت کی گئی ہے اللہ تبارک تعالی کے اس قول سے (ویصعد الکلم الطیب والعمل الصالح یرفعه) آنحضرت نے فرمایا:

(الکلم طیب) سے مراد مؤمن کا یہ قول ہے: (لااله الاالله محمدرسول الله علی ولی الله وخلیفة رسول الله) اور (و العمل الصالح) سے مؤمن کا اعتقادِ قلبی مراد ہے، اور یہ کلام اللہ کی طرف (یعنی توحید، نبوت، ولایت) حق ہے، اور اللہ رب العالمین کی طرف سے اس میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے۔

(حوالہ: تفسیر علی بن ابراہیم ج ۲ ص ۲۰۸، انتشارات علامہ، تفسیر البرھان ج ۳ سورۃ فاطر کے ضمن میں، تفسیر انوار النجف ونمونہ)

## حدیث نمبر 12

روی عن ابن مسعودأنه قال: قال رسول الله لماأسری بي الي السماء قال لي جبرائیل قد أمرت بعرض الجنة والنار علیک قال ورأیت الجنة ومافیهامن النعیم ورأیت النار ومافیها من عذاب ألیم والجنة لهاثمانیة أبواب علی کل

باب منها أربع كلمات كل كلمة منها خير من الدنيا ومافيهالمن يعرفها ويعمل بها قال: قال لي جبرائيل إقرءيا محمد ما علي الابواب قال :قلت له قرأت ذلک

أما أبواب الجنة :فعلى الباب الاول مكتوب لااله الاالله محمدرسول الله علي ولي الله لكل شى حيلة وحيلة العيش أربع خصال: القناعة،نبذالحقد،ترک الحسد ومجالسة اهل الخير

وعلى الباب الثانى:مكتوب لااله الاالله محمدرسول الله علي ولي الله لكل الشى حيلة وحيلة السرور فى الآخرة أربع :مسح الروس اليتامي و التعطف على الارامل والسعى في حوائج المسلمين وتفقد الفقراء والمساكين

وعلى باب الثالث:مكتوب لااله الاالله محمدرسول الله علي ولي الله كل شي هالک إلا وجهه لكل شي حيلة وحيلةالصحةفي الدنياأربع خصال: قلة الكلام وقلة المنام وقلة المشي وقلة الطعام

وعلي الباب الرابع:مكتوب لااله الاالله محمدرسول الله علي ولي الله فمن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فاليكرم ضيفه ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليكرم والديه من كان يؤمن بالله و اليوم الآخر فليقل خيراًأو يسكت

و على الباب الخامس:مكتوب لااله الاالله محمدرسول الله علي ولي الله من أراد أن لا يشتم ومن أراد ان لا يذل ومن أراد ان لايظلم ولايظلم ومن أراد أن يستمسک بالعروة الوثقى في الدنيا والآخرةفليقل:لااله الاالله محمدرسول الله على ولى الله

و على الباب السادس:مكتوب لااله الا الله محمدرسول الله علي ولي الله فمن أحب أن يكون قبره واسعاًفسيحاًفليبن المساجدو من أحب أن لا تاكله الديدان تحت الارض فليكنس المساجد

وعلى الباب السابع:مكتوب لااله الاالله محمدرسول الله علي ولي الله بياض القلوب فى اربع خصال:عيادة المرضي واتباع الجنازة وشراء اكفان الموتى و رد القرض

وعلى الباب الثامن:مكتوب لااله الاالله محمد رسول الله علي ولي الله فمن أراد الدخول من هذه الابواب الثمانية فليمسک بأربع خصال وهى الصدقة والسخاء وحسن الخلق وكف الأذى عن عبادالله ثم رأيت أبواب الجهنم ... الى آخر الحديث

ترجمہ:ابن مسعود نے روایت کی ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا: جس وقت مجھے آسمانوں کی (معراج میں )سیر کرائی گئی جبرائیل نے مجھے کہا مجھے حکم ہوا ہے کہ آپ کو جنت اور جہنم دیکھاؤں، پس جنت اور جو اس میں نعمتیں تھی میں نے دیکھی اور جہنم جو دردناک عذاب اس میں تھا میں نے دیکھا جنت کے لئے آٹھ دروازہ تھے اور ہر دروازہ پر چار کلمہ لکھے تھے اور ہر کلمہ ان چار کلموں سے دنیاومافیھا سے بھتر ہے یہ اس کے لیے ہے جو ان چار کلموں، کو جانے اور ان پر عمل کرے جبرائیل نے کہا جو ان دروازوں، پر لکھا ہوا ہے اسے پڑھو میں نے جواب دیا تمام کو میں نے پڑھا ہے

باب اول پر یہ لکھا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہر چیز کیلئے حیلہ اور چارہ ہے دنیا کی زندگی کا حیلہ چار نیک صفات ہیں، قناعت کرنا، کینہ کو ترک کرنا، حسد کو چھوڑنا، اہل خیر کے ساتھ دوستی اور ہمنشینی کرنا(اہل خیر اہل ولایت اور محبت ہیں)

جنت کے دوسرے دروازہ پر لکھا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہر چیز کے لئے حیلہ وچارہ ہے، آخرت کا حیلہ چار چیزیں ہیں: یتیموں کے سروں پر ہاتھ پھیرنا، بے سرپرستوں کی سرپرستی کرنا مسلمان مومنین کی حاجت روائی کرنا، فقیروں اور مسکینوں کی مدد کرنا

جنت کے تیسرے دروازہ پر لکھا ہے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ: ہر چیز فنا ہو جائے گی فقط وجہ اللہ باقی رہے گا (وہ امیر المومنینؑ اور اہل بیتؑ ہیں) دنیا میں صحت و سلامتی کا حیلہ وچارہ چار چیزیں ہیں: کم کلام کرنا، کم سونا اور کم چلنا اور کم کھانا

جنت کے چوتھے دروازہ پر لکھا ہے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ، جو بھی اللہ اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے مہمان کا عزت و احترام کرے اور جو اللہ اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہے اس پر واجب و ضروری ہے کہ اپنے والدین کا عزت و احترام کرے اور جو اللہ اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہے اس پر واجب ہے جب بھی کلام کرے خیر کہے (یعنی ذکر امیر المومنینؑ کرے) یا واجب ہے سکوت اختیار کرے یعنی چپ رہے۔

اور جنت کے پانچویں دروازہ پر لکھا ہے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ جو چاہتا ہے اسے فحش و گالی نہ بکی جائے اور جو یہ چاہتا ہے کہ ذلیل و خوار نہ ہو اور جو یہ چاہتا ہے اس پر ظلم نہ ہو اور وہ کسی پر ظلم نہ کرے اور جو یہ چاہتا ہے کہ عروۃ الوثقی (یعنی ولایت آل محمدؐ) کو ہمیشہ دنیا و آخرت میں پکڑے رہے اس کے لئے لازم و واجب ہے یہ کہے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ۔

جنت کے چھٹے دروازہ پر لکھا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ جو بھی دوست رکھتا ہے اس کی قبر وسیع اور کھلی ہو اسے چاہیے مساجد کی تعمیر کروائے (جن میں ولایت آل محمدؐ کا ذکر ہو تاکہ وہ

مساجد ضرار کے زمرہ میں نہ آئیں)اور جو یہ چاہتا ہے اس کا بدن قبر میں محفوظ رہے اسے چاہیے مسجد میں جھاڑو کیا کرے۔

جنت کے ساتویں دروازہ پر لکھا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ دل کی روشنی اور سفیدی چار اچھی عادات سے ہے، مریضوں کی عیادت کرنا، جنازہ کے پیچھے حرکت کرنا، مردوں کے لئے کفن خریدنا، قرض کو ادا کرنا۔

جنت کے آٹھویں دروازہ پر لکھا ہے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ، جو چاہتا ہے ان آٹھ دروازوں سے جنت میں داخل ہو وہ ان چار اچھی خصلت وعادت کو اختیار کرے صدقہ دینا، سخاوت کرنا، با اخلاق ہونا(بدخلق نہ ہونا) اللہ کے بندوں کو اذیت نہ دینا، اس کے بعد میں ؐ نے جہنم کے دروازے دیکھے۔

(حوالہ: کتاب فضائل بن شاذان ص ۱۵۲ سے ۱۵۴ تک منشورات مطبعۃ حیدریہ نجف اشرف ۱۳۸۱ھ)

## حدیث نمبر 13

روى عن ابى عبدالله أنه قال لمّا أخطا آدم خطيئته توجه بمحمدؐ واهل بيته فأوحى الله إليه يا آدم ما علمك بمحمدؐ قال حين خلقتني رفعت رأسي فرأيت في العرش مكتوباًمحمدرسول الله علي أميرالمومنين.

ترجمہ: حضرت امام صادقؑ نے فرمایا: جب آدم خطا کا مرتکب ہوا اور اس نے محمد وآل محمدؐ کو اللہ کی بارگاہ میں وسیلہ بنایا تو اس وقت اللہ تبارک وتعالی نے آدم کی طرف وحی کی کہ تو نے کیسے محمدؐ کو جانا ہے آدم نے کہا جب آپ نے مجھے خلق کیا میں نے اپنے سر کو بلند کیا اور عرش کی طرف دیکھا لکھا ہوا تھا محمد رسول اللہ علی امیر المومنین (ع)

* * *

ملاحظہ:

یہ دونوں نام اللہ نے اس لئے بیان فرمائے ہیں تا کہ خلائق آگاہ ہو جائیں جہاں اسم محمد ہے وہاں اسم علیؑ ہے کیونکہ حضرت نے فرمایا:(انا و علی من نور واحد)تو جب دونوں آئیں گے نور کامل ہو گا کیونکہ اکمال دین اور اتمام نعمت ولایت علی بن ابیطالبؑ سے ہے،اس لئے امیر المومنین کو اللہ نے قرآن میں نور کہا ہے:(فامنوا باللہ ورسولہ والنور الذی انزلناہ)(تغابن ۸)

ترجمہ:پس ایمان لاؤ،اللہ پر اور رسول پر اور اس نور پر جسے ہم نے نازل کیا ہے،تا کہ آپ کی توحید کامل ہو جائے کیونکہ پہلے حدیث گزر چکی ہے محمدؐ و علیؑ پر ایمان لانے سے توحید کامل ہوتی ہے۔

(حوالہ:بحارالانوار ج۲۷ ص۷ ح۱۵ مطبعہ دار الکتب اسلامیہ)

## حدیث نمبر14

روى عن الصادق جعفربن محمد عن أبيه وعن آبائه عليهم السلا م قال:
قال رسول الله حدثني جبرائيل عن رب العزة جل جلاله أنه قال من علم أن لااله الاأناوحدى و أن محمداًعبدى ورسولي و أن على ابن ابى طالب خليفتي وأن الائمة من ولده حججي أدخله الجنة برحمتي ونجيته من النار بعفوي وأبحت له جوارى وأوجبت له كرامتى و أتممت عليه نعمتى وجعلته من خاصتى وخالصتى إن ناداني لبيته و إن دعاني أجبته و إن سألني أعطيته وإن سكت إبتداته وان أساء رحمته وإن فرّ منّي دعوته وإن رجع إلىّ قبلته وإن قرع بابي فتحته ومن لم يشهد أن لا اله الا أنا وحدى أو شهد بذلک ولم يشهد أن علي ابن ابى طالب خليفتي أو شهد بذلک ولم يشهد أن الائمة من ولده حججي فقد جهد نعمتي و صغر عظمتي وكفر بآياتى وكتبي إن قصدني حجبته وإن

سألنی حرمته إن نادانی لم أسمع ندائه وإن دعانی لم أستجب دعائه وإن رجانی خیبته وذلک جزائه مني وما أنا بظلام للعبید فقال جابربن عبدالله الانصاري فقال یارسول الله و من الائمة من ولد علی بن ابی طالب قالؐ الحسن والحسین سیداشباب اهل الجنة ثم سید العابدین في زمانه علي بن الحسین ثم الباقرمحمدبن علي ستدرکه یا جابر إذا أدرکته فأقرئه منی السلام ثم الصادق جعفربن محمدثم الکاظم موسي بن جعفر ثم الرضاعلي بن موسی ثم التقی محمدبن علي ثم النقی علي بن محمدثم الزکی الحسن بن علي ثم إبنه القائم بالحق مهدي امتی الذي یملأ الله ا لارض قسطاً وعدلاً کما ملئت جوراًوظلماً هولاء یاجابرخلفائي و أوصیائي و أولادي و عترتي من أطاعهم فقد أطاعني ومن عصاهم فقد عصاني من أنکرهم أو أنکر واحد منهم فقد أنکرني بهم یمسک الله عزوجل السماء أن تقع علی الارض إلّا بإذنه و بهم یحفظ الله أن تمید بأهلها

ترجمہ: امام صادقؑ نے اپنے باپ اور اجداد طاهرین سے روایت بیان کی ہے حضرت رسول اکرمؐ نے فرمایا: جبرائیل نے مجھے اللہ رب العزت سے خبر دی ہے جس نے یہ جان لیا میں ایک ہوں میرے سواء کوئی معبود نہیں ہے اور حضرت محمدؐ میرا بندہ اور رسول ہے، اور حضرت علیؑ میرا خلیفہ اور جانشین اور اسکی اولاد میں سے جو امام ہیں وہ میری حجت ہیں، میں اسے اپنی رحمت کے ساتھ جنت میں داخل کروں گا، اور اپنی عفو اور بخشش کے ساتھ اسے جہنم کی آگ سے نجات دوں گا، اور اپنے جوار کو اس کے لئے مباح کر دوں گا اور اپنی کرامت اور فضل کو اس کے لئے واجب کر دوں گا اور اپنی نعمت کو اس پر تمام کر دوں گا اور میں اپنے خاص اور خالص بندوں میں اسے قرار دوں گا اور جب وہ مجھے بلائے گا میں لبیک کہوں گا اور جب مجھ سے دعا مانگے گا قبول کروں گا اگر سوال کرے گا اسے عطا کروں گا اگر خاموش

رہے گا میں اسے اپنے جوار میں لانے کیلئے ابتداء کروں گا، اگر بدی کرے گا اسے بخش دوں گا اگر مجھ سے فرار کرے گا اپنی طرف بلاؤں گا اور اگر وہ واپس آجائے گا اس کی توبہ قبول کروں گا اور اگر میرے دروازہ کو کھٹکائے گا کھول دوں گا اور جو یہ گواہی نہیں دے گا کہ میں اللہ واحد ہوں میرے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے یا یہ گواہی تو دے لیکن یہ گواہی نہ دے کے محمدؐ میرا بندہ اور رسول ہے، یا رسالت کی گواہی تو دے لیکن یہ گواہی نہ دے کہ علی بن ابیطالبؑ میرا خلیفہ ہے یا شھادت ثالثہ علی کی گواہی تو دے لیکن یہ گواہی نہ دے آئمہ طاہرین جو اولاد علی بن ابی طالبؑ سے ہیں میری حجت ہیں اس نے میری نعمت کا انکار کیا اور میری عظمت کو چھوٹا کیا میری کتب اور آیات کا انکار کیا اگر میرا قصد کرے گا، میں اس سے چھپ جاؤں گا اگر مجھ سے سوال کرے گا اسے محروم کردوں گا اگر مجھے پکارے گا اس کی پکار کو نہیں سنو گا اگر مجھ سے دعا کرے گا قبول نہیں کروں گا اگر مجھ سے امید رکھے گا اسے نا امید کردوں گا یہ اس کی میری طرف سے جزا ہوگی اور جب کہ میں اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہوں جابر بن عبداللہ انصاری اٹھا اور آنحضرتؐ سے سوال کیا وہ آئمہ جو علی بن ابی طالبؑ کی اولاد سے ہیں وہ کون ہیں؟ آنحضرت نے فرمایا: حسنؑ و حسینؑ جو جوانانِ جنت کے سردار ہیں، پھر اپنے زمانے کے سید العابدین علی بن حسینؑ پھر باقر محمد بن علیؑ ہیں اے جابر تو ان کو پائے گا اور زیارت کرے گا اور جب ان سے ملاقات ہو میرا اسلام اسے پہنچانا پھر اس کے بعد الصادق جعفر بن محمدؑ ہیں، پھر اس کے بعد کاظم موسیٰ بن جعفرؑ پھر ان کے بعد الرضا علی بن موسیٰؑ ہیں، پھر ان کے بعد التقی محمد بن علیؑ ہیں، پھر ان کے بعد النقی علی بن محمدؑ پھر ان کے بعد الزکی حسن بن علیؑ ہیں پھر ان کے بعد قائم بالحق جو مھدی امت ہیں ، یعنی امت کی ہدایت کرنے والے ہیں جو زمین کو عدل و انصاف سے پر کریں گے جیسے وہ ظلم و جور سے پر ہوگی، اے جابر یہ میرے اوصیاء اور خلفاء ہیں جو میری عترت اور اولاد ہیں، جس نے ان کی اطاعت کی پس بے شک اس نے میری اطاعت کی، جس نے ان کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی اور جو ان کا منکر ہوا، یا ان میں سے کسی ایک کا منکر ہوا بیشک اس نے میرا انکار کیا اور ان کی وجہ سے خدا نے آسمان

کو پایدار و محکم بنایا ہے کہ زمین پر نہیں گرتا ہے مگر جب اللہ کا اذن ہو گا اور انھیں کے سبب سے خدا نے زمیں کو محفوظ کیا ہے کہ وہ اپنے اہل کو برباد نہیں کرتی ہے۔

(حوالہ: کمال الدین صدوق ص ۲۵۸ ح ۳ منشورات دار الکتب اسلامیہ)

## حدیث نمبر 15

روی أن جماعة من اليمن أتوا النبیؐ فقالوا نحن من الملل المتقدمة من آل نوح وكان لنبيناوصی اسمه سام وأخبر فی کتابه إن لكل نبي معجزاً و له وصی يقوم مقامه فمن وصيک فأشار بيده نحو علي فقالوا:

يا محمد إن سئلناه أن يرينا سام بن نوح فيفعل؟فقال نعم باذن الله وقال ياعلي قم معهم الي داخل المسجدو اضرب برجلک الارض عند المحراب فذهب علي وبأيديهم صحف إلي أن دخل محراب رسول الله داخل مسجدفصل ركعتين ثم قام وضرب برجله الارض فانشقت الارض و ظهرلحدوتابوت فقام من التابوت شيخ يتلألأ وجهه مثل القمرليلة البدر وينقض التراب من رأسه وله لحية الي سرته وصل على علي عليه السلام وقال:أشهد أن لااله الاالله وأن محمد رسول الله سيدالمرسلين وأنک علي وصي محمدسيدالوصيين وأنا سام بن نوح فنشرو اولئک صحفهم فوجدوه كما وصفوه فی الصحف ثم قالوا نريد أن يقرأ من صحفه سورة فأخذفي قرائته حتى تمم السورة ثم سلم على علي عليه السلام ونام كما كان

ترجمہ: روایت کی گئی ہے ایک جماعت اہل یمن سے نبی اکرمؐ کی خدمت میں آئی اور کہا ہم آلِ نوح کے سابقہ امتوں سے ہیں، اور ہمارے نبی کے لئے وصی تھا جس کا نام سام تھا اس نے اپنی کتاب میں خبر

دی ہے ہر نبی کے لئے معجزہ اور وصی ہوتا ہے جو اس کے نبی کا قائم مقام ہوتا ہے پس آپکا وصی کون ہے تو آنحضرتؐ نے اپنے ہاتھ مبارک سے (ولی مطلق) حضرت علیؑ کی طرف اشارہ کیا پس انہوں نے آنحضرت (ص) سے کہا اگر ہم اسے کہیں کے وہ سام بن نوح کو ہمیں دیکھائے آیا وہ یہ کر سکتا ہے؟ پس حضرت رسول خدا نے فرمایا: جی ہاں وہ اللہ کے حکم سے کر سکتا ہے پھر حضرت (ص) نے فرمایا: یا علیؑ اٹھو اور مسجد میں داخل ہو کر محراب کے قریب اپنا پاؤں، زمین پر مارو، پس حضرت علیؑ مسجد کی طرف روانہ ہوئے، حالانکہ ان افراد کے ہاتھوں میں کتابیں تھیں یہاں تک کے حضرت علیؑ محرابِ رسول میں داخل ہوئے دو رکعت نماز پڑہی اور اٹھے اور اپنا پاؤں زمیں پر مارا، زمین پھٹ گئی ایک لحد اور تابوت ظاہر ہوا، اور ایک بوڑا مرد تابوت سے باہر آیا جس کا چہرہ چودویں کے چاند کی طرح چمکتا تھا مٹی کو اپنے سر سے صاف کیا اور اس کی ریش اس کے ناف تک تھی اور اس نے حضرت علیؑ پر صلوات پڑھی اور کہا: (أشهد أن لااله الاالله وأن محمد رسول الله سيدالمرسلين و أنک علي وصي محمدسيدالوصيين) گواہی دیتا ہوں کے اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد اللہ کے رسول اور تمام نبیوں کے سردار ہیں اور آپ علیؑ محمدؐ کے وصی اور تمام وصیوں کے سید و سردار ہیں، میں سام پسر نوح ہوں، پس اس جماعت نے اپنی کتابوں کو کھولا، سام کو جیسے ان کی کتابوں میں لکھا تھا ویسے ہی پایا، پس اس جماعت نے کہا، ہم سام بن نوح سے چاہتے ہیں اپنی کتاب سے ایک سورۃ کی تلاوت کرے پس حضرت سام نے پڑہنا شروع کیا اور ایک پوری سورۃ پڑھی، اور پھر امیر المومنینؑ کو سلام کیا اور اپنی قبر میں سو گیا جیسے پہلے تھا۔ (حوالہ: مناقب شہر بن آشوب ج ۲ ص ۳۳۹، انتشارات اسلامیہ)

ملاحظہ: اس قصہ اور معجزہِ امیر المومنینؑ سے یہ سمجھے ہیں، جب سے محمدؐ نبی ہے تب سے علی ولی ہے، اور یہ تین گواہیاں لازم و ملزوم ہیں، یعنی علیؑ کی ولایت کے بغیر توحید و نبوت کامل نہیں ہے، کیونکہ ولایت ہی اکمال دین اور اتمامِ نعمت کی شرط ہے۔

# حدیث نمبر16

روى عن عبدالسلام بن صالح الهروى أنه قال:قلت لرضا:يابن رسول الله:أخبرنى عن الشجرة التى أكل منها آدم وحواء ماكانت؟فقدإختلف الناس فيهافمنهم من يروى أنها الحنطة ومنهم من يروى أنهاالعنب ومنهم من يروى أنها شجرةالحسدفقال عليه السلام كل ذلك حق قلت:فما معنى هذه الوجوه على اختلافها؟ فقال :ياباصلت ان الشجرة الجنة تحمل أنواعا وكانت شجرة الحنطة وفيهاعنب و ليست كشجرة الدنيا وأن آدم لما أكرمه الله تعالى ذكره بإسجادملائكته له وبإدخاله الجنة قال في نفسه هل خلق الله بشراً أفضل منى ؟فعلم الله عزوجل ما وقع في نفسه فناداه إرفع رأسک يا آدم فانظر إلي ساق عرشي فرفع رأسه و نظر إلي ساق العرش فوجد عليه مكتوبا :

لااله الاالله محمدرسول الله علي بن ابى طالب أميرالمؤمنين و زوجته فاطمة سيدة نساء العالمين والحسن والحسين سيداشباب اهل الجنةفقال آدم ياربمن هولاء ؟فقال عزوجل:ياآدم هولاء ذريتک وهم خير منک ومن جميع خلقي ولولاهم ماخلقتک ولاخلقت الجنة والنارولا السماء والارض وإياک أن تنظر إليهم بعين الحسد فأخرجک عن جواري ونظر إليهم بعين الحسد وتمني منزلتهم فسلّط عليه الشيطان حتى أكل من الشجرة التى نهي عنها وتسلط على حواء لنظرهاإلي فاطمة بعين الحسد حتى أكلت من الشجرة كماأكل آدم فاخرجهماالله عن جنته وأهبطهما عن جواره إلى الارض

ترجمہ:عبداللہ بن صالح ہروی نے روایت کی ہے میں نے امام رضاؑ سے پوچھا مجھے اس درخت کے بارے بتائیں جس سے آدم اور حواء نے کھایا تھا بتحقیق لوگ اس میں اختلاف کرتے ہیں ان میں بعض کہتے ہیں وہ

گندم کا درخت تھا اور بعض کہتے ہیں انگور کا تھا اور بعض کہتے ہیں وہ حسد کا درخت تھا حضرت نے فرمایا: وہ سب حق کہتے ہیں تو میں نے پوچھا پھر ان اختلافی وجوہ کا کیا معنی ہے؟ حضرت نے فرمایا: اے اباصلت جنت کا درخت دنیا کے درخت کی مانند نہیں ہے، ایک ہی درخت سے مختلف میوے نکلتے ہیں درخت گندم کا تھا اور اس سے انگور بھی ظاہر ہوتے ہیں، جب اللہ نے آدم کو عزت عطا کی اور ملائکہ سے کہا اسے سجدہ کرواور اسے جنت میں داخل کیا اس کے نفس میں یہ آیا کے کیا خدا نے مجھ سے بھی افضل و برتر کوئی بشر خلق کیا ہے؟ پس اللہ نے اس کے نفس کو جانا اور فرمایا: اے آدم اپنے سر کو بلند کر، اور میرے ساقِ عرش کی طرف نگاہ کر جب آدم نے سر بلند کیا اور ساقِ عرش کی طرف دیکھا اس پر یہ لکھا ہوا تھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی بن ابی طالب امیر المومنین اور علیؑ کی زوجہ حضرت فاطمۃ سیدۃ نساء العالمین ہے اور حسنؑ و حسینؑ سید اشباب اھل الجنۃ ہیں پس حضرت آدم نے کہا اے پروردگار یہ کون ہیں؟ اللہ نے فرمایا: یہ تیری اولاد سے ہیں وہ تجھ سے اور میری تمام مخلوق سے افضل و بہتر ہیں اگر ان کو خلق نہ کرتا تو زمین و آسمان جنت و جہنم کو خلق نہ کرتا ان کی طرف حسد سے نہ دیکھنا ورنہ اپنے جوار یعنی جنت سے نکال دوں گا آدم نے حسد کی آنکھ سے انہیں دیکھا اور انکے مقام کی تمنا کی پس شیطان اس پر مسلط ہوا، حتی کہ اللہ نے جس درخت سے روکا تھا اس سے کھایا، اسی طرح حواء پر بھی شیطان مسلط ہوا، اور اس نے حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کو حسد کی آنکھ سے دیکھا اور اس منع کئے ہوئے درخت سے کھایا جیسا آدم نے کھایا تھا، اللہ نے دونوں کو اپنی جنت سے نکال دیا اور اپنے جوار رحمت سے دور کر کے دنیا میں بھیج دیا۔ (حوالہ: معانی الاخبار ص ۱۲۴ سے ۱۲۵ ج ا مکتبۃ الصدوق)

ملاحظہ: یہ تین شھادات (یعنی گواہیاں) اللہ نے قرآن میں فرمائی ہیں: (والذین ھم بشھاداتھم قائمون) مومنین اپنے شھادات یعنی تین گواہیوں پر قائم ہیں، یہ گواہیاں لازم و ملزوم ہیں، کیونکہ پورے قرآن میں لفظ شھاد تین نہیں ہے دوسری بات یہ ہے جب اللہ حضرت آدم و حواء سے برداشت نہیں کرتا کہ وہ

محمد وآل محمدؐ کو حسد کی آنکھ سے دیکھیں، وہ خدا کیسے آل محمدؑ مقام کو گھٹانے والوں اور ان کے حق میں تقصیر کرنے والوں کے اعمال قبول کرے گا۔

## حدیث نمبر17

روی عن علی بن حسین عن أبیه عن أمیرالمومنین أنه جاء الیه رجل فقال یااباالحسن أنک تدعی أمیرالمومنین فمن امّرک علیهم فقال الله جل جلاله امّرنی علیهم فجاء رجل الی رسول الله فقال یارسول الله أیصدق ان الله امّره علی خلقه؟ فغضب النبی ثم قال ان علیاًأمیرالمومنین بولایةمن الله عزوجل عقدها له فوق عرشه وأشهد علی ذالک ملائکته أن علیاًخلیفة الله وحجة الله و إنه لامام المسلمین طاعته مقرونة بطاعة الله ومعصیته مقرونة بمعصیة الله فمن جهله فقدجهلنی ومن عرفه فقد عرفنی ومن أنکر امامته فقد أنکر نبوتی ومن جحد إمرته فقد جحدرسالتی و من دفع فضله فقد تنقصنی ومن قاتله فقدقاتلنی و من سبه فقد سبنی لأنه منی خلق من طینتی وهو زوج فاطمة ابنتی و أبو ولدی الحسن والحسین ثم قال أنا و علي وفاطمه والحسن والحسین وتسعة من ولد الحسین حجج الله علی خلقه أعداؤنا أعداء الله وأولیاؤنا أولیاء الله

ترجمہ: امام زین العابدینؑ اپنے باپ اور دادا، امیر المومنینؑ سے روایت کرتے ہیں، ایک شخص امیر المومنینؑ کے پاس آیا اور کہا اے ابوالحسن آپ امیر المومنین کا دعوہ کرتے ہیں: کس نے آپ کو مومنین پر امیر بنایا ہے، حضرتؑ نے فرمایا: مجھے اللہ نے مومنین پر امیر بنایا ہے، وہ مرد رسول اللہ کے پاس آیا اور کہا، یارسول اللہ کیا علیؑ سچ کھتا ہے؟ کہ اللہ نے اسے مومنوں پر امیر بنایا ہے، پس نبیؐ غضب

میں آئے اور فرمایا: بے شک علیؑ اللہ کا خلیفہ ہے اور اللہ کی حجت ہے، بے شک علیؑ مسلمین کا امام ہے اور علیؑ کی اطاعت کو اللہ نے اپنی اطاعت کے ساتھ مقرون یعنی ملایا ہے، اور اس کی معصیت و نافرمانی کو اللہ نے اپنی معصیت و نافرمانی کہا ہے (یعنی جس نے علیؑ کی اطاعت نہ کی گویا اس نے اللہ کی اطاعت نہیں کی ہے، اور جس نے علیؑ کی معصیت و نافرمانی کی ہے، اس نے اللہ کی نافرمانی کی ہے جو علیؑ سے جاہل ہے، بے شک وہ مجھ سے جاہل ہے، جس نے علیؑ کو نہیں پہچانا ہے، اس نے مجھے نہیں پہچانا ہے، جس نے علیؑ کی امامت کا انکار کیا بے شک اس نے میری نبوت کا انکار کیا ہے، اور جو حضرت علیؑ کے امیر المومنین ہونے کا منکر ہے، بے شک وہ میری رسالت کا منکر ہے پس جس نے علیؑ کی فضیلت کو رد کیا ہے، بے شک اس نے مجھے ناقص جانا ہے، جس نے علیؑ سے جنگ کی ہے، بے شک اس نے مجھ سے جنگ کی ہے، اور جس نے علیؑ کو گالی دی ہے، اس نے مجھے گالی دی ہے، کیونکہ علیؑ مجھ سے اور میری طینت سے خلق ہے، اور علیؑ میری بیٹی فاطمہ کا شوہر ہے، اور میرے دو فرزند حسنؑ و حسینؑ کا باپ ہے، پھر آنحضرت (ص) فرمایا: میں اور علیؑ و فاطمہؑ اور حسنؑ و حسینؑ اور امام حسینؑ کی اولاد سے نو امام معصوم یہ سب اللہ کی حجت ہیں، ہمارا دشمن اللہ کا دشمن ہے ہمارا دوست اللہ کا دوست ہے۔

(حوالہ: امالی الصدوق ص ۱۳۱ مجلس ۲۷ حدیث ۸)

ملاحظہ:

اس حدیث شریف میں آنحضرتؐ نے واضح بیان فرمایا ہے، علیؑ کی امامت و ولایت کا عہد و پیمان اللہ نے انبیاء و اوصیاء اور اپنی تمام مخلوقات سے اس وقت لیا ہے، جس وقت اپنی توحید اور حضرت محمدؐ کی نبوت کا عہد لیا تھا، پس جو علیؑ کا دشمن ہے، وہ اللہ اور نبی کا دشمن ہے، وہی مقصر ہے۔

* * *

## حدیث نمبر18

روی عن ابن عباس إنه قال قال رسول الله ولاية على بن ابى طالب ولاية الله وحبه عبادة الله واتباعه فريضة الله واوليائه اولياء الله وأعدائه أعداء الله وحربه حرب الله وسلمه سلم الله عزوجل

ترجمہ: ابن عباس سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علی بن ابی طالبؑ کی ولایت اللہ کی ولایت ہے اور علیؑ سے محبت اللہ کی عبادت ہے، اور علیؑ کی اتباع اللہ کا فریضہ ہے، اور علیؑ کا دوست اللہ کا دوست ہے، اور علیؑ کا دشمن اللہ کا دشمن ہے، اور علیؑ سے جنگ کرنا اللہ سے جنگ کرنا ہے اور علیؑ سے صلح اللہ سے صلح ہے۔

ملاحظہ:

اس حدیث میں اللہ نے علیؑ کی ولایت و محبت واتباع اور علیؑ کی دوستی و دشمنی اور صلح وجنگ کو اپنے ساتھ نسبت دیتے ہوئے فرمایا ہے، اللہ اور علیؑ اکٹھے ہیں، جہاں اللہ کا ذکر ہے وہاں علیؑ کا ذکر ہے، پس جس نے دین وایمان واسلام سے علیؑ کو نکالا ہے، اس نے دین وایمان واسلام کی بنیاد کو کمزور کیا ہے، ایسا کرنے والا ہرگز مومن ومسلمان نہیں ہے۔

## حدیث نمبر 19

روی ابن عباس أنه قال جاء النبی جوعاًشديداً فأتى الكعبة فتعلق بأستارها فقال رب محمد لاتجع محمداً أكثر مما أجعته قال فهبط جبرائيل و معه لوزة فقال يامحمد إن الله جل جلاله يقرء عليک السلام فقال يا جبرائيل لله السلام ومنه السلام وإليه يعودالسلام فقال إن الله يأمرک أن تفک عن هذه

الوزة ففک عنها فاذا فيها ورقة خضراء نضرة مكتوبة عليها لااله الاالله محمد رسول الله أيدت محمداً بعلي ونصرته به ماانصف الله فی نفسه من اتهم الله فی قضائه وأستبطاه فی رزقه

ترجمہ: ابن عباس روایت کرتا ہے نبی اکرم ﷺ پر بھوک نے بہت زیادہ غلبہ کیا، کعبہ میں تشریف لائے اور کعبہ کے پردہ کو پکڑ کر دعا کی اے محمدؐ کے پروردگار مجھے اس سے زیادہ بھوکا قرار نہ دے، اسی وقت جبرائیل نازل ہوا، اور اس کے پاس ایک بادام تھا اور کہا اے محمد ﷺ اللہ جل جلالہ نے آپ کو سلام کھا ہے، آنحضرت نے فرمایا: سلام اللہ کے لئے ہے، اور سلام اللہ سے ہے اور سلام اللہ کی طرف لوٹتا ہے اس وقت جبرائیل نے کہا: اللہ نے آپ کو حکم دیا ہے، اس بادام کو کھولو، پس آنحضرت نے بادام کو کھولا تو اچانک اس میں سبز رنگ کا پتا ظاہر ہوا، جس پر لکھا تھا: (لااله الاالله محمدرسول الله أيدته بعلي و نصرته بعلي) اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد ﷺ اللہ کا رسول ہے، میں نے محمد ﷺ کی تایید اور مدد علیؑ سے کی ہے، جس نے اللہ کو قضاوت میں اور رزق وروزی دینے میں سست جانا اس نے اللہ کے ساتھ انصاف نہیں کیا ہے۔

(حوالہ: امالی الصدوق ص ۵۵۳ مجلس ۸۲ حدیث ۹ انتشارات اسلامیہ)

ملاحظہ:

اس حدیث کو بیان کرنے کا مقصد تین شھادتیں ہیں، جو ایک دوسرے سے متصل ہیں، کیونکہ علی علیہ السلام محمد (ص) کا مؤید وناصر ہے، علیؑ کے بغیر تبلیغِ دین ممکن نہیں ہے پس علیؑ کو نبی ﷺ سے جدا کرنے والا مقصر ہے۔

* * *

# حدیث نمبر20

روی عن محمد بن فضیل أنه قال سئلته عن أفضل مایتقرب به العباد إلی الله عزوجل قال أفضل مایتقرب به العباد إلی الله عزوجل طاعة الله وطاعة رسوله وطاعة اولي الامر قال ابوجعفر حبنا ایمان وبغضنا کفر

ترجمہ: فضیل بن محمد روایت کرتا ہے کے میں نے امام باقرؑ سے سوال کیا کونسا عمل بندوں کو اللہ کے قریب کرتا ہے تو حضرتؑ نے فرمایا: افضل عمل جو بندوں کو اللہ کے قریب کرتا ہے وہ اللہ اور اس کے رسول اور اولی الامر کی اطاعت ہے، پھر امام باقرؑ نے فرمایا: ہماری محبت ایمان ہے اور ہمارا بغض کفر ہے

(حوالہ: اصول کافی باب طاعة الائمة ص ٢٦٦)

ملاحظہ: قربِ خدا تین اطاعتوں سے ہے یعنی (اطیعوالله واطیعوا الرسول واولی الامر منکم، نساء ٥٩) اور تین شہادتوں سے ہے، یعنی (فامنوا بالله ورسوله والنور الذی أنزلناه ،تغابن ٨) اور تین ولایتوں سے ہے یعنی (إنما ولیکم الله ورسوله والذین آمنوا... ،مائدة٥٥)

اور آل محمدؐ کی ولایت اتنی مھم ہے، کہ اس خاندان عصمت وطہارت کی محبت ایمان اور ان کا بغض کفر ہے ان کا شریک بنانا شرک ہے، مومنین اس نعمتِ عظمی کا شکر ادا کریں تا کہ آپ اس آیت قرآن کے مصداق بن جائیں( ولئن شکرتم لازیدنکم ولئن کفرتم ان عذابی لشدید(ابراھیم ٧)

ترجمہ: اگر تم نے شکرِ (ولایت) کیا میں حتماً اس ولایت میں اضافہ کروں گا اگر تم نے کفرِ (ولایت) کیا تو بے شک میرا عذاب شدید ہو گا۔

* * *

# حدیث نمبر 21

روی عن رسول الله ﷺ أنه قال مکتوب علی العرش أناالله لااله الا الله انا وحدی لاشریک لي محمد عبدی ورسولی أیدته بعلي فأنزل الله عزوجل هوالذی أیدک بنصره وبالمؤمنین(سورة انفال٦٢) وکان النصر علیاً ودخل مع المؤمنین ودخل فی الوجهین جمیعاً

ترجمہ: رسول اکرم ﷺ سے روایت ہے عرش پر لکھا ہے، میں اللہ وحدہ لاشریک ہوں میرے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے محمدؐ میرا بندہ اور رسول ہے، میں نے محمدؐ کی تایید علیؑ کے ساتھ کی ہے، اللہ نے یہ آیت علیؑ کی شان میں نازل فرمائی ہے(هوالذی أیدک بنصره وبالمومنین)انفال ٦٢) اللہ وہ ہے، جس نے اپنی مدد کے ساتھ تیری اور مومنین کی تائید کی ہے، پس نصر سے مراد اس آیت میں حضرت علیؑ ہے، اور علیؑ مومنین کا امیر ہے( اللہ نے فرمایا: کیونکہ مولا علیؑ اصل وریشہ مومنین ہیں اور تمام مومنین اس کی فرع اور شاخیں ہیں اسلئے اصل اپنی تمام فرع میں داخل ہے)پس مولا علیؑ دونوں صورتوں میں صورت نصر میں اور صورت مؤمن ہونے میں رسول کے بعد جلوہ گر ہے۔

(حوالہ: امالی صدوق ص ۲۱۵ مجلس ۳۸ ح ۱۳، انتشارات اسلامیہ)

ملاحظہ: اے صاحبان عقل ذرا فکر کرو اصل مومن بھی علیؑ ہے اور اللہ کی مدد بھی علیؑ ہے جہاں نبی ﷺ ہے وہاں علیؑ ہے، اللہ کی نصر و مدد علیؑ ہے دین اسلام اور نبی ﷺ کی بقا علیؑ ہے نبی ﷺ کی تایید کرنے والا علیؑ ہے اور اللہ کے ساتھ نبی کی نبوت کا گواہ علیؑ ہے اور اس پر یہ آیت گواہ ہے:(یقولون الذین کفروا لست مرسلا قل کفی بالله شهیداًبینی وبینکم ومن عنده علم الکتاب ، ابراهیم٤٣) ترجمہ: کافر کہتے ہیں تو اللہ کا نبی نہیں ہے اے نبی کہ دے میری رسالت پر میرے اور آپ کے درمیان اللہ کی گواہی اور جس کے پاس پوری کتاب کا علم ہے اس کی گواہی کافی ہے

(یعنی علی ابن ابی طالبؑ) اس لئے دین لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہے اور اس کی بقا علیؑ واولادِ علیؑ سے ہے یہ ہی تین شہادات ہیں جن پر گواہ کلام اللہ ہے (والذين هم بشهاداتهم قائمون) یعنی وہ لوگ (مومنین) جو اپنی گواہیوں پر قائم ہیں۔

## حدیث نمبر 22

روى عن الصادق عن أبيه عن آبائه عن علي قال: قال رسول الله اذا كان يوم القيامة يؤتى بک یاعلي على عجلة(ناقة)من نور وعلى رأسک تاج له اربعة أركان وعلى كل ركن ثلاثة أسطر لااله الاالله محمدرسول الله علي ولى الله وتعطى مفاتيح الجنة ثم يوضع لک كرسى يعرف بكرسى الكرامةفتقعد عليه ثم يجمع لک الاولون والآخرون فى صعيد واحدوتأمر بشيعتک إلى الجنة وبأعدائک إلى النار و أنت قسيم الجنةو أنت قسيم النار ولقد فازمن تولاک وخسر من عاداک فأنت في ذلک اليوم أمين الله وحجة الله الواضحة

ترجمہ: امام صادقؑ اپنے باپ اور اپنے آباء طاہرین اور علیؑ سے کہ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا: یا علی جب قیامت کا دن ہو گا تجھے نوری اونٹنی پر لایا جائے گا تیرے سر پر تاج ہو گا جس کے چار رکن ہوں گے اور ہر رکن پر تین سطر میں یہ لکھا ہو گا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ، یا علی جنت کی چابیاں آپ کو دی جائیں گی پھر آپ کے لئے تخت نصب کیا جائے گا جو تختِ بخشش و کرامت سے مشہور ہو گا اور آپ اس پر جلوہ فگن ہوں گے پھر تمام مخلوق اولین و آخرین کو آپ کے لئے جمع کیا جائے گا اور آپ اپنے شیعوں کو جنت کی طرف اور اپنے دشمنوں کو جہنم میں وارد ہونے کا حکم دیں گے یا علی آپ قسیم جنت و جہنم ہیں، جو آپ کو دوست رکھے گا (یعنی آپ کی ولایت کو قبول کرے گا) کامیاب ہو گا اور جو آپ

کا دشمن ہو گا ناکام اور خسارہ والا ہو گا اے علیؑ آپ اس دن اللہ کے امین اور اللہ کی واضح و آشکار حجت ہوں گے۔

(حوالہ: امالی صدوق ص ۶۷۰ مجلس ۹۵ ح ۱۰، انتشارات اسلامیہ)

ملاحظہ: مولا علیؑ کے تاج پر بھی اللہ نے شھادات ثلاثہ لکھی ہیں، کیونکہ ایمان و مومن کی یہی تین علامات ہیں، کلمہ ایمان بھی یہی ہیں اور کامیابی و رستگاری بھی تین گواہیوں پر ہے، کیونکہ جنت و نار کو بانٹنے والا اللہ کا امین اور حجت خدا مولا علیؑ ہے، اور حدیث میں ہے: (ان تفکر ساعة خيرمن عبادة ستين سنة)

ترجمہ: ایک گھنٹا فکر کرنا (ولایت علیؑ) کے ساتھ ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے، اور دوسری روایت میں ہے ستر سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

(حوالہ: بحار الانوار ج68، ص327)

(اللهم اهدنا الصراط المستقيم) اے اللہ ہمیں علیؑ کی راہ پر ثابت قدم فرما آمین یارب العالمین۔

## حدیث نمبر 23

روى على بن موسى الرضا عن أبيه موسى بن جعفر عن أبيه جعفر بن محمدعن أبيه محمد بن علي عن أبيه الحسين بن علي عن أبيه علي بن ابى طالب عن النبى عن جبرائيل عن ميكائيل عن اسرافيل عن الله عزوجل جل جلاله أنه قال أناالله لااله الاأنا خلقت الخلق بقدرتى فاخترت من شئت من أنبيائى و اخترت من جميعهم محمداً حبيباً وخليلاًوصفياًفبعثته رسولاً إلى خلقى واصطفيت له علياً فجعلته له أخاًو وصياًو وزيراً و مودياً عنه من بعده

إلى خلقى وخليفتى على عبادى ليبين لهم كتابى ويسير فيهم بحكمى و جعلته العلم الهادى من الضلالة وبابى الذى اوتى و بيتى الذى من دخله كان آمنا من نارى وحصنى الذى من لجأ إليه حصنه من مكروه الدنياوآلاخرة و وجهى الذى من توجه إليه لم أصرف وجهى عنه وحجتى فى السموات و الارضين على جميع من فيهن من خلقى لاأقبل عمل عامل منهم الا بالاقرار بولايته مع نبوة أحمد رسولى هو يدى المبسوطة على عبادى و هو النعمة التى أنعمت بها على من أحببته من عبادى فمن أحببته من عبادى و توليته عرفته ولايته و معرفته ومن أبغضته من عبادى أبغضته لانصرافه عن معرفته و ولايته فبعزتى حلفت وبجلالى اقسمت انه لا يتولى علياًعبد من عبادى الا زحزحته عن النار و أدخلته الجنة ولا يبغضه عبد من عبادى و يعدل عن ولايته الا أبغضته وأدخلته النار و بئس المصير

ترجمہ: حضرت امام رضاؑ اپنے باپ موسیٰ بن جعفرؑ سے انھوں نے اپنے باپ امام صادقؑ سے اور انھوں نے اپنے باپ محمد باقرؑ سے اور انھوں نے اپنے باپ زین العابدینؑ سے وہ اپنے باپ امام حسینؑ سے وہ اپنے باپ امیر المومنینؑ سے اور علیؑ نے نبیؐ سے اور نبیؐ نے جبرائیل سے جبرائیل نے میکائیل سے اسرافیل نے اللہ جل جلالہ سے اللہ نے فرمایا: میں اللہ ہوں میرے سواء کوئی لائق عبادت نہیں ہے، میں نے اپنی قدرت سے مخلوق کو پیدا کیا ہے اور جسے چاہا ہے نبی بنایا ہے اور پھر اپنی تمام مخلوق سے حضرت محمدؐ کو چن کر اپنا خلیل وحبیب اور صفی بنایا ہے اور اپنی مخلوقات پر اسے رسول بنایا ہے اور میں نے محمدؐ کے لئے علیؑ کو چنا اور اسے اس کا بھائی اور وصی ووزیر بنایا ہے، جو اس کے بعد میری مخلوق کو ہر حکم پہنچانے والا محمدؐ کے قرض ادا کرنے والا ہے، وہ میرے بندوں پر میرا خلیفہ ہے تاکہ میری کتاب کو انہیں بیان کرے اور میرے حکم کو ان کے لئے آسان کرے میں نے اسے ضلالت سے بچانے والا علمِ ھدایت

بنایاہے اور میں نے اسے اپنا دروازہ بنایا تاکہ اسی دروازہ سے سب کو عطاہو (یعنی خیرات اسی در سے ملے) اور وہ میرا ایسا گھر ہے جو بھی اس میں داخل ہوا جہنم کی آگ سے محفوظ ہو گیا اور وہ میرا محکم قلعہ ہے جس نے اس میں پناہ لی مکروھات دنیاو آخرت سے محفوظ ہو گیا،، وہ میرا، ایسا چہرہ ہے، جس نے اس کی طرف توجہ کی میں اپنا چہرہ اس سے نہیں پھیروں گا، وہ آسمانوں اور زمینوں اور جو، ان میں ہے بلکہ تمام مخلوق پر میری حجت ہے (الحجة قبل الخلق وبعد الخلق) حجت خدا مخلوق سے پہلے ہوتی ہے اور مخلوق کے فناء ہونے کے بعد باقی رہتی ہے اور اس آیت قرآن میں اسی طرف اشارہ ہے:

(كل من عليها فان ويبقى وجه ربک ذوالجلال والاكرام) ہر چیز فناء ہونے والی ہے فقط اللہ کا چہرہ باقی رہے گا، میں اپنی مخلوق سے کسی عمل کرنے والے کے عمل کو قبول نہیں کروں گا جب تک وہ علی کی ولایت اور میرے نبی محمدؐ کی رسالت کا اقرار نہیں کرے گا (اقرار زبان سے ہوتا ہے نہ کے دل سے) اسی لئے توحید و نبوت وامامت ایک ساتھ ہیں، کیونکہ یہ کتاب اسی ثبوت کے لئے لکھی گئی ہے، کیا خوب شاعر نے کہا ہے:

(اقرار کرکے خم پے زبانیں بدل گئیں... بدلی نماز روزے اذانیں بدل گئیں)

آیت قرآن ہے (والذين ينقضون عهدالله من بعد ميثاقه ويقطعون ما امر الله به ان يوصل) وہ جنہوں نے عہد خدا کو توڑ دیا محکم وعدہ کرنے کے بعد، اور عہد خدا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہے، اور جس چیز کو اللہ نے ملانے کا حکم دیا تھا اس میں جدائی ڈال دی (یعنی اللہ نے حضرت محمدؐ کی رسالت کی گواہی کے ساتھ حضرت علیؑ کی ولایت کی گواہی کو ملانے کا حکم دیا تھا انھوں نے جدائی ڈال دی یہی لوگ خسارہ میں ہیں (اولئک هم الخاسرون) اور حضرت علیؑ بندوں پر میرا پھیلا ہوا ہاتھ ہے وہ میری ایسی نعمت ہے جو میں اپنے بندوں میں سے جسے دوست رکھتا ہوں اسے یہ نعمت عطا کرتا ہوں

اور اپنے بندوں میں سے جسے دوست رکھتا ہوں میں اس کا ولی ہوں اور اسی علیؑ کی ولایت کی معرفت اور علیؑ کی معرفت عطا کرتا ہوں اور اپنے بندوں میں سے جس پر غضبناک ہوتا ہوں اس پر یہ غضب کرتا ہوں کہ اس سے علیؑ کی معرفت وولایت چھین لیتا ہوں میں نے اپنی عزت وجلال کی قسم کھائی ہے میرے بندوں میں سے جو علیؑ کو دوست رکھے گا اسے جہنم کی آگ سے نجات دوں گا اور جنت میں داخل کروں گا اور جو علیؑ سے بغض رکھے گا اور ولایتِ علیؑ سے دور ہو گا میں اس سے بغض رکھو گا اور اسے جہنم میں داخل کروں گا اور جہنم برا ٹھکانہ ہے۔

(حوالہ: امالی الصدوق ص ۲۲۲ مجلس ۳۹ حدیث ۱۰)

## حدیث نمبر24

روی عن ابی جعفر محمد بن علی أنه قال حدثنی أبیه عن أبیه قال: قال رسول الله لما أسری بی إلی السماء فنظرت فاذا علی ساق العرش مکتوب لااله الاالله محمد رسول الله أیدته بعلي ونصرته بعلي ورأیت مکتوباً فی مواضع علیاًو علیاً وعلیاًوعلیاًومحمداً ومحمداً وجعفراً وموسی والحسن والحسن والحسین والحجة فعددتهم فاذاهم اثناعشر

ترجمہ: امام باقرؑ نے اپنے آباء سے اور انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے خبر دی ہے کے آنحضرتؐ نے فرمایا: جب معراج میں مجھے آسمانوں کی سیر کرائی گی پس میں نے ساق عرش پر لکھا ہوا پایا:

(لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور میں نے محمدؐ کی تائید اور نصرت ومدد علیؑ کے ساتھ کی ہے) اور مین نے دیکھا کئی مقامات پر لکھا ہوا تھا: (علی علی علی علی محمد محمد جعفر، موسی، وحسن وحسن وحسین وحجت (امام زمانہؑ) جب میں نے شمار کیا تو یہ بارہ نفر بنے اور ان سے مراد بارہ امام ہیں جن میں سے چار کا نام علی ہے

دوکانام محمد ایک کانام جعفر ایک موسیٰ دو حسن ایک حسین اور ایک حجت ہیں یعنی قائم آل محمد (ص) امام صاحب الزمان عج۔

(حوالہ: کفایۃ الاثر ص ۲۴۵، انتشارات بیدار)

## حدیث نمبر25

روى سلمان الفارسى رحمه الله أنه قال دخل ابوبكر و عمرو عثمان على رسول الله فقالوا يا رسول الله ما بالک تفضل علياًعلينا فى كل حال؟فقال أنا فضلته بل الله تعالى فضله فقالوا وماالدليل ؟

فقال اذا لم تقبلوا منى فليس من الموتى عندكم أصدق من اهل الكهف وأنا أبعثكم وعلياً و اجعل سلمان شاهداً عليكم إلى أصحاب الكهف حتى تسلموا عليهم فمن أحياهم الله له وأجابوه كان الافضل

قالوا رضينا فأمر ببسط بساط لهم و دعى بعلي فأجلسه فى وسط البساط وأجلس واحداً منهم على قرنه من البساط وأجلس سلمان على القرنه الرابعة ثم قال يا ريح إحمليهم إلى أصحاب الكهف و رديهم الى قال سلمان فدخل ريح تحت البساط و سارت بنا و اذا نحن بكهف عظيم فحططنا فقال:
أميرالمومنين يا سلمان هذا الكهف الرقيم فقل للقوم يتقدمون او نتقدم ؟

فقالوا نحن نتقدم فقام كل واحد منهم وصلى ودعى وقال السلام عليكم يا اصحاب الكهف فلم يجبهم أحد فقام أميرالمومنين بعدهم فصلى ركعتين و دعى و نادى :يا أصحاب الكهف فصاح الكهف و صاح القوم من داخله بالتلبية فقال أميرالمومنين السلام عليكم أيها الفتية الذين آمنوا بربهم

فزدناهم هدى فقالوا و عليک السلام يا أخا رسول الله ووصيه و أميرالمومنين لقد اخذالله علينا العهد بعد ايماننا بالله وبرسوله محمد وبولاية لک يا أميرالمومنين بالولاء إلى يوم القيامة يوم الدين فسقط القوم على وجوههم و قالوا لسلمان: ياباعبدالله ردنا

فقال ماذلک لی ؟فقالوا ياابا الحسن ردنا فقال يا ريح ردينا إلى رسول الله فحملتنا فاذا نحن بين يديه فقص عليهم رسول الله كل ما جرى و قال هذا حبيبى جبرائيل أخبرنى به فقالوا الان علمنا فضل علي علينا من عندالله عزوجل لامتک

ترجمہ: سلمان فارسی روایت کرتا ہے، کے ابو بکر وعمر وعثمان، نبی اکرمؐ کے پاس آئے اور کہایا رسول اللہؐ کیوں علیؑ کو ہمارے اوپر ہر حال میں فضیلت دیتے ہو، آنحضرت نے فرمایا: میں فضیلت دیتا ہوں؟! بلکہ اللہ نے علیؑ کو فضیلت دی ہے انھوں نے کہا اس کی دلیل کیا ہے؟ فرمایا: اگر مجھ سے قبول نہیں کرتے ہو مردوں میں سے آپ کے نزدیک اصحاب کھف سے سچا کون ہو سکتا ہے، میں تمھیں اور علیؑ کو سلمان کے ساتھ گواہ بنا کر اصحاب کھف کی طرف بھیجتا ہوں پس تم ان پر سلام کرو اور جس کے لئے اللہ ان کو زندہ کرے گا اور وہ جس کا جواب دیں گے وہ افضل ہو گا کہا ہم اس بات پر راضی ہیں ایک قالیچہ چٹائی ان کے لئے بچھائی گئی آنحضرت نے علیؑ کو اس کے وسط میں بیٹھایا، ان میں سے ہر ایک کو کونے پر بیٹھایا، اور سلمان کو چوتھے کونے پر بیٹھایا، اور ھوا کو حکم دیا ان کو اصحاب کہف کی طرف لے جا اور میری طرف واپس لے آو، سلمان نے کہا ھوا چٹائی کے نیچے داخل ہوئی اور ہمیں حرکت دی اچانک ہم نے اپنے آپ کو ایک بھت بڑی غار کے سامنے پایا ہم نیچے اترے اور حضرت علیؑ نے فرمایا: یہ غارِ اصحاب کھف ورقیم ہے، اے سلمان ان تینوں سے کہو وہ پھلے سلام کریں یا میں کرو؟ انہوں نے کہا ہم پہلے سلام کرنا چاہتے ہیں، پس یہ تینوں آگے بڑھے، نماز پڑھی، اور کہا السلام علیکم یا اصحاب کہف کسی

نے انہیں جواب نہ دیا پھر حضرت علیؑ اٹھے دو رکعت نماز پڑھی دعا کی اور آواز دی اے اصحاب کہف تو اس وقت غار واصحاب کہف دونوں نے بلند آواز سے کہالبیک اس وقت امیر المومنینؑ نے فرمایا: سلام ہو آپ پر اے جوانمردان جو اپنے رب پر ایمان لائے ہو، اور ہم نے ان کی ہدایت میں اضافہ کیا پس انہوں نے جواب میں کہا: علیک السلام آپ پر بھی سلام ہو اے رسول اللہ کے بھائی اور وصی اور مومنوں کے امیر بے شک اللہ نے اپنی توحید اور اپنے رسول پر ایمان لانے کے بعد آپ کی ولایت کا

(یاامیر المومنین) عہد وپیمان لیاہے اور یہ عہدِ ولایت قیامت تک ہے، پس وہ سب سجدہ میں گر پڑے، اور کہا: اے سلمان ہمیں واپس پلٹاو تو سلمان نے کہا یہ حکم میرے ساتھ مربوط نہیں ہے تو اس وقت تینوں نے کہا اے ابو الحسن ہمیں واپس پلٹاؤ، مولا نے ھوا کو حکم دیا ہمیں رسول اللہ کی طرف واپس پہنچادے اس وقت ھوا نے ہمیں اٹھایا اچانک ہم نے اپنے آپ کو رسول اللہ کے پاس پایا اس وقت رسول خدا نے تمام واقعہ ان کو سنایا: اور فرمایا: یہ جبرائیل ہے جس نے مجھے خبر دی ہے، پھر اس وقت ان تینوں نے کہا ہم نے علیؑ کی فضیلت کو اللہ کی طرف سے آپ کی امت پر جان لیاہے۔

(حوالہ: ارشاد القلوب ص۲۸۹،۲۶۸، بحارالانوار ج۳۹ص۵ح۴ ۱۰۰باب ۸۰)

ملاحظہ: ان تین گواہیوں کا عہد تو اللہ نے تمام سابقہ امتوں سے لیا تھا، مولا امیر المومنینؑ کی ولایت و دوستی و محبت کا عہد، اللہ نے یوم الدین اور قیامت کے دن تک لیاہے سب سے پہلے ان تینوں (ابو بکر و عمر و عثمان) نے غدیر خم میں اقرار و اظہار کیا، اور اصحاب کھف کا معجزہ بھی دیکھا لیکن اطاعتِ نبی (ص) و علیؑ سے انکار کیا لیکن سلمان (السلمان منا اھل البیت) بن گیا اور وہ تینوں منکرین میں سے بن گئے۔

* * *

# حدیث نمبر26

روی عن مفضل عن الصادق أنه قال إن الله تعالی ضمن للمؤمن ضماناً قال
قلت ماهو؟ قال:ضمن له إن هو اقر له بالربوبية ولمحمد بالنبوة ولعلیّ
بالامامة و أدی ما افترض الله عليه ان يسكنه فی جواره و لم يحتجب عنه قال
قلت :فهذه والله الكرامة التی لا تشبهها كرامة الآدميين قال: ثم قال:
ابوعبدالله اعملوا قليلا تتنعموا كثيراً

ترجمہ: مفضل نے امام صادقؑ سے روایت کی ہے حضرت نے فرمایا: اللہ نے مومن کے لئے ضمانت دی ہے، مفضل نے پوچھاوہ کیا ہے؟ فرمایا: اللہ ضامن ہوا ہے مومن کے لئے کہ اگر اس نے میری ربوبیت کا اور محمدؐ کی نبوت کا اور علی کی امامت کا اقرار کیا(اقرارِ عملی: زبان سے اظہار کا نام ہے) اور جن فرائض کو اللہ نے اس پر واجب کیا ہے(یعنی اظہارِ محبت اہل بیتِؑ) تو میں اللہ اسے اپنے جوار میں جگہ دوں گا، اور میں اپنے آپ کو اس سے پوشیدہ نہیں کروں گا مفضل کہتا ہے میں نے عرض کیا خدا کی قسم یہ اللہ کی وہ کرامت وعزت ہے بندوں کی کرامت اور عزت اس کی مانند نہیں ہو سکتی ہے، پس امام صادقؑ نے فرمایا: تھوڑا عمل کرو، اور جزاء بہت زیادہ حاصل کرو(یعنی آپ کا عمل اس نعمت ولایت علیؑ کے مقابل میں بہت ہی کم ہے اور جزاء آپ کو عظیم مل رہی ہے)۔

(حوالہ: ثواب الاعمال صدوق ص۲۰ مکتبہ صدوق)

* * *

# حدیث نمبر27

روی عن کثیر بن طارق من ولد قنبر مولی علي بن ابی طالب أنه قال حدثنی
زید بن علی فی جار(سوج)کنده بالکوفه إن أباه حدثه عن أبیه عن ابن عباس
قال أعطی رسول الله علیاً خاتماً فقال: یاعلي إعط هذا الخاتم النقاش
لینقش علیه محمدبن عبدالله فأخذه أمیرالمومنین فأعطاه النقاش وقال له
أنقش علیه محمدبن عبدالله فنقش النقاش وأخطات یده فنقش علیه
محمدرسول الله فجاء أمیرالمومنین فقال مافعل الخاتم فقال هو ذا فأخذه
ونظر إلی نقشه فقال ما أمرتک بهذا قال صدقت و لکن یدی أخطات فجاء به
إلی رسول الله فقال یا رسول الله ما نقش النقاش ما أمرت به ذکر ان یده
أخطات فأخذه النبی و نظرإلیه فقال یاعلي أنا محمدبن عبدالله وأنا
محمدرسول الله و تختم به فلما أصبح النبی نظر إلی خاتمه فاذا تحته
منقوش علي ولی الله فتعجب من ذلک النبی فجاء جبرائیل فقال جبرائیل کان
کذا و کذا فقال یامحمد کتبت ما أردت و کتبنا ما أردنا

ترجمہ: کثیر بن طارق جو علیؑ کے غلام قنبر کا بیٹا ہے، وہ نقل کرتا ہے، کہ مجھے زید بن علی نے جار سوج کندہ کوفہ میں، حدیث بتائی کہ زید نے اپنے باپ امام زین العابدینؑ اور انہوں نے اپنے باپ امام حسینؑ سے اور ابن عباس نے نبی اکرمؐ سے نقل کیا ہے، ایک دن نبی اکرمؐ نے ایک انگوٹھی حضرت علیؑ کو دی اور فرمایا: اسے نقاش کو دو کہ وہ اس پر محمد بن عبد اللہ نقش کر دے، اور حضرت علیؑ نے نقاش کو انگوٹھی دی اور فرمایا: اس پر محمد بن عبد اللہ نقش کر دو اور نقاش جب اس پر محمد بن عبد اللہ لکھنا چاہتا تھا اس سے خطا ہوئی اور اس نے اس پر محمد رسول اللہ لکھ دیا حضرت علیؑ انگشتر لینے کے لئے نقاش کے پاس آئے اس نے انگوٹھی حضرت کو دی اور آپ نے جب اس نقش کو دیکھا تو فرمایا: میں نے یہ نقش لکھنے کو نہیں کہا تھا

اس نے کہا مولا آپ سچ کہتے ہیں، لیکن میرے ہاتھ سے خطا ہوئی اور محمد رسول اللہ لکھ دیا ہے، حضرت علیؑ وہ انگوٹھی لے کر پیغمبر اکرمؐ کے پاس آئے اور کہا: یارسول اللہ نقاش نے جو آپ نے کہا تھا وہ نہیں لکھا ہے اس کے ہاتھ سے خطا ہوئی ہے اور اس نے محمد رسول اللہ لکھا ہے نبی اکرمؐ نے انگوٹھی لی اسے دیکھا اور فرمایا: یاعلی میں ہی محمد بن عبد اللہ ہوں اور میں ہی محمد رسول اللہ ہوں آنحضرت نے وہ انگوٹھی اپنے ہاتھ مبارک میں پھن لی اور جب صبح اس پر نگاہ کی محمد رسول اللہ کے نیچے لکھا ہوا تھا علی ولی اللہ اس واقعہ سے حضرتؐ کو تعجب ہوا جبرئیل حضرت کے پاس آیا آنحضرت نے جبرائیل سے یہ واقعہ نقل کیا جبرائیل نے کہا اے محمد (ص) آپ کا ارادہ تھا اس انگوٹھی پر محمد بن عبد اللہ لکھا جائے لیکن اللہ چاہتا ہے اس پر محمد رسول اللہ علی ولی اللہ لکھا جائے

(حوالہ: امالی شیخ طوسی ص ۷۰۵ مجلس ۴۱، انتشارات دار الثقافہ)

ملاحظہ:

اے مومنین اللہ یہ چاہتا ہے جھاں بھی محمد رسول اللہؐ ہو ساتھ حتماً علی ولی اللہ ہو یہ دونوں ایک نور ہیں اور جب آپ کلمہ طیبہ میں پڑھتے ہیں: وخلیفتہ بلا فصل یعنی علیؑ اللہ کے نبیؐ کے بلا فصل خلیفہ ہے، جس میں جدائی نہیں ہے، یعنی نبوت اور ولایت متصل ہیں اس لئے اللہ نے نقضِ عہد والی آیت (والذین ینقضون عھد اللہ من بعد میثاقہ ویقطعون ما امر اللہ بہ ان یوصل) یعنی جو اللہ کے عہد کو توڑتے ہیں اور وہ عہد: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہے، اور اللہ نے جسے ملانے کا حکم دیا ہے یعنی محمد رسول اللہ کے ساتھ علی ولی اللہ کو وصل کرو ملاو جو نہیں ملاتے بلکہ جدائی ڈالتے ہیں، قرآن کہتا ہے:

(اولئک هم الخاسرون، بقرة ۲۷) یہی لوگ بیشک ہمیشہ گھاٹے اور خسارہ میں ہیں۔

* * *

# حدیث نمبر28

روى عن أبي جعفر محمدبن علي الباقر عن أبيه عن جده قال خرج رسول الله ذات يوم و هو راكب خرج علي وهو يمشي فقال له:

ياابا الحسن إما أن تركب و إما أن تنصرف فإن الله أمرنى أن تركب اذا ركبت و تمشي اذا مشيت و تجلس اذا جلست الا أن يكون حدمن حدود الله لابد لک من القيام و القعود فيه وماأكرمنى الله بكرامة الا وقد أكرمك بمثلها وخصنى بالنبوة والرسالة وجعلك وليّ في ذلک تقوم في حدوده و في صعب أموره والذى بعث محمداًبالحق نبياً ما آمن بى من أنكرک وماأقر بى من جحدک ولاآمن بالله و فيّ من كفر بک فإن فضلک لمن فضلى فإن فضلى لفضل الله وهو قول ربى عزوجل قل بفضل الله ورحمته فبذلک فاليفرحوا هو خير مما يجمعون( سورة يونس٨٥) ففضل الله نبوة نبيكم و رحمته ولاية علي بن ابى طالب فبذلک قال بالنبوة والولاية فليفرحوا يعنى الشيعه خير مما يجمعون يعنى مخالفيهم من الاهل والمال والولد فى دار الدنيا والله ياعلى ماخلقت الا لتعبد ربک وليعرف بک معالم الدين و يصلح بک دارس السبيل ولقد ضل عنک ولم يهتد الى الله عزوجل من لم يهتد إليک و إلى ولايتک وهو قوله عزوجل (وإنى لغفار لمن تاب و امن وعمل صالحا ثم اهتدى ،سورة طه ٨٢)يعنى إلى ولايتک ولقد أمرنى ربى تبارک وتعالى أن افترض من حقک ما افترضه من حقى وان حقک لمفروض على من آمن بى ولولاک لم يعرف حزب الله وبک يعرف عدوالله ومن لم يلقه بولايتک لم يلقه بشى و لقد انزل الله عزوجل الى يا ايهاالرسول بلغ ما انزل اليک من ربک(مائدة٦٧) يعنى فى ولايتک

یاعلی و ان لم تفعل فمابلغت رسالته ( سورة مائدة٦٧) ولو لم أبلغ ما أمرت
به من ولایتک لحبط عملی ومن لقی الله بغیر ولایتک فقد حبط عمله
وغدایخزی وما اقول الا قول ربی تبارک و تعالی وان الذین اقول لمن الله
عزوجل انزله فیک

ترجمہ: حضرت امام باقرؑ نے اپنے باپ اور، دادا، امام حسینؑ سے روایت کی ہے، ایک دن رسول اللہ اپنے گھر سے سوار ہو کر نکلے اور حضرت علیؑ پیدل نکلے تو رسول اللہﷺ نے فرمایا: یا علی یا سوار ہو جاؤ یا واپس چلے جاؤ کیونکہ اللہ تبارک تعالی نے مجھے حکم دیا ہے جب میں سوار ہوں تم بھی سوار ہو اور جب میں چلوں تم بھی چلو جہاں میں بیٹھو تم بھی بیٹھو، مگر یہ کہ اللہ کی حدود میں سے کسی حد (مثل جنگ) جس میں آپ کا قیام ضروری ہو (یعنی آپ اور مجھ میں فاصلہ آئے) اللہ تبارک تعالی نے مجھے کوئی کرم و شرف عطا نہیں کیا ہے مگر اس جیسا آپ کو بھی عطا فرمایا ہے اللہ نے مجھے نبوت اور رسالت کے ساتھ خاص کیا ہے اور آپ کو نبوت و رسالت میں میرا ولی بنایا ہے یا علی تو اللہ کے حدود اور مشکل امور کے لئے قیام کرے گا (یعنی راہ خدا میں منافقین سے جہاد کرے گا) قسم خدا کی جس نے مجھے حق کے ساتھ نبی بنایا جس نے تیرا انکار کیا وہ ہر گز مجھ پر ایمان نہیں لایا ہے اور تمہارے منکر نے ہر گز میرا اقرار نہیں کیا ہے، اور جس نے تم سے کفر کیا وہ اللہ اور رسول پر ہر گز ایمان نہیں لایا ہے تیری فضیلت میری فضیلت سے ہے (کیونکہ ہم دونوں نور واحد ہیں) اور میرا فضل اللہ کا فضل ہے اور یہی اللہ عزوجل کا قول ہے: (قل بفضل الله وبرحمته فبذلک فلیفرحوا هو خیر مما یجمعون ) فضل اللہ تمہارے نبی کی نبوت ہے اور برحمتہ سے ولایت وامامت علی بن ابیطالب مراد ہے، فبذلک قال بالنبوة والولایة فلیفرحوایعنی الشیعة: اس لئے اللہ نے کہا نبوت وولایت کے ساتھ شیعہ خوش ہوتے ہیں اور نبوت وولایت پر ایمان دشمن کے مال واولاد وخاندان اور دنیا میں جو کچھ وہ جمع کرتے ہیں ان سے بہتر ہے اللہ کی قسم اے علیؑ

تجھے خلق نہیں کیا گیا ہے مگر یہ کہ تو اللہ کی عبادت کرے اور تیری وجہ سے دین کی نشانیاں پہچانی جائیں گی اور تیری وجہ سے مٹے ہوئے احکام دوبارہ زندہ ہوں گے بے شک جو تجھ سے گمراہ ہوا اس نے اللہ کی ھدایت کو نہ پایا اور تیری ہدایت اور ولایت اسے حاصل نہ ہوئی یہی تو اللہ کا قول ہے(إنی لغفار لمن تاب و آمن وعمل صالحا ثم اهتدی)طہ ۸۲،یعنی الی ولایتک )بیشک میں اس کو بخشنے والا ہو جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور عمل صالح انجام دیئے(یعنی جو تیری ولایت کے ساتھ عمل صالح بجالایا بیشک اسی کو بخشنے والا ہوں اور وہی ہدایت پا جائے گا،بے شک اللہ نے مجھے امر و حکم کیا ہے، جیسے میرے حق کو واجب کیا اسی طرح تیرے حق کو واجب کیا(یعنی جیسے میری نبوت پر ایمان لانا واجب ہے اسی طرح تیری امامت اور ولایت پر ایمان لانا واجب ہے) یا علی اگر آپ نہ ہوتے اللہ کی حزب یعنی جماعت پہچانی نہ جاتی اور تیری ہی وجہ سے دشمن خدا کی شناخت ہوتی ہے(یعنی جو تیرا دشمن ہے وہی اللہ کا دشمن ہے تیری ولایت ایمان و کفر کا ترازو ہے)اور جو بھی تیرے ولایت کے بغیر اللہ سے ملاقات کرے گا کوئی عمل بھی اس کا قبول نہ ہو گا

اللہ کے نبیؐ کی حدیث میں ہے:(حب علی بن ابی طالب حسنة لا تضر معها سیئة وبغضه سیئة لاتنفع معها حسنة ) علیؑ کی محبت ایسی نیکی ہے جس کے ساتھ کوئی برائی نقصان نہیں پہنچا سکتی ہے اور علیؑ کا بغض ایسی برائی ہے جس کے ساتھ کوئی نیکی فائدہ نہیں دے سکتی ہے۔

(حوالہ:بحارالانوار39،266،باب 87)حبہ و بغضہ صلوات اللہ علیہ

کیونکہ یہی محبت اور ولایت ہے جو اکمال دین و اتمام نعمت ہے جبکہ دین اصول و فروع کے مجموعہ کا نام ہے جب تک مولا علیؑ کی امامت وولایت نہ ہو گی نہ اصول کامل ہوں گے نہ فروع کامل ہوں گے کیونکہ یہ قاعدہ ہے(تعرف الاشیاء باضدادها) چیزیں اپنی مخالف سے پہچانی جاتی ہیں سیاھی کے مقابل میں جب تک سفیدی نہ ہو پہچان نہ ہو گی یا،رات کے مقابلہ میں دن نہ ہو،رات پہچانی نہیں جائے گی،اسی

طرح کامل کے مقابل میں ناقص ہے، اللہ نے فرمایا: ہے: ( اليوم أكملت لكم دينكم ) یعنی آج کے دن اعلان امامت وولایت کے ساتھ اکمال دین واتمامِ نعمت ہوئی ہے،

(ولقد أنزل الله عزوجل ياايهاالرسول بلغ ما انزل اليک من ربک ،سورة مائدة ٦٧)،اے رسول پہنچا جو حکم تیرے رب کی طرف سے آیا ہے اے علیؑ یہ آیت تیری ولایت کو پہنچانے کا حکم دی رہی ہے،(وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ) اگر یہ حکم (ولایت وامامت علیؑ) نہ پہنچایا تو رسالت کا کوئی کام انجام نہیں دیا، اگر میں تیری امامت اور ولایت کا اعلان نہ کرو میرے تمام عمل باطل ہو جائیں گے (جس امامت اور ولایت کے اعلان نہ کرنے سے نبی اکرمؐ کے اعمال حبط و باطل ہو جاتے ہیں، پھر آنحضرت (ص) نے فرمایا: اے علیؑ جو بھی تیری ولایت کے بغیر خدا سے ملاقات کرے گا اس کے تمام اعمال باطل ہو جائیں گے اور وہ روز قیامت ذلیل وخوار ہو گا اور میں نے جو کھا ہے، وہ اللہ کا قول ہے (وما ينطق عن الهوى ان هو الا وحى يوحى) یعنی میں اللہ کی مرضی کے خلاف بات نہیں کرتا ہوں، جو کہتا ہوں اللہ کی وحی ہے، اے علیؑ جو میں نے تیرے بارے کھا ہے وہ اللہ کی طرف سے ہے جسے اللہ نے تیرے لئے نازل کیا ہے۔

(حوالہ: بشارت المصطفی لشیعۃ المرتضی ص ۱۷۸ سے ۱۷۹ تک منشورات مکتبۃ حیدریہ)

* * *

ملاحظہ: قال اللہ فی کتابہ: (انما أنت منذرولكل قوم هاد،رعد٧): اللہ نے فرمایا: اے نبیؐ تو منذر ہے، اور ہر قوم کیلئے ہادی ہے، اور حدیث میں رسول خدا نے فرمایا: میں منذر ہوں اور ہر قوم کا ھادی میرا بھائی علی ہے، اور دوسری آیت میں فرمایا: (بئر معطلة وقصرمشيد، حج٤٥): کنواں جسے معطل کر دیا گیا اور محل جسے محکم بنایا گیا آنحضرت نے فرمایا: قصر مشید میری نبوت ہے، اور بئر معطلہ علیؑ کی

امامت اور ولایت ہے اور اسی طرح آیت ولایت اور آیت اطاعت اور آیت نور اور آیت رؤیت، اسی طرح اور بھی کافی آیات میں اللہ نے ولایت اور نبوت کو ایک ساتھ نقل کیا ہے، اور ملاں جدائی ڈال کر نقضِ عہد والی آیت ۲۷ سورۃ بقرہ کو اپنے اوپر فٹ کر رہا ہے، جنھوں نے عہدِ خدا کو توڑ دیا اور اللہ نے جسے ملانے کا حکم دیا تھا اس میں جدائی ڈال دی یعنی نبوت و امامت میں جدائی ڈال دی یہی لوگ خسارہ میں ہیں، اب فیصلہ مومنین پر ہے، مولوی کی مانے یا اللہ کی۔

## حدیث نمبر29

روى عن أميرالمومنين أنه كان يدعوا بقوله: لاهل القبور بقوله:

بسم الله الرحمن الرحيم السلام على اهل لا اله الاالله يا اهل لااله الاالله بحق لااله الاالله كيف وجدتم قول لااله الاالله من لااله الاالله يالااله الا الله بحق لااله الا الله اغفر لمن قال لا اله الاالله واحشرنافى زمرة من قا ل لااله الاالله محمدرسول الله علي ولى الله

ترجمہ: حضرت امام علیؑ سے روایت ہے، کہ حضرت اہل قبور کے لئے اسطرح دعا فرماتے تھے: جو مذکور ہو چکی ہے، ہمارا شاہد مثال اس دعا کی آخری سطر ہے، جس میں تین گواہیاں ہیں (واحشرنا فی زمرۃ من قال لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ) اے اللہ تو اس گروہ میں ہمیں شامل فرما جو یہ کھے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ، یعنی جو تین شھاتوں والا ہے۔

(حوالہ: بحار الانوار ج ۱۰۲ ص ۳۰۱ انتشارات مکتبہ اسلامیہ)

* * *

# حدیث نمبر30

روی عن سلمان الفارسی عن أمیرالمومنین فی خبر طویل إلی أن قال:فقام أمیرالمومنین وتوضأ و صلی رکعتین ودعا الله عزوجل بدعوات لم نفهمها ثم أومأ بیده إلی جهة المغرب فما کان بأسرع من ان جاءت سحابة فوقفت علی الدار و إلی جانبها سحابة أخری فقال أمیرالمومنین أیتها السحابة إهبطی بإذن الله عزوجل فهبطت و هی تقول: أشهد ان لااله الاالله وأن محمداً رسول الله وأنک خلیفة الله ووصیه من شک فیک فقد هلک ومن تمسک بک سلک سبیل النجاة

ترجمہ: سلمان فارسی ایک خبر طویل میں علیؑ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت علیؑ نے وضو کیا اور دو رکعت نماز پڑہی پھر ایسی دعائیں پڑھی جن کو ہم نہیں سمجھتے تھے پھر مغرب کی طرف اشارہ کیا اور بہت جلد ایک بادل آیا اور حضرت کے گھر کے اوپر کھڑا ہو گیا اور ایک دوسرا بادل اس کے ساتھ تھا حضرت علیؑ نے فرمایا: اے بادل اللہ کے حکم سے نیچے آجاو بادل نیچے آیا اور کہا:

(أشهد أن لااله الاالله وأن محمداًرسول الله وأنک خلیفته ووصیه من شک فیک فقد هلک ) میں گواہی دیتاہوں کے اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد اللہ کے رسول ہیں اور بے شک آپ اللہ کے نبی کے خلیفہ اور وصی ہیں جس نے آپ میں شک کیا وہ ھلاک ہو گیا اور جس نے آپ سے تمسک کیا اس نے راہ نجات کو حاصل کیا۔

(بحارالانوار ج۲۷ ص۳۳، انتشارات دار الکتب)

* * *

ملاحظہ: مومنین آپ نے ملاحظہ کیا معصومین نے مختلف طریقوں سے آپ کے لئے واضح کر دیا ہے کہ یہ تین شہادتیں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہیں نظام ھستی ان پر موقوف ہے اہلِ معرفت سے یہ بات پوشیدہ نہیں ہے۔

## حدیث نمبر 31

روى عن بكير بن أعين أنه قال سألت أباعبدالله لأى علة وضع الله الحجر فى الركن الذى هو فيه ولأى علة وضع فيه ميثاق العباد والعهد ولم يوضع فى غيره وكيف السبب فى ذلك؟ قال فقال وأما علة ما أخرجه الله من الجنة فهل تدرى ماكان الحجر؟قال قلت لا

قال كان ملكاًعظيماً من عظماء الملائكة عندالله وان الله عزوجل أودعه العهد والميثاق وألقمه إياه دون غيره من الملائكة لأن الله عزوجل لما أخذالميثاق بالربوبية ولمحمد بالنبوة ولعلي بالوصية اصطكت فرائص الملائكة واول من أسرع إلى الاقرار بذلك الملك ولم يكن فيهم أشد حباًلمحمد وآل محمد فلذلك اختاره الله من بينهم وألقمه الميثاق فهو يجيىء يوم القيامة و له لسان ناطق و عين ناظرليشهد لكل من وافاه الى ذلك المكان وحفظ الميثاق

ترجمہ: بکیر بن اعین امام صادقؑ سے روایت کرتا ہے میں نے امام صادقؑ سے سوال کیا کس وجہ سے حجر الاسود کو اس مقام میں نصب کیا گیا ہے؟ جہاں وہ خانہ کعبہ میں نصب ہے اور کس وجہ سے لوگوں کے عہد ومیثاق وپیمان کو اللہ نے اس پتھر میں رکھا ہے کسی اور میں کیوں نہیں رکھا اس کا سبب کیا ہے؟

حضرت نے فرمایا: کیا آپ جانتے ہیں یہ پتھر اصل میں کیا تھا؟ بکیر نے کہا میں نہیں جانتا ہوں تو اس وقت حضرت صادقؑ نے فرمایا: یہ حجر الاسود در اصل اللہ کے بزرگ فرشتوں میں سے ایک بزرگ فرشتہ جو

اللہ کے پاس تھا اور جب اللہ نے عالم ذر میں اپنی تمام مخلوقات سے عہد وپیمان لیا (اپنی توحید کا اور حضرت محمدؐ کی نبوت کا اور حضرت علیؑ کی امامت اور ولایت کا) تو اس عہد وپیمان کو ایک لقمہ بنا کر اسے کھلایا گیا تا کہ یہ اس کے پاس بطور امانت رہے، جب اللہ نے عہد وپیمان اپنی ربوبیت کا اور حضرت محمد کی نبوت اور حضرت علی کی امامت اور ولایت کا اقرار لیا تو ملائکہ میں سستی اور لرزہ پیدا ہوا سب سے پہلے جس فرشتہ نے اس عہد وپیمان کو قبول کیا یہی حجر الاسود تھا اور اللہ کے فرشتوں میں سے سب سے زیادہ محبت رکھنے والا محمد وآل محمد کے ساتھ یہی فرشتہ تھا اس لئے اللہ نے تمام فرشتوں میں سے اسے اختیار کیا اور عہد وپیمان کو ایک لقمہ کی صورت میں اس کے پاس امانت رکھا اور وہ قیامت کے دن آئے گا اور اس کے لئے بولنے والی زبان ہو گی، اور دیکھنے والی آنکھ ہو گی اور وہ گواہی دے گا جو اس کے پاس اس عہد وپیمان سے آئے گا جس نے اس میثاق وعہد کی حفاظت کی ہو گے۔

(حوالہ: علل الشرائع صدوق ص ۴۳۱، ۴۳۹، کتاب اثبات الھداۃ ج ۲ ص ۱۶ حدیث ۶۴)

ملاحظہ: مومنین جو عہد ومیثاق اللہ نے اپنی مخلوق سے عالم ذر، میں لیا تھا وہ تین شھادتیں تھیں، یعنی (لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ) اور جو حاجی حجر اسود کا بوسہ لے گا یا حجر اسود کو سلام کرے گا اگر وہ تین شھادتوں والا ہو گا اس کا حج مقبول اور حجر اسود اس کے عالم ذر کے عہد وپیمان پر گواہ ہو جائے گا اور جو اس عہد والا نہیں ہو گا حجر اسود اس پر بھی گواہ ہو جائے گا کہ وہ ایمان والا نہیں ہے اور نہ ہی متقی وپرہیز گار ہے، کیونکہ امام المتقین علی بن ابیطالبؑ کی گواہی کا منکر ہے اور اللہ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے: (إنما يتقبل الله من المتقين ، مائدہ ۲۷)، اللہ فقط متقین یعنی (علیؑ) والوں کے اعمال قبول کرتا ہے

والسلام علی من اتبع الھدی

* * *

# حدیث نمبر 32

روی عن سلمان فارسی فی خبر طویل انه قال قال أمیرالمومنین أتحبون أن أریکم خاتم سلیمان بن داوود قلنا نعم فأدخل یده إلی جیبه فاخرج خاتماً من ذهب قصه من یاقوتة حمراء علیه مکتوب محمدوعلي

ترجمہ: سلمان فارسی ایک خبر طویل میں علیؑ سے روایت کرتا ہے کے امیر المومنینؑ نے فرمایا:

آیا تم دوست رکھتے ہو میں تمہیں سلیمان بن داود کی انگوٹھی دیکھاوں ہم نے کہا جی ہاں، تو اس وقت حضرت نے اپنی جیب میں ہاتھ ڈالا اور ایک سونے کی انگوٹھی جس کا نگینہ یاقوت سرخ کا تھا نکالی جس پر لکھا تھا محمدؐ و علیؑ۔

(حوالہ: بحارالانوار ج ۲۷، ص ۴ ح ۵، انتشارات دار الکتب اسلامیہ)

ملاحظہ: پیغمبرؐ نے فرمایا: میں اور علیؑ ایک نور سے ہیں، قرآن میں ہے، ( أنت منذر ولکل قوم هاد)، آنحضرت نے فرمایا: میں منذر ہوں اور علیؑ ھادی ہے۔

پھر دوسری حدیث میں فرمایا: (شجرة طوبی فی بیتی فی الجنة) آنحضرت نے فرمایا: شجرہ طوبی جنت میں میرے گھر ہو گا اور پھر فرمایا: ( شجرة طوبی فی بیت علي فی الجنة ) اور دوسری حدیث میں فرمایا: شجرہ طوبی جنت میں علیؑ کے گھر ہو گا، کسی نے پوچھا یہ دو مختلف حدیثیں ہیں؟ تو آنحضرت نے جواب میں فرمایا: (بیتی و بیت علي فی الجنة واحد)، فرمایا: میرا اور علیؑ کا گھر جنت میں ایک ہی ہو گا،

کیوں ایسا نہ ہو جبکہ آنحضرتؐ نے خود ہی فرمایا ہے:(أنا وعلي من نور واحدوشجرة واحده وساير الناس من شجرة شتى) فرمایا: میں اور میرا بھائی علیؑ ایک ہی نور اور ایک ہی درخت سے ہیں اور تمام لوگ مختلف درختوں سے ہیں اس لئے سلیمان کی انگوٹھی پر بھی یہ دونوں نام اکٹھے ہیں۔

اور حدیث احتجاج طبرسی میں روایت قاسم بن معاویہ بھی اسی طرف اشارہ کر رہی ہے:(اذا قال احدكم لااله الاالله محمدرسول الله فليقل علياً أميرالمومنين )جب بھی تم میں سے کوئی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہے اس پر لازم وواجب ہے کہے علیا امیر المومنین ولی اللہ۔

اب انصاف مومنین پر ہے یہ ملانا مومنین پر واجب ہے، اب آپ اپنے دین وعقیدہ میں دشمن کے مکر سے ہوشیار رہیں کیونکہ وہ اس نور کو مٹانے اور بجھانے کے چکر میں ہے لیکن یہ اس کا خواب وخیال ہے اللہ نے اس نور کو کامل کرنی کی ضمانت دی ہے، اللہ قرآن میں فرماتا ہے:(يريدون ان يطفئوا نور الله بافواههم والله متم نوره ولو كره الكافرون، صف8)، وہ چاہتے ہیں اللہ کے نور (علی بن ابیطالبؑ) کو اپنے منھوں سے بجھائیں اور اللہ اپنے نور کو کامل کرے گا اگرچہ کافر اسے پسند نہیں کرتے ہیں فاعتبرو یااولوالابصار۔ صاحبان بصیرت عبرت حاصل کرو، (اذا جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا، اسراء81) جب حق آیا باطل مٹ گیا، باطل تو ہے ہی مٹنے کے لئے،

حدیث میں ہے حق علیؑ کے ساتھ ہے اور علیؑ حق کے ساتھ ہے، نماز میں علیؑ کا نام آنے سے نماز باطل نہیں ہوتی بلکہ درجہ معراجیت پر پہنچ جاتی ہے،

اور اللہ نے فرمایا ہے( وتواصوا بالحق وتواصوا بالصبر (العصر 3)ہمیشہ ایک دوسرے کو علیؑ کے حق کی وصیت کرتے رہو، او(راہِ علیؑ) میں جو مصیبتیں آئیں ایک دوسرے کو ان پر صبر کی تلقین

کرتے رہو، اور حق کا ساتھ نہ چھوڑو، (الحق مرّو لوکان درّ) حق کڑوا ہے چاہے در کی صورت میں ہی کیوں نہ ہو۔

## حدیث نمبر 33

روی عن ابی عبدالله انه قال مسطور بخط جلیل حول العرش لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالمومنين

ترجمہ: امام صادقؑ فرماتے ہیں عرش کے اطراف میں خطِ جلیل (یعنی: جلالت و عظمت والے) خط کے ساتھ لکھا ہوا ہے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین۔

(بحارالانوار ج ۲۷، ص ۱۱، ح ۲۷ ۱۲، انتشارات دار الکتب اسلامیہ)

ملاحظہ: مومنین آپ اگر تھوڑا سا فکر کریں آخر اس حدیث کو بیان کرنے کا کیا مقصد ہے؟ تو آپ کے لئے آپکا عقل جو رسول باطنی ہے فیصلہ کرے گا کہ ہدف صرف اور صرف بیان شھادت ثالثہ ہے، کیونکہ میزان اعمال حق و باطل کی شناخت مومن کی پہچان قبولیت اعمال جنت و جہنم سب شھادت ثالثہ پر موقوف ہیں، ان دو نور یعنی (محمدؐ و علی علیہ السلام) کی معرفت حاصل کریں یہی راہِ حق ہے۔

## حدیث نمبر 34

روی سلمان فارسی فی خبر طویل انه قال واذا نحن بملک یده فی المغرب والاخری بالمشرق فلما نظر الملک إلی أميرالمومنين قال: أشهد أن لااله الاالله وحده لا شریک له و أشهد أن محمداً عبده ورسوله أرسله بالهدی ودین الحق لیظهره علی الدین کله و لوکره المشرکون وأشهد انک وصیه وخلیفته حقاًوصدقاً

ترجمہ: سلمان فارسی رحمۃ اللہ نے خبر طویل سے روایت کی ہے، ہم نے اچانک ایک فرشتہ کو دیکھا جس کا ایک ہاتھ مغرب میں تھا اور دوسرا مشرق میں تھا، اور جب اس کی نظر امیر المومنینؑ پر پڑی تو اس نے کہا میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں محمد اللہ کا رسول اور بندہ ہے جسے اللہ نے حق و ہدایت کے ساتھ بھیجا ہے تاکہ اس دین حق کو تمام دینوں پر غلبہ دے، اگرچہ مشرکین کو یہ بات پسند نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں، بے شک آپ علیؑ حق و صدق کے ساتھ نبیؐ کے خلیفہ ووصی ہیں۔

(بحارالانوار ج ۲۷، ص ۵ ۳ حدیث ۵ انتشارات دار الکتب)

ملاحظہ: یہ تین شہادتیں اسی طرح زیارت جامعہ کبیرہ کے جملوں میں بھی ہیں، جو امام علی نقی علیہ السلام نے ارشاد فرمائی ہے لہذا مقصرین کے لئے قبولیت شہادت ثالثہ کے علاوہ کوئی اور سبیل نجات نہیں ہے:

## حدیث نمبر 35

روى عن جابر الانصارى انه قال: قال رسول الله ﷺ ما بال أقوام يلوموننى في محبتى لأخى علي بن ابى طالب فوالذى بعثنى بالحق نبياً ما أحببته حتى أمرنى ربى جل جلاله بمحبته ثم قال ما بال أقوام يلوموننى فى تقديمى لعلي بن ابى طالب فوعزة ربى ما قدمته حتى أمرنى عز اسمه بتقديمه وجعله أميرالمومنين و أمير امتى و إمامها أيها الناس إنه لما عرج بى إلى السماء السابعة وجدت على كل باب سماء مكتوباً لااله الا الله محمدرسول الله علي بن ابى طالب أميرالمومنين ولما سرت إلى حجب النور رأيت على كل حجاب مكتوباً لااله الا الله محمدرسول الله علي بن ابى طالب أميرالمومنين ولما سرت إلى العرش

وجدت على كل ركن من أركانه مكتوباً لااله الا الله محمدرسول الله علي بن ابى طالب أميرالمومنين

ترجمہ: جابر بن عبد اللہ انصاری نے نقل کیا ہے: رسول اللہ ؐ نے فرمایا: کیاہو گیاہے اس قوم کو جو مجھے میرے بھائی علی بن ابی طالب کی محبت کے لئے ملامت کرتے ہیں، مجھے خدا کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ نبی بنایاہے میں علیؑ سے محبت نہیں کرتاہوں، مگر اللہ نے علیؑ کی محبت کا مجھے حکم دیاہے، اور پھر فرمایا کیاہو گیاہے، اس قوم کو کہ جو مجھے علیؑ کے مقدم ہونے پر ملامت کرتے ہیں، مجھے اپنے رب کی عزت کی قسم میں نے اسے مقدم نہیں کیاہے، بلکہ اللہ جل جلالہ نے اسے مقدم کیاہے اور اسے امیر المومنین بنایاہے اور میری امت کا اسے امام اور امیر بنایاہے جب مجھے معراج پر لایا گیاتو ساتویں آسمان پر میں نے دیکھا آسمان کے ہر دروازہ پر لکھا تھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی بن ابیطالب امیر المومنین، اور جس وقت میں نور کے پردوں کی طرف گیامیں نے دیکھا لکھا تھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی بن ابیطالب امیر المومنین، اور جب میں عرش پر گیاہر پایہ عرش پر لکھاہوا تھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی بن ابیطالب امیر المومنین۔

(بحار الانوار ج ۲۷ ص ۱۲ حدیث ۲۸، انتشارات دار الکتب)

ملاحظہ: ملاّ جی ابھی تک حالت شک میں ہے آیا علی ولی اللہ مشروعیت رکھتا ہے یا نہیں؟ جبکہ اللہ نے عملاً بتادیاہے اور ملاّ جسے عالم تشریع میں ڈھونڈرہاہے وہ تو عالم تکوین میں رکن توحید ہے عالم کائنات کی ہر شئی کا قیام اور وجود و ثبوت، ولایت سے ہے اور ولایت رکنِ توحید ہے آپ دیکھیں زیارت جامعہ کبیرہ میں ہے (وأركان توحيده) آل محمد (ص) اللہ کی توحید کے رکن ہیں اور دعا رجبیہ مفاتیح الجنان میں ہے (وجعلت معادن كلماتك و أركان توحيدك) یااللہ تو نے اہل بیتؑ کو اپنے کلمات کی کانیں بنایاہے اور اپنی توحید کا رکن بنایاہے ان میں اور آپ میں کوئی فرق نہیں ہے مگر یہ کہ وہ آپ کے بندے ہیں۔

# حدیث نمبر36

روی عن أنس بن مالک انه أتی ابوذر یوماً إلی مسجد رسول اللهؐ

فقال مارأیت کمارأیت البارحة؟قالوا وما رأیت البارحة؟ قال رأیت رسول الله ببابه فخرج لیلاً فأخذ بیدعلي بن ابی طالب وخرجا إلی البقیع فمازلت اقفوا أثرهما إلی أن اتیا مقابر مکه فعدل إلی قبر أبیه فصلی عنده رکعتین فاذابالقبر قد انشق و إذا بعبدالله جالس وهو یقول أناأشهد أن لااله الاالله وأن محمداًعبده ورسوله فقال له من ولیک یا أبة فقال ما الولی یا بنی؟ فقال هو هذا علي فقال و إن علیاً ولیی قال فارجع إلی روضتک ثم عدل إلی قبر امه آمنة فصنع کما صنع عند قبر أبیه فاذا بالقبر قد انشق و اذا هی تقول أشهدأن لااله الا الله وأنک نبی الله ورسوله فقال من ولیک یا اماه؟ فقالت وما الولایة یا بنی؟ قال هو هذاعلي بن ابی طالب فقالت وان علیاً ولیی فقال إرجعی الی حفرتک و روضتک،فکذبوه ولببوه و قالوا یا رسول الله کذب علیک الیوم فقال وما کان متی ذلک ؟قالوا:ان جندب حکی عنک کیت و کیت فقال النبیؐ ما اظلت الخضراء ولا اقلت الغبراء علی ذی لهجةأصدق من أبی ذر

ترجمہ:انس بن مالک نے روایت کی ہے،ایک دن ابوذر مسجد میں آیا اور کہا جو کل رات میں نے دیکھا اس جیسا میں نے کبھی نہیں دیکھا ہے،انہوں نے کہا تو نے کیا دیکھا ہے؟ابوذر نے کہا حضرت رسول اللہؐ رات کو اپنے دروازہ سے باہر آئے اور حضرت علیؑ کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا دونوں قبرستان بقیع کی طرف آئے اور میں بھی ان کے پیچھے چل رہا تھا،یہاں تک کے قبرستانِ قریش میں آئے آنحضرت اپنے باپ کی قبر پر آئے اور دو رکعت نماز پڑھی اچانک قبر کھل گئی اور حضرت عبد اللہ سلام اللہ علیہ قبر میں بیٹھے ہیں،اور کہا:اشهد ان لااله الاالله وان محمدا عبده ورسوله،تو حضرت محمدؐ نے اپنے باپ حضرت

عبد اللہ سے کہا اے بابا آپ کا ولی کون ہے؟ فرمایا: ولی کون ہے میرا بیٹا؟ آنحضرتؐ فرمایا: یہ علی بن ابی طالبؑ آپ کا ولی ہے، تو اسی وقت حضرت عبد اللہ نے کہا: اشھد ان علیا ولیی، میں گواہی دیتا ہوں علیؑ میرا ولی ہے پس حضرتؐ نے فرمایا: اے بابا اپنے باغِ بہشت کی طرف لوٹ جاؤ، پھر آنحضرتؐ اپنی ماں کی قبر پر آئے اور ویسا ہی کیا جیسا اپنے باپ کے ساتھ کیا تھا، اچانک قبر پھٹی اور حضرت آمنہ کی قبر سے آواز آئی اور کہا: (اشھد ان لا الہ الا اللہ وانک نبی اللہ فقال من ولیک یا اماہ؟) آنحضرت نے فرمایا: اے اماں آپ کا ولی کون ہے؟ بی بی نے فرمایا: بیٹا ولایت کیا ہے؟ تو حضرتؐ نے فرمایا: یہ علی بن ابی طالب تیرا ولی ہے (تو اس وقت بی بی نے مولا کی شھادت ثالثہ کی گواہی دیتے ہوئے) کہا میں گواہی دیتی ہوں علیؑ میرا ولی ہے، جب گواہی ہو چکی تو حضرتؐ نے اپنی ماں سے فرمایا: اب اپنی قبر اور جنت کے باغون کی طرف پلٹ جاؤ، پس جس نے بھی ابوذر سے یہ واقعہ سنا تو ابوذر کو جھٹلایا اور بدزبانی کی اور حضرت رسول اللہؐ کی خدمت میں آئے اور عرض کیا: یارسول اللہ آج ابوذر نے آپ پر جھوٹ باندھا ہے، حضرت نے پوچھا قصہ کیا ہے؟ انہوں نے کھا جندب نے ایسے، ایسے کھا ہے (یعنی سارا قصہ بیان کیا)، تو حضرتؐ نے فرمایا: آسمان نے سایہ نہیں کیا اور زمیں نے اپنے اوپر نہیں اٹھایا ہے جو ابوذر سے زیادہ سچا ہو۔

(حوالہ: معانی الاخبار صدوق ص۱۷۸، انتشارات مکتبہ صدوق)

ملاحظہ: برادران ایمانی ذرا اس حدیث میں تفکر کریں اور ٹھنڈے دل سے منصف بن کر فیصلہ کریں آخر کیا ضرورت پڑی تھی نبی اکرمؐ کو کہ اپنے والدین کو قبروں سے اٹھا کر اقرار ولایت علی بن ابی طالبؑ لیں فقط اس لئے تا کہ ہم جیسے جاہلوں کو بتائیں اقرار شھادتین کافی نہیں ہے جب تک ولایت امیر المومنین کی گواہی نہ ہو گی نہ شھادتین قبول ہیں، نہ دین وایمان کامل ہے اور نہ ہی کوئی عمل قبول

ہے،اس بات کو جاننے کے لئے آنے والی حدیث کا غور سے مطالعہ کریں(والله معينكم فى الدنيا والآخرة ) اور اللہ آپکا دنیا و آخرت میں مدد گار ہے۔

نوٹ:مولوی کے مکر سے بیدار رہیں، جس ولایت کو نبی ﷺ نے اپنے ماں باپ سے اقرار لے کر دین میں داخل کیا ہے مولوی اسے دین سے نکالنے کے چکر میں ہے(کیا نماز دین سے باہر ہے؟!)

## حدیث نمبر37

روى عن الامام صادق انه قال واعظم من هذا(اى: الذى راى ماله فى ميزان غيره)حسرة رجل جمع مالاً عظيماً بكد شديد و مباشرة الاهوال وتعرض الاخطار ثم افنى ماله فى صدقات ومبرات و افنى شبابه و قوته فى عبادات وصلوات وهو مع ذلک لايرى لعلي بن ابى طالب حقه ولا يعرف له من الاسلام محله و يرى ان من (لايعشره ولا يعشر)عشير معشاره افضل منه يوقف على الحجج فلا يتاملها و يحج عليها بالآيات والاخبار فيابى الا تماديا فى غيه فذاک اعظم من کل حسرة ياتى يوم القيامة وصدقاته ممثله له فى مثال الافاعى تنهشه و صلواته وعباداته ممثله له فى مثال الربانية تدفعه حتى تدعه الى جهنم دعايقول يا ويلى الم اک من المصلين؟الم اک من المزکين ؟الم اک عن اموال الناس و نسائهم من المتعففين فلماذا؟بما دميت؟فيقال له يا شقى ما نفعک ماعملت و قد ضيعت اعظم الفروض بعد توحيد الله تعالى والايمان بنبوة محمدرسول الله ضيعت مالزمک من معرفة حق على بن ابى طالب ولى الله والتزمت ما حرم الله عليک من الائتمام بعدوالله فلو کان لک بدل اعمالک هذه عبادة الدهر من اوله الى آخره و بدل صدقاتک الصدقة بکل اموال

الدنیا بل بملا الارض ذھبا لما زاد لک من رحمۃ اللہ تعالی الا بعدا من سخط اللہ عزوجل الا قرباً

ترجمہ: مولا امام صادقؑ سے روایت ہے مولا فرماتے ہیں سب سے بڑی حسرت انسان کو اپنے اس مال پر ہو گی جسے دن رات زحمت اور مشکل شدید کے ساتھ جمع کیا ہے، پھر اس مال کو راہ خدا میں صدقات و خیرات اور نیک کاموں پر صرف کیا ہے، اور اپنی جوانی اور قوت و طاقت کو عبادات اور نمازوں، میں گزارا ہے، ان تمام عبادات و خیرات کے باوجود اگر وہ مولا امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ کے حق کو نہیں پہچانتا ہے (یعنی حضرت کی امامت کا قائل نہیں ہے) اور اسلام میں حضرت کے مرتبہ و مقام کو (یعنی جو امامت و ولایت ہے) نہیں جانتا ہے، اور ان افراد کو جو حضرت جیسی ایک فضیلت بھی نہیں رکھتے ان کو حضرت علیؑ سے بہتر و افضل سمجھتا ہے اور حضرت علیؑ کے حق اور سچ ہونے کی دلیلیں بھی جانتا ہے لیکن ان میں تامل اور غور و فکر نہیں کرتا ہے، اگر اس کے لئے قرآن کی آیات اور روایات معصومین سے دلیلیں لائیں جائیں اس کے کفر و نفاق و طغیان اور گمراہی میں اور اضافہ ہوتا ہے پس اس فرد کی حسرت روز قیامت سب سے زیادہ ہو گی اور روز قیامت اسے ایسی حالت میں لایا جائے گا کہ اس کے صدقات و خیرات سانپ کی صورت میں مجسم ہوں گے اسے کاٹیں گے اور اس کی نماز و عبادات کو اللہ فرشتہ عذاب کی صورت میں مجسم کرے گا جو اسے آگ لگائیں گے اور اسے جہنم داخل کریں گے اس وقت وہ کہے گا ھائے افسوس مجھ پر کیا میں نمازی نہ تھا؟ کیا میں زکات دینے والا نہیں تھا؟ کیا میں لوگوں کے مال و نفوس مین امین نہیں تھا؟ پھر کس لئے مجھے جہنم میں ڈالا جارہا ہے اسے اللہ کی طرف سے آواز آئے گی اے شقی و بدبخت تیرے اعمال تجھے فائدہ نہیں دیں گے کیونکہ تونے توحید و رسالت پر ایمان کے بعد اللہ کے سب سے بڑے فرض اور واجب کو ضائع کر دیا ہے اور جو تجھ پر ولی اللہ اعظم علی بن ابی طالب کی معرفت واجب تھی اسے ضائع کیا اور تونے اس کے برعکس دشمنان خدا جن کی معرفت

تجھ پر حرام تھی تو نے ان کی اقتداء و پیروی کی ہے (یعنی تو نے دشمنان علی بن ابی طالب کو اپنا پیر و مرشد بنایا ہے) اگر تیرے لئے ان اعمال کے ساتھ اول دنیا سے آخر دنیا تک کی تمام مخلوق کے اعمال کے برابر بھی اعمال ہوں قبول نہیں ہوں گے بلکہ اس سے بالاتر اگر پوری دنیا سونا ہو جائے اسے راہ خدا میں صدقہ دے گا تو بھی قبول نہ ہو گا اور تیرے لئے تیرے یہ اعمال (جو بغیر ولایت کے ہیں) غضب و سخط اور عذاب خدا کے علاوہ کوئی فائدہ نہیں دیں گی۔

(کتاب تفسیر امام حسن عسکری ص ۴۰، ۴۱ حدیث ۱۷، انتشارات مدرسۃ امام مھدی)

ملاحظہ: آپ مومنین نے جان لیا ہے ولایت علی بن ابیطالبؑ کا توحید و رسالت کے بعد چھوڑنے کا انجام یہ ہو گا کہ کوئی عبادت بھی قبول نہ ہو گی اور جو سلوک فرشتے کریں گے وہ فقط اللہ جانتا ہے۔

## حدیث نمبر 38

روی عن أميرالمومنين أنه قال: إن الله خلق الملائكة على صورة شتى الا وإن لله ملكاً في صورة ديک تحت عرش الرحمن فاذا حضر وقت كل صلاة قام على براثنه ثم ينادى أشهد أن لااله الا الله وحده لا شريک له وأشهد أن محمداًعبده ورسوله سيد النبيين وأن وصيه خير الوصيين سبوح قدوس رب الملائكة والروح قال فتصفق الديكة باجنحتها فى منازلكم بنحو من قوله

ترجمہ: مولائے متقیان امیر المومنینؑ سے روایت ہے بے شک اللہ نے ملائکہ کو مختلف صورتوں میں پیدا کیا ہے اور اس بات سے بھی آگاہ ہو جاؤ، عرش رحمن کے نیچے ایک فرشتہ مرغ کی صورت میں ہے اور جب ہر نماز کا وقت ہوتا ہے یہ فرشتہ اپنے پنجوں پر کھڑا ہو کر یہ پکارتا ہے میں گواہی دیتا ہوں اللہ وحدہ لاشریک ہے اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، محمدؐ اس کا بندہ اور رسول ہے، جو انبیاء کا سردار

ہے، اور علیؑ اس کا وصی ہے، جو تمام اوصیاء سے بہتر ہے، تسبیح و تقدیس ملائکہ و روح کے پروردگار کے لئے ہے، علیؑ نے فرمایا: اس وقت تمام مرغ جو تمھارے گھروں میں ہوتے ہیں پر پھیلا کر اس کی مانند: تین گواہیاں یعنی تین شہادتیں دیتے ہیں۔

(حوالہ: کتاب احتجاج ج ۱ ص ۳۳۹، منشورات نعمان)

ملاحظہ: یہ تین شہادتیں اتنی مہم ہیں کہ اللہ نے ہر نماز کے وقت آپ کے گھروں میں مرغوں کے پھڑ پھڑانے اور اذان دینے سے آپ کو متوجہ کیا ہے، کہ ان تین گواہیوں میں جو اساس و بنیادِ دین ہیں، ان میں کلمہ، نماز، اذان و اقامت کے درمیان فاصلہ نہ ڈالنا ورنہ کوئی عبادت قبول نہ ہو گی۔

## حدیث نمبر 39

روى الشيخ المفيد حديث الخضر ومحبته إلى أميرالمومنين و سواله عن مسائل و أمره بولده الحسن بالاجابة عنها فلما أجاب أعلن الخضر بحضرة الجماعه فقال أشهد أن لا اله الاالله ولم ازل أشهد بما وحده لاشريک له و أشهد أن محمداً رسول ولم ازل أشهد بها و أشهدأنک وصي رسول الله القائم بحجته وأشار بيده إلى أميرالمومنين ولم ازل أشهد بها و أشهد أنک وصيه القائم بحجته وأشار بيده الحسن أنه وصى أبيه والقائم بحجته بعده وأشهد أن الحسين بن علي وصى أبيه القائم بحجته بعدک و أشهدعلى علي بن الحسين أنه القائم بأمر الحسين وأشهد على محمدبن علي أنه القائم بأمر علي بن الحسين وأشهد على جعفربن محمد أنه القائم بأمر محمدبن علي وأشهدعلى موسى بن جعفر أنه القائم بأمر جعفر وأشهد على علي بن موسى أنه القائم بأمر موسى وأشهد على محمد بن علي أنه القائم بأمر علي بن

موسى أشهد على علي بن محمد أنه القائم بأمر محمد بن علي وأشهدعلى الحسن بن علي أنه القائم بأمر علي بن محمدوأشهدأن رجلاً من ولد الحسين لا يسمى ولايكنى حتى يظهر الله أمره فيملأها عدلاً كما ملئت جوراً والسلا م عليک يا أميرالمومنين ورحمة الله وبركاته

ترجمہ: شیخ مفید علیہ الرحمہ نے حدیث خضر اور اسکی امیر المومنینؑ سے محبت کو نقل کیا ہے حضرت خضر نے امیر المومنینؑ سے کچھ مسائل پوچھے حضرت نے اپنے بیٹے امام حسنؑ سے فرمایا: جواب دیں جب حضرت خضر جواب لے چکا تو اس نے مجلس میں جو حاضر تھے ان میں اعلان کیا اور شھادات کی گواہیاں دیں اور کہا میں گواہی دیتا ہوں اللہ وحدہ لاشریک ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں ہمیشہ اس گواہی پر قائم ہوں، اور میں گواہی دیتا ہوں محمدؐ اللہ کا بندہ اور رسول ہے، اور میں ہمیشہ اس گواہی پر قائم ہوں، اور میں گواہی دیتا ہوں علیؑ اللہ کے رسول کا وصی ہے، اور اس کی حجت و دلیل کے ساتھ قائم ہے، اور اپنے ہاتھ سے امیر المومنین کی طرف اشارہ کیا اور کہا میں، ہمیشہ اس گواہی پر قائم ہوں، پھر اس نے کہا میں گواہی دیتا ہوں آپ علیؑ کے وصی ہیں، اور اس کی حجت کے ساتھ قائم ہیں، اپنے ہاتھ سے امام حسنؑ کی طرف اشارہ کیا کہ بے شک آپ اپنے بابا کے وصی ہیں، اور ان کے بعد ان کی حجت سے قیام کریں گے پھر کہا میں گواہی دیتا ہوں امام حسینؑ اپنے بابا کے وصی ہیں اور ان کے بعد ان کی حجت سے قیام کرنے والے ہیں، میں گواہی دیتا ہوں علی بن حسینؑ کہ جو حسینؑ کے امر سے قیام کرنے والے ہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کے محمد بن علی جو حکمِ علی بن حسینؑ سے قیام کرنے والے ہیں، میں گواہی دیتا ہوں جعفر بن محمدؑ جو حکمِ محمد بن علیؑ سے قیام کرنے والے ہیں، میں گواہی دیتا ہوں موسی بن جعفرؑ جو حکم جعفر بن محمدؑ سے قیام کرنے والے ہیں، میں گواہی دیتا ہوں علی بن موسی رضاؑ جو حکم موسی بن جعفرؑ سے قیام کرنے والے ہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں محمد بن علیؑ جو اپنے باپ علی بن موسیؑ کے حکم سے قیام کرنے والے ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں علی بن محمدؑ جو اپنے باپ محمد بن علیؑ کے

حکم سے قیام کرنے والے ہیں، میں گواہی دیتاہوں حسن بن علیؑ جو اپنے باپ علی بن محمدؑ کے حکم سے قیام کرنے والے ہیں اور میں گواہی دیتاہوں ایک مرد کی جو امام حسینؑ کی اولاد سے ہو گا جس کی کنیت اور نام لینا(منع ہے) یہاں تک کہ اللہ اس کے امر کو ظاہر کرے گا وہ دنیا کو عدل سے بھر دے گا جیسے ظلم سے بھر چکی ہو گی، یاامیر المومنین آپ پر اللہ کا سلام ورحمت وبرکت ہو۔

(حوالہ: کتاب مناقب بن شہر آشوب ج۱ ص۲۸۶، کافی ج۱ ص۵۲۶، ۵۲۵ ح۱، انتشارات علامہ)

ملاحظہ: اے برادران عزیز اتنی بڑی حدیث سے امام معصوم آپکو کیا سمجھانا چاہتے ہیں فعل و قولِ حکیم حکمت سے خالی نہیں ہوتا ہے حضرت خضر جیسا نبی اپنی محبت و دوستی امیر المومنینؑ کیساتھ ظاہر کر رہا ہے اور حضرت خضر دو معصوم کے سامنے اپنے عقیدہ اور ایمان کو ظاہر کر کے معصومین کو اپنے ایمان وعقیدہ پر گواہ بنارہاہے اور یہ اعلان کر رہاہے میں ہمیشہ اس ایمان وعقیدہ پر باقی ہوں یعنی کلمہ ہو یا اذان یا نماز اللہ اور رسول کی گواہی کا جزء ولایت کی گواہی ہے جبکہ اکمال دین واتمام نعمت اور قبولیت اعمال وثواب وعقاب جنت ودوزخ خصوصا قبولیت تمام اعمال شھادت ثالثہ پر موقوف ہیں، اور اسی ولایت کو اللہ نے باب مبتلا یعنی آزمائش مخلوق بنایاہے کیونکہ شھادات کا عہد وپیمان تو روز ازل سے ہے اور اس عالم میں اسکا اقرار واظہار ہے تاکہ آپ اللہ اور رسول اور امام معصوم ولی اللہ، حجۃ اللہ کو اپنے عقیدہ کے اظہار پر گواہ بنائیں، جس میں ملاّجی کا مومنین کے ساتھ جگڑا ہے وہ کہتاہے صرف دل میں ہونا کافی ہے اظہار واقرار ضروری نہیں ہے، جبکہ آپ نے حضرت خضر کو دیکھا اس نے اپنے ایمان وعقیدہ کا اظہار واقرار کیاہے، بلکہ ایک، ایک معصوم کی گواہی دی ہے، اور یہ اشارہ ہے نبی(ص) کی اس حدیث کی طرف:(من أنكر واحد منهم فقد أنكرني) ترجمہ: جس نے میرے بارہ خلفاء میں سے کسی ایک کا انکار کیا بیشک اس نے میرا انکار کیا

(حوالہ: بحارالانوار ج8، ص366)

نوٹ: پس نبی (ص) کا منکر کافر ہے اور اسی طرح جو ولایت امیر المومنینؑ یا کسی ایک امام معصوم کا منکر ہے وہ بھی کافر ہے۔

## حدیث نمبر40

روی عن الحسین بن خالد عن ابی الحسن الثالث قال فقال لی تدری ماکان نقش خاتم آدم علیه السلام قال قلت: لا قال نقش خاتم آدم لااله الاالله محمدرسول الله علي ولی الله

ترجمہ: حسین بن خالد امام ہادیؑ سے روایت کرتا ہے: حضرت نے مجھ سے پوچھا کیا تو جانتا ہے آدم کی انگوٹھی پر کیا لکھا ہوا تھا میں نے عرض کیا مجھے علم نہیں ہے تو امام ہادیؑ نے فرمایا: آدم کی انگوٹھی پر: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ لکھا ہوا تھا۔

(حوالہ: کتاب مکارم الاخلاق طبرسی فصل ۵ ص ۱۷۰، انتشارات فراھانی)

ملاحظہ: آدم کی انگوٹھی پر قرآن کے مطابق تین شھادتیں مرقوم تھیں کیونکہ باربار اور ہر بار اللہ نے اپنی توحید اور نبوت کے بعد ولایت امیر المومنین کا ذکر کیا ہے تاکہ منکرانِ فضل امیر المومنینؑ یہ جان لیں کے ولایت علی بن ابیطالبؑ اور معصومین جزءِ توحید ہے، جیسا کہ زیارت جامعہ کبیرہ میں ہے (وارکان توحیدہ) یعنی ولایتِ معصومین توحید کا رکن ہے) جیسا کہ معصومینؑ نے فرمایا: لااله الاالله محمدرسول الله على أميرالمومنين إلى هٰهنا التوحيد

(حوالہ: بحار الانوار ج ۳، ص ۲۷۷ ح ۳)

ترجمہ: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین یہاں تک توحید ہے، یعنی توحید کا دائرہ ولایت امیر المومنین تک ہے بغیر ولایت کے توحید ہی ناقص ہے، جس ولایت کو ملاّجی اذان کا جزءماننے سے انکار

کر رہا ہے، جبکہ وہ توحید و نبوت کا جزء ہے اور اصول دین ہے، جس طرح نماز کے رکن ہیں اگر کوئی ان کو بھول کر یا جان بوجھ کر چھوڑ دے نماز باطل ہے، اسی طرح اگر کوئی ولایت کی گواہی کو ترک کر دے اس کی توحید کی گواہی بھی قبول نہیں ہے، کیونکہ ولایت رکن توحید ہے، اسی لئے توامام رضاؑ نے حدیث سلسلہ ذھب میں فرمایا ہے: کلمہ لا الہ الا اللہ کی شرط و شروط ہیں اور ان شروط میں سے ایک شرط میں علی بن موسی الرضاؑ بھی ہوں یعنی جو میری ولایت کا منکر ہے وہ لا الہ الا اللہ کا منکر ہے شرط نہ ہونے سے مشروط ختم ہو جاتا ہے جیسے وضو نہ ہونے سے نماز نہیں ہوتی ہے کیونکہ وضو نماز کی شرط ہے، اسی طرح ولایت توحید کی شرط ہے، ولایت نہ ہونے سے توحید ناقص ہے، اور اسی طرف امام صادقؑ نے بھی اشارہ فرمایا ہے: اذا قال احدكم لااله الاالله محمد رسول الله فليقل علياً اميرالمومنين تم میں سے جب بھی کوئی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کھے اس پر واجب ہے وہ علی امیر المومنین ولی اللہ کھے اگر نہ کھا تو، توحید و نبوت کی گواہی قبول نہیں ہے۔

## حدیث نمبر 41

روى جعفربن محمد الصادق عن جده قال قال رسول الله ماقبض الله نبيا حتى أمره أن يوصى الى افضل عشيرته من عصبته و أمرنى ان اوصى فقلت الى من يا ربى فقال اوص يامحمدإلى ابن عمک علي بن ابى طالب فإنى قد أثبته فى الكتب السالفة و كتبت فيها: انه وصيک و على ذلک اخذت ميثاق الخلايق ومواثيق أنبيائى و رسلى و أخذت ميثاقهم لى بالربوبية ولک يا محمد بالنبوة ولعلي بالولاية

ترجمہ: امام صادقؑ نے اپنے جد بزرگوار سے روایت کی ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا: خدا نے کسی نبی کی روح کو قبض نہیں کیا ہے مگر اسے وصیت کی ہے کہ وہ اپنے نزدیک تریں مردوں میں سے کسی کو اپنا جانشین بنائے اور مجھے بھی وصی بنانے کا حکم دیا ہے میں نے پوچھا یارب کس کو اپنا وصی بناوں فرمایا: اپنے

چچازاد بھائی علی بن ابیطالب کو اپنا وصی بناو کیونکہ میں نے تمام سابقہ کتابوں میں اسے آپ کا وصی لکھ دیا ہے اور، اس کا عہد وپیمان تمام مخلوق اور انبیاء ورسل سے لے لیا ہے اور ان سے میں نے اپنی ربوبیت اور اے محمد (ص) تیری نبوت اور علیؑ کی امامت وولایت کا عہد لیا ہے۔

(حوالہ: بشارۃ مصطفی لشیعۃ المرتضی ص۹۹ مکتبہ حیدریہ)

ملاحظہ: ہر نبی نے اللہ کے حکم سے اپنا وصی بنایا ہے، اسی طرح اللہ نے حضرت محمدؐ کو حکم دیا علیؑ کو اپنا وصی بنائیں یہ بات اللہ نے تمام سابقہ کتب میں لکھ دی ہے۔ اور اپنی تمام مخلوق سے تین شھادتوں یعنی توحید، نبوت وامامت کا عہد لیا ہے۔

## حدیث نمبر 42

قال الشيخ ابن قولويه و روى عن بعضهم قال اذا اتيت قبر على بن موسى الرضابطوس فاغتسل عند خروجک من منزلک و قل حين تغتسل و قل حين تدخل: بسم الله و بالله وعلى ملّة رسول الله أشهد أن لااله الاالله وأشهد ان محمداًعبده ورسوله وأن علي ولي الله

ترجمہ: شیخ ابن قولویہ نے امامِ معصوم سے روایت کی ہے جس وقت تم امام رضاؑ کی زیارت کے لئے طوس میں جاؤ اور، اپنے منزل سے زیارت کے لئے نکلنا چاہتے ہو پہلے غسل کرو، اور حرم مطہر میں داخل ہوتے وقت یہ کہو:

(بسم الله و بالله وعلى ملة رسول الله اشهد ان لااله الاالله واشهد ان محمداًعبده ورسوله وان علياً ولى الله) اللہ کے نام اور اللہ سے مدد چاہتا ہوں اور ملت رسول خدا پر ہوں اور پھر

تین شہادات کا ذکر ہے جو قرآن کے مطابق ہے کہ میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد اللہ کا بندہ اور رسول ہے اور علیؑ اللہ کا ولی ہے۔

(حوالہ: کامل الزیارات ص ۳۱۰، انتشارات وجدانی باب ۱۰۲)

ملاحظہ: یہاں امام معصوم کی طرف سے بتایا گیا ہے، زیارات معصومین کی قبولیت کی شرط و مقدمہ شہادات ثلاثہ ہیں، اور زیارت کا مقصد ہی عالم ذر کے عہد و پیمان یعنی تین گواہیوں کے عقیدہ پر امام معصوم کو گواہ بنانا ہے، تاکہ امام معصوم میرے عقیدہ پر گواہ ہو جائیں کہ میں اس عقیدہ پر قائم ہوں۔

## حدیث نمبر 43

روی عن ابی عبد الله انه قال:ثلاثة من البهائم تكلموا على عهد رسول الله الجمل،الذئب والبقرة و اما البقرة فانها اذ تنبىء النبى و كانت فى محلة بنى سالم من الانصار يا آل زريح نجيح صايح يصيح بلسان فصيح بان لااله الاالله رب العالمين ومحمد رسول الله سيدالنبين وعلي سيد الوصيين

ترجمہ: امام صادقؑ فرماتے ہیں: تین حیوانوں نے پیغمبر اکرم کے زمانے میں کلام کیا اونٹھ، بھیڑیا، گائے، اور جو گائے، انصار کے محلے بنی سالم میں تھی اس نے فصیح عربی زبان میں کہا اے آل زریح تم کہو: لا الہ الا اللہ رب العالمین و محمد رسول اللہ سید النبیین و علی سید الوصیین، اللہ رب العالمین کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمدؐ اللہ کے رسول اور تمام نبیوں کے سردار ہیں، اور علیؑ تمام وصیوں کے سردار ہیں۔

(حوالہ: انتشارات کتب اسلامیہ مختصر بصائر الدرجات ص ۱۰ سے ۱۶، بحار ج ۲۷، ص ۲۶۶)

* * *

ملاحظہ: یہ گائے جو مبلغِ ولایت علیؑ ہے جو قسیم النار والجنۃ کی طرف دعوت دے رہی ہے اس ملاّجی سے کڑوڑوں درجہ افضل ہے جو ولایت علیؑ سے خلق کو ہٹا کر جہنم کا ایندھن بنا رہا ہے۔

## حدیث نمبر 44

روی انه قال ابن زیاد لعنة الله علیه (لمسلم بن عقیل رحمة الله) انک مقتول لامحالة قال مسلم ارید رجلا قرشیاً أوصیه فقام عمربن سعد إلیه وقال له ما وصیتک؟ فقال له اول وصیتی فأنا أشهدأن لااله الاالله وأن محمداًرسول الله وأن علیاً ولي الله وصي رسوله و خلیفته في امته

ترجمہ: روایت کی گئی ہے ابن زیاد ملعون نے مسلم بن عقیل سفیر حسین بن علیؑ سے کہا تو البتہ قتل کیا جائے گا مسلم بن عقیل نے کہا کوئی مرد قریش ہے جس کے لئے میں وصیت کروں عمر بن سعد کھڑا ہوا اور کہا تیری وصیت کیا ہے تو مسلم بن عقیل نے کہا میری اول وصیت یہ ہے میں گواہی دیتا ہوں اللہ ایک ہے اور محمد (ص) اللہ کا رسول ہے اور حضرت علی اللہ کا ولی اور رسول خدا کا وصی ہے اور اس کی امت میں نبی کا خلیفہ ہے۔

(حوالہ: ینابیع المودۃ ص ۴۰۴، مکتبہ حیدریہ)

ملاحظہ: برادران ایمانی ہر مرنے والے کو وقت آخر اپنی آخرت کی فکر ہوتی ہے اور وہ اس وقت اپنا ایمان اور اعتقاد ظاہر کرتا ہے وہ جانتا ہے آخرت کا زادِ راہ یہی ایمان و اعتقاد ہے اس لئے وہ اپنی زبان سے اپنے ایمان و اعتقاد کا اظہار کرتا ہے تا کہ وہ حجت وقت امام زمانِ برحق اور ملائکہ و مومنین کو اپنے ایمان و عقیدہ پر گواہ بنائے اور سفیر امام حسینؑ مسلم بن عقیل سلام اللہ علیہ نے قیامت تک آنے والے لوگوں کے لئے یہ پیغام چھوڑا ہے کہ خاندان بنی ہاشم تین شھادتوں والے ہیں اور جو ان کے مقابل ہیں وہ دو

شھادتوں کے مدعی ہیں اور تیسری شھادت کو مٹانے والے ہیں، جبکہ یہ لوگ تیسری گواہی پر قائم رہنے والوں سے قیامت تک دشمنی کرنے والے ہیں اور یہی لوگ تیسری شھادت والوں پر مختلف الزام لگا کر ان سے جنگ کرنے والے ہیں اگر غور سے دیکھیں تو یہ سب سقیفہ بنی ساعدہ اور زوراءوالے ہیں اور بعض مقصرین ان کے مکر و فریب میں آکر حقیقی شیعہ اور مومنین جو تین شھادتوں والے ہیں ان سے جنگ و لڑائی میں گرفتار ہیں مقام عبرت ہے غور کریں

## حدیث نمبر45

روی عن ابی الحسن علی بن موسی الرضا انه قال: قال حدثنی ابی موسی بن جعفر قال كان على خاتم محمد بن علي عليه السلام ظنى بالله حسن وبالنبى المؤتمن وبالوصى ذى المنن وبالحسين وبالحسن

ترجمہ: امام رضاؑ نے اپنے بابا امام موسی کاظمؑ سے روایت کی ہے، امام محمد باقرؑ جو محمد بن علیؑ ہیں انکی انگوٹھی پر نقش تھا میرا گمان اللہ پر اور اس کے رسولِ امین حضرت محمدﷺ اور اس کے وصی صاحبِ احسان حضرت علیؑ پر اور امام حسنؑ و حسینؑ پر نیک و حسن ہے۔

(حوالہ: صحیفہ امام رضا ص ۲۵۰، ح۱۶۹ موسسہ مھدی)

ملاحظہ:

اوپر کی اس حدیث میں مولا امام باقرؑ کی طرف سے اشارہ ہے ان شھادات پر قائم رہو، ان میں جدائی نہ ڈالو جہاں اللہ اور رسول اللہ کا ذکر ہے وہاں علی ولی اللہ اور معصومین کا ذکر ہے، یہ مطابق قرآن ہے۔

* * *

# حدیث نمبر46

روی انه احضر متوکل (علیه اللعنة) الامام علی بن محمدالنقی الهادی العسکری واجلسه امامه وفی الاثناء التفت الی علی بن محمد الندیم و سأله عن اشعر الناس فاجاب فبعد التفت الی الامام علی بن محمد الهادی فقال یابن عم من أشعر الناس فی هذاالعصر ؟فقال علی بن محمد الکوفی فقال المتوکل هل یحضرک شی من شعره فقال نعم فقال مایقول ؟فقال انه یقول

فاخرتنا من قریش عصابة................ببسط حدود و امتداد الاصابع

وأنّاسلونا والشهیدبفضلنا...............علیهم جهیرالصوت فی کل جامع

بأن رسول الله لاشکّ جدنا.................ونحن بنوه کالنجوم الطوالع

فقال المتوکل و ما نداء الصوامع یابن العم؟ فقال الامام علیه السلام:

اشهد ان لااله الاالله واشهد ان محمداً رسول الله واشهد ان علیاً ولي الله

ترجمہ: روایت ہے کہ متوکل عباسی نے امام نقیؑ کو حاضر کیا اور اپنے سامنے بیٹھایا اور حضرت سے بات شروع کی کلام کے درمیان میں اپنے ندیم علی بن محمد سے سوال کیا بہترین شاعر کون ہے اس نے جواب دیا اور پھر وہ امام کی طرف متوجہ ہوا اور حضرت سے بھی بہترین شاعر کا سوال کیا تو حضرت نے فرمایا کوفی شاعر اس نے امام سے سوال کیا آیا اس کے اشعار میں سے کوئی حفظ ہیں امام نے فرمایا: جی، پھر اس نے پوچھا ناقوش جو عیسائی اپنے گرجوں میں عبادت کے وقت بجاتے ہیں وہ کیا کہتا ہے تو امام نے فرمایا وہ یہ کہتا ہے میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں محمدؐ اللہ کا رسول ہے اور میں گواہی دیتا ہوں علیؑ، اللہ کا ولی ہے۔

ملاحظہ: عیسائیوں کے کلیسوں کے ناقوش بھی شھادت ثالثہ کی گواہی دیتے ہیں اے منکر ولایت اب ذرا سوچ تیرا ٹھکانا کہاں ہو گا؟

(حوالہ: تاریخ طبرستان راویان مازندران ظہیر الدین مرعشی ص ۶۸ چاپ موسسہ مطبوعاتی شرق با مقدمہ دکتر محمد جواد مشکور)

## حدیث نمبر 47

روى عن معمر انه قال أشخصنى هشام بن عبدالملک عن أرض الحجاز الى الشام زائراً له فسرت فلما أتيت أرض البلقاء رأيت جبلا اسود عليه مكتوب احرفاً لم اعلم ماهى، فعجبت من ذلک ثم دخلت عمان قصبة البلقاء فسألت عن رجل يقرأ ما على القبور و الجبال وفأرشدت إلى شيخ كبير فعرفته ما رأيت فقال: اطلب شيئاً أركبه لاخرج معک فحملته معى على راحلتى و خرجنا إلى الجبل و معى محبرة و بياض فلما قرأه قال لى ما أعجب ما عليه بالعبرانية فنقلته بالعربية فاذاهو باسمک اللهم جاء الحق من ربک بلسان عربى مبين لااله الاالله محمدرسول الله علي ولى الله صلى الله عليهما و كتب موسى بن عمران بيده

ترجمہ: معمر سے روایت ہے کے مجھے ہشام بن عبد الملک نے حجاز سے شام طلب کیا تاکہ میں اس علاقہ کو دیکھو میں نے حرکت کی جب سرزمین بلقاء پر پہنچا تو میں نے سیاہ رنگ کا پہاڑ دیکھا جس پر کچھ لکھا ہوا تھا جو میں نہیں سمجھتا تھا میں نے تعجب کیا پھر میں عمان میں قصبہ بلقاء میں داخل ہوا اور میں نے اس مرد کے بارے میں سوال کیا جو قبروں اور پہاڑوں پر لکھی ہوئی لکھائی پڑھ سکتا ہے ایک بوڑے آدمی کی طرف مجھے رہنمائی کی گئی میں نے جو دیکھا تھا اسے بتایا اس نے کہا سواری مہیا کرو میں آپ کے ساتھ چلتا

ہوں، میں نے اسے اپنی سواری پر سوار کیا میرے ساتھ قلم دوات تھی تاکہ اس کلام کو محفوظ کروں جب اس بوڑے آدمی نے پڑھا تعجب سے کہا ایک عجیب وغریب چیز عبرانی خط سے اس پھاڑ پر لکھی ہوئی ہے میں نے عربی زبان میں اسکا ترجمہ کیا تو لکھا ہوا تھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ان دونوں پر درود وسلام ہو موسیٰ بن عمران نے یہ کلمات اپنے دستِ مبارک سے لکھے ہیں۔

(حوالہ: بحار الانوار ج ۲۷، ص ۹، ح ۲۰، انتشارات دار الکتب اسلامیہ)

ملاحظہ: اس روایت میں حضرت موسیٰ بن عمران اپنے ایمان کا اظہار کر کے زمانے والوں اور تمام یہود اور قیامت تک آنے والے سب انسانوں کو یہ بتارہے ہیں دین خدا فقط شھادات ثلاثہ ہیں جو ایک کا منکر ہے وہ تینوں کا منکر ہے یہی عہد معہود ہے یہی ذکر مشہود ہے یہی رکن مرکون ہے اور یہاں تک توحید ہے

## حدیث نمبر 48

روی لما ولد أميرالمومنين فی البيت الحرام خر ساجداً ثم رفع رأسه فأذن وأقام وشهد لله بالواحدانية و لمحمد بالرسالة و لنفسه بالخلافة والولاية

ترجمہ: روایت کی گئی ہے جب امیر المومنینؑ خانہ کعبہ میں پیدا ہوئے سجدہ میں گر پڑے پھر سر اٹھایا اذان واقامت پڑہی اور اللہ کی وحدانیت کی گواہی دی اور حضرت محمدؐ کی رسالت اور اپنی خلافت وولایت کی گواہی دی۔

(حوالہ: اثبات الھداۃ حر عاملی ج ۲ ص ۴۶۵ ح ۲۱۷ مکتبہ علمیہ قم)

ملاحظہ: مولا امیر المومنینؑ کے محب موالی یہ جان لیں ولی مطلق خدا امیر المومنین اللہ کے گھر میں اذان واقامت اور شھادت ثالثہ کی گواہی دے کر عالم کائنات کو بتارہے ہیں جب سے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے تب سے علی ولی اللہ ہے، سقیفہ بنی ساعدہ کی مجلس شوریٰ سے اسم اللہ، صراط اللہ، وجہ اللہ، لسان

اللہ، ذکر اللہ، عین اللہ، ید اللہ علی بن ابیطالبؑ کے پاک و مقدس نام کو اللہ اور رسول کے نام سے جدا کرنے کی مذموم کوشش جو چلی تھی وہ آج تک جاری ہے غیر تو غیر ہی تھے اب اپنے بھی غیروں کے حامی و مددگار ہیں (اعان اللہ المومنین من ھذہ المصیبۃ) اللہ مومنین کو اس مصیبت سے محفوظ فرمائے۔

## حدیث نمبر49

روی عن الامام العسکری عن آبائه عن النبی ﷺ ان الله کان یظله بغمامة تقیه حر الشمس و ان الناس کانوا ینظرون الیها فیقرون علیها لااله الا الله محمدرسول الله أیدته بعلي سید الوصیین ثم شرفته بأصحاب الموالین له و لعلی ولاولیائمهاو المعادین لاعدائهما فیقرا ذلک ویحسنه من کان یحسن ویکتب ویقرا ثم ذکر ان الجبال و الصخور و الاحجار نطقت و کلمت رسول الله و شهدت بنحو ذلک (حوالہ: اثباۃ الھداۃ ج۲ ص۱۵۱ ح۲۶۲ مطبع علمیہ قم)

ترجمہ: امام حسن عسکریؑ نے اپنے آباء و اجداد اور نبی اکرمؐ سے ایک طویل خبر کے ضمن میں روایت کی ہے، اللہ نے ایک بادل بعنوان سایبان حضرت محمدؐ کے اوپر قرار دیا جو آنحضرت کو سورج کی گرمی سے محفوظ رکھتا تھا اور جب لوگ اس بادل کی طرف نگاہ کرتے تھے اس پر یہ کلمات لکھے ہوئے پڑھتے تھے (لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ایدتہ بعلی سید الوصیین) اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں محمدؐ اللہ کا رسول ہے، اور اللہ نے محمد (ص) کی تائید علی بن ابی طالبؑ سے کی ہے جو تمام وصیوں کے سردا رہیں اور میں نے اصحابِ موالین کے ساتھ اسے شرافت دی ہے جو محمدؐ اور علی کو دوست رکھتے ہیں اور ان دونوں کے دوستوں کے دوست اور دونوں کے دشمنوں کے دشمن رکھتے ہیں اور جو بھی لکھنا اور پڑھنا جانتا تھا وہ ان کلمات کو ان بادل پر پڑھ سکتا تھا پھر آنحضرت نے فرمایا تمام پہاڑوں، چٹانوں اور پتھروں نے آنحضرتؐ سے کلام کی اور اس بادل کی طرح تین گواہیاں دیں۔

ملاحظہ: اللہ نے حضرت محمدؐ پر بادل کا سایہ کیا اور اس پر تین شھادات لکھ کر عالم کائنات کو خبردار کیا کے یہ تین گواہیاں اساس دین ہیں پہاڑوں، چٹانوں، پتھروں بلکہ عالم کائنات کی ہر شی پر یہ گواہیاں موجود ہیں، اور جو محمدؐ و علیؑ کا دوست اور انکے دوستوں کا دوست ہے وہی کامیاب اور جنتی ہے اور جو انکا دشمن اور انکے دوستوں کا دشمن ہے وہ ناکام اور جہنمی ہے اور یہی اللہ کا دینِ کامل ہے

امام باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے: (الایمان حب وبغض) ترجمہ: ایمان حب اور بغض کا نام ہے

(حوالہ: تحف العقول 295، بحارالانوار 78، 175، 27)

(یعنی امام باقر علیہ السلام کے اس قول کا مطلب یہ ہے، جو ہمارے ساتھ اور ہمارے دوستوں کے ساتھ محبت رکھتا ہے اور ہمارے دشمنوں اور ہمارے دوستوں کے دشمنوں کے ساتھ بغض رکھتا ہے وہی مومن ہے اور اہل بیتؑ سے محبت اللہ سے محبت ہے اور ان سے دشمنی اللہ سے دشمنی ہے)

## حدیث نمبر 50

روی عن ابی ابراهیم انه قال فی حدیث ان عبدالمطلب لما حفر زمزم بدا له قرن الغزال ورأسه و فیه طبع لااله الاالله محمد رسول الله علي ولی الله

ترجمہ: امام موسی کاظمؑ روایت کرتے ہیں جب حضرت عبد المطلب (حضرت محمدؐ کے دادا) نے زمزم کے پانی کے لئے کنواں کھودا تو حضرت کو ہرن کا سر اور سینگ ملے جن پر یہ تین گواہیان لکھی تھیں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ۔

(حوالہ: اثباۃ الھداۃ ج ۲ ص ۱۶ ح ۶۵ مکتبہ علمیہ قم)

* * *

ملاحظہ: اے اللہ کے گھر کے حاجیوں اللہ نے آب زمزم کے کنویں کے مقام کو اگر شرف دیا ہے، تو شھادات ثلاثہ کی وجہ سے ہے، دین ابراہیمی اور دین محمدؐ بلکہ تمام انبیاء تین گواہیوں والے دین پر قائم تھے اور جب تک انھوں نے علیؑ کی ولایت وامامت کا اقرار نہیں کیا انھیں نبوتیں نہیں ملی ہیں۔

## حدیث نمبر 51

روی انه دخل رجل علی رسول الله فقال یا رسول الله سمعت امراً لم أسمع قبل ذلک فقال ماهو ؟فقال سلمان قد یشهد فی آذانه بعدالشهادةبالرسالة بالولایة لعلي علیه السلام فقال صلی الله علیه وآله وسلم سمعتم خیرا

ترجمہ: روایت کی گئی ہے، ایک شخص رسول اللہ کی خدمت میں آیا اور کہا میں نے ایک چیز سنی ہے جو اس سے پہلے نہیں سنی تھی آنحضرتؐ نے فرمایا: تونے کیا سنا ہے؟ اس نے کہا سلمان اذان میں رسالت کی گواہی کے بعد علیؑ کی شہادت کی گواہی دی ہے تو حضرت نے فرمایا: تم نے اچھا اور (خیر) سنا ہے۔

(حوالہ: کتاب الھدایۃ فی کون الشھادۃ بالولایۃ من الاذان والاقامۃ جزء أکسائر الاجزاء ص ۴۵، انتشارات حکمت قم)

ملاحظہ:

اے مومنین جب آپ کسی مومن وموالی کی نماز جنازہ کے لئے حاضر ہوتے ہیں اس وقت یہ کہتے ہیں: (اللھم انا لانعلم منه الا خیرا) اے اللہ میں سوائے خیر کے اس کے کسی عمل کو نہیں جانتا ہوں (اور خیر امامت وولایت امیر المومنین ہے) فقط یہ جانتا ہوں یہ خیر پر ہے، یعنی محبِ امیر المومنینؑ ہے اس لئے اس کی نماز جنازہ، غسل وکفن ودفن میں حاضر ہونا میرے گناہوں کا کفارہ اور بلندی درجات وثواب کا سبب ہے اور اس بارے میں معصومین کی بہت روایات ہیں۔

* * *

# حدیث نمبر 52

روی انه دخل رجل علی رسول الله وقال یا رسول الله إن أباذر یذکر فی الاذان بعد الشهادة بالرسالة الشهادة بالولاية لعلي عليه السلام و يقول أشهد أن علي ولی الله فقال ﷺ کذلک أو نسیتم قولی فی غدیر خم من کنت مولاه فعلي مولاه فمن ینکث فانما ینکث علی نفسه

ترجمہ: روایت ہے ایک شخص رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ابوذر اذان میں آپ کی رسالت کی گواہی کے بعد علیؑ کی امامت وولایت کی گواہی دیتا ہے اور کہتا ہے: اشھد ان علیاًولی اللہ آنحضرت (ص) نے فرمایا: آپ میرے غدیر خم والے قول کو بھول گئے ہو کیا میں نے نہیں کہا تھا: من کنت مولاہ فعلی مولاہ، جس کا میں مولا ہوں اسکا علیؑ مولا ہے پس جس نے میرے اس پیغامِ غدیر خم کو نہ مانا یعنی میری نبوت کے بعد علیؑ کی امامت وولایت کا اقرار نہ کیا اس نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے۔

(حوالہ: کتاب الہدایۃ فی کون الشھادۃ بالولایۃ فی الاذان والاقامۃ ص ۴۵، انتشارات حکمت قم)

نوٹ: اے کاش علماء و مومنین اسی بات کو سمجھ لیتے لڑائی جھگڑا ہی ختم ہو جاتا کیا ابوذر کا قول اعلانِ شہادت ثالثہ نہیں ہے؟! جسے سلمان و ابوذر تو سمجھ رہے ہیں، اور مولویوں کی سمجھ میں نہیں آتا ہے، اس وقت کے منافقین نے عمداً اس فرمانِ خدا و رسول کی مخالفت کی جیسا کے آنحضرتؐ نے فرمایا :(فمن ینکث فانما ینکث علی نفسه) پس جس نے اس فرمان غدیر کو نہ مانا اس نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے، اے مومنین اعلانِ غدیر کے بعد منافقین کے آرام و سکون ختم ہو گئے اور انھوں نے ہر ممکن کوشش کی اللہ اور رسول کے اس اعلانِ غدیر خم جو در حقیقت اعلانِ شہادت ثالثہ اور ازل و ابد سے رکن و جزء توحید ہے جسکا میثاق و پیمان اللہ نے عالم ذر میں اپنی تمام مخلوق سے لیا تھا منافقین اس فرصت میں تھے

نبی کا جھوٹا خلیفہ بنا کر لوگوں کو ولایتِ علیؑ اور اولادِ علیؑ کی ولایت جو ولایت اللہ و خلافۃ اللہ ہے اس سے منحرف کریں اور روز ازل کے میثاق اور غدیر خم میں اللہ اور نبی کے حکم کو بدل کر لوگوں کو جہنم میں اپنا ساتھی بنائیں نبی اکرم (ص) کے وصال کے بعد جب امیر المومنینؑ وصیت نبی کے مطابق غسل اور کفن و دفن میں مشغول ہوئے منافقین نے اس فرصت سے فائدہ حاصل کیا اور سقیفہ بنی ساعدہ میں جھوٹا خلیفہ بنا کر لوگوں کو روز ازل کے میثاق سے منحرف کیا اور امیر المومنینؑ اور معصومینؑ کو مسند خلافت سے ہٹا کر بنی امیہ اور بنی عباس کو لوگوں کی گردنوں پر مسلط کیا پھر جو ظلم ان دو گروہ یعنی بنی امیہ اور بنی عباس نے امیر المومنینؑ اور اولاد امیر المومنینؑ اور شیعہ پر کئے انہیں بیان کرنے سے تاریخ شرماتی ہے

نوبت یہاں تک آئی کہ جس نے نام امیر المومنینؑ زبان پر جاری کیا اسکا گھر خراب کیا گیا اسے اور اس کے بچوں کو قتل کیا گیا نبی اکرم (ص) کی احادیث کو تبدیل کیا گیا اور ان کے مقابلہ میں جعلی احادیث گھڑی گئیں نعوذ باللہ من ذلک نام مقدس امیر المومنینؑ جو اسم اللہ، فطرۃ اللہ، عھد اللہ، لسان اللہ، وجہ اللہ، سیف اللہ، اسد اللہ ہے، نعوذ باللہ اسے لعن و تبری سے لیا جانے لگا جمعہ کے خطبوں میں امام علیؑ پر لعن ہونے لگا اور حضرت کو ایک چور اور ڈاکو، بے دین معرفی کیا گیا اور حضرت کے دوستوں پر ظلم کی انتہاء کر دی گئی شھادت ثالثہ جو دین خدا اور فطرت اللہ و ولایت اللہ اور عہد اللہ تھی اس پر پابندی لگا کر اسے دین سے خارج کر دیا گیا منافقین کی اس چال کا تذکرہ اللہ نے قرآن میں فرمایا ہے (يريدون أن يطفئوا نور الله بأفوائهم يابى الله ان يتم نوره و لوكره الكافرون) وہ چاہتے ہیں نور خدا (یعنی ولایت امیر المومنینؑ کو اپنی زبانوں سے خاموش کر دیں اللہ انکی یہ بات پسند نہیں کرتا ہے، بلکہ اللہ اپنے نور یعنی ولایتِ امیر المومنینؑ کو کامل کریگا اگرچہ کافروں کو یہ بات پسند نہیں ہے اسی لئے تو معاویہ علیہ ھاویہ نے ایک لاکھ دس ہزار سرکردہ اور معروف شیعیان حیدر کرار کو قتل کیا اور حجاج بن یوسف نے لاکھوں شیعوں کو ایک چار دیواری میں بند کیا جن کے لئے سردی گرمی کا کوئی انتظام نہیں تھا اور بنی امیہ

کی تمام کوشش ولایت علی بن ابی طالبؑ کو ختم کرنا تھا جس کی بنیا سقیفہ بنی ساعدہ والوں نے رکھی تھے
اے مومنین اس بات پر غور کریں۔

## حدیث نمبر 53

روی فی حدیث أن أمیرالمومنین قال لرسول اللہ وما العقیق؟قال جبل فی یمن أقرللہ بالوحدانیة و لی بالنبوة و لک بالوصیة و لاولادک الائمة بالامامة و لشیعتک بالجنة و لاعدائک بالنار

ترجمہ:ایک حدیث میں ہے امیر المومنینؑ نے رسول اللہ سے پوچھا عقیق کیا ہے؟ آنحضرت نے فرمایا: یمن میں ایک پہاڑ ہے جس نے اللہ کی وحدانیت اور میری نبوت اور آپ کی وصایت اور آپ کی معصوم اولاد کی امامت وولایت اور آپ کے شیعوں کے لئے جنت اور آپ کے دشمنوں کے جہنم کا اقرار کیا ہے

(حوالہ:مستدرک الوسائل محدث نوری ج۳ص ۲۹۴)

ملاحظہ:اے مومنین اگر انسان تھوڑی سی دقت کرے اس کے لئے دین خدا واضح اور روشن ہے جو بھی اللہ ورسول اور امیر المومنین علی بن ابیطالبؑ اور معصومین پر صدق دل سے ایمان لایا ہے،ان کے فرمان پر عمل کیا ہے،اور ان کے دوستوں کا دوست اور ان کے دشمنون کا دشمن ہے یہی مومن اور جنتی ہے،یہی عقیدہ تین گواہیوں والے مومنین کا ہے جس کی طرف یہ حدیث دعوت دے رہی ہے۔

## حدیث نمبر 54

روی عن أبی جعفر علیه السلام انه قال یا جابر کان اللہ ولا شی غیره ولا معلوم ولا مجهول فاول ما ابتدا من خلق خلقه ان خلق محمداً وخلقنا اهل البیت معه من نوره و عظمته فاوقفنا اظلة خضراء بین یدیه حیث لا سماء

ولا ارض ولا مكان ولا ليل ولا نهار ولا شمس ولا قمر يفصل نورنا من نور ربنا كشعاع الشمس من الشمس نسبح الله تعالى و نقدسه و نحمده و نعبده حق عبادته ثم بدء لله تعالى عزوجل ان يخلق المكان فخلقه و كتب على المكان لااله الاالله محمد رسول الله علي أميرالمومنين و وصيه به أيدته و نصرته ثم خلق الله العرش و كتب على سرادقات العرش مثل ذلک ثم خلق الله السموات فكتب على اطرافها مثل ذلک ثم خلق الجنة والنار و كتب عليهما مثل ذلک ثم خلق الملائكة و اسكنهم السماء واخذ عليهم الميثاق له بالربوبية ولمحمد بالنبوة ولعلي بالولاية ثم ان الله عزوجل خلق الهواء و كتب عليه لا اله الا الله محمد رسول الله علي أميرالمومنين وصيه وبه أيدته و نصرته ثم خلق الله الجن و أسكنهم الهواء وأخذ منهم له الميثاق منهم بالربوبية ولمحمد بالنبوة ولعلي بالولاية ثم خلق الله الارض و كتب على اطرافها لا اله الا الله محمد رسول الله علي أميرالمومنين وصيه وبه أيدته و نصرته بذلک يا جابر قامت السموات بغير عمدوثبتت الارض ثم خلق الله تعالى آدم من اديم الارض فسواه ونفخ فيه من روحه ثم اخرج ذريته من صلبه فاخذ عليهم الميثاق له بالربوبية ولمحمد بالنبوة ولعلي بالولاية

ترجمہ: امام محمد باقرؑ سے روایت ہے حضرت نے فرمایا: اے جابر اللہ تھا اور کوئی چیز نہ تھی نہ معلوم تھا نہ مجھول پس اللہ نے اپنی پہلی خلقت میں حضرت محمدؐ اور ہم اہل بیت کو اپنے نور عظمت سے خلق کیا پھر اللہ کی مشیت وارادہ یہ ہوا کہ مکان کو خلق کرے پس مکان کو خلق کیا اور مکان پر لکھا (لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین ووصیہ وایدتہ ونصرتہ) اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد اللہ کا رسول ہے اور علیؑ مؤمنوں کا امیر اور نبیؐ کا وصی ہے میں نے نبیؐ کی تائید و مدد علیؑ سے کی ہے

اور پھر اللہ نے عرش کو پیدا کیا اور عرش کے پردوں پر بھی یہی تین شھادات لکھی جو مکان پر لکھی تھی پھر اللہ نے آسمانوں کو خلق کیا انکے اطراف پر بھی یہی شھادات ثلاثہ لکھی، پھر اللہ نے جنت اور جہنم کو خلق کیا اور ان پر بھی شھادات ثلاثہ لکھی پھر اللہ نے ملائکہ کو خلق کیا اور انہیں آسمانوں میں ساکن کیا اور اللہ نے ان سے اپنی ربوبیت، حضرت محمدؐ کی نبوت اور حضرت علیؑ کی ولایت کا عھد وپیمان لیا (یعنی ان تین شھادات کا عھد لیا) پھر اللہ نے ہوا کو خلق کیا اور اس پر ان شھادات ثلاثہ کو لکھا:

لااله الا الله محمدرسول الله علی امیرالمومنین ووصیه و به أیدته و نصرته

(ثم خلق الله الجن) پھر اللہ نے جنوں کو خلق کیا اور انہیں ہوا میں ساکن کیا اور ان سے اپنی ربوبیت اور حضرت محمد (ص) کی نبوت اور حضرت علیؑ کی ولایت کا عہد وپیمان لیا (یعنی تین شھادات کا عھد لیا)

پھر اللہ نے زمین کو خلق کیا اور اس کے اطراف پر لکھا: لااله الاالله محمدرسول الله علی امیرالمومنین و به ایدته و نصرته، اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے محمدؐ اللہ کا رسول ہے علیؑ نبی کا وصی ہے، میں نے نبی کی تائید و مدد علیؑ سے کی ہے، اے جابر ان تین شھادات کے سبب آسمان بغیر ستونوں کے قائم ہو گیا اور زمین پانی پر ثابت ہو گئی پھر اللہ نے آدم کو زمین کے ظاہر سے خلق کیا پھر اسے معتدل کیا اور اپنی روح اس میں پھونکی اور اس کی اولاد کو اس کی پشت سے نکالا اور ان سے اپنی ربوبیت اور محمدؐ کی نبوت اور حضرت علیؑ کی ولایت کا عہد وپیمان لیا یعنی تین شھادتوں کا عہد لیا۔

(حوالہ: بحارالانوار ج ۲۵ ص ۱۷ سے ۱۸، دارالکتب اسلامیہ)

ملاحظہ: اس حدیث کے بعد مومنین اور محبین و موالین کے لئے روز روشن کی طرح واضح ہے ولایتِ امیر المومنینؑ کس قدر مھم ہے اللہ نے عالم کائنات کی ہر شی سے اپنی توحید اور حضرت محمد (ص) کی نبوت علیؑ کی ولایت کا عہد لیا ہے اور حضرت محمد (ص) کی تائید و مدد علیؑ کے ساتھ کی ہے یہی شھادات

ثلاثہ ہیں نعوذ باللہ اگر علیؑ کو دین واسلام کی تحریک سے جدا کر دیا جائے تو نہ پھر توحید بچے گی اور نہ حضرت محمدؐ کی نبوت، یعنی گویا کہ دین اسلام کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## حدیث نمبر 55

روی عن ابی بصیر انه قال کنا عند ابی جعفر و قیل له هذا عکرمه فی الموت (وکان یرأی رأی الخوارج)وقال لنا ابوجعفر انظرونی حتی ارجع الیکم فقلنا نعم فما لبث ان رجع فقال اما انی لو ادرکت عکرمه قبل ان تقع النفس موقعها لعلمته کلمات ینتفع بها ولکنی ادرکته وقد وقعت موقعها فقلت جعلت فداک ماذلک کلام؟ قال هو والله مأانتم علیه فلقنوا موتاکم عندالموت شهادة ان لااله الاالله والولایة

(حوالہ: وسائل ج ۲، ص ۶۶۵ باب ۳۷ ح ۲ طبع بیروت، مستدرک الوسائل ج ۲، باب ۲۷، ص ۱۲۵ ح ۱۶۱۱، طبع جدید)

ترجمہ: ابو بصیر سے روایت ہے کہ ہم امام باقرؑ کی خدمت میں تھے حضرت سے عرض کیا گیا عکرمہ مرنے والا ہے (عکرمہ خوارجیوں کا ہم عقیدہ تھا یہ وہ لوگ تھے جنھوں نے علیؑ کے ساتھ جنگ نہروان لڑی تھی اور حضرت علیؑ کو برے الفاظ سے یاد کرتے تھے) حضرت امام باقرؑ نے فرمایا: تھوڑی دیر مجھے مہلت دو تاکہ میں آپ کے پاس واپس آؤں ہم نے کہا ٹھیک ہے، پس تھوڑی دیر بعد حضرت واپس آئے اور فرمایا: اگر عکرمہ کے مرنے سے پہلے میں پہنچ جاتا اسے وہ کلمات یاد دیتا جو اسے نفع دیتے ابو بصیر نے کہا میری جان آپ پر فدا ہو وہ کلمات کیا ہیں حضرت باقرؑ نے فرمایا: خدا کی قسم وہ کلمات یہ ہیں جس پر آپ شیعہ کا اعتقاد ہے پس اپنے مردوں کو جس وقت وہ مرنے والے ہوں شھادتِ: لا الہ الا اللہ کی اور مولا علیؑ کی امامت اور ولایت کی تلقین کرو۔

ملاحظہ: اے مومنین شہادت لا الہ الا اللہ اور ولایتِ امیر المومنینؑ لازم وملزوم ہیں کیونکہ معصوم کی حدیث ہے من کان آخر قولہ لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ جس کا آخری قول لا الہ الا اللہ ہو گا وہ جنت میں جائے گا اس حدیث کو ابھی مولا امام رضاؑ کی حدیث سلسلہ ذہب سے ملائیں جس میں مولا نے فرمایا: اس کلمہ لا الہ الا اللہ کی شرط وشروط ہیں ان میں سے ایک شرط میں علی بن موسی الرضاؑ بھی ہوں یعنی جو ہم اہل بیتؑ کی ولایت کا قائل نہ ہو گا اسے لا الہ الا اللہ کوئی فائدہ نہیں دے گا اب انصاف آپ مومنین پر ہے جس ولایت کو اللہ نے اپنی توحید کے ساتھ ملایا ہے اور توحید کا رکن اور شرط بنایا ہے جبکہ اب جگڑا اور اختلاف سب کا اسی میں ہے کیونکہ اللہ نے اسی ولایت کو مومن ومنافق جنتی اور جہنمی حلالی اور حرامی کی پہچان بنایا ہے اور قبولیتِ اعمال کی شرط بھی یہی ہے اور اس لئے سورۃ نبا میں فرمایا ہے۔ (عما یتسائلون عن النبا العظیم الذی هم فیه مختلفون) ،وہ آپ سے نبا عظیم یعنی بزرگ خبر کا سوال کرتے ہیں جس میں سب کا اختلاف ہے (النبا عظیم ،ولایت امیر المومنین ہے)

## حدیث نمبر 56

روی عن اسماعیل بن جابر انه قال قلت لابی جعفر أعرض علیک دینی الذی أدین الله عزوجل به قال فقال هات قال: فقلت اشهد ان لااله الله وحده لا شریک له و أن محمدعبده ورسوله والاقرار بما جاء به من عندالله و أن علیاً کان اماماً فرض الله طاعته ثم قال علیه السلام هذا دین الله و دین ملائکته

ترجمہ: اسماعیل بن جابر روایت کرتا ہے میں نے امام باقرؑ سے عرض کیا آیا وہ دین جس پر اللہ کی عبادت کرتا ہوں آپ کی خدمت میں پیش کروں؟ (تاکہ آپ امام معصوم میرے دین وعقیدہ پر گواہ ہو جاؤ) حضرت نے فرمایا: بیان کرو میں نے کہا میں گواہی دیتا ہوں اللہ کا کوئی شریک نہیں وہی عبادت کے لائق ہے، اور حضرت محمدؐ اس کا بندہ اور رسول ہے، اور وہ جو بھی اللہ کی طرف سے لایا ہے، اس کا بھی اقرار

کرتاہوں اور گواہی دیتاہوں حضرت علیؑ امام ہے، جس کی اطاعت اللہ نے واجب قرار دی ہے، پس امام باقرؑ نے فرمایا: یہی اللہ اور اسکے ملائکہ کا دین ہے۔

(حوالہ: اصول کافی ج ۱ ص ۱۸۸، روایت ۱۳)

ملاحظہ: اے مومنین اب انصاف کی شمشیر آپ کے ہاتھ میں ہے اب جو ہاتھ اس ولایت امیر المومنین کے مخالف ہے انہیں کاٹ دو کیونکہ ولایت توحید و نبوت کا لازم و ملزوم حصہ ہے، اور یہی اللہ اور ملائکہ کا دین ہے، تاکہ اللہ اور آل محمد کے دین کے مددگار بن کر مولا صاحب الزمان کے جرار لشکر میں اپنا نام ثبت کروائیں تاکہ اللہ اور آل محمد کی مدد آپ کے شامل حال ہو جائے۔

## حدیث نمبر 57

روی عن بکیر بن اعین انه قال کان ابوجعفر علیه السلام یقول ان الله اخذ میثاق شیعتنابالولایة و هم ذر یوم أخذالمیثاق علی الذر ولاقرار له بالربوبیة ولمحمدالنبوة

(حوالہ: اصول کافی ج ۲، ص ۳۱۸ ح ۱، انتشارات اسلامیہ)

ترجمہ: بکیر بن اعین روایت کرتا ہے امام باقرؑ نے فرمایا: اللہ نے ہماری ولایت کا عہد و پیمان ہمارے شیعہ سے اس وقت لیا جبکہ وہ عالم ذر میں تھے اور ساتھ ہی اپنی ربوبیت اور حضرت محمدؐ کی نبوت کا اقرار لیا تھا

## حدیث نمبر 58

روی عن المفضل انه قال دخلت علی الصادق علیه السلام بالغداة وهو علی المائدة فقال تعال یا مفضل الی الغداة فقلت یا سیدی قد تغدیت قال ویحک فانه ارز فقلت یا سیدی قدفعلت فقال تعال حتی أروی لک حدیثاً فدنوت

منه وجلست فقال عليه السلام حدثنى أبى عن أبائه عن رسول الله ﷺ اول حبة أقرت لله بالوحدانية و لى بالنبوة ولأخى بالوصية و لامتى الموحدين بالجنة الارز

(حوالہ: مستدرک الوسائل طبع جدید ج١٦ص٣٧٦ح٢٠٧٣٧)

ترجمہ: مفضل روایت کرتا ہے میں امام صادقؑ کی خدمت میں صبح کے وقت حاضر ہوا حضرت دستر خوان پر تھے فرمایا: اے مفضل دستر خوان پر آو میں نے عرض کیا اے میرے سید و سردار میں ناشتہ کھا چکا ہوں تو حضرت نے فرمایا ویحک (یہ لفظ عربی میں ترحم کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے) یہ چاول ہیں، مفضل کہتا ہے میں نے عرض کیا میں کھا چکا ہوں حضرت نے فرمایا: میرے قریب آو تا کہ آپ کے لئے حدیث بیان کروں میں حضرت کے قریب ہوا تو حضرتؑ نے فرمایا: میرے باپ نے اپنے باپ و آباءواجداد اور رسول خدا سے روایت کی ہے سب سے پہلے جس دانہ نے اللہ کی وحدانیت اور میری نبوت اور میرے بھائی علیؑ کی وصایت و امامت اور میری امت کے موحدین کے لئے جنت کا اقرار کیا ہے وہ چاول ہے۔

ملاحظہ: اس حدیث سے یہ معلوم ہوا ان شھادات ثلاثہ کا عالم کائنات کی ہر شی سے ربط ہے اور جب تک ہر چیز نے ولایت امیر المومنین، اور توحید و نبوت کا اقرار نہیں کیا ہے اس وقت تک اسکا مقام و مرتبہ اللہ کے نزدیک عظیم نہیں ہوا ہے اور جو شی ولایت علیؑ سے دور ہے وہ پست و حقیر ہے

## حدیث نمبر59

روى عن رسول الله ﷺ انه قال كلوا الباذنجان فانها شجرة رأيتها فى جنة المأوى وشهدت لله بالحق ولي بالنبوة ولعلي بالولاية

(حوالہ: مستدرک الوسائل طبع جدید ج١٦ص٤٣٠حدیث٢٠٤٥)

ترجمہ: نبی اکرم ﷺ سے روایت ہے فرمایا: بینگن کھاؤ وہ جنت ماوٰی میں درخت ہے جس نے اللہ کی وحدانیت اور میں محمد (ص) کی نبوت اور علیؑ کی امامت وولایت کی گواہی دی ہے۔

ملاحظہ: مومنین بینگن تین گواہیوں والی سبزی ہے، اس لئے مومنین اسے پسند کرتے ہیں، اور جو اسے کراہت سے کھائے گا یہ اسے نقصان دے گا۔

## حدیث نمبر 60

روی عن النبی ﷺ انه قال ان آدم رأى في العرش مكتوباً محمدرسول الله علي أميرالمومنين

ترجمہ: نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حضرت آدم نے عرش پر دیکھا لکھا ہوا تھا محمد رسول اللہ علی امیر المومنین

(حوالہ: اثباۃ الھدایہ ج۲ ص۱۹۳ ح۹۵۷، انتشارات علمیہ قم)

ملاحظہ: یہ حدیث یہ بتارہی ہے محمد رسول اللہ ہے امیر المومنین ولی اللہ ہے جہاں بھی ہیں یہ دونوں اکٹھے ہیں کیونکہ دونوں ایک ہی نور سے ہیں نبی ﷺ نے فرمایا (أنا و على من نور واحد) اور دوسری حدیث میں: فرمایا (یاعلی أنت منی وأنا منک) یاعلیؑ تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں، پس جہاں بھی نامِ نبی ﷺ ہے، وہاں نامِ علیؑ ہے۔

## حدیث نمبر 61

روی عن النبی ﷺ انه قال إن الله خلق ملكين يكنفان العرش وأمرهما بشهادتين فشهدا ثم قال لهما إشهدا ان علياً أميرالمومنين فشهدا

ترجمہ: نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: خدا نے دو فرشتوں کو خلق کیا ہے جو عرش کو جھاڑو کرتے ہیں اللہ نے ان دونوں سے فرمایا شھادتین کی گواہی دو انھوں نے گواہی دی (اشھد ان لااله الاالله وان محمداً عبده ورسوله) پھر فرمایا ابھی شھادت ثالثہ کی گواہی دو اور کھو ( اشهد ان علياً اميرالمومنين ) پس ان دونوں نے گواہی دی اور کہا: اشهد ان علياً اميرالمومنين ۔

(حوالہ: اثباۃ الھدایۃ ج ۲ ص ۱۹۳ ح ۹۰۰، انتشارات علمیہ قم)

## حدیث نمبر 62

روى عن ابى جعفر عن أبيه عن جده ان رسول اللهﷺ قال لعلي عليه السلام أنت الذى احتج الله بک فى ابتداء الخلق حيث اقامهم أشباها فقال ألست بربكم فقالوا بلى قال ومحمد رسولى؟ قالوا بلى و قال علي اميرالمومنين فأبى الخلق جميعاً الا عتوا عن ولايتک الا نفر قليل و هم أصحاب اليمين

(حوالہ: کتاب اثبات الھداۃ ج ۲، ص ۱۲۷، ح ۴۴، انتشارات علمیہ قم)

ترجمہ: امام باقرؑ نے اپنے باپ اور جد اور رسول اللہ سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے علیؑ سے فرمایا: آپ وہ ہیں کہ جس کے ساتھ اللہ نے اپنی مخلوق سے ابتداء خلقت میں احتجاج کیا ہے جب وہ صورت مثالی یعنی جب وہ عالم اشباہ میں تھے فرمایا کیا میں آپ کا پروردگار نہیں ہوں سب نے کہا: جی ہاں تو ہمارا پروردگار ہے اور فرمایا: کیا محمد میرا نبی نہیں ہے؟

سب نے کہا: جی ہاں محمدؐ ہمارا نبی ہے، اور اس کے بعد فرمایا: کیا علیؑ امیر المومنین نہیں ہے؟

تمام خلق نے ولایت علی کا انکار کیا مگر ایک قلیل گروہ باقی رہا (جنہوں نے اقرارِ ولایت علیؑ کیا) اور وہی اصحاب یمین ہیں۔

ملاحظہ: اسی ولایت علیؑ کے ذریعے اللہ نے اپنے تمام مخلوق کا امتحان لیا ہے اور اسی ولایت کو باب مبتلا بنایا ہے اور اس آیت کی تفسیر میں ایک طویل حدیث کے ضمن میں امام علیؑ فرماتے ہیں :

(وماامروا الا ليعبدوا الله مخلصين له حنفاء و يقيموا الصلاة و يؤ تواالزكاة وذلک دين القيمة،يقول ما امروا الا بنبوة محمد صل الله عليه وآله وسلم وهو الدين الحنيفية المحمدية السمحة و قوله يقيمون الصلاة فمن أقام ولايتى فقد أقام الصلاة و إقامة ولايتى صعب مستصعب لايحتمله الا ملک مقرب او نبى مرسل او عبدمومن إمتحن الله قلبه للايمان )

ترجمہ: انہیں امر نہیں کیا گیا مگر کہ وہ حقیقی دین کی مخلص بن کر عبادت کریں اور نماز کو قائم کریں اور زکات دیں اور یہی پایدار دین ہے اور حضرت علیؑ نے فرمایا:(ما امروا) سے مراد یعنی آپ کو امر نہیں کیا گیا مگر نبوت محمد صل اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قبول کریں یہی دینِ حنیف محمدیہ ہے اور اللہ کا یہ قول (ويقيمون الصلاة) کے بارہ حضرت علیؑ فرماتے ہیں:(فمن أقام ولايتى فقد أقام الصلاة ) جس نے میری ولایت کو قبول کیا اس نے نماز کو قائم کیا اور میری ولایت پر قائم رہنا مشکل ترین عمل ہے اور اس ولایت کو کوئی برداشت نہیں کر سکتا مگر ملک مقرب یا نبی مرسل یا وہ عبد مومن جس کے دل کا اللہ نے ایمان کے ساتھ امتحان لیا ہو۔

(حوالہ: بحارالانوار ج26، ص 1 سے 7 تک باب 13)

## حدیث نمبر 63

روى انه أتت امراة من الجن الى رسول الله ﷺ فآمنت به وحسن اسلامها ثم انها روت عن ابليس انه قال انى عبدت الله فى الارض كذا وكذا سنة و عبدت ربى

فی السماء كذا وكذا سنة مارأيت فی السماء إستوانةالا و عليها مكتوب لااله الاالله محمدرسول الله علي اميرالمومنين أيدته به

(حوالہ: کتاب اثبات الھداۃ ج ۲، ص ۱۰۷، ح ۴۴۲، انتشارات علمیہ قم)

ترجمہ: روایت میں ہے ایک جنّی عورت رسول اللہ کے پاس آئی اور ایمان لائی اور حقیقی اسلام قبول کیا (یعنی مسلمان واقعی ہوئی) اس نے ابلیس شیطان سے نقل کیا کہ ابلیس نے کہا میں نے زمین پر اتنے اتنے سال اللہ کی عبادت کی اور آسمانوں میں بھی اتنی اتنی عبادت کی میں نے زمیں اور آسمانوں میں کوئی عمود وستون نہیں دیکھا ہے مگر اس پر لکھا تھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین میں اللہ نے محمد (ص) کی تائید علیؑ کے ساتھ کی ہے۔

ملاحظہ: اے مومنین انصاف آپ پر ہے آپ اس حدیث سے کیا سمجھ رہے ہیں، جبکہ شیطان ابلیس بھی مولا علیؑ کی ولایت کا علم رکھتے ہوئے منکر ہے، کہیں اس مردود کے مکر وفریب میں آکر اصول دین کے اس مھم رکن کا انکار نہ کر بیٹھنا اس مردود کے وسوسہ یہ ہوتے ہیں ہر کسی کو اس کے معیار کے مطابق اپنے جال میں پھنساتا ہے اور مولوی کیلئے اس کا جال یہ ہے کہ جو حدیث علیؑ اور اولاد علیؑ کو اللہ و نبیؐ کے ساتھ ملاتی ہے ان میں شک وخدشہ ڈال کر لوگوں کو اہل بیتؑ سے دور کرتا ہے اور اپنی طرح اولادِ آدم کو جہنمی بناتا ہے۔

## حدیث نمبر 64

روى عن على بن موسى الرضا فی حديث عن أبيه عن آبائه عن علي قال قال رسول الله ان اول مايسأل عنه العبد بعد موته شهادة ان لااله الاالله وان محمداً رسول الله وأنك ولي المومنين بما جعله الله وجعلته لک

ترجمہ: امام رضاؑ اپنے بابا اپنے اجدادِ کرام اور علیؑ سے نقل کیا ہے، رسول اللہ ﷺ نے علیؑ سے فرمایا: سب سے پہلا سوال جو بندہ سے موت کے بعد ہوگا وہ (شھادات ثلاثہ یعنی) لا الہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ وانک ولی المومنین، اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں بیشک محمد (ص) اللہ کا رسول ہے اور بیشک آپ مومنوں کی ولی ہیں اس شی میں جسے اللہ اور میں (محمدؐ) نے تمہارے لئے قرار دیا ہے

(حوالہ: غایۃ المرام بحرانی ص ۲۵۸، کتاب اثبات الھداۃ ج ۲، ص ۳۱، ح ۱۲۹، انتشارات علمیہ قم)

ملاحظہ: سب سے پہلا سوال مومنین سے موت کے بعد تین گواہیوں کا ہے اور جو دو گواہی والا ہوگا روز قبر و قیامت تیسری شھادت یا گواہی اس کی زبان سے جاری نہیں ہوگی پھر فرشتہ اس کے ساتھ جو سلوک کریں گے وہ اللہ جانتا ہے۔

## حدیث نمبر 65

روی عن رسول الله انه قال فی حدیث یاعلی وجدت اسمک مقروناً بإسمی فی أربع مواضع فانست بالنظر الیه انی لما بلغت بیت المقدس فی معراجی الی السماء وجدت علی صخرتها لااله الاالله محمد رسول الله أیدته بوزیره ونصرته بوزیره فقلت لجبرائیل من وزیری؟فقال علي بن ابی طالب ولما انتهیت الی سدرة المنتهی وجدت مکتوباً علیها إنی أنا الله لااله الاأنا وحدی ومحمدصفوتی من خلقی أیدته بوزیره ونصرته بوزیره فقلت لجبرائیل من وزیری؟فقال علي بن ابی طالب فلما جاوزت سدرة المنتهی انتهیت الی عرش

رب العالمين جل جلاله فرأيت مكتوباً على قوائمهه إني أنا الله لا اله الا أنا وحدى محمد حبيبي أيدته بوزيره و نصرته بوزيره

(حوالہ کتاب اثباۃ الھداۃ ج ۲ ص ۲۴، ح ۹۹، انتشارات علمیہ)

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ سے روایت ہے آنحضرت نے ایک حدیث میں فرمایا: یا علیؑ میں نے تیرے نام کو اپنے نام کے ساتھ چار مقامات پر متصل و مقرون (ملا ہوا) دیکھا ہے مجھے آرام و سکون ملا کہ ہمیشہ اسے دیکھتا رہو جب میں معراج میں آسمان کی طرف بیت المقدس میں پہنچا ایک صخرہ اور چٹان پر یہ لکھا ہوا تھا اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں محمدؐ اللہ کا رسول ہے، میں نے اس کی تائید و مدد اس کے وزیر سے کی ہے میں نے جبرئیل سے پوچھا میرا وزیر کون ہے؟ جبرائیل نے کہا تیرا، وزیر علی بن ابی طالب ہے

اور جب میں سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچا تو وہاں لکھا ہوا پایا بیشک میں ہی میں اللہ ہوں میرے سواء کوئی معبود نہیں ہے میں واحد ہوں محمد ﷺ میرا چنا ہوا ہے میں نے اسکی تائید و مدد اسکے وزیر علیؑ کے ساتھ کی ہے اور جب میں سدرۃ المنتہیٰ سے گذر کر عرش رب العالمین جل جلالہ پر پہنچا تو میں نے عرش کے ستونوں پر یہ لکھا ہوا دیکھا بیشک میں اللہ ہوں میرے سواء کوئی معبود نہیں ہے محمد ﷺ میرا حبیب ہے میں نے اسکی مدد و نصرت اسکے وزیر علیؑ کے ساتھ کی ہے

ملاحظہ:

اس حدیث کے بعد مقصرین پر حجت تمام ہے آنحضرتؐ نے اسم مبارک علیؑ کو اپنے اسم مبارک کے ساتھ مقرون دیکھا ہے آنحضرتؐ اتنے خوش ہوئے کے ہمیشہ اسے دیکھتے رہیں اس سے پہلے حدیث گذر چکی ہے کے عالم کائنات کی ہر شی کا قیام و ثبوت و حدوث و وجود تین شھادتوں پر قائم ہے، اب منکر فضلِ محمدؐ و علیؑ جو ان دو اسموں میں جدائی ڈالے گا وہ جہنم میں ابلیس کا ساتھی ہو گا۔

## حدیث نمبر 66

روی عن النبیﷺانه قال رأیت لیلة الاسری أسری بی في السماء الرابعة دیکاً ینادي لااله الاالله محمدرسول الله علي امیرالمومنین ولي الله

(حوالہ: اثبات الھداۃ ج۲، ص ۲۸۵، ح ۵۲۶، انتشارات علمیہ قم)

ترجمہ: نبی اکرمؐ سے روایت ہے جس وقت مجھے معراج پر چوتھے آسمان پرلایا گیا تو میں نے ایک مرغ کو دیکھا جو یہ ندا، دے رہا تھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین ولی اللہ

ملاحظہ: آسمانوں پر ہر جگہ تین گواہیاں دی جاتی ہیں، اللہ اور نبیؐ آسمانوں کے یہ قصہ سنا کر زمیں والوں کو یہ بتارہے ہیں کہ اپنے اعمال کو آسمان والوں کے مطابق بناؤ کیونکہ آپکی کامیابی کا راز اسی میں منحصر ہے، ورنہ جہنم کا ایندھن بننے کے لئے تیار رہیں۔

## حدیث نمبر 67

روی عن امام العسکری انه قال فی حدیث طویل إن الله أوحی إلی موسی بن عمران علی نبینا وآله یا عبادی الا فاشهدوا بان محمداً خیر خلیفتی و افضل بریتی و ان علیاً اخوه ووصیه ووارث علمه وخلیفته فی امته وخیر من یخلفه بعده

(حوالہ: اثبات الھداۃ ج۲، ص ۱۵۲، ح ۶۶۵، انتشارات علمیہ قم)

ترجمہ: امام عسکریؑ سے روایت ہے آنحضرت نے ایک حدیث طویل میں فرمایا: اللہ نے موسیٰ بن عمران پر وحی کی اے موسیٰ میری مخلوق کو آگاہ کریں وہ گواہی دیں، محمدؐ میر ابہترین خلیفہ اور میری مخلوق میں

سب سے افضل ہے، اور بیشک علیؑ اس کا بھائی اور اسکا وصی اور اسکے علم کا وارث ہے اور اس کی امت میں اس کا خلیفہ اور نبی کے بعد تمام مخلوق سے افضل ہے

ملاحظہ: اس حدیث میں ( فاشهدوا ) اور (یا عبادی) کا لفظ آیا ہے یعنی اللہ فرمارہا ہے اے میری تمام مخلوق، تم گواہی دو کہ محمدؐ میرا نبی اور علیؑ میرا ولی اور میرے نبی کا وصی و خلیفہ اور نبی کے علم کا وارث اور نبیؐ کے بعد تمام مخلوق سے افضل ہے، جہاں نبی کی نبوت کی گواہی ہے وہاں علیؑ کی امامت وولایت کی گواہی ہے (ذلک دین القیم) یہی توپایدار دین ہے پس تم علی و نبیؐ کے درمیان جدائی نہ ڈالو کیونکہ یہ دونوں ایک نور ہیں۔

## حدیث نمبر 68

روى عن الامام العسكرى انه قال: قال الله عزوجل لليهود فآمنوا ايها اليهود بما أنزلت على محمد من ذكر نبوته وانباء امامة اخيه علي فان مثل هذا الذكر فى كتابكم ان محمد ا لنبى سيد الاولين والآخرين والمويد بسيدالوصيين و خليفة رسول رب العالمين فاروق هذه وباب المدينة الحكمة ووصى رسول الرحمة الى عن قال و هولاء اليهود جهدوا نبوة محمد وخانوه وقالوا نحن نعلم ان محمدا نبى و ان علياً وصيه ولكن لست انت ذلك ولا هذا يشيرون الى علي فانطق الله ثيابهم التى عليهم وخفافهم التى فى أرجلهم يقول كل واحد منهم للابسه كذبت يا عدوالله بل النبى محمدهذا والوصى علي هذا

ترجمہ: امام حسن عسکریؑ سے روایت ہے کہ اللہ تبارک وتعالی نے یہودیوں سے فرمایا: اے یہودیوں جو کچھ میں نے محمدؐ پر نازل کیا ہے اس پر اور محمدؐ کی نبوت اور اسکے بھائی علیؑ کی امامت پر ایمان لاؤ پس بیشک یہ ذکر تمہاری کتاب میں ہے کہ بیشک محمدؐ اولین وآخرین کا سردار ہے اور میں نے اس کی تائید سید

وصیین اور خلیفہ رسول رب عالمین سے کی ہے جو فاروق امت ہے(یعنی حق و باطل مومن و کافر میں جدائی ڈالنے والا ہے) اور حکمت کے شہر کا دروازہ ہے اور اللہ کے رحمت العالمین رسول کا وصی ہے یہاں تک کہ ان یہودیوں نے نبوت محمدؐ کا انکار کیا اور آنحضرت سے خیانت کی اور کہا ہم محمدؐ کی نبوت اور علیؑ کی امامت و وصایت کو جانتے ہیں لیکن اے محمدؐ تو وہ نبی نہیں ہے اور یہ علیؑ وہ وصی نہیں ہے اور انہوں نے علیؑ کی طرف اشارہ کیا اس وقت اللہ نے ان کے کپڑون اور جوتوں کو بولنے کی طاقت دی انہوں نے کہا اے دشمنانِ خدا تم جھوٹ بولتے ہو یہ وہی محمدؐ ہے اور یہ وہی علیؑ ہے جس کا عہد و پیمان آپ سے پہلے لیا گیا تھا۔

(حوالہ: اثبات الھداۃ ج ۱، ص ۱۵۱، ح ۶۶۴، انتشارات علمیہ قم)

ملاحظہ: یہودیوں کی کتاب میں بھی اللہ و نبیؐ اور علیؑ (یعنی شہادت ثالثہ) پر ایمان لانے کا حکم دیا گیا ہے، اب اس سے واضح دلیل اور کیا ہو سکتی ہے، پس جس دل میں بغض و دشمنی اور ماں کی خیانت ہے، وہ کبھی ولایت و فضل علیؑ کا اقرار کرنے والا نہیں ہے۔

## حدیث نمبر 69

روی عن الامام العسکری عن آبائه عن النبی فی حدیث طویل انه قال للیهود اما کفاکم انه نطق التورات و الانجیل و الزبور و صحف ابراهیم بنبوتی و دل علی صدق وبین فیها ذکر أخی ووصیی وخلیفتی فی امتی وخیر من أترکه علی الخلائق من بعدی علي بن ابی طالب فلما فرغ من کلامه أنطق الله البساط فقال أشهد ان لااله الاالله و أنک یا محمدعبده ورسوله و أشهد ان علي بن أبی طالب بن عبدالمطلب بن هاشم بن عبدمناف أخوک ووصیک وخلیفتک فی امتک و خیر من تترکه علی الخلائق بعدک و ذکرکلاما طویلا الی عن قال ثم

أنطق الله البساط ثانيا وقال أنا بساط أكرمنى الله بالنطق بتحميده وتمجيده والشهادة لمحمد نبيه بانه سيد أنبيائه وبامامة أخيه ووصيه ووزيره وشقيقه و الانقياد لمن نصبه اماما ووليا ثم ذكر ان الله انطق له سوتا فشهد بمثل ذلك

(حوالہ: اثبات الھداۃ ج۲، ص۱۵۰، ح۶۵۷، انتشارات علمیہ قم)

ترجمہ: امام حسن عسکریؑ نے اپنے آباءِ کرام اور رسول اللہؐ سے ایک حدیث طویل میں فرمایا: رسول اللہ نے یہود سے کہا کیا تمہارے لئے یہی کافی نہیں ہے کہ تورات وانجیل وزبور، اور صحف ابراھیم نے میری نبوت اور میرے سچائی کے بارے میں کلام کی ہے، اور ان تمام کتب میں میرے بھائی اور میری امت میں میرے وصی میرے خلیفہ اور تمام مخلوق میں میرے بعد سب سے بہتر وافضل علی بن ابی طالبؑ کا ذکر موجود ہے اور جب آنحضرتؐ اپنی کلام سے فارغ ہوئے تو جس فرش و چٹائی پر آپ موجود تھے اللہ نے اسے نطق عطا کیا اور اس نے کہا میں گواہی دیتی ہوں اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں اور اے محمدؐ تو اللہ کا بندہ اور رسول ہے اور میں گواہی دیتی ہوں علی ابن ابیطالب بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف تیرا بھائی اور وصی اور تیری امت میں تیرا خلیفہ ہے اور وہ تیری امت میں سب سے افضل ہے اس کے بعد اس نے طویل کلام کی پھر اللہ نے چٹائی کو دوبارہ نطق عطا کیا اس نے کہا میں چٹائی ہوں اللہ نے مجھے کلام کرنے کی طاقت دی ہے تاکہ اس سے اللہ کی تمجید و تمحید کروں اور محمدؐ کی نبوت جو سید الانبیاء ہے، اور اس کے بھائی علی کی امامت جو اس کا وصی و وزیر و شقیق ہے اس کی گواہی دوں (یعنی ہر چیز کے نصف کو شقیق کہتے ہیں کیونکہ محمدؐ و علی ایک نور سے تھے اللہ نے اس نور کو شق کیا آدھے کو محمدؐ نبی بنایا اور آدھے کو علی ولی بنایا اس لئے علی کو شقیق کہتے ہیں پس نبوت کے کاموں میں علیؑ نبی کا شریک ہے لیکن نبی نہیں ہے بلکہ امام وولی ہے) پس فرمان بردار و مطیع ہو جاؤ اس کے لئے جسے محمدؐ نے اپنی امت کے لئے

امام وولی بنایا ہے اس کے بعد امام حسن عسکری نے فرمایا: اللہ نے تازیانہ کو نطق عطا فرمایا اور اس نے بھی ایسی گواہیاں دی جیسے چٹائی نے دی تھی۔

ملاحظہ: کبھی فکر کیا ہے اللہ ورسول اور امام معصوم بار بار اس ولایت پر کیوں اتنی تاکید کر رہے ہیں کیونکہ ولایت سے عالم ہستی کی بقاء ہے، اور مولوی نے اس ولایت کو آسان سمجھ کر ہر لنگڑے لولے کو اپنا ولی بنا کر ولایت میں شرک کر کے اپنے آپ کو نجس و جہنمی بنایا ہے، اور اس آیت قرآن کا مصداق بنا ہے (ان المشركين نجس) ترجمہ: پس توحید و نبوت وولایت میں شرک کرنے والا نجس ہے۔

## حدیث نمبر70

روى عن ابى جعفر في قول الله عزوجل انما وليكم الله ورسوله والذين امنوا الذين يقيمون الصلاة ويؤتون الزكاة وهم راكعون(مائده ٥٥) وانه قال ان رهطا من اليهود اسلموا فاتواالنبى فقالوا يا نبى الله ان موسى اوصى الى يوشع بن نون فمن وصيک يارسول الله؟ ومن ولينا بعدک ؟

فنزلت هذه الآية فقال رسول الله: قوموا بنا فقاموا فاتوا المسجد فاذا سائل خارج فقال يا سائل ما اعطاک احد شيئا ؟

قال نعم هذا الخاتم قال :من أعطاكه قال أعطانيه ذلک الرجل الذى يصلى قال على اى حالة اعطاک قال كان راكعاً فكبرالنبى وكبر اهل المسجد فقال النبى علي بن ابى طالب وليكم بعدى فقالوا رضينا بالله ربا وبالاسلام دينا وبمحمد نبياً و بعلي ولياً و انزل الله عزوجل ومن يتول الله و رسوله والذين امنوا فان حزب الله هم الغالبون(مائده٥٦)

(حوالہ: اثبات الهداة ج ۲ ص ۵۴ ح ۲۴۵، انتشارات علمیہ قم)

ترجمہ: امام محمد باقرؑ سے روایت ہے: کہ قول انما ولیکم اللہ ورسولہ۔۔ آخر آیت تک کے ایک یہودی گروہ ایمان لایا اور رسول خداﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ: حضرت موسیٰ نے یوشع بن نون کو اپنا خلیفہ اور جانشیں بنایا تھا آپ کا خلیفہ اور جانشیں کون ہے؟ اسکے بعد یہ آیت نازل ہوئی تو آنحضرتﷺ نے ان سے کہا میرے ساتھ مسجد میں چلو جب تمام مسجد کے دروازہ پر پہنچے ایک سائل مسجد سے نکل رہا تھا آنحضرتؐ نے اس سے پوچھا آیا کسی نے آپ کو کوئی چیز دی ہے؟ سائل نے کہا یہ انگوٹھی مجھے دی ہے حضرتﷺ نے پوچھا کس نے دی ہے؟ تو اس نے کہا وہ مرد جو نماز پڑھ رہا ہے آنحضرتﷺ نے پوچھا کس حالت میں دی ہے کہا حالت رکوع میں پس آنحضرتؐ نے تکبیر بلند کی اور تمام مسجد میں موجود افراد نے بھی نعرۂ تکبیر بلند کیا تو اس وقت آنحضرتﷺ نے فرمایا میرے بعد

علی ابن ابیطالبؑ تمہارا ولی ہے تو اس وقت اس انہوں نے کہا کے ہم راضی ہوئے کہ اللہ ہمارا رب ہے، اسلام ہمارا دین ہے، اور محمدؐ ہمارا نبی ہے اور علیؑ ہمارا ولی ہے اس وقت اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی: پس جس نے اللہ اور رسول اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے اپنا ولی بنایا (یعنی معصومین) پس اللہ کا گروہ یہی ہے اور ہمیشہ اللہ کا گروہ ہی غالب ہے۔

ملاحظہ: اے برادران آپ نے دیکھا جب یہود معجزات دیکھ کر ایمان لائے انہوں نے ایمان کی جو گواہی رسول اللہ کے سامنے دی وہ تین شھادتیں ہیں اور یہی کلمہ طیبہ ہے اور کلمہ کے آخر میں بھی ہم شیعہ یہ کھتے ہیں وخلیفتہ بلافصل یعنی حضرت علیؑ حضرت محمدؐ کے ایسے خلیفہ ہیں جن میں فاصلہ نہیں ہے جب آپ محمدؐ کی گواہی دیں تو بلافصل علی ولی اللہ کی گواہی بھی دیں یہی محکم وپایدار دین ہے اور اسی کا ذکر تمام کتب سابقہ اور صحف انبیاء میں موجود ہے اور اسی طرف امام صادقؑ نے اپنے شیعہ ومومنین کو راغب کیا ہے، اور جب بھی تم میں سے کوئی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہے اس پر علی ولی اللہ کہنا واجب ہے تا کہ شیعہ قرآن کے مخالف نہ بنیں جبکہ قرآن میں علیؑ کی ولایت وامامت کو حضرت محمدؐ کی نبوت سے ملانے

اور متصل کرنے کا حکم آیا ہے(والذین ینقضون عهدالله من بعد میثاقه ویقطعون ماامرالله به ان یوصل ویفسدون فی الارض اولئک هم الخاسرون )ترجمہ: جنھوں نے عہد خدا کو محکم باندھنے کے بعد توڑ دیا(عہد خدا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہے)اور جسے اللہ نے ملانے کا حکم دیا تھا اس میں جدائی ڈال دی(یعنی نبوت اور امامت کی گواہی میں جدائی ڈال دی)اور زمین میں فساد کیا اور یہی لوگ خسارہ میں ہیں۔

## حدیث نمبر 71

روی عن أبی عبدالله فی حدیث أنه قال ان الله أخذ المیثاق علی ذریة آدم وهم کالذرة انه قال ألست بربکم قالوا بلی قال أن محمداً رسولی و علیاً أمیرالمومنین

(حوالہ: اثبات الھداۃ ج۲ ص۷۰ ح ۴۵۰، انتشارات علمیہ قم)

ترجمہ: حضرت امام صادقؑ سے روایت ہے کہ اللہ نے اولاد آدم سے عہد وپیمان لیا جب وہ عالم ذر میں تھے اور اللہ نے فرمایا: کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟

تمام نے کہا جی ہاں تو ہمارا رب ہے، تو اللہ نے فرمایا: محمدؐ میرا رسول ہے اور علی مومنوں کا امیر ہے

ملاحظہ: برادران آپ نے اس حدیث شریف میں یہ پڑھا ہے، کہ اللہ نے عالم ذر میں اولادِ آدم سے اپنی توحید اور حضرت محمدؐ کی نبوت اور امام علیؑ کی امامت وولایت کا عہد وپیمان لیا ہے اور بتایا ہے روز ازل سے یہ تین گواہیاں اکٹھی ہیں، ان میں کبھی جدائی نہ ڈالیں وگرنہ آپ کلمۃ طیبۃ اور آیت فطرت اور آیت میثاق وآیت عہد اور آیت تبلیغ اور آیت اطاعت اور آیت ولایت، آیت ایمان، اور آیت رؤیت کے مخالف ہیں۔

## حدیث نمبر 72

روی عن موسی بن جعفر في حديث أنه قال ان ملكاً هبط على رسول الله فلما ولى اذا بين كتفيه مكتوب محمدرسول الله علي وصيه

(حوالہ: اثبات الھداۃ ج ۲ ص ۱۸۳ ح ۸۸۸، انتشارات علمیہ قم)

ترجمہ: امام کاظمؑ سے مروی ہے ایک فرشتہ حضرت رسولؐ پر نازل ہوا اور جب اس نے اپنا چہرہ پھیرا، اس کے دونوں شانوں کے درمیان لکھا ہوا تھا محمد اللہ کا رسول ہے اور علیؑ اسکا خلیفہ اور وصی ہے

ملاحظہ: اس حدیث میں جہاں اللہ کے نبیؐ کا ذکر ہے، وہاں اللہ کے ولی کا بھی ذکر ہے، ان دونوں بھایوں میں اصلا جدائی نہیں ہے یہ دونوں ایک ہی نور ہیں یہ دشمنوں کی چال تھی نبوت کو قبول کر کے امامت وولایت کی مسند پر خود بیٹھ گئے

اور اپنے آپ کو نبی کا خلیفہ و جانشین معرفی کیا تاکہ لوگوں کو دینِ حق سے جو خود مولا علیؑ ہے، جو نورِ نبی اور سببِ اکمال دین اور اتمام نعمت ہے اس سے دور کریں اور جو نبیؐ و علیؑ میں جدائی ڈال کر حق و باطل کو مخلوط کیا اور لوگوں کو ولایتِ مولا علیؑ سے دور کیا وہی باطل ہے اور جو ولایت پر ایمان نہیں رکھتا ہے اسکا اللہ اور رسولؐ پر بھی ایمان نہیں ہے کیونکہ ولایت دین کو اور نعمت کو کامل کرتی ہے اور یہی تین گواہیاں تین شھادات ہیں۔

## حدیث نمبر 73

روى عن أبى جعفرأنه قال لو ان ا لجهال من هذه الامة يعلمون متى سمى أميرالمومنين لم ينكروا......إلى ان قال الم تسمع الله يقول فى كتابه و اذا أخذربک من بنى آدم من ظهورهم و ذريتهم و أشهدهم على أنفسهم ألست

بربكم قالوا بلى(سورة اعراف١٢٧) و أن محمدرسول الله و ان علياً أميرالمومنين فوالله لسماه أميرالمومنين في الاظلةحيث أخذ من ذرية آدم الميثاق

(حوالہ: اثبات الهداة ج۲ ص۱۶۵ ح۷۴۹، انتشارات علمیہ قم)

ترجمہ: امام باقرؑ سے روایت ہے کہ اگر اس امت کے جاھلین یہ جان لیتے امیر المومنین کا نام امیر المومنین کب سے ہے وہ علیؑ کا انکار نہ کرتے یہاں تک کہ آنحضرت نے فرمایا: کیا آپ نے اللہ کا وہ قول جو اپنی کتاب میں فرمایا ہے، نہیں سنا ہے جب اللہ نے اولادِ آدم سے عہد لیا اور ان کو اپنے نفسوں پر گواہ بنایا اور کہا کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں؟ سب نے کہا جی ہاں، تو ہمارا رب ہے بیشک محمدؐ اللہ کا رسول ہے، اور علیؑ مومنوں کا امیر ہے حضرت نے فرمایا: خدا کی قسم جس وقت اللہ نے عرش کے سایہ کے نیچے تمام اولاد آدم سے عہد وپیمان لیا اس وقت علیؑ کا نام امیر المومنین رکھا۔

ملاحظہ: آپ نے غور کیا اللہ نے جب تمام اولاد آدم سے عالم ذر میں تین گواہیوں کا عہد وپیمان لیا اور اس وقت عرش الہی کے سایہ میں علیؑ کا نام امیر المومنین رکھا اور اس سے بڑی دلیل شھادت ثالثہ کی کیا ہو سکتی ہے جبکہ یہ تین گواہیاں اکٹھی ہیں۔

## حدیث نمبر74

روى عن الامام الصادق انه قال ان افضل الفرائض و أوجبها على الانسان معرفة الرب والاقرار له بالعبودية وبعده معرفة الرسول والشهادة له بالنبوة وبعده معرفة الامام الذى يأتم بنعته وصفته و اسمه فى حال العسر واليسر

(حوالہ: کتاب العوالم ج۱۵، ص۲۸۱، ح۱۸، انتشارات مدرسہ امام مھدیؑ)

ترجمہ: امام صادقؑ سے روایت ہے افضل ترین اور واجب ترین فرائض انسان پر اللہ کی معرفت اور اسکی عبودیت کا اقرار ہے اسکے بعد رسول اللہ کی معرفت کے ساتھ گواہی دینی ہے کہ وہ اللہ کا نبی ہے اور اسکے بعد ایسے امام کی معرفت ضروری ہے جس کی صفت ونعت اور اسم سے حالت عسر ویسر (مشکل وآسانی) میں اسکی اقتداء کی جائے۔

ملاحظہ: یہ حدیث ہمیں امام صادقؑ کی دعائے معرفت کی طرف متوجہ کرتی ہے جسے امام نے ہر نماز کے بعد پڑھنے کا حکم دیا ہے جس کے اول فقرات یہ ہیں: ( اللهم عرفني نفسک ) اے اللہ تو اپنی معرفت ہمیں عطا کر اگر تیری معرفت نہ ہوگی تیرے رسول کو ہم نہیں پہچان سکتے اے اللہ اپنے رسول کی معرفت ہمیں عطا فرما اگر تیرے رسول کی معرفت نہ ہوگی تو ہم حجت خدا امام کو نہیں پہچان سکتے اے اللہ اپنی حجت امام کی معرفت ہمیں عطا فرما اگر امام حجت کی معرفت نہ ہوگی تو ہم اپنے دین میں گمراہ ہو جائیں گے (کیونکہ اکمالِ دین واتمامِ نعمت معرفت امام ہے، جو معرفت امام نہیں رکھتا ہے اسکا دین ناقص ہے اور وہ اللہ کی تمام نعمات کا منکر ہے اور اسکا کوئی عمل قابل قبول نہیں ہے کیونکہ معرفت امام رکن وشرطِ توحید ہے پہلے ایک حدیث نقل ہو چکی ہے جس میں امام نے فرمایا ہے: (لااله الاالله محمدرسول الله علی ولی الله الی ههنا التوحيد ) یعنی توحید کا دائرہ علی ولی اللہ تک ہے جو علی کی امامت کا منکر ہے حقیقتاً وہ لا الہ الا اللہ یعنی توحید کا منکر ہے۔

## حدیث نمبر 75

روى انه سئل عليه السلام عن عرض جبل قاف وطوله واستداراته قال عليه السلام قال عرضه مسيرة الف سنة من ياقوته أحمر وسطه من فضة بيضاء وزجه من زمرة خضراء له ثلاث ذوائب ذوابة بالمشرق وذوابة بالمغرب والاخرى فى وسط السماء عليها مكتوب ثلاثة أسطر السطرالاول بسم الله الرحمن

الرحيم الثانی الحمدللّٰہ رب العالمین الثالث لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ علي ولی اللہ

(حوالہ: کتاب طوالع الانوار عالم تحریر سید مھدی موسوی سنۃ ۱۲۹۵ص ۱۶۵)

ترجمہ: امام صادقؑ سے روایت ہے کہ آنحضرت سے کوہ قاف پہاڑ کے لمبائی اور چوڑائی اور چار حدوں کے بارے میں سوال کیا گیا تو حضرت نے فرمایا اسکی چوڑائی ایک ہزار سال راہ ہے اور وہ یاقوت سرخ کی جنس سے ہے اسکا وسط یعنی درمیانی حصہ سفید چاندی کا ہے اور اسکی اصل وبنیاد زمردِ سبز سے ہے اسکی تین شاخیں ہیں ایک شاخ مشرق میں ہے اور دوسری شاخ مغرب میں ہے تیسری آسمان کے درمیان میں ہے اور ہر شاخ پر تین سطر میں یہ تین جملہ لکھے ہوئے ہیں: پہلی سطر میں بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھا ہوا ہے اور دوسری سطر پر الحمد للہ رب العالمین لکھا ہوا ہے اور تیسری سطر پر کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ لکھا ہوا ہے۔

ملاحظہ: اے برادران ایمانی اگر ذرا غور کریں اور مولا کے اس فرمان کو ٹھنڈے دل سے سوچیں اللہ نے مشرق ومغرب اور وسط آسمان میں یہ تین سطریں لکھ کر بتایا ہے اس عالم کی ابتدا بھی محمد وآل محمدؐ سے ہے اور بقاء وانتہاء بھی اسی خاندان عصمت وطہارت کے ساتھ ہے جیسا کے زیارت جامعہ کبیرہ میں ہے:

( بکم فتح اللہ و بکم یختم )یعنی اللہ نے آپ اہل بیتؑ سے ہی عالم کی ابتدا کی ہے، اور آپ ہی سے عالم کی انتہاء ہے آپ اگر غور کریں بسم اللہ سے اس حدیث کی ابتدا ہے جسکا نقطہ بھی علیؑ ہے جسکا اسم بھی علی ولی ہے اسی لئے تو مولا علیؑ نے فرمایا:( انا نقطة باء بسم اللہ) اور پھر فرمایا: (انا اسم اللہ الرضی ووجه اللہ المضی) میں ہی باء بسم اللہ کا نقطہ ہوں اور اللہ کا پسندیدہ نام اور اللہ کا روشن چہرہ ہوں(حوالہ: زیارت ششم امیر المومنین مفاتیح الجنان شیخ عباس قمی)(الذی ذکر ہ اللہ فی محکم الآیات فقال تعالی و انه فی ام الکتاب لدیناه لعلی الحکیم السلام علی اسم اللہ الرضی

ووجه المضی و جنبه العلی، مفاتیح الجنان زیارت 6 اور 7) وہ علی جسے اللہ نے اپنی محکم آیات میں ذکر کرتے ہوئے فرمایا ہے بیشک وہ اصل کتاب میں ہمارے پاس علی حکیم ہے اور سلام ہو اللہ کے پسندیدہ نام پر اور اللہ کے روشن چہرہ پر اور اللہ کے پہلو پر جو علیؑ ہے یہ اشارہ عقلمندوں کے لئے ہے۔

## حدیث نمبر 76

روی عن النبی ﷺ انه قال ثم عرج بی إلى السماء الخامسه فقلت ملائكة ربى تعرفوننا ؟قالوا ولم لانعرفكم ونحن نمرعليكم بالغداة والعشي بالعرش و عليه مكتوب لااله الاالله محمدرسول الله أيدته بعلي بن ابى طالب فعلمنا عند ذلک أن علياً ولي من أولياء الله فاقرء علياً منا السلام ثم عرج بی إلى السماء السادسة فقلت ملائكة ربى تعرفوننا؟ قالوا ولما لا نعرفكم فقد خلق الله جنة الفردوس و على بابها شجرة و ليس فيها ورقة الا و على كل ورقة منها مكتوب بالنور لااله الاالله محمد رسول الله علي ابن ابيطالب ولى الله عروة الوثقى وحبل الله المتين وحجته على الخلائق اجمعين فاقرء علياً منا السلام

(حوالہ: طوالع الانوار ص ۱۴۹، مطبعہ رشیدیہ تہران)

ترجمہ: نبی اکرم ﷺ سے روایت ہے جب مجھے معراج پر پانچویں آسمان پر لایا گیا تو میں نے اللہ کے ملائکہ سے پوچھا کیا تم ہمیں جانتے ہو؟ تو انہوں نے کہا کیسے ہم آپ کو نہیں جانتے جبکہ صبح وشام عرش پر آپ سے ہماری ملاقات ہوتی ہے اور عرش پر یہ لکھا ہوا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور میں نے محمدؐ کی تائید علی بن ابیطالبؑ کے ساتھ کی ہے اور ہم نے جانا ہے علیؑ اولیاء میں سے ایک ولی ہے پس ہمارا سلام حضرت علیؑ کو پہنچادیں اور اس کے بعد جب مجھے چھٹے آسمان پر لایا گیا تو میں نے فرشتوں سے پوچھا کیا تم

ہمیں جانتے ہو؟ تو انہوں نے جواب دیا ہم کیسے ہم آپ کو نہیں جانتے جب اللہ نے جنت الفردوس کو خلق کیا اور اسکے دروازہ پر ایک درخت ہے کہ جس کے ہر پتے پر نور سے یہ لکھا ہوا ہے، لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ابن ابیطالب ولی اللہ اور علی عروۃ والوثقی اور حبل اللہ المتین ہے، اور اللہ کی تمام مخلوق پر حجت ہے، ہمارا اسلام علیؑ کو پہنچا دیں۔

## حدیث نمبر 77

روى عن جابر قال سمعت عن النبى ﷺ أنه قال اذا تولد علي ابن ابى طالب(كان) وجهه كالشمس ألانور فسجد وقال بلسان فصيح أشهد ان لااله الاالله وحده لا شريک له وأشهد أن محمداً عبده ورسوله وأشهدانى ولى الله وصي رسول الله بمحمد تختم النبوة وبى تتم الوصية وأنا أميرالمومنين وتعجب ابوطالب عليه السلام بعد استماع ذلک

(حوالہ: طوالع الانوار ص۱۶۷، مطبعہ رشیدیہ تہران)

ترجمہ: جابر بن عبد اللہ انصاری نے نبیؐ سے روایت کی ہے آنحضرت نے فرمایا جب علی بن ابیطالبؑ خانہ کعبہ میں متولد ہوئے تو ان کا چہرہ مبارک سورج کی طرح منور تھا حضرت نے آتے ہی سجدہ کیا اور لسانِ فصیح عربی میں تین گواہیوں کو ظاہر کرتے ہوئے فرمایا میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں وہ وحدہ لاشریک ہے اور میں گواہی دیتا ہوں محمدؐ اللہ کا بندہ اور رسول ہے اور میں گواہی دیتا ہوں بیشک میں اللہ کا ولی ہوں اور رسول اللہ کا وصی ہوں حضرت محمدؐ کے ساتھ نبوت کا خاتمہ ہے اور میرے ساتھ وصایت تمام ہوتی ہے (یعنی میں آخری نبی کا وصی ہوں) اور میں امیر المومنین ہوں تو حضرت ابو طالب نے جب اپنے بیٹے سے تین گواہیاں سنی تو تعجب کیا۔

ملاحظہ:

حضرت رسول اکرمؐ نے اپنے بھائی وصی ووزیر اور خلیفہ کے بارے میں فرمایا ہے، جب لسان اللہ، وجہ اللہ، ید اللہ، عین اللہ، حطۃ اللہ، جنب اللہ، ولی اللہ، خلیفۃ اللہ، حجۃ اللہ، نور اللہ، ثناء اللہ، ضیاء اللہ، سبیل اللہ، حبل اللہ، باب اللہ، صراط مستقیم، نبا العظیم، علی حکیم، امام مبین، امام المتقین، قبلۃ العارفین ،امیر المومنین، صفات اللہ، کا نزول خانہ خدا میں ہوا چہرہ مبارک سورج کی مانند روشن تھا اور لسان اللہ نے حالت سجدہ میں تین شھادتوں کی گواہی دی اللہ کی وحدانیت محمدؐ کی نبوت اور اپنی ولایت وامامت اور یہ واضح روشن کر دیا کہ سقیفہ اور بنو امیہ اور بنو عباس اور قیامت تک آنے والے انکے تابعین مولا علیؑ کی گواہی کو اللہ ورسولؐ کی گواہی سے جدا نہیں کر پائیں گے کیونکہ یہ اللہ کا نور ہے اور منافقین وکافرین نے اللہ کے نور کو بجھانے کے لئے تمام مکر وفریب اور حیلوں کو استعمال کیا اور وہ ناکام رہے اللہ اپنے نور کو کامل کرنے والا ہے اگرچہ کافرین کو یہ بات گوارا نہیں (یریدون لیطفئوا نوراللہ بافواھھم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون)

## حدیث نمبر 78

روی عن النبی ﷺ انہ قال کتب علی جبھة البراق لاالہ الااللہ محمدرسول اللہ علی ولی اللہ

(حوالہ: طوالع الانوار ص۱۶۸، مطبعہ رشیدیہ تہران)

ترجمہ: نبی اکرم ﷺ سے روایت ہے کہ آنحضرت نے فرمایا: براق (وہ سواری جس پر نبی ﷺ معراج پر گئے) اسکی پیشانی پر (لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ) یہی تین گواہیاں لکھی ہوئی تھی۔

* * *

# حدیث نمبر79

روی فی خبر طویل انه سأل یهودی عن النبی مسائل وأجاب عنها و منها انه قال أخبرنی عن خمسة أشیاء مکتوبة فی التورات أمر بنی اسرائیل ان یقتدوا بموسی فیها من بعده فقال فی السطر الاول من التوراة محمدرسول الله وهی بالعبرانیة طاب ثم تلا رسول الله هذه الآیة یجدونه مکتوب عندهم فی التوراة والانجیل مبشراً برسول یأتی من بعده اسمه أحمد

وفی السطر الثانی اسم وصیی علي بن ابی طالب و فی السطر الثالث والرابع سبطي الحسن و الحسین و فی السطر الخامس امهما فاطمة سیدة نساء العالمین وفي التوراة اسم وصیی إیلیا واسم السبطین شبیر وشبرهما نورا فاطمة علیها السلام

(حوالہ: طوالع الانوار ص۱۶۹، مطبع رشیدیہ تہران)

ترجمہ: ایک لمبی حدیث میں ہے کہ نبیؐ سے ایک یہودی نے چند سوال پوچھے اور ان میں یہ سوال بھی تھا مجھے ان پانچ چیزوں کے بارے میں بتائیں جو تورات میں لکھی ہوئی ہیں اللہ نے بنی اسرائیل کو حکم دیا ہے ان پانچ میں موسی کے بعد بھی موسی کی اقتدا کریں تورات کی پہلی سطر میں لکھا ہوا تھا محمدؐ اللہ کے رسول ہیں اور عبرانی میں اس کا معنی طاب ہے اور اسکے بعد آنحضرتؐ نے اس آیت مبارکہ کی تلاوت فرمائی وہ تورات اور انجیل میں اس نبی کی صفت کو جانتے ہیں جو عیسی کے بعد آئے گا جس کا نام احمد ہے تورات کی دوسری سطر میں میرے وصی علی بن ابیطالبؑ کا نام ہے اور تیسری اور چوتھی سطر میں میرے دو سبط یعنی نواسوں حسنؑ و حسینؑ کا نام ہے اور اسکی پانچویں سطر پر لکھا ہوا ہے ان دونوں کی ماں

سیدۃ نساء عالمین ہے، اور توارت میں میرے وصی کا نام ایلیا ہے اور میرے دونوں نواسوں کا نام شبر و شبیر ہے جو دونوں فاطمہ کے نور ہیں۔

ملاحظہ: اس حدیث سے ہمیں یہ درس ملتا ہے جیسے اللہ نے انبیاء و اولیاء کو ان پانچ کی معرفت و اتباع کا حکم دیا ہے اسی طرح انکی امتوں پر بھی لازم و ضروری قرار دیا ہے کہ وہ ان پانچ انوار مقدسہ کی معرفت حاصل کریں تمام انبیاء و اولیاء اپنی حاجات اللہ سے ان پانچ کے وسیلہ سے طلب کرتے تھے حضرت آدم کی توبہ ان کے ذریعہ سے قبول ہوئی حضرت موسیٰ نے انہی اسماء کے ورد سے عصا کو اژدھا بنایا اور ید بیضاء کا معجزہ دیکھایا حضرت عیسیٰ نے ان ہی اسماء مقدسہ کے ورد سے اندھوں کوڑیوں اور مردوں کو زندہ کیا اور سب سے مہم بات یہ کے جہاں بھی اللہ نے کتب سماویہ میں اپنے حبیب محمد مصطفیٰ ﷺ کا ذکر کیا ہے وہاں اپنے وصی وولی علیؑ کا بھی ذکر کیا ہے اور ان ناموں کی جدائی کی بنیاد سقیفہ سے چلی ہے اب جو شخص بھی اس روش کو ادامہ دے گا وہ حامی و حامیان سقیفہ ہے۔

## حدیث نمبر 80

روی عن أنس بن مالک انه قال خرجت مع رسول اللهﷺ نتماشی حتی انتهینا إلی بقیع الغرقد فاذا نحن بسدرة عارية لانبات علیها فجلس رسول اللهﷺ تحتها فأورقت الشجرة وأثمرت والاستظلت علی رسول اللهﷺ فتبسم وقال أنس ادع لی علياً فعدوت حتی انتهیت الی منزل فاطمه علیها السلام فاذا انا بعلي يتناول شيئا من الطعام فقلت له اجب رسول اللهﷺ فقال لخير ادعی؟ فقلت الله و رسوله اعلم قال فجعل علي يمشی ويهرول علی اطراف انامله حتی مثل بین یدی رسول اللهﷺ فجذبه رسول اللهﷺ فاجلسه الی جنبه فرأيتهما یتحدثان و یضحکان فرأیت وجه علی قدإستنار فاذا أنا بجام من ذهب مرصع

باليواقيت والجواهر و للجام اربعة اركان على ركن منه مكتوب لااله الاالله محمدرسول الله و على ركن الثانى مكتوب لااله الاالله محمدرسول الله و علي بن ابى طالب ولى الله وسيفه على الناكثين والقاسطين والمارقين وعلى الركن الثالث لااله الا الله محمد رسول الله أيدته بعلي بن ابى طالب وعلى الركن الرابع نجاالمعتقدون لدين الله الموالون لأهل بيته

(حوالہ: کتاب بشارۃ المصطفیٰ ص ۸۳ مطبعۃ الحیدریۃ نجف اشرف)

ترجمہ: انس بن مالک روایت کرتا ہے میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلا جبکہ ہم پیدل چل رہے تھے یہاں تک کہ ہم جنت البقیع میں پہنچے آنحضرت بیری کے ایک خشک درخت کے نیچے آکر بیٹھے میں نے دیکھا درخت سرسبز ہوگیا اس پر پتے اور پھل آگئے اور وہ درخت رسول اللہ ﷺ کی طرف جھوکا اور سایہ کیا آنحضرت نے تبسم فرمایا اور مجھے کہا جاکر علیؑ کو بلا لاؤ پس میں جلدی سے حضرت فاطمہ سلام اللہ علیھا کے دروازہ پر پہنچا حضرت علیؑ طعام تناول فرمارہے تھے میں نے عرض کیا رسول خدا آپ کو بلارہے ہیں

حضرت نے فرمایا: امر خیر کیلئے بلا جارہا ہے؟ میں نے عرض کیا اللہ و رسول ہی بہتر جانتے ہیں حضرت علیؑ نے بہت تیزی کے ساتھ اپنے پنجوں پر حرکت کی یہاں تک کے رسول خدا کے سامنے حاضر ہوئے آنحضرت نے علیؑ کو اپنی طرف جذب کرتے ہوئے اپنے پاس بیٹھایا میں نے دیکھا دونوں بھائی آپس میں کلام کرتے اور ہنستے ہیں حضرت علیؑ کا چہرہ مبارک اچانک نورانی ہوا، اچانک میں نے سونے کا ایک جام دیکھا جو یاقوت اور جواہر سے سجا ہوا تھا اور اس کے چار رکن تھے پہلے رکن پر لکھا ہوا تھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ، اور دوسرے رکن پر لکھا تھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی بن ابیطالب ولی اللہ، اور وہ اپنی تلوار سے ناکثین (بیعت کو توڑنے والے یعنی طلحہ و زبیر و عائشہ) اور قاسطین (یعنی معاویہ جنگ صفین والے) اور مارقین (خوارج جنگ نہروان والوں) سے جنگ کرے گا اور اس کے تیسرے رکن پر لکھا تھا

لا الہ الا اللہ اید تہ بعلی بن ابی طالب میرے سواء کوئی معبود نہیں محمد اللہ کا رسول ہے، اور میں نے محمدؐ کی تائید علیؑ کے ساتھ کی ہے اور چوتھے رکن پر لکھا تھا: اہل بیتؑ کے موالی جو دین خدا پر اعتقاد رکھتے ہیں وہی کامیاب ہیں (دین خدا یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہے)

ملاحظہ: رسول اللہ جن کا ہر قول و فعل قول خدا ہے جہاں توحید و رسالت کو بیان فرمایا وہاں امامت و ولایت کا ذکر کیا کیونکہ امامت وولایت ہی تو تکمیل توحید و رسالت ہے آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ اس جام کے رکن دوم پر: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی بن ابی طالب ولی اللہ کے بعد یہ لکھا ہے کہ وہ علی اپنی ذوالفقار حیدری سے ناکثین و قاسطین ومارقین سے جنگ کرے گا اس جملہ نے سقیفہ والوں کو اور قیامت تک آنے والے انکے پیروکاروں اور منافقین کو واضح کر دیا کیونکہ ان سب گروہوں کی بنیاد سقیفہ سے چلی ہے اور قیامت تک آنے والے انکے مرید و پیروکار علیؑ کے دشمن ہیں اور شیعیان علیؑ سے دشمنی رکھتے ہیں، اور وہ اسم اللہ، نوراللہ، ولی اللہ، کے نام کو مٹانے اور توحید و رسالت سے جدا کرنے کے چکر میں ہیں وہ اپنے مکر و فریب سے دین خدا جس کا رکن اساسی امامت وولایت ہے جس سے دینِ اسلام کو اکمال و اتمام نعمت کی سند ملی ہے اور جس کے ذریعہ اس دین کی قیامت تک بقاہے وہ اس ولایت اور امامت کو جدا کرنا چاہتے ہیں، اور اپنے شیطانی سازشوں سے جو درس سقیفہ والوں نے یہود سے لئے تھے انکو عملی کرنے کے لئے ان کے پاس صرف ایک ہی راستہ تھا وہ یہ کے امام حق کے مقابلہ میں امام باطل بنائیں خلیفہ نبیؐ یعنی علیؑ کے مقابل میں جعلی خلیفہ بنائیں ولایت مطلقہ آل محمدؐ کے مقابلہ میں ادعائی ولی بنائیں تا کہ لوگوں کو اپنے مکر و فریب سے اہل بیتؑ اور امامتِ معصومین سے دور کر کے دین میں ظلم و جور فتنہ وفساد ، قتل و غارت جھوٹ اور تہمت کو رواج دے کر اپنے پیر و مرشد یعنی یہود و نصاری کو خوش کریں (مکروا مکراللہ واللہ خیرالماکرین) وہ اللہ سے مکر و حیلہ کرتے ہیں اور اللہ انکے تمام مکر و فریب کو ناکام بنائے گا اور تیسری رکن پر لکھا ہے کہ میں نے محمدؐ کی نبوت کا موید علیؑ کو بنایا ہے اگر نبی کی تائید علیؑ سے نہ ہوتی

نبوت ثابت ہی نہ ہوتی اس کی دلیل یہ آیت قرآنی ہے( يقولوا الذين كفروا لست مرسلا قل كفى بالله شهيداً بيني وبينكم ومن عنده علم الكتاب)کافر کہتے ہیں کے تو اللہ کا رسول نہیں ہے ان سے کھ دو میری رسالت پر دو گواہ ہیں ایک اللہ گواہ ہے اور دوسرا وہ گواہ ہے کہ جس کے پاس پوری کتاب کا علم ہے وہ علی بن ابیطالب ہے جو(كل شى أحسيناه فى امام مبين )کا مصداق ہے یعنی ہر چیز کا علم ہم نے امام مبین میں علی بن ابیطالبؑ میں رکھ دیا ہے۔

## حدیث نمبر 81

روى عن جابر عن النبى ﷺ انه قال مكتوب على باب الجنة لااله الاالله محمدرسول الله علي أخورسول الله قبل ان يخلق السماوات والارض بألفي عام

(حوالہ: کتاب طوالع الانوار ص ۲۸۰ مطبع رشیدیہ تہران)

ترجمہ: جابر بن عبد اللہ انصاری نبی ﷺ سے روایت کرتا ہے، کہ آنحضرت نے فرمایا جنت کے دروازہ پر زمین و آسمان کی خلقت سے دو ہزار سال پہلے سے لکھا ہے، لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی اخو رسول اللہ یعنی اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں محمدؐ اللہ کا رسول ہے، اور علیؑ محمدؐ کا بھائی ہے۔

ملاحظہ:

اے مومنین آپ کو متوجہ کیا جارہاہے کہ یہ تین شھادتیں زمین وآسمان کی خلقت سے پہلے ہیں اور یہ گواہیاں بقائے عالم کائنات ہیں۔

* * *

# حدیث نمبر82

روی عن أبی خالد الکابلی قال دخلت علی مولای علي بن الحسین وفي یده صحیفة کان ینظر إلیها ویبکی شدیداً فقلت ماهذه الصحیفه؟قال هذه نسخة اللوح الذی أهداه الله إلی رسول الله فیه اسم الله و اسم رسوله واسم أمیرالمومنین علي وساق الحدیث فی ذکر أسماء الائمة علیهم السلام الی ان قال و ا بنه الحجة القائم بأمرالله المنتقم من اعداء الله الذی یغیب غیبة طویلة ثم یظهر فیملأ الارض قسطاً و عدلا کما ملئت جوراًوظلماً

(حوالہ: القطرہ ج۱، ص۲۸۸، ح۶۷ مکتبہ نینوی الحدیثیہ)

ترجمہ: ابی خالد کابلی سے روایت ہے میں اپنے مولا امام زین العابدینؑ کی خدمت میں حاضر ہوا حضرت کے ہاتھ میں ایک کتاب تھی آپ اس کی طرف دیکھ کر شدید گریہ کر رہے تھے میں نے پوچھا مولا یہ کونسی کتاب ہے فرمایا یہ لوح کا نسخہ ہے جسے اللہ نے اپنے نبیؐ کو ہدیہ کیا اور اس لوح پر اللہ کا نام اور رسول اللہ کا نام اور امیر المومنین علیؑ کا نام اور تمام ائمہ علیہم السلام کے آخر تک نام مرقوم ہیں اور یہاں تک کہ فرمایا: اسکا بیٹا حجتِ قائم اللہ کے حکم سے اللہ کے دشمنوں سے انتقام لینے والا ہے جو ایک طولانی مدت تک غیب ہو جائے گا اور پھر ظاہر ہو گا زمین کو عدل وانصاف سے پر کر دیگا جیسے کے وہ ظلم وجور سے پر ہو گی

# حدیث نمبر 83

روی عن رسول الله انه قال من قال لااله الاالله تفتحت له أبواب السماء ومن تلاها بمحمد رسول الله تهلل وجه الحق سبحانه واستبشربذلک ومن تلاها بعلي ولي الله غفرالله ذنوبه ولو کانت بعدد قطرالمطر

ترجمہ: رسول خداؐ سے روایت ہے آپ نے فرمایا جو: لا الہ الا اللہ کھے گا اس کے لئے آسمان کے دروازے کھل جائیں گے اور جو اس کے بعد محمدؐ رسول اللہ کہے گا اس کے لئے حق کا چہرہ روشن ووا ضح ہو گا اور اسے حق کی طرف سے بشارت ہو گی (وجہ حق سے مراد محمد وآل محمدؑ ہیں) اور جو اس کے بعد علی ولی اللہ کی تلاوت کرے گا اسکے گناہ معاف ہو جائیں گے اگرچہ بارش کے قطرات کے برابر ہی کیوں نہ ہوں

(حوالہ: فضائل ابن شاذان ص ۹۳، بحار الانوار ج ۳۸، ص ۳۱۸، ح ۲۷، انتشارات دار الکتب الاسلامیہ)

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے ملاحظہ فرمایا اس حدیث میں بھی تین گواہیوں کا ذکر ہے جو بھی علیؑ کی امامت وولایت کی گواہی دے گا اسکا کوئی گناہ باقی نہیں رہے گا، اور یہ اشارہ آنحضرتؐ کے اس فرمان کی طرف ہے (حب علی بن ابیطالب حسنة لایضر معها سیئة وبغض علی بن ابیطالب سیئة لاینفع معها حسنة) فرمایا: علیؑ کی محبت ایسی نیکی ہے جس کے ساتھ کوئی گناہ ضرر نہیں پہنچا سکتا ہے اور بغضِ علیؑ ایسی برائی ہے جس کے ساتھ کوئی نیکی فائدہ نہیں دے سکتی ہے۔

اور دوسری حدیث میں فرمایا: (ولو اجتمع الناس علی حب علی بن ابیطالب ما خلق الله النار) اگر لوگ علی بن ابیطالبؑ کی محبت پر جمع ہو جاتے اللہ جہنم کو خلق ہی نہ کرتا۔

علی بن ابیطالبؑ کی محبت اکسیر اعظم ہے جیسے چوٹکی اکسیر لوہے کو سونا بنا دیتی ہے اسی طرح ولایت و محبت امیر المومنینؑ جہنمی کو جنتی بنا دیتی ہے کیونکہ علیؑ اللہ کی رضاؤں کا مالک ہے جو علیؑ چاہتا ہے وہی اللہ چاہتا ہے اور جو اللہ چاہتا ہے وہی علی چاہتا ہے (وله مثل الاعلی) اللہ کی مثل اعلی علی علیہ السلام ہے، جو وجہ اللہ، لسان اللہ، عین اللہ، ید اللہ، حطة اللہ، نفس اللہ جنب اللہ، ولی اللہ، خلیفة اللہ ہے۔

* * *

# سوالِ انبیاء

واسئل من أرسلنا من قبلك من رسلنا اجعلنا من دون الرحمن آلهة يعبدون

(سورة ذخرف ٤٥)

(اے رسول) آپ سوال کریں ہمارے ان رسولوں سے جن کو ہم نے آپ سے پہلے بھیجا ہے کیا ہم نے اللہ کے علاوہ کوئی اور معبود بنائیں ہیں جن کی عبادت کی جائے؟ اس آیت کے ضمن میں حضرت محمد ﷺ نے فرمایا میں جب معراج پر چوتھے آسمان پر پہنچا تو سرخ یاقوت سے بنا ہوا اعالی شان محل دیکھا جبرائیل نے کہا: یہ بیت المعمور ہے جسے تمام آسمانوں اور زمینوں سے پچاس ہزار سال پہلے خلق کیا گیا ہے آپ اس میں نماز پڑھائیں چنانچہ تمام انبیاء اور مرسلین کو اللہ نے وہاں جمع فرمایا میں نے ان کو نماز پڑھائی جبرائیل وحی لیکر آیا اور کہا (واسئل من ارسلنا من قبلك) والی اوپر کی آیت کی تلاوت کی اور کہا اپنے سے پہلے والے رسولوں سے سوال کرو تم کیسے مبعوثِ رسالت ہوئے ہو؟ اور میں نے جب انبیاء سے پوچھا انہوں نے جواب دیا (بعثنا على ولايتك يامحمدوولاية علي بن ابى طالب) اے محمدؐ ہم تیری اور علیؑ کی ولایت پر مبعوث ہوئے ہیں۔

(حوالہ: تفسیر البرھان، تفسیر انوار النجف)

اور اہل سنت کا عالم حافظ ابو نعیم حلیۃ الاولیاء میں نقل کرتا ہے اس حدیث کا پورا جواب آنے والی حدیث میں ہے۔

* * *

# حدیث نمبر84

روی عن أبي نعيم الحافظ:( ان النبی ﷺ ليلة اسرى به الى السماء جمع الله بينه وبين الانبياء ثم قال له سلهم يامحمد على ماذا بعثتم فقالوا بعثنا على شهادة أن لااله الاالله والاقرار بنبوتک والولاية لعلي بن ابی طالب )

(حوالہ: تأویل الآیات ج۲ص ۵۶۲ح ۲۸ مدرسہ امام مھدی)

ترجمہ: حافظ ابو نعیم نے رسول خداؐ سے روایت کی ہے شبِ معراج اللہ نے مجھے اور تمام انبیاء کو جمع کیا اور مجھے حکم دیا ان انبیاء سے سوال کرو تم کس چیز پر مبعوث ہوئے ہو،؟ تو انہوں نے کہا ہم شھادت لا الہ الا اللہ اور اے محمدؐ تیری نبوت اور علی بن ابیطالبؑ کی ولایت کے اقرار پر مبعوث ہوئے ہیں۔

اور اسی ضمن میں عبد اللہ ابن مسعود سے بھی روایت ہے:

روی عن عبدالله بن مسعود انه قال: قال لی رسول الله فی حديث الاسراء فاذا ملک قد أتانی فقال يامحمدسل من أرسلنا من قبلک من رسلنا على ماذا بعثتم فقلت لهم معاشر الرسل والنبيين ماذا بعثكم الله قبلی قالوا على ولايتک يامحمد وولاية علي بن ابی طالب عليه السلام

(حوالہ: کتاب تأویل الآیات شرف الدین استر آبادی ج۲، ص ۵۶۲، ح۲۹ انتشارات مدرسہ امام مھدی عج)

ترجمہ: عبد اللہ بن مسعود نے رسول خدا سے روایت کی ہے آنحضرت نے فرمایا شب معراج ایک فرشتہ میرے پاس آیا اور کہا اے محمدﷺ اپنے سے پہلے والے رسولوں اور نبیوں سے سوال کرو کہ اللہ نے آپ کو کس چیز پر مبعوث کیا ہے؟ جب میں نے سوال کیا تو انہوں نے کہا یا محمدؐ ہم آپ کی اور علی بن ابیطالبؑ کی ولایت پر مبعوث بہ رسالت ہوئے ہیں۔

# حدیث نمبر85

روی عن النبی ﷺ التفت الی الانبیاء بیت المقدس فقال بما تشهدون قالوا نشهد ان لااله الاالله وانک رسول وعلي أميرالمومنين

(حوالہ: کتاب روضۃ الواعظین ابن فتال ج۱، س۵۹، منشورات رضی قم)

ترجمہ: نبی اکرم سے روایت ہے کہ شب معراج میں نے بیت القدس میں انبیاء سے سوال کیا کہ تم کونسی گواہی دیتے ہو تو انہوں نے کہا ہم گواہی دیتے ہیں، اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں یا محمدؐ تو اللہ کا رسول ہے اور علی امیر المومنینؑ ہے

ملاحظہ: اے برادران اس حدیث میں جب ہمارے پیارے نبی ﷺ نے انبیاء سے سوال کیا کہ تم کونسی گواہی دیتے ہو تو تمام انبیاء نے فرمایا ہم تین شھادتوں والے ہیں مقصرین پر حجت تمام ہے۔

# حدیث نمبر86

روی عن ابی عبدالله انه قال إنا اول اهل بيت نوه الله باسمائنا ان الله لما خلق السماوات والارض أمر منادياً فنادى أشهد ان لااله الاالله ثلاثاً واشهد ان محمداًرسول الله ثلاثاً واشهد ان علياً أميرالمومنين حقاً ثلاثاً

(حوالہ: اثبات الهداۃ ج۲ ص ۱۲ ح ۵۰، انتشارات علمیہ قم)

ترجمہ: امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے حضرت نے فرمایا ہم وہ پہلا خاندان ہیں اور اللہ نے ہمارے ناموں کو بلند کیا جب اللہ نے آسمانوں اور زمین کو خلق فرمایا ایک منادی کو حکم دیا کے وہ ندا دے

تواس نے تین مرتبہ کہا: اشھد ان لا الہ الا اللہ، اور پھر تین مرتبہ کہا اشھد ان محمد رسول اللہ اور پھر تین مرتبہ کہا اشھد ان علیا امیر المومنین حقا۔

ملاحظہ: مومنین اس حدیث میں آپ نے دیکھا شھادات ثلاث میں سے ہر ایک گواہی کو تین مرتبہ تکرار کیا گیاہے وہ اس لئے ہے تا کہ ان گواہیوں کی اہمیت واضح ہو جائے اور یہ تین مرتبہ ذکر کرنا آخری حد ہے اور یہ واضح ہو جائے تین ضرب تین 9 ہیں اور یہ عالم اس ۹ عدد پر جو بی بی کائنات کا عدد ہے باقی ہے سلام اللہ علیھا جو اکیلی اجر رسالت کی وارث بھی ہے اور اس حدیث کی مصداق بھی ہے (لولا فاطمه لماخلقتکما) کہ اگر فاطمہ سلام اللہ علیھا نہ ہوتی تو میں تم دونوں یعنی محمدؐ اور علیؑ کو خلق نہ کرتا اور حدیث کساء میں بھی مرکز و محور سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیھا ہیں اللہ ہمیں اس خاندان عصمت کی معرفت عطا فرمائے۔

## حدیث نمبر87

روی عن عبداللہ ابن عباس عن النبیؐ فی حدیث و فاۃ فاطمه بنت اسد ام أمیرالمومنین انه قالؐ لها لما وضعها فی قبرها إن أتاک منکر ونکیر فقالا لک من ربک فقولی الله ربي ومحمد نبيّ والقرآن کتابی وابني امامي و ولیي

(حوالہ: اثبات الھداۃ ج ۲، ص ۵۹، ح ۲۶۳، انتشارات علمیہ قم)

ترجمہ: عبداللہ ابن عباس نے نبی اکرمؐ سے وفات فاطمہ بنت اسد مادر گرامی امیر المومنین کے حوالے سے نقل کیاہے جب آنحضرتؐ نے فاطمہ بنت اسد کے جسد مبارک کو قبر میں رکھا فرمایا اگر منکر و نکیر آکر تجھ سے تیرے رب کے بارے میں سوال کریں تو ان کے جواب میں کہ دینا اللہ میرا رب ہے محمدؐ میرا رسول ہے اور میرا بیٹا علی میرا امام اور ولی ہے اور قرآن میری کتاب ہے۔

ملاحظہ:اے مومنین یہ ولایت وامامت امیر المومنین اتنی اہم ہے کہ اس کا سوال قبر اور حشر بلکہ تمام اعمال کی قبولیت اور ہر جگہ میں اس کے بارے میں سوال ہو گا(وقفوهم إنهم مسئولون عن ولاية علي بن ابيطالب)ان کو روکو ان سے ولایت علی بن ابیطالبؑ کا سوال کیا جائے گا،اس لئے جہاں اللہ اور رسول کی گواہی ہے وہاں علیؑ اور باقی ائمہؑ کی گواہی ہے یہ تمام گواہیاں لازم وملزوم ہیں جیسے تمام ائمہ علیہم السلام میں سے یا تمام آیات قرآن میں سے جو ایک امام یا ایک آیت قرآن کا منکر ہے وہ سب ائمہ اور تمام آیات قرآنی کا منکر ہے اسی طرح جو ولایت امیر المومنینؑ کو ولایت اللہ اور ولایت رسول اللہ سے جدا کرتا ہے گویا وہ ولایت اللہ اور ولایت رسول خدا کا منکر ہے کیونکہ اللہ نے قرآن میں ان تین ولایتوں کو منحصر کر دیا ہے(إنما وليكم الله ورسوله والذين آمنواالذين يقيمون الصلاة ويؤتون الزكاة وهم راكعون)

## حدیث نمبر 88

روى عن سلمان انه قال كنا جلوساًعند النبیؐ اذا اقبل علي بن ابى طالب فناوله النبي الحصاة فلما استقرت فى كف علي نطقت وهي تقول لااله الاالله محمدرسول الله رضيت بالله رباً وبمحمد نبياً وبعلى بن ابى طالب اماماً و ولياً ثم قال النبیؐمن أصبح منكم راضياً بالله وبولاية علي بن ابى طالب فقد امن من خوف الله وعقابه

(حوالہ:بشارۃ المصطفی،ص ۱۳۴،مکتبہ حیدریہ نجف اشرف،مناقب شہر بن آشوب ج ۲،ص ۳۲۶)

ترجمہ:سلمان فارسی نے نقل کیا کہ ہم نبی اکرمؐ کے پاس بیٹھے تھے امیر المومنین علی بن ابیطالبؑ تشریف لائے تو آنحضرتؐ نے سنگریزے علیؑ کے ہاتھ میں دیئے جب وہ آپ کے ہاتھ پر مستقر ہوئے انہوں نے کلام کی اور کہا اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں محمدؐ اللہ کا رسول ہے ہم اللہ کی ربوبیت

اور حضرت محمدؐ کی نبوت اور علیؑ کی امامت وولایت پر راضی ہیں، اور پھر آنحضرت نے فرمایا: جو تم میں سے صبح کرے اور اللہ اور ولایت علیؑ پر راضی ہو وہ اللہ کے خوف وعذاب سے محفوظ ہے

ملاحظہ:

اس حدیث میں ہمیں بتایا گیا ہے کہ یہ سنگریزے جو جمادات ہیں، بلکہ عالم کائنات کی ہر شی کا کلمہ یہی تین شھادات ہیں، نجات و بخشش، عزت ومقام ان تین گواہیوں پر ہے جو ان تین گواہیوں کا منکر ہے وہ ان ملعونوں کا ساتھی ہے جو سقیفہ کے بانیوں میں سے تھے اور ان پر اور ان کے تابعین پر اللہ کی بیشمار لعنت ہے اور جہنم ان کا ٹھکانا ہے اللہ ان تین کے شر اور انکے پیروکاروں کے شر سے مومنین کو محفوظ رکھے اور اس حدیث کے آخر میں یہ جملہ ہے جو بھی اللہ اور علیؑ کی ولایت پر راضی ہے اللہ اسے خوف وعذاب سے محفوظ فرمائے گا آپ نے غور کیا رسول خدا نے توحید کے ساتھ ولایت وامامت کا ذکر کیا ہے یہ اس لئے ہے جب کلمہ کا اول وآخر ذکر ہو گا تو وسط میں نبوت ہے جو خود بیان ہو جائے گی

*** 

## حدیث نمبر 89

روی عن أبي الحسن انه قال ولاية علي مكتوب في صحف ابراهيم وموسى ولن يبعث الله رسولا الا بنبوة محمدو وصية علي

(حوالہ: اثبات الھداۃ ج۲، ص۱، ح۴۹ انتشار اعلمیہ قم)

ترجمہ: امام موسی کاظمؑ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ولایتِ علیؑ صحفِ ابراھیم وموسی میں لکھی ہوئی ہے اللہ نے کوئی نبی نہیں بھیجا ہے مگر اس سے نبوت محمدؐ اور وصایت وولایت علیؑ کا اقرار لیا ہے۔

# حدیث نمبر90

روی عن جابر بن عبدالله قال كنت عند النبیﷺأنا من جانب وعلي من جانب اذا اقبل عمر بن خطاب ومعه رجل تلبب فقال صلى الله عليه وآله وسلم مابالہ؟قال حكى عنک یا رسول الله انک قلت یارسول الله من قال لااله الاالله محمدرسول الله دخل الجنة وهذا اذا سمعه الناس فرطوا في الاعمال أفانت قلت ذاک یا رسول الله؟ قال صلى الله عليه وآله وسلم نعم اذا تمسک بمحبة هذا و ولايته

(حوالہ: بشارۃ المصطفیٰ ص ۱۳۳، مکتبہ حیدریہ)

ترجمہ: جابر بن عبداللہ انصاری نے روایت کی ہے میں نبیؐ کی ایک جانب موجود تھا اور علیؑ دوسری جانب موجود تھے عمر بن خطاب وارد ہوا جبکہ عمر نے ایک آدمی کا گریبان پکڑا ہوا تھا نبی اکرمؐ نے پوچھا اس مرد کی کیا حکایت ہے تو عمر نے کہا اس نے آپ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے یہ فرمایا ہے جو بھی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہے گا وہ جنت میں داخل ہو گا اس کلام کو اگر لوگ سنے گے تو اپنے اعمال میں کوتاہی کریں گے آیا آپ نے یہ کلام ذکر فرمایا ہے یارسول اللہ؟ آنحضرت نے فرمایا: یہ کلام میرا ہے علیؑ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا جو علیؑ کی محبت وولایت کو قبول کرتے ہوئے، لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے ساتھ علی ولی اللہ کہے گا وہ جنت میں جائے گا۔

ملاحظہ: اے برادران آپ نے غور کیا آنحضرتؐ نے فرمایا: علیؑ کی محبت وولایت کے ساتھ کلمہ توحید پورا ہوتا ہے۔

***

# حدیث نمبر 91

روی انه هبط الامین جبرائیل عند التزویج الزهراء علیها السلام بأمیرالمومنین (ع) بأترجة من الجنة فقال یارسول الله ان الله یأمرک ان تدفع هذه الأترجة إلی علي بن ابی طالب فدفعها النبیﷺ إلی علي فلما حصلت فی کفه انقسمت قسمین مکتوب علی قسم لااله الاالله محمدرسول الله علي أمیرالمومنین و علی القسم الآخر هدیة من الطالب الغالب إلی علي ابن ابی طالب

(حوالہ: دلائل الامامۃ طبری ص ۱۴۳، منشورات حیدریہ)

ترجمہ: روایت ہے حضرت زہرا سلام اللہ علیہا اور امیر المومنینؑ کی تزویج کے وقت جبرائیل جنت سے ایک ترنج کا میوہ لایا اور رسول اکرمؐ سے کہا: اللہ کا حکم ہے کہ یہ ترنج علی بن ابیطالبؑ کو دو جب آنحضرتؐ نے وہ ترنج علیؑ کو دیا حضرت علیؑ کے ہاتھ پر آتے ہی دو حصہ میں تقسیم ہو گیا ایک حصہ پر یہ لکھا ہوا تھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین اور دوسرے حصہ پر یہ لکھا ہوا تھا یہ ہدیہ خدائے طالب وغالب کی طرف سے علی بن ابیطالبؑ کو ہے۔

ملاحظہ: اے مومنین اللہ کا ہدیہ علی بن ابیطالبؑ کی طرف یہی تین شہادات ہیں اور ترنج پر شہادت ثالثہ امیر المومنینؑ کی گواہی اللہ اور رسول کی گواہیوں سے جدا نہیں ہے اور اللہ اس ذریعہ سے علیؑ کی عظمت ومقام اور ولایت کو بندوں پر واضح کرنا چاہتا ہے۔

# حدیث نمبر 92

روی عن رسول اللهﷺ انه قال لعلي یاعلی إنی طلبت من الله جل جلاله أن یذکرک فی کل مورد یذکرني فأجابنی فاستجاب لی

(حوالہ: سید نعمت اللہ جزائری اپنے استاد علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ سے اپنے کتاب انوار نعمانیہ میں حدیث صحیح سے نقل کرتے ہیں:

(قد ورد فی صحیح الاخبار ان النبی ﷺ قال لعلي یاعلی سئلت ربی ان تذکر حیث اذکر فأجابنی إلی ذلک)

ترجمہ: رسول خداؐ سے روایت ہے کہ آنخضرت نے فرمایا: یاعلیؑ میں نے اللہ جل جلالہ سے یہ طلب کیا ہے جہاں میرا نام ہو وہاں علیؑ کا نام بھی ہو تو اللہ نے میری دعا قبول فرمائی ہے، سید نعمت اللہ جزائری نے اپنی کتاب انوار نعمانیہ میں علامہ مجلسی سے صحیح حدیث نقل کی ہے کہ نبیؐ نے فرمایا: یا علی میں نے اپنے پروردگار سے سوال کیا ہے جہاں میرا ذکر ہو یا علی ساتھ تیرا بھی ذکر ہو تو اللہ نے میری اس بات کو قبول کیا ہے۔

* * *

ملاحظہ:

اے مومنین ان دو احادیث کا مضمون ایک جیسا ہے جہاں بھی نبیؐ کا ذکر ہے وہاں ساتھ ہی علیؑ کا ذکر ہے اگر نبی کا ذکر کلمہ، اذان، اقامت، تشہد نماز یا تلقین میں ہے تو پھر علیؑ کا نام بھی ان سب میں ہے جو اس فرمان کا منکر وہ اللہ و نبی کا منکر ہے اور بہت سی روایات اور قرآنی آیات جن میں شہادت ثالثہ کا ذکر ہوا ہے جو کسی ایک آیت کا منکر ہے وہ سب کا منکر ہے پس معلوم نہیں وہ کس دین والا ہے جبکہ اکمال دین و اتمام نعمت شہادت ثالثہ ولایت علی بن ابیطالبؑ سے ہے، اور آنخضرتؐ کی اللہ سے دعا بھی یہی ہے کہ جہاں میرا نام ہو وہاں ساتھ ہی علیؑ کا نام ہو۔

* * *

## حدیث نمبر 93

روی عن رسول الله ﷺ انه قال والذی بعثنی بالحق بشیراً ما استقر الکرسی والعرش ولا دار الفلک ولا قامت السماوات والارض الا بان کتب الله علیها لااله الاالله محمدرسول الله علي أميرالمومنين

(حوالہ: کتاب الیقین فی امرۃ المومنین ص 58، بحارالانوار ج ۲۷، ص ۸، روایت ۱۶ باب ۱۵)

ترجمہ: رسول خداؐ سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا مجھے خدا کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ بشارت دینے والا مبعوث کیا ہے عرش و کرسی اور چرخش والا فلک اور آسمانوں و زمیں نے استقرار نہیں پکڑا ہے جب تک ان تمام پر یہ تین گواہیاں یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین نہیں لکھی گئیں ہیں۔

ملاحظہ: برادران ایمانی جب عالم کائنات ان تین شھادات کے بغیر قائم نہیں ہو سکتی ہے تو پھر آپ کی اور میری وسوسوں سے بھرپور نماز کیسے بغیر ولایت کے قائم و مستقر ہو سکتی ہے

## حدیث نمبر 94

روی انه سئل الباقرعن قوله تعالی (فاسأل الذین یقرءون الکتاب من قبلک )من هولاء؟فقال قال رسول اللهؐ لما اسری بی الی السماء الرابعة أذن جبرائيل وأقام جميع النبيين والصديقين والشهداء والملائكة و تقدمت و صليت بهم فلما انصرفت قال جبرائيل :قل لهم بم تشهدون؟قالوا نشهد أن لااله الاالله و أنک رسول الله و أن علياً أميرالمومنين

(حوالہ: طوالع الانوار ص ۱۶۰، مطبعۃ رشیدیہ طھران)

ترجمہ: امام باقر آل محمدؐ سے اللہ کے قول:(فاسأل الذين يقرءون الكتاب من قبلك) کے بارے سوال کیا گیا یہ کون ہیں؟ پس سوال کروان سے جو تجھ سے پہلے کتاب لوگوں پر پڑھتے تھے وہ کون تھے؟ رسول خدا نے فرمایا جب شب معراج مجھے چوتھے آسمان پر لے گئے جبرئیل نے اذان دی تمام نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں و فرشتوں کو جمع کیا گیا میں نے سب کو جماعت کروائی جب نماز ختم ہوئی جبرائیل نے کہا ان نبیوں سے سوال کرو تم کس چیز کی گواہی دیتے ہو جب میں نے سوال کیا تو انہوں نے کہا ہم یہ گواہی دیتے ہیں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے ملاحظہ فرمایا جب رسول اکرمؐ نے تمام نبیوں اور صدقین اور شھداء و ملائکہ کو نماز پڑھائی اور جب نماز سے فارغ ہوئے تو جبرائیل نے نبی اکرمؐ سے کہا تم ان سے سوال کرو کہ تم نماز میں کونسی گواہی دیتے ہو؟

توسب نے کہا ہم لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیر المومنین کی گواہی دیتے ہیں پس اس سے ثابت ہوا کے رسول خداؐ نے ان تمام انبیاء و شھداء اور صدقین و ملائکہ سے اقرار لیا اور ان سب نے اللہ کے نبیؐ کو گواہ بناتے ہوئے تین شھادتوں کا اقرار کیا۔

## حدیث نمبر95

روى عن الامام العسكرى انه قال ان الذين كفرو بالله و بما آمن به هولاء المومنون بتوحيدالله تعالى و بنبوة محمدؐرسول الله وبوصيه علي ولي الله ووصى رسول الله وبالائمة الطيبين الطاهرين خيارعباده الميامين القوامين بمصالح خلق الله تعالى (سواء عليهم أ أنذرتهم )خوفتهم(أم لم تنذرهم)لم تخوفهم لايؤمنون اخبر عن علمه فيهم هم الذين قد علم الله عزوجل انهم لايؤمنون (حوالہ: بحارالانوار ج۹، ص۱۷۳، ح۲، باب۱)

ترجمہ: امام عسکریؑ سے روایت ہے آنحضرت نے فرمایا وہ لوگ جنہوں نے اللہ کا کفر کیا اور اس چیز کا کفر کیا یعنی جس چیز پر (شیعہ) ایمان لائے ہیں، وہ اللہ تعالی کی توحید اور محمدؐ رسول اللہ کی نبوت اور نبیؐ کے وصی جو علی ولی اللہ اور وصی رسول اللہ ہے اور ائمۃ طیبین و طاہرین جو اللہ کے برگزیدہ اور اختیار کئے ہوئے بندیں ہیں اور جن کا قیام ہمیشہ اللہ کی مخلوق کی مصلحت کے لئے ہے چاہے انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں (یعنی کافرین کو) یہ ایمان نہیں لائیں گے اللہ نے اپنے علم سے ان کی خبر دی ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جنھیں اللہ جانتا ہے کہ یہ ایمان نہیں لائیں گے

ملاحظہ: برادران ایمانی اس حدیث میں مولا حسن عسکری کا یہ فصیح و بلیغ فرمان سنا جس میں آنحضرت نے واضح بیان فرمایا جو اللہ و رسول اللہ و علی ولی اللہ اور ائمہ طاہرین پر ایمان نہیں لایا ہے اور تمام کا منکر ہے اللہ کے علم میں یہ بات گذر چکی ہے کہ اے نبیؐ آپ ان لوگوں کو عذاب الہی سے ڈرائیں یا نہ ڈرائیں یہ ایمان نہیں لائیں گے (ختم اللہ علی قلوبھم و علی سمعھم وعلی ابصارھم غشاوۃ ولھم عذاب عظیم ) اللہ کی طرف سے ان کے دلوں اور کانوں پر مہر لگ چکی ہے اور ان کے آنکھوں پر پردے ہیں اور ان کے لئے بہت بڑا عذاب ہے اب سمجھے ان تین شھادات کا منکر کافر ہے اور ان پر ایمان لانے والا مومن ہے، مولا امام صادقؑ سے ایمان کے بارے پوچھا گیا ایمان کیا ہے؟ حضرت نے فرمایا (الایمان عقد بالقلب ونطق باللسان وعمل بالارکان ) ایمان یعنی تین شھادات کو اپنے دل میں محکم باندھ لینا ہے اور پھر اپنی زبان سے ان تینوں گواہیوں کا اقرار کرنا ہے اور پھر اپنے عمل سے یہ ظاہر کرنا ہے کہ میں اللہ اور رسول اللہ اور ائمہ طاہرین پر کامل ایمان رکھتے ہوئے ان کے ہر فرمان کے سامنے تسلیم ہوں۔

* * *

# حدیث نمبر96

روی عن حکیمه بنت محمدبن علی الرضا فی کیفیة ولادة الحجة بن الحسن انها قالت واذا هو قریب من الفجر الاول ثم عدت فکان الشیطان خبث قلبی قال ابو محمد لاتعجل ....فانتبهت بحرکة الجاریة فقلت لها:بسم الله علیک فسکنت الی صدری فرمت به علی وخرت ساجدةفسجد الصبی و قال لااله الاالله محمدرسول الله وعلي حجة الله

(کتاب القطرۃ ص۲۷۶،ح ا مکتبہ نینوی حدیثیہ)

ترجمہ:بی بی حکیمہ خاتون جو امام محمد تقی جواد بن علی بن موسی رضاؑ کی بیٹی ہیں مولا صاحب الزمان عج کی ولادت باسعادت کی کیفیت کو بیان کرتے ہوئے فرماتی ہیں جب صبح اول (یعنی اذان) صبح سے پہلے میں بی بی نرجس خاتون سلام اللہ علیھا کے قریب آئی (آثار ولادت نظر نہ آئے) تو شیطان نے میرے دل میں وسوسہ ڈالا ادھر سے امام حسن عسکریؑ نے فرمایا پھوپھی اللہ کے امر میں تعجیل نہ کریں (میں دوبارہ آرام کرنے لگی) بی بی نرجس خاتون کی حرکت سے میں نیند سے بیدار ہوئی اور میں نے اس سے کہا اللہ کے نام کی مدد طلب کرتی ہوں آپ کے لیئے (اللہ کا نام علیؑ ہے) اس نے مجھے اپنے سینے سے لگایا اور وہ سجدہ میں گر گئی اور مولود نے بھی سجدہ کیا اور فرمایا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ و علی حجۃ اللہ

ملاحظہ: اے برادران ایمانی مولا صاحب الزمان عج نے آتے ہی اپنے شیعوں و محبوں اور منتظرین کو یہ پیغام دیا کہ ہم آل محمدؐ اللہ کے فرمان اور قرآن کے مطابق تین گواہیاں دیتے ہیں اے شیعہ تم اگر چاہتے ہو اپنے ایمان و عقیدہ پر ثابت قدم رہو ہر نماز کے بعد دعا معرفت پڑھتے رہو:(اللھم عرفنی نفسک فانک ان لم تعرفنی نفسک لم اعرف رسولک اللھم عرفنی رسولک فانک ان لم تعرفنی رسولک لم اعرف حجتک اللھم عرفنی حجتک فانک ان لم تعرفنی حجتک

ضللت عن دینی ) اے اللہ تو اپنی پہچان ہمیں کروا اگر تیری پہچان نہ ہو گی تیرے رسول کو ہم نہیں پہچان سکتے اے اللہ اپنے رسول کی پہچان کروا اگر تیرے رسول کی پہچان نہ ہوئی تیری حجت کو ہم نہیں پہچان سکتے اے اللہ اپنے حجت امام کی ہمیں پہچان کروا، اگر حجت وامام کی پہچان نہ ہوئی تو ہم گمراہ ہو جائیں گے، اور یہ اشارہ اس مشہور حدیث کی طرف ہے (من مات ولم یعرف امام زمانه مات میتة جاهلیة) جو بھی مرا اور اپنے وقت کے امام کو نہ پہچانا وہ جہالت کی موت مرا ہے، اللہ ہمیں آل محمدؐ کے حق پر اور اسی حق پر مرنے کی توفیق عطا فرمائے، اور آپ نے دیکھا کے دعائے معرفت میں تین گواہیوں اور شھادتوں کا ذکر ہے، اور جو امام کی معرفت کے بغیر مرا وہ دین سے گمراہ اور جہالت کی موت مرا ہے اور یہ اشارہ ہے: (امام صادقؑ کے اس قول کی طرف حضرت نے فرمایا: ایک زمانہ آنے والا ہے انسان صبح مومن ہو گا اور شام کو کافر یا شام کو مومن اور صبح کافر ہو گا) تو مومنین یہ وہ وقت ہو گا جب لوگ امام معصوم جو منصوص من اللہ ہے اسے چھوڑ کر غیر معصوم کو ولی وامام بنائیں گے، اور وہ اس غیر معصوم کی اطاعت کو معصوم کی اطاعت جانیں گے وہ ان تین احادیث کے مطابق گمراہ وجاہل وکافر مریں گے۔

## حدیث نمبر 97

روی عن موسى بن عبد ربه انه قال سمعت الحسين بن علي يقول فى مسجدالنبى وذلک فى حياة أبيه علي سمعت رسول الله (يقول)اول ما خلق الله عزوجل حجبه فكتب على حواشيها لااله الاالله محمدرسول الله علي وصيه ثم خلق العرش فكتب على أركانه لااله الاالله محمدرسول الله علي وصيه ثم خلق الارضين فكتب على اطوارها لااله الاالله محمدرسول الله علي وصيه ثم خلق اللوح فكتب على حدوده لااله الاالله محمدرسول الله علي وصيه فمن

زعم انه يحب النبیﷺولايحب الوصی فقد كذب ومن زعم انه يعرف النبی ﷺ
ولايعرف الوصی فقد كفر

(کتاب عوالم ۳، ۱۵ ص ۲۲۲، انتشارات مدرسہ الامام مھدی عج)

ترجمہ: موسی بن عبد ربہ نے امام حسینؑ سے روایت کی ہے امام حسینؑ نے مسجد نبی میں اپنے بابا علیؑ کی حیات میں فرمایا میں نے اپنے جد رسول خدا سے سنا ہے آنحضرتﷺ نے فرمایا سب سے پہلے اللہ نے حجابوں یعنی پردوں کو خلق کیا اور ان کے کناروں پر لکھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی وصیہ یعنی علیؑ محمدؐ کا وصی ہے (یہی تیسری گواہی ہے) پھر اللہ نے عرش کو خلق کیا اور اس پر بھی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی وصیہ لکھا اور پھر اللہ نے زمینوں کو خلق کیا ان پر بھی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی وصیہ لکھا اور پھر اللہ نے لوح کو خلق کیا اس کے کناروں پر لکھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی وصیہ، اور پھر فرمایا جو یہ گمان کرتا ہے کہ نبیﷺ سے محبت رکھتا ہے اور نبی کے وصی علیؑ سے محبت نہیں رکھتا وہ جھوٹا ہے اور جو یہ گمان کرتا ہے کہ وہ نبیﷺ کو جانتا ہے اور نبی کے وصی و جانشین علیؑ کو نہیں جانتا ہے وہ بے شک کافر ہے

ملاحظہ: اس حدیث شریف میں سب سے پہلے یہ بات واضح ہے اللہ نے عالم کائنات کی ہر شی پر شھادات ثلاثہ کو لکھا ہے اور یہ گواہیاں راز الہی ہیں جہاں بھی اللہ اور نبی ہے ساتھ ہی علی ولی اللہ ہے اور فرمایا جو نبی سے محبت کا دعوہ کرتا ہے، اور علیؑ سے محبت نہیں کرتا وہ نبیﷺ کی محبت میں جھوٹا ہے یہ کیسے ہو سکتا آدھے نور یعنی رسول اللہؐ کو مانے اور آدھے نور یعنی علی ولی اللہ کو نہ مانے جو بھی ان دو نوروں کو مانے گا تو اس نے ان حدیثوں کو مانا ہے جس میں نبی اکرمﷺ نے فرمایا (انا وعلی من نور واحد) میں اور میرا بھائی علیؑ ہم ایک نور سے ہیں (انا وعلی من شجرة واحدة وسائر الناس من شجرة شتی) میں اور علیؑ ہم ایک درخت سے ہیں اور باقی لوگ مختلف درختوں سے ہیں، (علي رأسي في بدني) علی میرے بدن کا سر ہے اور آخر میں فرمایا جو یہ کہتا ہے کہ میں نبیﷺ کو جانتا ہوں اور نبیﷺ کے وصی کو

نہیں جانتا وہ کافر ہے کیونکہ اس نے اپنے وقت کے امام کو نہیں جانا ہے اور اسی لئے اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا:(من مات ولم يعرف امام زمانه مات ميتة جاهلية )جو امام زمانہ کی معرفت کے بغیر مرا وہ کافر مرا اب پتا چلا نبوت و امامت کا کتنا ضروری ربط ہے جو ان میں جدائی ڈالنے والا ہے وہ اللہ کا اور اللہ کے رسول کا دشمن ہے جبکہ ولایت و امامت کا تو وہ پہلے سے ہی دشمن ہے جس دشمنی کا اظہار وہ شھادت ثالثہ کو چھپانے سے کر چکا ہے۔

## حدیث نمبر98

روى عن علي انه قال: قال رسول اللهﷺ أتانى جبرائيل وقد نشر جناحيه و اذا فيها مكتوب لااله الاالله محمدالنبى و مكتوب على الآخر لااله الاالله علي الوصي

(حوالہ: کتاب بحار الانوار ج ۲۷، ص ۹، ح ۱۹، انتشارات دار الکتب اسلامیہ)

ترجمہ: حضرت ولی اللہ الاعظم علیؑ سے روایت ہے رسول خدا نے فرمایا جبرائیل میرے پاس آیا اور اس نے اپنے دونوں پروں کو کھولا ایک پر لکھا ہوا تھا اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں اور محمدؐ نبی ہے، اور دوسرے پر پے لکھا ہوا تھا اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں علیؑ وصی ہے۔

ملاحظہ: مومنین آپ نے میزان حکمت پروردگار کا ملاحظہ کیا ہے جہاں اپنا اور اپنے نبی کا ذکر کیا ہے وہاں ویسے ہی اپنے ساتھ اپنے ولی علیؑ کا ذکر کیا ہے وہ ذات قطعا برداشت نہیں کرتی ہے کہ نبوت جس پر خاتم المرسلین کی مہر لگ چکی ہے اسکا ذکر تو ہو اور ولایت و امامت جس کا دوام قیام قیامت تک ہے جس کے سبب سے عالم کائنات کی بقاء ہے اور جس کی وجہ سے عالم کائنات کو رزق و روزی مل رہی ہے اسکا ذکر نہ ہو جبکہ دونوں بھائیوں محمدؐ و علیؑ کا دین و اسلام کی نشر و اشاعت میں برابر کا حصہ ہے اس لئے اللہ نے اپنے

عدل کے مطابق ایک بھائی کو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ سے ذکر کیا ہے اور دوسرے بھائی کو لا الہ الا اللہ علی ولی اللہ سے یاد کیا ہے اور یہ عین عدل الٰہی ہے بلکہ جواب ودلیل ہے ان کے لئے جو نام محمدؐ سے نام علی ؑ کو جدا کرتے ہیں تاکہ زمین پر فتنہ وفساد برپا کریں اللہ ان کے شر سے مومنین کو محفوظ فرمائے آمین۔

## حدیث نمبر99

روی ان النبیؐ أشار إلی شجرة فانقلعت الشجرة باصولها و فروعها وجعلت تخرق الارض (وجری)نهرعظيم من تحتها حتی دنت الشجرة من رسول اللهؐ فوقعت بين يديه و نادت بصوت فصيح هاأناذا يارسول الله ماتأمرنی؟فقال لها رسول الله ادعوک لتشهد لي بالنبوة بعد شهادتک لله بتوحيد ثم تشهد بعدي و بعد شهادتک لي لعلي هذا بالامامة وإنه سندي وظهري و فخري لولاه ما خلق الله عزوجل شيئا مما خلق فنادت الشجرة بلسان فصيح أشهدان لااله الاالله وأشهد انک رسول الله وأشهد ان علي ولی الله وأشهد أن علياً وصيک و خليفتک

(حوالہ: طوالع الانوار ص۱۳۹، مطبعی رشیدیہ تہران)

ترجمہ: نبی اکرمؐ سے روایت ہے آنحضرت نے ایک درخت کی طرف اشارہ کیا وہ زمین سے اپنی جڑوں اور شاخوں کے ساتھ اکھڑا اور زمین کو چیرتا ہوا در حالانکہ ایک بڑی نہر اس کے نیچے جاری تھی رسول خدا کے سامنے کھڑا ہوا اور اونچی آواز میں فصیح عربی میں کہا یا رسول اللہ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوں میرے لئے کیا حکم ہے رسول خدا نے فرمایا میں نے تجھے اس لئے بلایا ہے کے اللہ کی توحید کے بعد میری نبوت کی گواہی دو اور میری گواہی کے بعد علیؑ کی امامت کی گواہی دو جو علیؑ میری تکیہ گاہ اور پشت وپناہ اور فخر ہے اگر علیؑ نہ ہوتا خدا کسی چیز کو خلق نہ کرتا تو اس وقت اس درخت نے فصیح عربی زبان میں

بلند آواز سے کہامیں گواہی دیتاہوں اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتاہوں آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور میں گواہی دیتاہوں علیؑ اللہ کا ولی ہے اور میں گواہی دیتاہوں علیؑ تیرا وصی اور خلیفہ ہے

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے نبی ﷺ کا یہ معجزہ اور درخت کا اس حالت میں حضرت کی خدمت میں آنا اور توحید ورسالت اور اامامت وولایت کی تین بار اَشھد کے ساتھ گواہیاں دینا اور خصوصا علیؑ کی گواہی میں دوبار لفظ اشھد کو لانا واضح دلیل ہے کہ آنحضرتؐ نے عالم کائنات کیلئے علیؑ کے فضل کو ظاہر کیا ہے اور منافقین و کفار کی علیؑ سے دشمنی کے منصوبوں کو ناکام بنایا ہے اور دنیاوالوں کو بتایا ہے علیؑ کا اللہ کے قریب کتنا بلند مرتبہ ہے اگر علیؑ خلق نہ ہوتا عالم کائنات کا وجود ہی نہ ہوتا گویا علیؑ عالم کائنات کے وجود کا سبب ہے اس لئے اللہ نے ہمیشہ اسم مبارکِ علیؑ کو اپنے اور نبی کے ساتھ متصل رکھا ہے کیونکہ منافقین اور کفار کے لئے یہ کاری ضرب ہے اور اللہ نے علیؑ کی امامت وولایت کو باب امتحان بنایا ہے اور جس کو بھی جو ملا ہے اسی در سے ملا ہے کیونکہ علیؑ باب اللہ بھی ہے اور باب رسول اللہ بھی ہے۔

## حدیث نمبر 100

روی عن عائشه قالت دخلت علی رسول الله و في يده خاتم قصه عقيق قلت يا رسول الله ماهذاالقص فقال لي هذا من جبل اقر لله بالربوبية ولي بالنبوة ولعلي بالولايةولولده بالامامة ولشيعته للجنة

(حوالہ: بشارۃ المصطفی ص ۲۱۵، مکتبہ الحیدریہ)

ترجمہ: عائشہ سے روایت ہے میں رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئی آنحضرت کے ہاتھ میں انگوٹھی تھی جس کا نگینہ عقیق سے تھا میں نے سوال کیا یارسول اللہ یہ نگینہ کون سا ہے؟ آنحضرت نے فرمایا یہ

نگینہ (عقیق) اس پہاڑ سے ہے جس نے اللہ کی توحید اور میری نبوت اور علیؑ کی ولایت اور انکی اولاد کی امامت اور انکے شیعوں کے لئے جنت کا اقرار کیا ہے

ملاحظہ: مومنین اس حدیث میں مطلق عقائد شیعہ بیان ہوئے ہیں جو اللہ و رسول اور علیؑ اور معصومینؑ پر ایمان لانا ہے یہی تین گواہیاں ہیں جسکا یہ عقیدہ ہو گا وہ شیعہ امیر المومنینؑ ہے اور جنت شیعہ امیر المومنینؑ کی مشتاق ہے نبی اکرمؐ کا فرمان ہے (یاعلی انت و شیعتک هم الفائزون یوم القیامة ) یا علی آپ اور آپ کے شیعہ روز قیامت کامیاب ہیں۔

## حدیث نمبر 101

روی عن أبی الحسن علي الهادی انه اتی بطير من السماء و فی اذنيه اشرفة من ذهب و فی منقاره درة و يقول لااله الاالله محمدرسول الله على ولي الله و الائمة حجج الله قال هذا طير من طيور الجنة

(حوالہ: نوادر المعجزات ص ۱۸۵، ح۳، مدرسہ امام مھدی)

ترجمہ: امام علی نقیؑ سے روایت ہے آسمان سے ایک پرندہ آنخضرت کی خدمت میں آیا جس کے دونوں کانوں میں قیمتی سونا تھا اور اسکی منقار میں در تھا اور وہ یہ کھتا تھا اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں اور محمد اللہ کا رسول ہے اور علی اللہ کا ولی ہے اور ائمہ طاہرین اللہ کی حجتیں ہیں فرمایا یہ جنت کے پرندوں میں سے ایک پرندہ ہے۔

ملاحظہ: اس حدیث میں بھی تین گواہیوں کا ذکر ہے علی اللہ کے ولی اور ائمہ طاہرین اللہ کی حجتیں ہیں

* * *

# حدیث نمبر 102

روی عن علي بن موسى الرضا انه قال كان نقش خاتم أبي طالب رضيت بالله ربأ وبابن أخي محمد نبياً و بابني علي له وصياً

(حوالہ: مجالس المومنین ج ا، ص ۱۶۳ کتابفروشی اسلامیہ)

ترجمہ: امام حق علی بن موسی رضاؑ سے روایت ہے حضرت نے فرمایا حضرت ابو طالب پدر امیر المومنینؑ کی انگوٹھی پر یہ نقش مبارک تھا میں راضی ہوں اللہ میرا رب ہے اور میرے بھائی کا بیٹا محمدؐ میرا نبی ہے اور میرا بیٹا علیؑ محمدؐ کا وصی ہے۔

ملاحظہ: مومنین آپ نے غور کیا ابو الائمۃ طیبین طاہرین حضرت ابو طالب کا مختصر اور فصیح و بلیغ پیغام زمانہ والوں کو اور خصوصاصاحبان معرفت کے لئے اور بالا خص منافقین سقیفہ اور بنو امیہ کیلئے جنہوں نے بغض و دشمنی علیؑ میں ان کے باپ پر کفر کا فتوی لگایا ہے جس کی گود مبارک میں سید انبیاء محمد مصطفیؐ اور سید الاولیاء علی مرتضیٰؑ نے تربیت حاصل کی ہے جس نے اسلام کو شمسِ ضحی رسول خدا دیا ہے اور قمر الدجی علی مرتضیٰؑ دیا ہے جس نے نبی اکرم کی حفاظت کے لئے راتوں، کو جاگ کر آنحضرت کو خطرے سے بچانے کے لئے آنحضرت کے بستر پر اپنی اولاد کو سلا کر یہ ثابت کر دیا اگر دشمن کمین کرے تو میری اولاد نبیؐ پر قربان ہو جائے اور سرور انبیاء محفوظ رہے، جس نے سردار بنی ہاشم ہونے کے باوجود نبی اکرم ﷺ کی حفاظت کے لئے شعب ابو طالب میں بھوک و پیاس تنگی و عسر کو برداشت کیا لیکن یتیم عبد اللہ کی حمایت میں کفار مکہ کا مقابلہ کیا اور اپنی نقش انگشتر میں زمانہ والوں کے لئے یہ پیغام چھوڑا کے میں بھی تین شھادتوں والا ہوں جن پر عالم کائنات کا نظام بر قرار ہے اور یہ پیغام ابو طالب منافقین و کافریں کے منہ پر ید اللہی طمانچہ ہے کہ وہ جوانان جنت کے سرداروں کے دادا اور شیر خدا علی مرتضیٰؑ کے بابا پر کفر کا

الزام لگاکر وہ کیسے جنت میں جائیں گے جبکہ رسول اللہ نے فرمایا(لا یجوز احد الصراط الا من کتب لہ علی الجواز) کہ کوئی پل صراط سے نہیں گذر سکتا جب تک علیؑ کے ہاتھوں کا لکھا ہوا جواز (یعنی ٹیکٹ) نہ ہو۔

## حدیث نمبر 103

فی حدیث قال أمیرالمومنین فقلت یا رسول اللہ ھذا لشیعتی قال ای وربي لشیعتک و محبیک خاصة و إنھم لیخرجون یوم القیامة من قبورھم وھم یقولون لاالہ الااللہ محمدرسول اللہ علی ولی اللہ فیؤتون بحلل خضر من الجنة وأكاليل من الجنة (وتیجان) من الجنة فیلبس کل واحد منھم حلة خضراء ویوضع علی رأسه تاج الملک و إكليل الكرامة ثم یرکبون النجائب فتطیر بھم الی الجنة لا یحزنھم الفزع الاکبر و تتلقاھم الملائكة ھذا یومکم الذی کنتم توعدون

(حوالہ: بحارانوار ج۶۵، ص۱۴۵، ح۸۲، باب۱۸ طبع بیروت)

ترجمہ: حدیث میں ہے امیر المومنینؑ نے فرمایا میں نے رسول اللہ سے عرض کیا یہ میرے شیعہ کے لئے ہو گا؟ فرمایا جی ہاں قسم ہے پروردگار کی یہ تیرے شیعوں اور محبوں کے لئے خاص ہے جب وہ روز قیامت اپنی قبروں سے باہر آئیں گے انکی زبانوں پر تین شھادتوں کا ورد ہو گا اور وہ یہ کہیں گے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ اور انہیں جنتی سبز رنگ کے لباس پہنائے جائیں گے اور نجیب قسم کے جنتی گھوڑے اور جنتی تاج انہیں دیئے جائیں گے اور ہر ایک اس جنتی لباس کو اور تاج بادشاہی کرامت الہی کو اپنے سر پر رکھے گا اور ان نجیب جنتی گھوڑوں پر سوار ہو کر جنت کی طرف پرواز کر جائے گا اور روز قیامت کا ترس وخوف عظیم انہیں پریشان نہیں کریگا اور اللہ کے پاک فرشتہ انکی ملاقات کے لئے آئیں گے اور کہیں گے یہ وہی دن ہے جس کا تمہیں پہلے سے وعدہ دیا گیا تھا۔

ملاحظہ:

اے برادر مومن وشیعہ امیر المومنینؑ اس حدیث شریف میں سب سے پہلے علیؑ نے اپنے شیعہ کی شان وعظمت کو ظاہر کرنے کے لئے رسول اعظم سے سوال کیا کیا یہ عزت وشرف جو اس حدیث میں بیان ہوا ہے کیا میرے شیعوں کے لئے ہو گا؟ رسول خداﷺ نے قسم کھا کر فرمایا: یا علیؑ یہ جو عزت وشرف ومقام اس حدیث میں بیان ہوا ہے یہ سب تیرے شیعوں کے لئے ہو گا اور جب وہ اپنی قبروں سے باہر آئیں گے ان کی زبانوں پر تین شھادتوں کا ورد ہو گا اور جس نے اپنی زندگی میں شھادت ثالثہ امیر المومنینؑ کا اقرار کے بعد اظہار نہیں کیا ہو گا یا انکار کیا ہو گا

* * *

جیسے شاعر نے بھی کہا ہے:

(اقرار کر کے خم میں زبانیں بدل گئیں.........بدلی نماز اور اذانیں بدل گئیں)

تو اس کی زبان پر پہلی دو شھادتین لا الہ الا اللہ محمد رسول بھی جاری نہیں ہوں گی جو علیؑ ولی اللہ کا منکر ہے وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا بھی منکر ہے اعلان غدیر بھی یہی ہے کہ رسول خدا نے امیر المومنینؑ کے دستِ ید اللھی کو اپنے ہاتھ الہی میں لیا اور بلند کیا اور اعلان کرتے ہوئے فرمایا:

(من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ) جس کا میں ولی ہوں اسکا یہ علی ولی ہے (اللھم وال من والاہ و عاد من عاداہ) اے اللہ تو اسے دوست رکھ جو علیؑ کو دوست رکھتا ہے اور اس سے دشمنی رکھ جو علیؑ کا دشمن ہے اور اس مطلب کی وضاحت آنے والی حدیث کر رہی ہے۔

* * *

# حدیث نمبر104

روی ابو خالد القماط عن ابی عبدالله عن أبیه قال اذا کان یوم القیامة وجمع الله الخلائق من الاولین والآخرین فی صعید واحد خلع قول لااله الاالله من جمیع الخلائق الا من أقر بولایة علي بن ابی طالب و هو قوله تعالی (یوم یقوم الروح و الملائکة صفاً لا یتکلمون الا من أذن له الرحمن و قال صواباً )

(سورۃ نبا۳۸، حوالہ: البرھان ج۴، ص۴۲۲ح۴، دارالکتب العلمیہ)

ترجمہ: ابو خالد قماط نے امام صادقؑ سے اور حضرت نے اپنے بابا امام باقرؑ سے نقل فرمایا ہے جب روز قیامت ہو گا اللہ تمام مخلوق اولین و آخرین کو ایک مقام میں جمع فرمائے گا اور قول لا الہ الا اللہ انکی زبانوں سے خلع یعنی چھین لیا جائے گا یعنی لا الہ الا اللہ کسی زبان پر جاری نہ ہو گا مگر اس زبان پر جاری ہو گا جس نے ولایت علی بن ابی طالب علیہ السلام کا اقرار کیا ہو گا، یہی تو قول اللہ تبارک و تعالی ہے (یوم یقوم الروح و الملائکة صفاً لا یتکلمون الا من أذن له الرحمن و قال صوابا )(سورۃ نبا۳۸) یہ وہ دن ہے جب روحیں اور ملائکہ صف بنا کر کھڑے ہوں گے کوئی کلام نہیں کرے گا مگر جسے اللہ کلام کرنے کی اجازت دے گا اور وہ اچھی اور پسندیدہ کلام کرے گا (یعنی ولایت علی کو بیان کرے گا)

ملاحظہ: مومنین آپ اچھی طرح اس حدیث کے مضمون سے آگاہ ہوئے ہیں روز قیامت جب اولین اور آخرین سب جمع ہوں گے کسی زبان پر بھی لا الہ الا اللہ کا ورد جاری نہیں ہو گا مگر اس زبان سے جاری ہو گا جس زبان سے علی ولی اللہ جاری ہوا ہو گا یہاں صفات سے ذات کو ظاہر کیا جا رہا ہے اور یہی اللہ تبارک و تعالی کا قول ہے کہ کسی کو کلام کرنے کی اجازت نہیں ہو گی جب ملائکہ اور روح صف بنا کر کھڑے ہوں گے کسی کو کلام کرنے کی اجازت نہیں ہو گی مگر جس نے علیؑ کی ولایت و امامت کی گواہی دی ہو گی اللہ

اسے کلام کرنے کی اجازت دے گا اور وہ صواب یعنی اچھی اور پسندیدہ کلام کرے گا یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ کہے گا۔

## حدیث نمبر105

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شانے مبارک پر، واقع مہر نبوت کے ظاہری حصہ کا یہ معجزہ تھا کے اس پر تین شھادتیں مرقوم تھیں اور وہ یہ تھیں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ (یہی کلمہ طیبہ ہے)

(حوالہ: لسان المیزان ج۵، ص۱۴۷، کلمہ طیبہ)

## حدیث نمبر106

امیر المومنین فرماتے ہیں عرش نے اس وقت تک استقرار نہیں پکڑا ہے جب تک اس پر یہ تین گواہیاں نہیں لکھی گئیں ہیں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ

(حوالہ: بحار الانوار ج۷، ح۱۰۵)

## حدیث نمبر 107

امام رضا علیہ السلام نے اپنے باپ امام موسی کاظمؑ سے اور آنحضرت نے اپنے جد امام باقرؑ سے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا ہے (فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیھا لا تبدیل لخلق اللہ، روم ۳۰) امام باقرؑ نے فرمایا:

وہ فطرت جس پر اللہ نے لوگوں کو خلق کیا ہے اور اس میں تبدیلی نہیں ہے وہ فطرت یہ ہے (لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ) اور یہی تین شھادات ہیں۔

(حوالہ: ضیاء النفوس، تفسیر البرھان، عمدۃ البیان، تفسیر المتقین وانوار النجف)

# حدیث نمبر108

## حضرت محمد ؐ کا ولایت ِ ثالثه امیرالمومنین ؑ پر تحریری عہدوپیمان لینا

ابی حمراء سے روایت ہے کہ رسول خدا نے مجھے فرمایا میرے لئے ۱۰۰ اہل عرب اور پچاس اہل عجم اور تیس قبطی اور بیس اہل حبشہ کو حاضر کرو میں نے آنحضرت کے فرمان کے مطابق سب کو بلا کر لایا تو حضرت ؐ نے حمد و ثناء الہی کے بعد فرمایا اے عربیوں، عجمیوں، قبطیوں، حبشیوں تم یہ گواہی دو:

( اشهد ان لا اله الاالله وحده لاشريک له و أشهد أن محمداً عبده و رسوله و أشهد أن علياً أميرالمومنين ولي الله )تو ان سب نے اقرار کیا اور گواہی دی پھر آنحضرت نے فرمایا خدایا گواہ رہنا حتی کہ تین مرتبہ اسے طرح فرمایا پھر مولا علی کو قلم ودوات لانے کا حکم دیا جب مولا قلم ودوات لائے تو آنحضرتؐ نے فرمایا: یا علی لکھو بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ وہ تحریر ہے جس پر اہل عرب و عجم اور اہل قبط اور اہل حبش نے اقرار کیا اور گواہی دی ہے کہ اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ واحد ہے اسکا کوئی شریک نہیں ہے، اور میں گواہی دیتا ہوں کے محمدؐ اللہ کا بندہ اور رسول ہے اور میں گواہی دیتا ہوں علی امیر المومنینؑ اللہ کا ولی ہے، تو آنحضرتؐ نے اس پر مہر نبوت لگائی اور یہ صحیفہ علیؑ کے سپرد کر دیا

(حوالہ: مشارق الانوار الیقین علامہ رجب علی برسی)

ملاحظہ: مومنین آپ نے جان لیا ہے کہ حضرت ؐ نے اپنے زندگی میں ولایت علیؑ کو ہر قوم و قبیلہ کے لئے بیان کیا ہے وہ اس لئے کہ اللہ نے فرمایا تھا اے نبی تم علیؑ کی ولایت و امامت کا حکم ان لوگوں کو پہنچادو اگر یہ حکم نہ پہنچایا تو رسالت کا کوئی کام انجام نہ دیا نبی پر ولایت امیر المومنینؑ کا حکم پہچانا واجب تھا

اور نبی اکرم ولایت امیر المومنینؑ کے مبلغ تھے جیسا کہ زیارت جامعہ کبیرہ میں ہے ولایت امیر المومنین رکن توحید ہے اور پہلے روایت گذر چکی ہے جس میں، معصومین نے فرمایا:(لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ الی ھھنا التوحید)یعنی توحید کا دائرہ ولایت تک ہے تو اس لئے نبی اکرمؐ نے اسے صحیفہ کی صورت لکھا اپنی مھر لگا کر علیؑ کے حوالہ کیا تا کہ امت کے لئے سند و حجت ہو جائے کہ نبیؐ نے تبلیغ ولایت کر دی ہے۔

* * *

# حدیث نمبر 109

## تمام انبیاء کا کلمہ شہاداتِ ثلاثہ ہے

اہل تشیع کی اکثر کتب اور اہل سنت کے علامہ حافظ نظام الدین نیشاپوری نے اپنی تفسیر نیشاپوری میں لکھا ہے کہ حضرت محمدؐ نے شب معراج انبیاء ماسلف سے پوچھا آپ کو کس عہد و پیمان پر مبعوث کیا ہے تو ان سب نے جواب دیا ہمیں ان تین گواہیوں پر مبعوث کیا گیا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ

(حوالہ: تفسیر نیشاپوری)

کلمہ میں ہر ایک گواہی سے پہلے ایک (أشھد) چھپا ہوا ہے کیونکہ دور نبیؐ اور معصومین میں جب کوئی اسلام و ایمان لایا اور یہ کہا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ وہ دائرہ اسلام و ایمان میں داخل ہوا گویا کہ اس نے ( أشھد ) کے ساتھ ان تین گواہیوں کا اقرار کیا(فاعتبروا یااولی الابصار) اے صاحبان عقل فکر کریں۔

* * *

# حدیث نمبر 110

## سام بن نوح کا کلمہ شہاداتِ ثلاثہ کے ساتھ

رسول اکرمؐ نے مسجد میں نماز پڑھی اور علیؑ کو سلام کیا اور فرمایا: ان لوگوں کے ساتھ قبرستان جاؤ مولا علیؑ قبرستان گئے ایک قبر کو ٹھوکر ماری ایک لحد سے صندوق ظاہر ہوا اس سے ایک بزرگ نکلا جس کا چہرہ چاند کی طرح چمک رہا تھا اس نے گواہی دیتے ہوئے کہا:

اشھد ان لاالہ الااللہ وان محمدرسول اللہ سید المرسلین وانک علی سیدالوصیین وصی محمد رسول اللہ انا سام بن نوح

(حوالہ: حدیقۃ الشیعۃ مقدس اردبیلی)

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں ہے محمد اللہ کے رسول ہیں اور تمام رسولوں کے سردار ہیں بیشک آپ علیؑ تمام وصیوں کے سردار اور محمدؐ رسول اللہ کے وصی ہیں میں سام نوح نبی کا بیٹا ہوں۔

# حدیث نمبر 111

## حضرتِ ابوطالب اور شہادتِ ثالثہ کی گواہی

جب علیؑ کی ولادت ہوئی تو رسول خداؐ نے اپنے چچا ابو طالب سے فرمایا کے تم ان کلمات کے ساتھ گواہی دو: (اشھد ان لاالہ الااللہ وحدہ لاشریک لہ واشھدان محمداعبدہ ورسولہ و اشھد ان علیا ولی اللہ و الامام بعد نبی اللہ )

ترجمہ: اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں وہ واحد ہے محمدؐ اللہ کا بندہ اور رسول ہے اور علیؑ اللہ کا ولی ہے اور اللہ کے نبیؐ کے بعد امام ہے

(حوالہ حدیقۃ الشیعہ مقدس اردبیلی)

# حدیث نمبر112

## مولا علی علیہ السلام اور شہاداتِ ثلاثہ کی گواہی

جب علیؑ نے اللہ کے گھر کو اپنے نور سے منور کیا یعنی وجہ اللہ نے اپنے نور سے بیت اللہ کو منور فرمایا تو سجدہ میں سر رکھا اور فرمایا:(اشھد ان لاالہ الااللہ وحدہ لاشریک لہ واشھدان محمدعبدہ ورسولہ واشھد انی ولی اللہ وصی رسول اللہ )

(حوالہ: حدیقۃ الشیعہ، اور مشارق الانوار الیقین لرجب برسی)

ترجمہ: میں گواہی دیتاہوں اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں وہ واحد ہے اور میں گواہی دیتاہوں محمدؐ اللہ کا بندہ اور رسول ہے، اور میں گواہی دیتاہوں کہ میں علیؑ اللہ کا ولی ہوں اور رسول اللہ کا وصی ہوں۔

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے مولائے کائنات امیر المومنینؑ کو خود اپنی امامت وولایت کی گواہی دیتے ہوئے ملاحظہ کیا کہ جہاں اللہ اور رسول اللہ کی گواہی ہے وہاں علی ولی اللہ کی گواہی ہے اور اس سے بڑی سند آپ کے لئے کیاہو سکتی ہے کے لسان اللہ نے خود اپنی امامت وولایت کی گواہی پر آپ کو حکم دیا ہے۔

* * *

# حدیث نمبر 113

## صدیقة الکبری فاطمة الزهراء سلام اللہ علیھا اور شہاداتِ ثالثه

سیدۃ نساء العالمین فاطمہ زہرا سلام اللہ علیھا نے جب دنیا کو اپنے نور سے منور فرمایا تو ان کلمات کے ساتھ گواہی دی:

لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ و ان بعلي علياً ولي اللہ

ترجمہ: اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں محمدؐ اللہ کا رسول ہے اور میرا شوہر علیؑ اللہ کا ولی ہے۔

(حوالہ حدیقۃ الشیعہ مقدس اردبیلی)

ملاحظہ: اے مومنین ابھی ہم آپ کو منصف و قاضی بناتے ہیں آپ خود کیا فیصلہ دیتے ہیں بی بی کائنات کی اس گواہی پر جو عالم نور سے عالم ظہور میں آتے ہی پہلا درس جو مومنین کو دیا ہے، وہ شھادات ثلاثہ ہیں ہم جاہلوں کو بتایا ہے کہ شھادات ثلاثہ تکوینی ہیں یعنی کون و ہستی کی بقاء اور ابتداء ان سے ہے تو پھر کیسے نماز کا وجود شھادت ثالثہ کے بغیر ہو سکتا ہے۔

# حدیث نمبر 114

## امام حسن علیہ السلام اور شھادتِ ثالثه کی گواہی

امام حسنؑ نے آخری وقت جو شھادات اپنی زبانِ اقدس سے جاری فرمائی وہ یہ ہیں:

لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ

(حوالہ: ریاض القدس اور معالی السبطین)

ملاحظہ: اے مومنین ابھی کسی شک کی گنجائش ہی باقی نہیں ہے معصومینؑ کی گواہی سے ثابت ہوا شھادتِ ثالثہ امیر المومنینؑ دین وایمان اور توحید و نبوت کا جزء ہے۔

## حدیث نمبر 115

## امام حسین علیہ السلام اور شھادتِ ثالثہ کی گواہی

امام حسینؑ نے ولادت کے وقت ان کلمات کے ساتھ گواہی دی:

أشهد أن لااله الاالله وحده لاشريک له وأشهد أن جدى محمد رسول الله وأشهد أن أبى علي ولي الأولياء وأشهد أن أمى سيدة النساء اهل الجنة

(حوالہ کتاب دمعۃ الساکبہ، کتاب اکمال الدین)

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ وحدہ لاشریک ہے اور میں گواہی دیتاہوں میر انانا محمدؐ اللہ کا رسول ہے اور میں گواہی دیتاہوں میر ابابا علیؑ تمام اولیاء کا ولی ہے اور میں گواہی دیتاہوں میری ماں فاطمہ الزہراء سلام اللہ علیھا جنت کی عورتوں کی سردار ہے۔

## حدیث نمبر 116

## حضرت ولی عصر امام زمان عج اور شھاداتِ ثلاثہ کی گواہی

امام زمان عج نے جب ۱۵ شعبان کو دنیا کو اپنے نور سے منور فرمایا: تو ان کلمات کے ساتھ گواہی دی:

(أشهد ان لااله الاالله وحده لاشريک له وأشهد أن محمد رسول الله وعلياً أميرالمومنين ولي الله حقاً)

(حوالہ: بحارالانوار واثبات الوصیہ)

ملاحظہ: امام زمان علیہ السلام نے اپنے محبوں اور موالیوں کے لئے حجت تمام کر دی ہے اور اب کسی کے لئے عذر باقی نہیں رہا ہے کہ وہ شہادت ثالثہ امیر المومنینؑ کو اللہ اور رسول اللہ سے جدا کرے۔

* * *

## حدیث نمبر117

## لوح محفوظ کا کلمہ بھی یہی شہادات ثلاثہ ہیں

حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری نے رسول خدا سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جب اللہ نے لوح محفوظ کو خلق کیا اور قلم کو خلق کیا تو اسے حکم دیا لکھو اس نے عرض کیا پرودگار کیا لکھوں فرمایا یہ لکھو: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ

(حوالہ: احتجاج طبرسی ج ا ص ۲۱۰،۲۰۹ روایت قاسم بن معاویہ)

* * *

## حدیث نمبر 118

## روزِ ازل کا کلمہ شہاداتِ ثلاثہ کے ساتھ

امام صادقؑ فرماتے ہیں جب اللہ نے زمیں و آسمانوں کو خلق کیا تو ایک منادی کو حکم دیا کے وہ تین مرتبہ یہ ندا دے اشھد ان لا الہ الا اللہ اور تین مرتبہ یہ کہے اشھد ان محمد رسول اللہ اور تین مرتبہ کہے اشھد ان علیا ولی اللہ

(حوالہ: کتاب کلمہ طیبہ ص ۱۰ سے ۱۳ تک، اور اصول کافی)

# حدیث نمبر119

## روزِ حشر کا کلمہ شہاداتِ ثلاثہ کے ساتھ

رسول اللہؐ نے فرمایا: یا علیؑ تیرے شیعہ جب قبروں سے باہر آئیں گے ان کی زبانوں پر یہ گواہیاں ہوں گی:لاالہ الااللہ محمدرسول اللہ علي ولی اللہ

(حوالہ: شجرہ طوبیٰ مطبوع نجف)

ملاحظہ:اے مومنین آپ دیکھیں یہ کلمہ طیبہ قرآن مجید کے فرمان کے مطابق ہے جہاں اللہ نے فرمایا :(فآمنوا باللہ ورسولہ ونور الذی انزلناہ )پس تم اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس نور پر جسے ہم نے نازل کیا ہے(وہ نور علیؑ ہے)اور دوسری آیت میں فرمایا(والذین ھم بشھاداتھم قائمون)اور وہ لوگ اپنی گواہیوں پر قائم ہیں،تو یہاں سے ظاہر ہوا قرآن میں بھی تین گواہیاں کا حکم دیتا ہے۔

# حدیث نمبر120

## حضرت آدم اور انکا شہادات ثلاثہ پر اقرار

امام رضاؑ فرماتے ہیں جب آدم کو ملائکہ نے سجدہ کیا اور اسے جنت میں داخل کیا گیا تو غیب سے آواز آئی (یا آدم إرفع رأسک )اے آدم اپنا سر بلند کرو(فنظر إلي ساق العرش مکتوب: لاالہ الااللہ محمدرسو ل اللہ علي ولی اللہ )پس اس نے عرش کی طرف دیکھا اس پر یہ لکھا ہوا تھا اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں محمدؐ اللہ کا رسول ہے اور علیؑ اللہ،کا ولی ہے۔

ملاحظہ: اے مومنین ہر جگہ اللہ کی طرف سے ان تین شھادتوں کو بتایا گیا ہے اس لئے ان کا عقیدہ رکھنا اللہ کا دین ہے اور ان تینوں (یعنی اللہ، نبیؐ اور امامؑ) کا حکم ماننا اسلام ہے۔

## اذان اور شهادتِ ثالثه کی گواہی

اے مومنین لمحہ فکریہ اور تعجب ہے اس بات پر کے ولایت و امامت امیر المومنین اس قدر مہم ہے جسے رکن توحید اور شرط توحید کہا گیا ہے اور اسی پر سلمان و ابوذر جیسے جلیل القدر صحابہ کا اذان میں نبوت کی گواہی کے بعد علیؑ کی ولایت کی گواہی موجود ہے کیونکہ توحید و نبوت، ولایت کے ساتھ متصل ہیں جیسا کہ آپ اس سے پہلے ۱۱۸ روایات میں دیکھ چکے ہیں اور ان جیسی احادیث اور بھی کثرت سے موجود ہیں اور ولایت پر قرآن مجید سے بھی واضح و روشن دلیلیں موجود ہیں اور یہی ولایت تمام اعمال کی قبولیت کا سبب ہے، نبی اکرمؐ نے علیؑ سے فرمایا: یا علی میں نے شب معراج اللہ سے یہ منوایا ہے جہاں اللہ کے نام کے بعد میرا نام ہو گا وہاں میرے نام کے بعد اے علیؑ تیرا نام ہو گا اب تعجب یہ ہے جو نام اللہ اور رسول خدا کو اتنا عزیز ہے جسے اللہ اور رسول نے اپنا نفس کہا ہے جو: وجہ اللہ، ید اللہ، لسان اللہ، عین اللہ، اذن اللہ، جنب اللہ، سبیل اللہ، صراط اللہ، حبل اللہ، ولی اللہ، اسم اللہ، حجۃ اللہ، خلیفۃ اللہ، ذکر اللہ، سیف اللہ، امام مبین، علی عظیم، علی حکیم، امیر المومنین، امام المتقین، صالح المومنین، حاکم یوم الدین، مفرق المومنین من الکافرین، قاتل المشرکین والکافریں والمنافقین، یعسوب الدین، قائد الغر محجلین، اول العابدین، ازھد الزاھدین، قدوۃ الصالحین، امام المخلصین، وصی رسول رب العالمین، نباء عظیم، جو طور اور کتاب مسطور بھی ہے جو رق منشور، بحر العلم مسجور، جو آیات ظاہرات و معجزات قاھرات، جو منجی من الھلکات، ہے اور جسے اللہ اور رسول اللہ نے اپنے ناموں سے ملاتے ہوئے سورۃ بقرہ آیت ۲۸ (الذین ینقضون عهد الله من بعد میثاقه و یقطعون ما امرالله به ان یوصل و یفسدون فی الارض اولئک هم الخاسرون) جنہوں نے اللہ کے عہد جو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ہے محکم باندھنے کے بعد توڑ دیا اور جس ولایت کو اللہ نے اپنی توحید اور نبوت کے ساتھ ملانے کا حکم دیا تھا اس میں جدائی ڈال دی پس یہی لوگ زمین میں فساد پھیلانے والے اور یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں اور جس گواہی کو اللہ نے سورۃ مبارکہ بقرہ آیت نمبر ۱۴۰ میں یہ کہا ہے (ومن أظلم ممن كتم شهادة عنده من الله )اس سے بڑا ظالم یعنی اظلم کون ہے جو ایک گواہی کو چھپاتا ہے جو اللہ کی طرف سے اس کے پاس ہے اور پھر دوسری آیت میں فرمایا(والذين هم بشهاداتهم قائمون والذين هم على صلاتهم يحافظون اولئک فی جنة مكرمون، معارج 29) اور وہ لوگ جو اپنی تین گواہیون پر قائم ہیں اور وہی لوگ اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں (یعنی انکی نماز شہادت ثالثہ کے ذریعے درجہ قبولیت حاصل کرتی ہے )یہی لوگ جنت میں باعزت و کرامت ہوں گے ملاحظہ کریں قرآن مجید میں اللہ نے اذان کا حکم کیسے فرمایا ہے سورۃ توبہ آیت (۳) میں (اذان من الله و رسوله الى الناس يوم الحج الاكبر ان الله برى من المشركين )اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے حج اکبر کے دن اذان ہے کہ اللہ اور اس کا رسول ؐ مشرکین سے بری ہیں۔

امام زین العابدینؑ اور امام صادقؑ فرماتے ہیں:(هو اسم نحله الله علياً من السماء فسماه الله اذانا )پس یہ اذان علیؑ کا نام ہے جو اللہ نے آسمان سے انکے لئے ہدیہ و تحفہ بھیجا ہے اور اللہ نے اسکا نام اذان رکھا ہے اور مولائے کل علیؑ اپنے خطبہ افتخاریہ میں ارشاد فرماتے ہیں(أنا اذان الله في الدنيا ومؤذنه في الآخرة)حضرت علیؑ فرماتے ہیں ہی دنیا میں اللہ کی اذان ہوں اور آخرت میں اللہ کا مؤذن ہوں۔

(حوالہ خطبہ افتخاریہ نہج الاسرار و کمال الدین)

عن ابن عباس:( ان لعلي آية في كتاب الله لا يعرفها اكثرالناس وهو قوله اذان موذن بينهم على لعنه الله على الذين كذبوا بولايتى واستخفوا بحقي )

ترجمہ: ابن عباس نے کہا حضرت علیؑ کے لئے اللہ کی کتاب میں ایک ایسی آیت ہے جسے اکثر لوگ نہیں جانتے ہیں وہ اللہ تعالی کا یہ قول ہے لوگوں کے درمیان علیؑ ایک موذن کی طور پر اذان دیں گے اور کہیں گے آگاہ ہو جاؤ جن لوگوں نے میری ولایت کو جھٹلایا اور میرے حق کو چھپایا ان پر اللہ کی لعنت ہے۔

(حوالہ: بحار الانوار، اکمال الدین)

اور عبد اللہ بن عباس اپنی دوسری روایت میں نقل کرتا ہے:

(فالاذان أميرالمومنين علي بن ابيطالب هو ندا الذى ينادي ) پس اذان امیر المومنین علی بن ابیطالب ہے، جو خود اپنی ولایت کے منادی ہوں گے (حوالہ: بحار الانوار)

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے غور کیا ہے علیؑ اللہ اور رسول کی طرف سے مجسم اذان ہے، قرآن و فرمان آئمہ علیھم السلام اور خطبہ غدیر اس پر گواہ ہے، اور متعدد روایات و آیات جن میں شھادات ثلاثہ کو کلمہ طیبہ کی طور پر یعنی (لاالہ الاالله محمد رسول الله علي ولي الله) یا (أشھد ) کے ساتھ تینوں شھادتوں کو ذکر کیا گیا ہے یہ شھادات اصلِ دین ہیں اور احکام مثل نماز و روزہ اور اذان فروع دین ہیں ہمیشہ فرع اصل کا جزء ہوتی ہے یعنی تمام فروع دین، اصول دین کا جزء ہیں لیکن آپ دیکھتے ہیں کہ مولوی صاحبان اس جملہ کو عکس بیان کرتے ہیں اور کہتے ہیں ولایت امیر المومنین جزء اذان نہیں ہے یا جزء کلمہ نہیں ہے حتی کہ بعض نے بڑی آسانی سے یہ کہہ دیا ہے اصول دین ہی تین ہیں یعنی توحید نبوت اور قیامت تا کہ ولایت و امامت جو کہ اساس دین ہے اسے دین سے نکال کر اپنے پیر و مرشدوں یعنی منافقین و یہود کو خوشحال کریں اور اس طریقہ سے اپنے منافع دنیا حاصل کریں اور دنیا میں ظلم و جور

بپا کرتے ہوئے دینِ حقیقی محمدؐ جس کی تکمیل ولایت علیؑ سے ہوئی ہے اور قیامت تک اس دین کی بقاء ولایتِ علیؑ سے ہے بلکہ عالم کائنات کی بقاء اسی ولایت سے ہے اور اسی ولایت کے صدقے سے عالم کائنات رزق وروزی کھا رہی ہے وہ چاہتے ہیں اس ولایت کو دین سے خارج کریں، جسکو امام حسینؑ نے کربلا میں اپنی اور اپنے اصحاب کی شھادت کے ساتھ زندہ کیا ہے

معین الدین چشتی اجمیری نے کہا:

شاہ است حسین بادشاہ است حسین ......... دین است حسین دین پناہ است حسین

سر داد نہ داد دست در دست یزید........... حقا بنائے لا الہ است حسین

نوٹ: اس شعر میں کلمہ لا الہ تو ہے مگر (الا اللہ) نہیں ہے، اگر الا اللہ نہ ہو تو اللہ کی تمام جھوٹے معبودوں کے ساتھ نفی ہو جاتی ہے جبکہ پورا کلمہ لا الہ الا اللہ کے بعد محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہے۔

اور مولوی کو ابھی تک یہ بھی سمجھ نہیں آئی ہے کہ دین کیا ہے؟

دین شھاداتِ ثلاثہ یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہے

نماز وروزہ اور حلال و حرام اور صحت و بطلان یہ احکام دین ہیں ان میں کمی یا زیادتی موجب بخشش ہے اور یہ نیابت کو قبول بھی کرتے ہیں اور ان میں شفاعت اور سفارش بھی ہے لیکن اصل دین یعنی توحید، عدل، نبوت، امامت و قیامت ان میں نہ شفاعت ہے نہ کسی کی سفارش قبول ہے نماز وروزہ حج وغیرہ میں اگر باپ سے نماز وروزہ وحج چھوٹ گیا اگر بیٹے نے اپنے باپ کے نیابت میں یہ عمل کروائے باپ بری الذمہ ہو جائے گا اگر باپ مقروض تھا بیٹے نے ادا کر دیا وہ بری الذمہ ہے لیکن اصول دین ایسے نہیں ہیں اصول دین میں یہ نہیں ہو سکتا ہے کہ بیٹا اپنے باپ کی جگہ پر اللہ اور رسول اللہ اور امیر المومنینؑ واولادہ المعصومینؑ کی ولایت پر ایمان لائے اور باپ بری الذمہ ہو جائے یہاں تو مسئلہ اس سے بھی اوپر

ہے جو امیر المومنینؑ کی ولایت مطلقہ پر ایمان نہیں لایا ہے (لم يؤ من بالله و رسوله قط) وہ ہر گز اللہ اور رسول اللہ پر ایمان نہیں لایا ہے وہ فقط دین واسلام کا دعویدار ہے جبکہ دین واسلام کی بو بھی اس کے مشام تک نہیں پہنچی ہے اب ذارا ٹھنڈے دل سے تعصب اور بغض وکینہ کو دل سے نکالتے ہوئے سوچیں اس دین سے اگر حضرت ابو طالب کی حمایت حضرت خدیجہ کا ایثار اور امیر المومنینؑ کا مشرکین وکافرین اور منافقین کے ساتھ جنگ کرنا اور خود نبیؐ اور دین کی حفاظت اور بی بی کائنات اور انکی اولاد طاہرین کی شہادت اور سید الشھداء کا کربلا میں جہاد اور امام زین العابدینؑ اور ثانی زہراء ام المصائب زینب کبری اور اسرائے کربلا کی دین کی حفاظت میں قربانیوں کو نکال دیں تو اس دین میں بچتا کیا ہے؟ اسی لئے تو فارسی شاعر نے بھی یہ کہا:

این حسین کیست کہ عالم ہمہ دیوانہ اوست... این چہ شمعی است کہ عالم ہمہ پروانہ اوست

اردو شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

اسلام کے دامن میں بس اس کے سواء کیا ہے... اک ضرب ید اللھی اک سجدہ شبیری

## اللہ تعالی کے حکم سے اذان

حضرت محمد ص فرماتے ہیں جب مجھے معراج پر لایا گیا تمام انبیاء کو نماز کے لئے جمع کیا گیا میں نے انہیں جماعت کروائی ایک فرشتہ جس کا نام کلکائیل تھا اس نے ساتویں آسمان سے اذان پڑہی اور اس میں دو مرتبہ اشھد ان امیر المومنین علیاً ولی اللہ کہا جب اذان ختم ہوئی میں نے فرشتہ سے پوچھا تجھے کس نے امیر المومنینؑ کی گواہی دینے کا حکم دیا ہے اس فرشتہ نے کہا مجھے اللہ نے حکم دیا ہے اور کہا جب تو امیر المومنینؑ کی گواہی دے گا میرا حبیب محمدؐ تجھ سے پوچھے گا تجھے کس نے یہ حکم دیا ہے کھ دینا مجھے اللہ نے حکم دیا ہے اور ساتھ یہ بھی کہنا جب معراج سے واپس جانا اپنی امت کو یہ اذان تعلیم دینا اور ان سے

کہنا علیؑ میرے اور تمہارے درمیان وسیلہ ہیں اس سے غافل نہ ہونا اور یہ جان لو(واعلموا لاتتم اذانکم ولا اقاتکم ولا صلاتکم ولاصومکم ولا حجکم ولازکاتکم ولامبدء کم ولامعادکم الا بذکر علی بن ابیطالب ) جان لو تمہاری اذان واقامت، نماز وروزہ، حج وزکات، مبدء ومعاد مکمل نہیں ہو گا مگر امیر المومنین علی بن ابیطالب کے ذکر کے ساتھ

(حوالہ: تنویر الایمان کلینی اور اکمال الدین با نقل از کتاب شھادتِ ولایت علی نا قابل تردید حقیقت اردو)

نماز اور اذان واقامت میں علیؑ کی گواہی تھی اسے بنی امیہ کے دور میں ترک کیا گیا اور اسی بات کو صاحب مصابیح الرشاد سید محمد طبرسی نے بھی نقل کیا ہے وہ اپنی کتاب میں یوں لکھتے ہیں(علی ولی الله انه کان فی عهد النبی ﷺ وترک فی عهد خلفاء بنی امیه) علی ولی اللہ کی گواہی نبی کے زمانے میں موجود تھی اور اسے بنی امیہ کی حکومت میں ترک کیا گیا

## علیؑ کی ولایت بے حساب جنت لے جاتی ہے

فاضل مقدس سرکار علی بن فاضل مازندرانی کہتے ہیں میں دمشق میں تھا شیخ اندلسی کو اپنے والد کی بیماری کا خط آیا وہ اندلس جانے لے لئے تیار ہوا طلباء کی ایک جماعت بھی ساتھ جانے کو تیار ہوئی میں بھی تیار ہوا اندلس کی پہلی بستی میں، میں بیمار ہوا تین دن علاج کے بعد جب ٹھیک ہوا دریائے اندلس کے کنارے بیٹھ گیا ایک شخص نے کہا یہ قافلہ بدیر یعنی جزیرہ رافضہ جو دریا کے کنارہ واقع ہے وہاں سے آیا ہے جب رافضیوں کا نام میں نے سنا انہیں دیکھنے کا شوق پیدا ہوا یہ جزیرہ وہاں سے بیس دن کا راستہ تھا میں نے ایک خچر کرایہ پر لیا اور سفر کا آغاز کیا جب اس شہر کے دوازہ پر پہنچا مسجد کا سوال کیا جب مسجد میں داخل ہوا ظہر کا وقت تھا موذن نے امیر المومنین کی اذان میں گواہی دی اشھد ان علی ولی اللہ اور بعد میں دعائے تعجیل فرج پڑہی لوگوں شیعہ طریقہ پر وضوء کرنے لگے ایک نہایت ہی خوبصورت شخص نے نماز پڑھائی

میں تھکان کی وجہ سے نماز نہ پڑھ سکا بعد از فراغ نماز پیش نماز نے میرا نام پوچھا اور مجھ سے میرے مذہب کا سوال کیا میں نے کہا میں عراقی ہوں میرا مذہب اسلام ہے (اقول اشهد ان لااله الاالله وحده لاشريک له واشهد ان محمد عبده ورسوله ) جب میں نے دو شہادتوں کی گواہی دی تو اس نے مجھے کہا: (لم تنفع هاتان شهادتان ) تجھے یہ دو گواہیاں فائدہ نہیں دیں گی (لمالاتقول شهادة لتدخل الجنة بغيرحساب) یعنی تو وہ گواہی کیوں نہیں دیتا ہے جو تجھے جنت میں بغیر حساب کے لے جائے گی (قلت له ماتلك الشهادة الاخرى فقال قل أشهد أن أميرالمومنين علياً ولى الله والائمة من ولده أوصياء رسول الله ) میں نے اس سے کہا وہ تیسری گواہی کونسی ہے تو اس نے کہا کہو میں گواہی دیتا ہوں امیر المومنین علی اللہ کا ولی ہے اور اسکی اولاد ائمہ، رسول اللہ کے وصی ہیں یہ سن کر میں بہت خوش ہوا سفر کی تھکان اتر گئی اور میں نے کہا میرا مذہب بھی وہی ہے جو آپ کا مذہب ہے یہ واقعہ بہت طویل ہے اور اسکا تعلق بغیر واسطہ جزیرہ خضراء سے ہے جس میں پیش نماز امام کی طرف سے منسوب ہے اور اس قصہ کا لب لباب شہادت ثالثہ امیر المومنینؑ ہے جو بغیر حساب جنت میں داخل کرتی ہے

(حوالہ: بحارالانوار، الزام الناصب، اکمال الدین)

## امام حسینؑ کی اذان اور شہادتِ ثالثہ علی ولی اللہ کی گواہی

جب امام زین العابدینؑ شام کی قید سے رہا ہو کر کربلا پہنچے تو وہاں ایک شخص کو مجاور پایا جو لشکر یزید سے تعلق رکھتا تھا تو امام نے اس سے کچھ پوچھا اس نے جواب دیا میں گیارہ محرم کو کسی کام کے لئے کربلا میں ٹھر گیا جب شام ہوئی مقتل سے ایک سر بریدہ بدن سے صدائے اذان بلند ہوئی جس میں یہ گواہی تھی

(أشهد أن علياً أميرالمومنين ولي الله )جب میں قریب گیاتو دیکھاوہ حسین بن علیؑ کالاشہ تھاوہ کہتاہے میں حیران ہوایہ تووہ گواہی ہے جسے ختم کرنے کے لئے کربلا کی جنگ معرض وجود میں آئی تھی

(حوالہ:بحر المصائب علامہ محمد جعفر شہید ج۴،اکمال الدین)

اہل سنت کے ایک جید عالم کی گواہی کہ شہادتِ ثالثہ عہد رسول اللہ میں تھی اور سقیفہ میں بنائے جانے والے خلفاء نے زبردستی اسے ختم کیا تھا

علامہ ابولیث الھروی نے اپنی کتاب فاروقی الشرعیہ اور ریاض الصادقین جو کے فارسی میں ہے کہتے ہیں( در حین حیات رسول اللہ پنج بار در اذان در مدت شش ماہ ونہ ماہ اتفاق این مقال افتاد،رفضہ (یعنی شیعہ)را ازین جادست دادہ کہ این الفاظ رادر اذان واقامت می بر دارند اما نمی دانند کہ این حکم منسوخ شدہ کہ مشائخ صحابہ (یعنی ابو بکر وعمر وعثمان ومعاویہ) گاہی آنرادر زمان خلافت خود در اذان واقامت نہ گفتہ اند بلکہ احدی اگر جرأت می کرد حضرت فاروق (یعنی عمر) اورابہ تأدیب شدید می گرفت

ترجمہ:اہل سنت کے ایک بڑے عالم علامہ ابولیث ھروی اپنی دو کتاب فروقی شرعیہ اور ریاض الصادقین میں لکھتے ہیں نبی اکرمؐ کے زمانہ میں پانچ وقت کی اذان میں چھ مہینہ اور نہ مہینہ تک یہ قول(اشھدان علیاولی اللہ)کہے جانے کا اتفاق ہواہے وہاں سے رافضیوں(یعنی شیعہ) کو موقع ملا کہ وہ ان الفاظ کو اذان واقامت میں کہتے ہیں اور یہ لوگ نہیں جانتے ہیں کہ ان الفاظ کے کہنے کا حکم منسوخ ہوچکا ہے اس لئے کہ بڑے شیخوں(یعنی ابو بکر وعمر وعثمان ومعاویہ)نے اپنے خلافتوں کے زمانہ میں کبھی اذان واقامت میں نہیں کہا تھا بلکہ اس سے بالاتر اگر کوئی جرأت کرتے ہوئے(اشھدان علیا ولی اللہ ) کہتا حضرت فاروق(عمر)اسے سخت سزادیتے اس کے بعد وہ لکھتا ہے(شیعہ خود درابہ علی می چسپانند بہ روایت منسوخہ متمسک می شوند چناچہ اشعار خود ساختہ الذکر در اذان واقامت علیاولی اللہ میگویند واین گفتہ راعین دین

می نگارند و نمی دانند کہ اکابر صحابہ در ترک آن کوشیدہ اند اگر جواز داشت از ایشان اول صادر می گردید

این مبحث را در کتاب معارف عثمانیہ بہ بسط نام نوشتہ امر عبد الرحمن عسقلانی

ترجمہ: یعنی یہ رافضی لوگ اپنے آپ کو علی علیہ السلام سے چپکاتے ہیں اور منسوخ حدیث پر عمل کرتے ہیں اپنی اذانوں اور اقامتوں میں علی ولی اللہ کہتے ہیں اسے اپنا شعار اور حقیقی دین سمجھتے ہیں جبکہ یہ لوگ نہیں جانتے بڑے صحابیوں (یعنی ابو بکر و عمر و عثمان و معاویہ) نے علیا ولی اللہ کو بند کرنے کی بڑی کوشش کی تھی اگر یہ جائز ہوتا تو وہ خود پہلے اس پر عمل کرتے۔

ملاحظہ: اے مومنین اس عبارت کو آپ نے خود پڑھا، پہلا نکتہ جو اس میں ہے وہ یہ کہ علی ولی اللہ اذان و اقامت میں خود رسول اکرم ﷺ کی دور میں موجود تھا اور رسول اللہ کے قول و فعل و تقریر سے جو حجت ہے یہ ثابت تھا (لیکن ہم شیعوں کے نزدیک قول و فعل و تقریر معصوم سنت ہے) کیونکہ ہمارے پاس حدیث معصوم ہے (أولنا محمد وأوسطنامحمدوآخرنا محمد وكلنا محمد ) ہمارا پہلا بھی محمد ﷺ ہے ہمارا درمیانہ بھی محمدؐ ہے اور ہمارا آخری بھی محمد ﷺ ہے ہم سب کے سب محمد ﷺ ہیں اور دوسرا نکتہ جو سنت نبی ﷺ چھ ماہ یا نو ماہ تک نبی کے زمانہ میں جاری رہی ہے بزرگ صحابہ کو کیا حق ہے؟ اپنی حکومتوں کے دوران اسے ختم کریں، کیونکہ نبی ﷺ کا کلام اللہ کا کلام ہے اور کلام اللہ کو نسخ کرنے کا حق صرف اللہ کو ہے، صحابہ کو اللہ اور رسولؐ کے فرمان میں دخالت کرنے کا کوئی حق نہیں ہے تیسرا نکتہ: اگر بزرگ صحابہ (یعنی ابو بکر و عمر و عثمان و معاویہ) نے علی ولی اللہ کو اس لئے بند کیا اگر یہ کلمہ اذان و اقامت و تشہد میں رہتا تو پھر انکی خلافتیں، حکومتیں، عمارتیں، امامتیں، وزارتین، ریاستیں سب باطل تھیں، اس لئے کلمہ علی ولی اللہ کو نکالا گیا تا کہ یہ خلفاء اپنے آپ کو جانشین نبی ﷺ ولی امر مسلمین اور اولی لامر ظاہر کر کے حکومتوں کے بل بوتے پر زبردستی لوگوں سے اپنی خلافتیں منوائیں اس لئے کلمہ اشھد ان علیا ولی اللہ کو اذان و اقامت و نماز و کلمہ سے نکالا گیا تا کہ یہ اپنے مقصد کو حاصل کر سکیں وگرنہ کون ہے جو شأن

ومنزلت ومقام علی بن ابی طالبؑ کو نہیں جانتا ہے، اسی لئے تو عمر بن خطاب، علی ولی اللہ پڑہنے والوں کو سخت سزائیں دیتا تھا اور تاریخ میں دیکھیں معاویہ کے دور سے لیکر عمر بن عبد العزیز کے دور تک لاکھوں علی ولی اللہ پڑھنے والے قتل ہوئے اور خود علی بن ابیطالب کی ذات پاک جو آیت تطہیر کی مصداق ہے آنحضرت پر نعوذ باللہ من ذلک لعن وتبری کیا جاتا تھا جسے عمر بن عبد العزیز نے اپنے حکومت کے دوران میں بند کروایا یہ سب ظلم حضرت علیؑ پر اس لئے ہوئے کہ حضرت نے جنگوں میں منافقین کے منصوبوں کو ناکام بنایا اور بنی امیہ کے بزرگان کو قتل کیا فتح مکہ کے بعد ابوسفیان و معاویہ اور بنو امیہ اور انکے مریدون نے جبرا اپنی جان کی بقاء کے لئے اسلام قبول کیا اور جب حکومت ان کے ہاتھ میں آئی انہوں نے امیر المومنینؑ اور امام حسنؑ سے جنگ کی اور یزید ملعون نے امام حسینؑ سے جنگ کی مولا امام حسینؑ نے کربلا میں اپنے کٹے ہوئے گلے سے شھادت علی ولی اللہ کو پڑھ کر بتایا جیسے ہم اللہ کی راہ میں شھید ہو کر زندہ ہیں اسی طرح کلمہ علی ولی اللہ بعد توحید و نبوت زندہ و پائندہ رہے گا اور اس علی ولی اللہ کے ضمن میں دین واسلام بھی قیامت تک باقی رہے گا کیا خوب شاعر نے کہا ہے: قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے اسلام زندہ ہو گیا بس کربلا کے بعد، اب قیامت تک جتنے بھی اموی اور یزیدی آئیں گے اسلام کو نہیں مٹا سکیں گے

استاد مجتہدین سرکار علامہ عبد النبی عراقی لکھتے ہیں:

(ان سلمان فارسی ذکر الشهادة بالولاية بعلي بعد شهادة برسالة في زمن النبی ﷺ وابوذر كان يذكرها أشهد أن علياً ولي الله ) حضرت سلمان وابوذر نبی ﷺ کے زمانہ میں رسالت کی گواہی کے بعد ولایت کی گواہی اشھد ان علیا ولی اللہ کے ساتھ دیتے تھے جبکہ رسول اللہ نے ان کے لئے فرمایا تھا سلمان ہم اہل بیت سے ہے اور ایمان کے دسویں درجہ پر فائز ہے اور ابوذر کے لئے فرمایا آسمان نے سایہ نہیں کیا ہے، اور زمین نے نہیں اٹھایا ہے، جو ابوذر سے زیادہ سچا ہو اور وہ ایمان

کے نویں درجہ پر فائز تھااور مقداد کے لئے فرمایاوہ آٹھویں درجہ پر فائز ہے اور جنت ان تینوں کی مشتاق ہے

(و فی خبر أن سلمان الفارسی ذکر الشهادة بالولاية بعد الشهادة الرسالة فی زمن النبی فدخل رجل علی رسول الله فقال یا رسول الله سمعت امراً لم اسمع قبل ذلک فقا ل ماهو ؟فقال سلمان فارسی قد یشهد فی اذانه بعد الشهادة بالرسالة الشهادة بالولاية لعلي فقال رسول الله سمعت (سمعتم)خيرا)

ترجمہ: سلمان فارسی نے نبی کے زمانے میں رسالت کی گواہی کے بعد اذان میں ولایت کی گواہی دی ایک نے نبیؐ سے کہا میں نے آج امر عجیب سنا ہے جو پہلے نہیں سنا تھا آنحضرت نے پوچھا کیا سنا ہے ؟ کہا سلمان نے رسالت کی گواہی کے بعد ولایت علیؑ کی گواہی دی ہے آپؐ نے فرمایا تو نے خیر و بہتر سنا ہے

(و فی خبر آخر ان رجلا دخل علی رسول الله وقال یا رسول الله أن اباذر یذکر فی الاذان بعد الشهادة بالرسالة الشهادة بالولاية لعلي ويقول أشهد أن علياً ولي الله فقال رسول الله كذلک او نسیتم قولی في غدير خم من كنت مولاه فعلي مولاه )

ترجمہ: ایک شخص رسول خدا کی خدمت میں آیا اور کہا میں نے ابوذر سے سنا ہے وہ رسالت کی گواہی کے بعد ولایت علی کی گواہی دیتا ہے کہتا ہے اشھد ان علیا ولی اللہ آنحضرتؐ نے فرمایا اسی طرح ہے کیا آپ میرے غدیر خم والے قول کو بھول گئے ہو میں نے نہیں کہا تھا جس کا میں مولا ہوں اسکا علیؑ مولا ہے

ملاحظہ: اے مومنین یہ ہیں نبی اکرمؐ کے وہ صحابہ کرام جنہوں نے نبی کے بعد اہل بیت نبی کا دامن نہیں چھوڑا ہے اور یہ وہ ہے کہ جنہیں نبیؐ نے جنت کی بشارت دی ہے اور یہ سب تین شھادتوں والے ہیں اللہ تعالی ہمیں بھی ان جیسی معرفت عطا فرمائے آمین یارب العالمین

# نماز اور شہادتِ ثالثہ یعنی علی ولی اللہ کی گواہی

حضرت امام صادقؑ اور امام رضاؑ اور امام زمانؑعج تین معصوم اماموں سے یہ روایت بطور سنت مؤکدہ ہے تکبیر الاحرام کے بعد سورۃ حمد سے پہلے اسطرح دعائے توجہ پڑھی جائے:

(وجهت وجهی للذی فطر السماوات والارض حنيفاً مسلماً وعلى ملة ابراهيم و دين محمدوولاية أميرالمومنين علي ابن ابيطالب وما أنا من المشركين)

(حوالہ: من لایحضرہ الفقیہ شیخ صدوق و بحار الانوار علامہ مجلسی)

ترجمہ: میں نے اپنے چہرہ کو اس کے لئے جھکا دیا ہے جو آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کرنے والا ہے جب کہ میں حقیقی مسلمان ہوں، ملت ابراہیم دین محمدؐ اور ولایت علی بن ابیطالب پر باقی ہوں اور میں مشرک نہیں ہوں

(نوٹ: بعض روایات میں دین محمدؐ و منهاج علی ہے اور بعض میں دین محمدؐ وھدی امیر المومنین کے لفظ بھی ہیں اور اس بارے میں مولا امام عسکریؑ سے روایت ہے:

(قال الفقيه الذى لاشک فی علمه الدين محمدوالهداية لعلي أميرالمومنين لأنها له عقبة باقية إلى يوم القيامة فمن كان كذلک فهو من المهتدين ومن شک فلا دين له )(حوالہ: احتجاج طبرسی)

ترجمہ: امام عسکریؑ فرماتے ہیں یعنی اس فقیہ کا کلام ہے جس کے علم میں شک ہی نہیں ہے دین محمدؐ کا ہے اور ھدایت علی امیر المومنینؑ سے ہے کیونکہ ولایت اولاد امیر المومنینؑ میں قیامت تک باقی ہے جو بھی اس عقیدہ پر باقی ہے وہی ہدایت پانے والوں میں شامل ہے اور جس نے شک کیا اسکا کوئی دین نہیں ہے

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے اس حدیث میں دیکھا امام عسکریؑ نے فرمایا ہے، دین محمدؐ جو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہے یہ ولایت علیؑ سے کامل ہوا ہے اور اس دین کی ہدایت بھی قیامت تک ولایت سے ہے کیونکہ نبوت پر ختم نبوت کی مہر لگ چکی ہے اور یہ روایت اس آیت قرآن کی تفسیر ہے (وأنت منذر ولكل قوم هاد) اے نبیؐ تو منذر ہے یعنی دین پہنچانے والا اور دین کی حدو حدود بتانے والا ہے اور علیؑ اور اولاد علیؑ قیامت تک ہر قوم کی ہدایت کرنے والے ہیں

## رسول اللہ کی نماز علی ع کی گواہی کے ساتھ

قرآن میں جزء ۱۵ سورۃ بنی اسرائیل آیت ۱۱۰ میں یہ آیت خود مولا علیؑ کے عدد کے مطابق ہے اس آیت میں اللہ نے فرمایا ہے (لاتجهر بصلاتک ولاتخافت بهاوابتغ بين ذلک سبيلا) اے نبیؐ اپنی نماز کو بلند آواز سے نہ پڑھو اور نہ ہی آہستہ پڑھو بلکہ درمیانی راستہ اختیار کرو قرآن مجید کی تفسیر اللہ اور رسول اللہ اور راسخون فی العلم یعنی اھل بیت علیھم السلام کے علاوہ کوئی نہیں جانتا ہے امام باقرؑ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

(عن جابر عن ابی جعفر قال سألته عن تفسير هذه الآية فی قول الله ولاتجهر بصلاتک ولاتخافت بها وابتغ بين ذلک سبيلاقال عليه السلام لاتجهر بولاية علي وهو فی الصلاة ولا بما اكرمته به حتی امرک به ذلک قوله ولاتجهر بصلاتک اما قوله ولاتخافت بهايقول ولاتكتم ذلک علياًيقول اعلمه بما اكرمته فاما قوله وابتغ بين ذلک سبيلا يقول تسئلنی ان اذن لک ان تجهر بامرعلي بولايته فاذن له بإظهار ذلک يوم غدير خم وهو قوله يومئذ اللهم من كنت مولاه فعلي مولاه اللهم والی من والاه وعاد من عاداه)

(حوالہ: تفسیر نور الثقلین)

ترجمہ: اے میرے حبیب اپنی نماز میں علیؑ کی ولایت کی گواہی بلند آواز سے نہ پڑھو اور جو میں نے علیؑ کو کرامت دی ہے اسے بھی بلند آواز سے بیان نہ کرو یہاں تک کہ میں آپ کو اس کے اظہار کا حکم دے دوں اور خود علیؑ سے یہ نہ چھپاؤ (یعنی علیؑ کو بتاتے رہو میں آپکی ولایت کی گواہی نماز میں پڑھتا ہوں) اور درمیانی راستہ اختیار کرو اور مجھ سے اس کے اظہار کا سوال کرتے رہو تاکہ آپ کو اس کے اظہار کا حکم دوں پس اللہ نے اس کے اظہار کا حکم خم غدیر میں دے دیا اور نبی اکرمؐ نے علیؑ کو اپنا خلیفہ و جانشین نصب کرنے کے بعد یہ فرمایا جسکا میں مولا ہوں اسکا علیؑ مولا ہے اے اللہ تو اسے دوست رکھ جو علیؑ کا دوست ہے اور جو علیؑ کا دشمن ہے اس سے دشمنی رکھ

(حوالہ: تفسیر صافی ج۳، پارہ ۱۵، سورۃ بنی اسرئیل آیت ۱۱۰، تفسیر برھان ج ۲ یہی آیت، اور تفسیر عیاشی میں بھی یہ حدیث اسی آیت کے ذیل میں موجود ہے)

اور کتاب بصائر الدرجات جس کے مصنف امام حسن عسکری کے صحابی الشیخ المحدث ابو جعفر محمد بن الحسن بن فروح الصفار القمی المتوفی ۲۹۰ ہجری ہے، اسی آیت ۱۱۰ بنی اسرائیل کی تفسیر میں ابی حمزہ ثمالی سے حدیث نقل کرتا ہے:

(محمد بن الحسین عن نصر بن سوید عن خالد بن حمادومحمد بن الفضل عن ابی حمزه ثمالی عن ابی جعفر علیه السلام قال سئلته عن قول الله عزوجل ولاتجهر بصلوتک ولا تخافت بها وابتغ بین ذلک سبیلا قال تفسیرها ولاتجهر بولاية علي ولا بما اكرمته به حتى امرک بذلک ولا تخافت بها یعنی ولا تكتمها علياً إلى آخر الحديث

ترجمہ: یہ حدیث جیسے پانچ تفسیر میں نقل ہو چکی ہے اسی طرح اس کتاب میں بھی موجود ہے۔

اعتراض: بازلوگ یہ کہتے ہیں سورۃ بنی اسرائیل آیت ۱۱۰ میں آہستہ پڑھنے کا حکم آیا ہے آپ اونچی آواز میں کیوں پڑھتے ہیں کیا یہ آہستہ پڑھنے کا حکم منسوخ ہو چکا ہے؟ اگر منسوخ ہو چکا ہے تو اسکی ناسخ آیت کونسی ہے؟

جواب: سورۃ الحجر کے آخری رکوع میں آیت نمبر ۹۴، میں یہ ہے (فاصدع بما تؤمر واعرض عن المشركين ) پس اب تمہیں حکم دیا جاتا ہے بلند آواز سے کہو اور مشرکین سے دوری اختیار کرو، تفسیر عیاشی میں امام صادقؑ سے منقول ہے اس آیت ۹۴ حجر نے آیت ۱۱۰ سورۃ بنی اسرائیل (ولا تجهر بصلوتك ولا تخافت بها وابتغ بين ذلك سبيلا) میں جو نماز میں آہستہ گواہی دینے کا حکم تھا اسے منسوخ کر دیا گیا ہے (جبکہ اعلان ولایت غدیر خم بھی ہو چکا ہے) (اے نبی) ابھی امیر المومنینؑ کی ولایت کی گواہی نماز میں بلند آواز سے دیا کرو (اور اسی بات کو مولانا مقبول احمد دہلوی نے بھی اپنے قرآن کے ترجمہ میں نقل کیا ہے (فاصدع بما تؤمر) والی آیت نے (ولا تجهر) والی آیت میں جو آہستہ گواہی دینے کا حکم آیا تھا اسے منسوخ کر کے بلند گواہی دینے کا حکم دیا ہے، تفسیر المتقین میں علامہ امداد حسین کاظمی نے بھی اسی طرح لکھا ہے کہ آیت ۹۴ سورۃ حجر، آیت ۱۱۰ بنی اسرائیل میں جو آہستہ پڑھنے کا حکم آیا تھا اسے منسوخ کر کے بلند پڑھنے کا حکم دیا ہے، نبی اکرمؐ نے علیؑ کے اعلان غدیر خم کے بعد وہاں جو نماز پڑھائی ہے اس میں تشہد میں بلند آواز سے علیؑ کی امامت وولایت کی گواہی دی تھی، یہ غدیر خم کا واقعہ ہے حضرت ابوذر غفاری سے روایت ہے جب نبی اکرمؐ نے امیر المومنینؑ کی گواہی نماز میں بلند آواز سے پڑھی تو ابن ہند، معاویہ بن سفیان نماز چھوڑ کر چلا گیا اور غصہ کی حالت میں انگلیاں کاٹ رہا تھا اور نبیؐ کے پیچھے ولایت علیؑ کی شھادت والی نماز نہیں پڑھی تو اس وقت معاویہ کی مذمت میں اللہ نے سورۃ قیامت کی ۳۱ سے ۳۵ آیتیں نازل فرمائیں: (ولا صدق ولا صلى ولكن كذب وتولى ثم ذهب إلى أهله يتمطى اولى لك فاولى ثم اولى لك فاولى )

ترجمہ: معاویہ نے نہ تصدیق کی اور نہ (ولایت) والی نماز پڑھی لیکن نبی کو جھٹلایا اور نبی ﷺ سے منہ پھیر کر اپنے اہل کی طرف اکڑتا ہوا چلا گیا تیرے لئے یہی بہتر تھا ایسا کرنا پس تیرے لئے یہی بہتر تھا ایسا کرنا ،یہی بہتر تھا ایسا کرنا پس تیرے لئے یہی بہتر تھا ایسا کرنا،(اس بات کو اللہ نے چار مرتبہ اسکی مذمت میں کہا ہے)

(حوالہ: تفسیر فرات اردو ترجمہ، تفسیر برھان)

ملاحظہ: اے مومنین آپ کیلیئے واضح اور روشن ہو چکا ہے کے نبی اکرمؐ نے اپنی نمازوں میں علیؑ کی گواہی دی ہے پہلے آہستہ آواز سے اور پھر غدیر خم میں اعلان ولایت کے بعد بلند آواز سے گواہی دی ہے

سب سے پہلے جس نے نبیؐ کے پیچھے ولایت والی نماز کو توڑا ہے، وہ معاویہ بن ابی سفیان تھا جس کی مذمت میں سورۃ قیامت کی ۳۱ تا ۳۵ آیتیں نازل کی، اور ان آیات میں اللہ نے چار مرتبہ بتایا معاویہ کے لئے یہی سزاوار تھا کہ وہ علیؑ کی دشمنی کرتا کیونکہ علیؑ نے جنگوں میں ان کے اقارب اور بزرگوں کو قتل کیا تھا اور یہ بغض و کینہ معاویہ بن سفیان اور بنی امیہ کے دلوں میں تھا اس لئے انہوں نے علیؑ اور اولاد علیؑ اور شیعیان علیؑ کا قتل عام کیا اب انصاف آپ مومنین پر ہے اللہ اور رسول ﷺ کا حکم مانیں اور نماز میں علیؑ کی ولایت کی گواہی دیں یا معاویہ بن ابی سفیان کی اتباع میں علیؑ کی گواہی کو ترک کریں۔

## روایاتِ اہل بیت علیہم السلام اور شہادتِ ثالثہ نماز میں

سید احمد مستنبط نے اپنی کتاب القطرۃ میں امام صادقؑ سے نماز کا تشہد لکھا ہے اور کہا ہے:

(حيث اشتهر فى السنة بعض الناس انكار شهادة بالولاية فى الاذان والاقامة غافلا عن كونها جزءأمستحباً فى الصلاة فورد في خبر القاسم بن معاويه

المروی فی احتجاج الطبرسی عن أبی عبدالله اذا قال احدکم لااله الاالله محمدرسول الله فلیقل أمیرالمومنین ولي الله )

ترجمہ: سید احمد مستنبط اپنی کتاب القطرہ میں امام صادق علیہ السلام سے تشہد نقل کرنے سے پہلے یہ کہتے ہیں بعض لوگ علیؑ کی ولایت کی گواہی کا اذان واقامت میں انکار کرتے ہیں درحالانکہ وہ اس بات سے غافل ہیں یہ گواہی تو نماز میں بھی مستحب ہے جیسا کہ احتجاج طبرسی میں قاسم بن معاویہ نے امام صادقؑ سے روایت کی ہے کہ جب بھی تم میں سے کوئی لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ کہے اس پر امیر المومنین ولی اللہ کہنا واجب ہے )اور بعد میں سید احمد مستنبط نے کہا:

(علی ما روی عن الصادق انها اورد الروایة لندرة وجودها وشرافة مضمونها و کثرة فوائدها فی زماننا هذا لمن تدبر فیها حتی ان العلامة النوری قدس سره غفل عنها فلم ینقلها في المستدرک )

ترجمہ: امام صادقؑ سے جو روایت ابھی بیان کی گئی ہے بیشک اس کا وجود نادر ہے مضمون بہت شرافت والا ہے اور صاحبان تدبر کے لئے اس کے فوائد اس زمانے میں بہت زیادہ ہیں جبکہ علامہ نوری قدس اللہ سرہ نے غفلت کی وجہ سے اسے اپنی کتاب المستدرک میں نقل نہیں کیا ہے اور اس کے بعد سید احمد مستنبط وہ تشہد نقل کرتا ہے، جس کا راوی ثقہ تریں فرد یعنی ابو بصیر جو تین اماموں کا صحابی ہے

(ما نقله ابوبصیر عن الصادق بسم الله و بالله والحمدلله وخیرالاسماء کلها لله أشهد ان لااله الا الله وحده لا شریک له وأشهدأن محمداًعبده ورسوله أرسله بالحق بشیراً و نذیراً بین یدي الساعة أشهد أن ربي نعم الرب وأن محمداً نعم الرسول وأن علیاً نعم الوصی ونعم الامام اللهم صل علی محمدوآل محمدوتقبل شفاعته فی امته وارفع درجته الحمدلله رب العالمین

ترجمہ: ابو بصیر نے امام صادقؑ سے یہ تشہد نقل کیا ہے: اللہ کے اسم سے اور اللہ سے شروع کرتا ہوں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور تمام اسماء خیر اللہ کے لئے ہیں میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں وہ وحدہ لا شریک ہے اور میں گواہی دیتا ہوں محمد اللہ کا بندہ اور رسول ہے اور اللہ نے اسے حق (یعنی علیؑ) کے ساتھ بھیجا ہے تا کہ وہ (علیؑ کی ولایت) کی بشارت دے اور (علیؑ کی مخالفت) سے ڈرائے اور میں گواہی دیتا ہوں میرا رب بہترین پروردگار ہے اور محمدؐ بہترین نبی ہے اور علیؑ بہترین وصی اور امام ہے، اے اللہ درود بھیج محمد وآل محمدؐ پر اور اس کی شفاعت کو اس کی امت کے لئے قبول فرما اور اس کے درجہ کو بلند فرما تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو عالمین کا رب ہے۔

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے سید احمد مستنبط کا قول پڑھا جس میں انہوں نے کہا کے ولایت امیر المومنینؑ نماز میں جزء مستحب ہے درحالانکہ احتجاج طبرسی والی روایت میں امام صادقؑ نے فرمایا جب بھی تم میں سے کوئی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہے (فليقل أميرالمومنين ولی الله) پس اس پر امیر المومنین ولی اللہ کہنا واجب ہو جاتا ہے اور سید مستنبط نے استحباب کا فتوی کہاں سے دیا ہے؟ جبکہ آیت تبلیغ میں نبی پر امیر المومنینؑ کی ولایت اور امامت کا حکم پہچانا واجب ہے اگر نبیؐ علیؑ کی امامت اور ولایت کا حکم نہ پہچائیں تو رسالت کا کوئی کام بھی انجام نہیں دیا ہے اس سے ثابت ہوا ولایت امیر المومنین واجب نہیں بلکہ اوجب ہے۔

## امام صادق ع کا دوسرا فرمان تشھد نمازکیے بارے میں

قال ابوعبدالله اذا صليت الركعة الرابعة فقل فی تشهده بسم الله وبالله والحمدلله والاسماء الحسنى كلها لله أشهد ان لااله الاالله وحده لا شريک له وأشهد ان محمداًعبده ورسوله أرسله بالحق بشيراً ونذيراً بين يدی الساعةالتحيات لله والصلاة الطيبات الزاكيات العاديات الرائحات الناعمات

المبارکات الصالحات لله ماطاب وزکی وطهر ونمی وخلص وماخبث فلغیر الله أشهد أنک نعم الرب وأن محمد نعم الرسول وأن علي بن ابیطالب نعم الولي و ان الجنة حق والنار حق والموت حق والبعث حق وان الساعة اتیة لاریب فیها وان الله یبعث من فی القبور والحمدلله الذی هدانا لهذا وما کنا لنهتدی لولاان هداناالله اللهم صل علی محمد المصطفی و علي المرتضی وفاطمة الزهراء والحسن والحسین والائمة الراشدین من آل طه ویاسین السلام علیک ایها النبی ورحمة الله وبرکاته السلام علیک وعلی اهل بیتک الطیبین السلام علینا و علی عباد الله الصالحین

(حوالہ: کتاب بحارالانوار ج ۸۴)

## وہ تشہد جو امام رضا علیہ السلام سے نقل ہوا ہے

أشهد ان لااله الاالله وحده لاشریک له وأشهدان محمداًعبده ورسوله ....... أشهد انک نعم الرب وأن محمداً نعم الرسول وأن علي نعم المولی .....اللهم صل علی محمد المصطفي وعلي المرتضی وفاطمة الزهراء والحسن والحسین والائمة الراشدین من آل طه ویاسین

جب کربلاوالوں کا قافلہ واپس مدینے پہنچا اور نماز کا وقت ہوا تو سرکاری موذن نے علیؑ ولی اللہ کی گواہی کے بغیر اذان دینا شروع کی تو امام سجادؑ نے فرمایا شیطانی نقاروں کی آواز کہاں سے آرہی ہے؟ مدینے کے لوگ امام سجادؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یزید لعین نے علی ولی اللہ کو غیر ضروری کہ کر اذان سے خارج کر دیا ہے اور اب مدینے میں اذان میں علی ولی اللہ کی گواہی نہیں دی جاتی ہے امام سجادؑ نے امام محمد باقرؑ کو حکم دیا کہ صحیح اذان دو تو امام باقرؑ نے جو اذان دی اس میں علی ولی اللہ کی گواہی تھی

لوگوں نے امام سجادؑ سے سوال کیا کہ علی ولی اللہ کے بغیر اذان درست نہیں ہے؟ تو امام سجادؑ نے فرمایا جس اذان میں علی ولی اللہ کی گواہی نہ ہو وہ اذان ہی نہیں ہے بلکہ وہ شیطانی نقاروں میں بدل جاتی ہے اذان کے بعد امام سجادؑ کی امامت میں نماز جماعت ہوئی جس میں نماز کے تشہد میں بھی علی ولی اللہ کی گواہی بلند آواز سے دی گئی

(حوالہ: فقہ مجلسی، فقہ الرضا، مستدرک الوسائل، مناقب اہل بیت، قوانین شریعہ، انوار شریعہ، حدائق ناضرہ، قطرہ در دریائے فضائل اھل بیت، اسرار الصلاۃ،)

نوٹ: اب کچھ بے علم کہتے ہیں نماز میں علی ولی اللہ کی گواہی دے دو تو بھی ٹھیک ہے اور اگر نہ دو پھر بھی ٹھیک ہے یہ بیچارہ نہیں جانتے ہیں ولایت ہی ایک ایسا امر ہے جس کے لئے اصلا کوئی رعایت نہیں ہے اور حدیثِ ( بنی الاسلام علی الخمس) بھی اسی بات پر شاہد ہے اور مولا امام سجادؑ نے فرمایا ہے ہر وہ عبادت شیطان کے عبادت کے برابر ہے جس میں علی ولی اللہ کی گواہی شامل نہیں ہے

امام صادقؑ فرماتے ہیں جسطرح ابلیس کے تکبر کرنے کے بعد اسکی تمام زندگی سجدہ کی حالت میں رہنے نے بھی اسے کوئی فائدہ نہیں دیا ہے اسی طرح اس امت کے لوگوں کی بڑے سے بڑی نیکی ولایت علیؑ کے انکار کے بعد ہرگز قبول نہیں کی جائے گی

امام کاظمؑ نے فرمایا ہے، ہمارے حقِ ولایت علی ولی اللہ کے انکار کی وجہ سے اللہ نماز کی حالت میں بھی نمازی پر لعنت کرتا ہے

اور امام صادقؑ فرماتے ہیں ہماری ولایت علی ولی اللہ کا منکر اللہ کے نزدیک برابر ہے نماز پڑھے یا زنا کرے یا روزہ رکھے یا چوری کرے برابر ہے

امام محمد تقیؑ فرماتے ہیں اے مومنین جان لو علی ولی اللہ کے بغیر تمہاری ہر عبادت بیکار و فضول ہے

امام حسن عسکریؑ فرماتے ہیں جس نے بھی علی ولی اللہ کے بغیر کوئی عبادت انجام دی اس نے شیطان کی پرستش و عبادت کی ہے اور باطل عبادت انجام دی ہے

(حوالہ: مودت معصومین، اصول کافی، قبسات من قوانین الشریعہ، ثواب الاعمال وعقاب الاعمال، تجلی ولایت، بحر الفضل)

## امام رضاعلیہ السلام کا تشہد جو فقہ الرضا سے منقول ہے

بسم الله وبالله والحمدلله والاسماء الحسنى كلها لله أشهد أن لااله الاالله وحده لا شريک له وأشهد أن محمداًعبده ورسوله أرسله بالحق بشيراً ونذيراً بين يدى الساعةالتحيات لله والصلاة الطيبات الزاكيات العاديات الرائحات الناعمات المباركات الصالحات لله ماطاب وزكى وطهر ونمى وخلص فلله فما خبث فلغير الله أشهد أنک نعم الرب وان محمد نعم الرسول وان علياًنعم المولي و ان الجنة حق والنار حق والموت حق والبعث حق وان الساعة اتية لاريب فيها وان الله يبعث من فى القبور والحمدلله رب العالمين الذى هدانا لهذا وما كنا لنهتدى لولاان هداناالله اللهم صل على محمد وآل محمدوبارک على محمد وآل محمدوارحم محمد وآل محمد افضل ما صليت وباركت وترحمت وسلمت على ابراهيم وآل ابراهيم انک حميد مجيد اللهم صل على محمد المصطفي و علي المرتضى وفاطمة الزهراء والحسن والحسين والائمة الراشدين من آل طه وياسين اللهم صل على نورک الانور وعلى حبلک الاطول وعلى عروتک الاوثق وعلى وجهک الاكرم وعلى جنبک اوجب وعلى باب الادنى وعلى مسلكک الصراط اللهم صل على الهاديين المهديين الراشدين الفاضلين الطيبين الطاهرين الخيار الابرار السلام عليک ايها النبى ورحمة الله وبركاته

السلام علیک و علی اهل بیتک الطیبین السلام علینا وعلی عبادالله الصالحین
السلام علیک ورحمة الله وبرکاته

(حوالہ: فقہ الرضا)

## حضرت علی علیہ السلام ذکر اللہ ہے

یہ جو علماء اور فقہاء کی طرف سے کہا جاتا ہے نماز میں قرآن وذکر ودعا کے علاوہ اور کسی چیز کو داخل نہیں کیا جا سکتا ہے تو اس اعتبار سے بھی شہادت ثالثہ کے ذکر کی ممانعت نظر نہیں آتی ہے کیونکہ امام معصوم اس آیت میں:

( ان الصلاة تنهی عن الفحشاء و المنکر ولذکرالله اکبر) کی تفسیر میں فرماتے ہیں:(نحن ذکر الله و نحن اکبر ) ہم اللہ کا ذکر ہیں اور ہم ہی اکبر ہیں

(حوالہ: مرآۃالانوار ص۵، تفسیر البرہان ج۴، کفایۃ الموحدین ج۱، ۲۵۳)

امام محمد باقرؑ سورۃ جمعہ کی اس آیت:(یا ایهاالذین آمنوا اذا نودی لصلاة من یوم الجمعة فاسعوا الی ذکر الله ) کی تفسیر میں فرماتے ہیں یہاں ذکر اللہ سے مراد امیر المومنینؑ ہے

(حوالہ: الاختصاص شیخ مفید ص۲۴)

ملاحظہ: نبیؐ نے فرمایا:(ذکر علی عبادةلأن ذکره ذکری وذکری ذکرالله و ذکر الله عبادة) علیؑ کا ذکر عبادت ہے کیونکہ علیؑ کا ذکر میرا ذکر ہے اور میرا ذکر اللہ کا ذکر ہے اور اللہ کا ذکر عبادت ہے، پس اس سے ثابت ہوا کہ علیؑ کا ذکر عبادت ہے اور عبادت سے نماز باطل نہیں ہوتی ہے

* * *

# علماء کی فتاویٰ اور شہادتِ ثالثہ امیرالمومنین علیہ السلام

علامہ میرزا حسین نوری صاحب مستدرک الوسائل اپنی کتاب میں مولا امام رضا سے یوں تشہد نقل کرتے ہیں اور کہتے ہیں تشہد میں دو گواہیوں کے بعد یوں کہو:

اشهد انک نعم الرب وان محمدا نعم الرسول و ان علياً نعم المولى اللهم صل على محمد المصطفى و علي المرتضى وفاطمة الزهراء والحسن والحسين والائمة الراشدين من آل طه وياسين

علامہ محمد تقی مجلسی اول اور محمد باقر مجلسی ان دونوں باپ اور بیٹے نے اپنی اپنی کتاب میں جو تشہد نقل کیا ہے ان میں امیر المومنین کی شہادت ثالثہ کی گواہی ذکر کی ہے جس تشہد کا ذکر پہلے ہو چکا ہے

محدث جلیل القدر علامہ یوسف بحرانی رحمۃ اللہ متوفی ۱۱۸۶ نے اپنی کتاب الحدائق الناضرہ میں لکھا ہے شہادتین کی گواہی کے بعد اس طرح پڑھا جائے:

أشهد انک نعم الرب وان محمدا نعم الرسول و ان علياً نعم المولى اللهم صل على محمد المصطفى و علي المرتضى وفاطمة الزهراء والحسن والحسين والائمة الراشدين من آل طه وياسين

(حوالہ حدائق الناضرہ ج ۸)

محقق بزرگ فقیہ اہل بیت سرکار علامہ سید ناصر حسین لکھنوی المعروف ناصر الملۃ اپنی توضیح المسائل المعروف تحفہ احمدیہ ج ۱ ص ۱۵۴ سے ۱۵۵ تک کیفیت نماز میں یوں تشہد لکھتے ہیں:

أشهد ان لااله الاالله وحده لاشريک له وأشهدان محمداًعبده و رسوله أرسله بالحق بشيراً ونذيراً بين يدى الساعة أشهدأن ربى نعم الرب وان محمداً نعم

الرسول وان علیاً نعم الوصی و ان الائمة من ولده نعم الائمه ان الساعة اتیه لاریب فیها ان الله یبعث من فی القبور الحمدلله الذی هدانا لهذا وما کنا لنهتدی لولا ان هدانا الله

اور نماز تہجد کے بیان میں پھر لکھتے ہیں کہ طولانی تشہد پڑھنا بہتر ہے اور اسطرح تشہد نقل کیا ہے:

(بسم الله وبالله والحمدلله والاسماء الحسنی کلها لله أشهد ان لااله الاالله وحده لا شریک له واشهد ان محمداًعبده ورسوله أرسله بالحق بشیرا ونذیرا بین یدی الساعة أشهدان ربی نعم الرب وان محمداً نعم الرسول وان علیاً والائمة من ذریته نعم الائمة اللهم صل علی محمد وآل محمد و تقبل شفاعته فی امته وارفع درجته)

مفسر قرآن علامہ حسین بخش جاڑااپنی کتاب توضیح المسائل انوار الشریعہ در فقہ جعفریہ میں امام رضاسے جو تشہد نقل کیاہے کہ عام تشہد بجالانے کے بعد اسطرح کہو:

أشهد أنک نعم الرب وأن محمدا نعم الرسول وأن علیاً نعم الولی اللهم صل علی محمد المصطفی و علي المرتضی وفاطمة الزهراء والحسن والحسین والائمة الراشدین من آل طه ویاسین

مرجع فقیہ السید محمد علی طباطبائی کربلائی عراقی اپنی کتاب القوانین شریعۃ میں شہادتِ ثالثہ امیر المومنینؑ کے بارے اسطرح نقل کرتے ہیں:

(یجوز فی التشهد الشهادة لامیرالمومنین بالولایة بعد الشهادة لنبی بالرسالة وکذا الائمة علیهم الصلاة والسلام کما سیاتی من الکیفیة و الاطلاق حدیث الشریف عن الاحتجاج الطبرسی اذا قال احدکم لااله الاالله محمد رسول الله

فليقل علياً أميرالمومنين ولى الله كما مر فى الاذان فى احاديث كثيرة منها حديث السلسلة الذهبية عن الامام الرضا قول الله (لااله الاالله حصنى فمن دخل حصنى امن من عذابى )ثم قال الامام بشروطها وأنا من شروطهاو عليه فولاية اهل بيت عليهم السلام من شروط الشهادة بالله مرتبطة بالشهادةبولايتهم لان الله شاء ان يجعل قبوله لشهادة الناس على طريق سفراء الكرام عليهم السلام

ترجمہ: تشھد میں امیر المومنین کی ولایت کی گواہی، نبی کی گواہی کے بعد جائز ہے اسی طرح معصومینؑ کی گواہی کا بھی ذکر کرسکتے ہیں جیسا کہ حدیث احتجاج طبرسی میں ہے جب بھی تم میں سے کوئی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہے اس پر علی امیر المومنین ولی اللہ کہنا واجب ہے جیسا کہ اذان کی فصل میں بہت سی احادیث گذر چکی ہیں ان میں سے ایک حدیث سلسلہ ذھبیہ امام رضاؑ ہے جس میں اللہ کا قول ہے لا الہ الا اللہ میرا قلعہ ہے جو میرے قلعہ میں داخل ہو جائے گا وہ میرے عذاب سے بچ جائے گا پھر امامؑ نے فرمایا: اسکی شروط ہیں اور ان میں سے ایک شرط میں علی بن موسی رضاؑ بھی ہوں پس اس سے ثابت ہوا ولایت اہل بیت اللہ کی گواہی سے مرتبط ہے کیونکہ اللہ اپنے بندوں کی گواہی کو اپنے سفراءِ کرام (یعنی اہل بیتؑ) کی گواہی سے قبول کرتا ہے

* * *

## کتبِ اربعہ سے شہادت ثالثہ پرثبوت

کتب اربعہ میں سے من لایحضرہ الفقیہ اور تہذیب میں یہ حدیث موجود ہے:

عن الصادق ع:(قال الحلبى له أ أسمى الائمة فى الصلاة قال أجملهم)

ترجمہ: حلبی نے امام صادقؑ سے عرض کیا کیا نماز میں معصومین کے نام لے سکتے ہیں تو حضرت نے فرمایا
:خوبصورت طریقہ سے لو (یا مختصر کر کے لو) اور مختصر ایسے ہو سکتے ہیں شہادت ثالثہ کہتے ہوئے ایسے کہو
اشھد ان محمد عبدہ ورسولہ واشھد ان امیر المومنین و اولادہ المعصومین اولیاء اللہ

اصول کافی میں بکر بن حبیب نے امام باقرؑ سے سوال کیا:

(مااقول في التشهد والقنوت قال احسن ما علمت ولو كان موقتاً لهلك الناس) اور یہ حدیث تھذیب الاحکام اور وسائل الشیعہ میں بھی موجود ہے

ترجمہ: بکر بن حبیب نے امام صادقؑ سے پوچھا تشھد اور قنوت میں کیا پڑھوں فرمایا جو تو سب سے بہتر جانتا ہے اسے پڑھو (سب سے بہتر ولایت و امامت علیؑ کی گواہی ہے اس سے بہتر کیا ہو سکتا ہے یہ ولایت اکمال دین اور اتمام نعمت ہے اور ہر عبادت کی روح ہے کوئی عبادت اس کے بغیر قابل قبول نہیں ہے یہاں تک کے خود توحید و رسالت کی گواہی بھی بغیر ولایت قبول نہیں ہے اس لئے دشمن نے بھی اسی شھادت ولایت علیؑ کو چھپایا ہے ورنہ، توحید و رسالت کی گواہی تو یزید کے دربار میں بھی تھی قرآن مجید فرقان حمید میں اللہ نے فرمایا:

(من أظلم ممن كتم شهادة عنده من الله) سب سے زیادہ ظالم وہ ہے جو ایک گواہی کو چھپاتا ہے جو اللہ کی طرف سے ہے سورۃ بقرہ آیت ۱۴۰، اور دوسری آیت مبارکہ جس میں اللہ نے شھادات پر قائم رہنے والوں کی تعریف کی ہے سورۃ معارج آیت ۲۹ (والذين هم بشهاداتهم قائمون والذين هم على صلاتهم يحافظون اولئک في جنة مكرمون) وہ لوگ جو اپنی گواہیوں پر قائم ہیں یہ وہی ہیں جو اپنی نمازوں کی (ولایت کے ساتھ) حفاظت کرتے ہیں یہی جنت میں باعزت، کرامت والے ہوں گے۔

# تین سوال اور انکا جواب

پہلا سوال:

جب کوئی مومن کسی مقصر مولوی سے سوال کرتا ہے جبکہ بہت زیادہ روایات اور آیات میں توحید ورسالت کے بعد ولایت وامامت کا ذکر ہے تو نماز میں ایسا کیوں نہیں ہے؟

تو مولوی کہتا ہے جب ہم تشہد میں صلوات پڑھتے ہیں تو اس میں سب معصومین آجاتے ہیں اسطرح وہ شھادت امیر المومنینؑ کو صلوات کی آڑ میں چھپاتا ہے

جواب: صلوات دعاء ہے اور شھادت ثالثہ ایک گواہی ہے جن میں زمین وآسمان کا فرق ہے اگر صلوات کو شھادۃ اور گواہی مان بھی لیں تو پھر اشھد ان محمد رسول اللہ بھی نھیں کھنا چاہیے کیونکہ صلوات میں محمدؐ بھی موجود ہے اور درود بھیجنے والوں میں اللھم میں خود اللہ بھی موجود ہے پھر اللہ کی گواہی بھی ضروری نہیں ہے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ علیؑ کی دشمنی میں توحید ونبوت بھی آپ کے ہاتھ سے چلی جائے گی جیسا کہ خود امیر المومنینؑ نے فرمایا ہے میری ولایت کے بغیر توحید ورسالت آپ کے کام نہیں آئے گی

دوسرا سوال:

جب مومن اس مولوی کی بات سے مطمئن نہیں ہوتا ہے تو پھر یہ مولوی دوسرا حربہ استعمال کرتا ہے اور اس مسئلہ کو جذباتی بنا کر پیش کرتا ہے اور کہتا ہے تمہارے آباءواجداد بھی شھادت ثالثہ کی گواہی نہیں دیتے تھے کیا وہ سب جہنم جائیں گے اسطرح آباءواجداد کی عصبیت کو ہوا دیتے ہوئے وہ لوگوں کے جذبات بھڑکاتا ہے۔

جواب: حقیقت بات یہ ہے عمل چاہے جو بھی ہو انسان اپنے علم کے مطابق اسم میں مکلف ہوتا ہے یعنی اگر کسی کو نماز میں شہادت ثالثہ علیؑ کا علم نہیں ہے اور وہ نہیں پڑھتا ہے ایسا شخص خدا کے نزدیک معذور ہے یعنی جب اللہ کی طرف سے سوال ہو گا کیوں ولایت کی گواہی نہیں دیتا تھا تو وہ کہے گا خدایا مجھے علم نہیں تھا اس کے لئے کوئی سزا نہیں ہو گی اور وہ اپنے علم وایمان کے مطابق جنت میں جائے گا اصل مجرم وہ لوگ ہیں جو یہ بات جاننے کے باوجود کہ ولایت کی گواہی اللہ اور رسول کی گواہی کے بعد واجب اور ضروری ہے جس پر بیشمار قرآنی آیات اور حدیثیں دلالت کرتی ہیں اپنی ہٹ دھرمی اور ضد اور اندھی تقلید پر باقی رہتے ہوئے اس کا انکار کرے گا وہ منکرین میں شامل ہو گا اور اس آیت قرآن کا مستحق ہو گا سورۃ بقرۃ آیت ۱۰: في قلوبهم مرض فزادهم الله مرضا ولهم عذاب اليم بما كانوا يكذبون ان کے دلوں میں مرض (یعنی علی کی دشمنی) ہے اللہ ان کی مرض کو زیادہ کرے گا اس لئے کہ (یہ منافقین جاننے کے باوجود بھی) جھوٹ بولتے ہیں

تیسرا سوال: منکرینِ شہادت ثالثہ علیؑ کی گواہی دینے والوں کو فتنہ گر اور تفرقہ ڈالنے والے اور قوم میں انتشار پھیلانے والے کہتے ہیں درحالانکہ یہ بات بالکل برعکس اور قرآن کے خلاف ہے اللہ تعالی نے قرآن مجید میں سورۃ مائدۃ ۶۷ میں آیت تبلیغ میں یہ فرمایا: (ياايها الرسول بلغ ماانزل اليك....) اے رسول علیؑ کی ولایت وامامت کا جو حکم آپ کو ملا ہے پہنچا دو اگر نہ پہنچایا تو رسالت کا کوئی کام انجام نہیں دیا ہے (اللہ آپ کو منافقین کے شر سے محفوظ فرمائے گا)

جب نبی ﷺ نے علیؑ کی ولایت کا اعلان کیا اس کے بعد یہ آیت نازل ہوئی مائدہ آیت ۳ (اليوم يئس الذين كفروا من دينكم اليوم اكملت لكم دينكم واتممت عليكم ورضيت لكم الاسلام دينا) آج کے دن علیؑ کے ولایت وامامت کے اعلان کے بعد کافر تمہارے دین سے مایوس ہو گئے کیونکہ پیغمبر ﷺ نے امیر المومنینؑ کی امامت اور ولایت کے ساتھ قیامت تک اپنے تمام خلیفوں اور وصیوں کا

اعلان کر دیا تھا اور جب امام زمان عج پر پہنچے تو فخر کرتے ہوئے فرمایا کہ مھدیؑ ہم میں سے ہے اور میری بیٹی فاطمہ سلام اللہ علیھا کی اولاد سے ہے یہ اعلان فرما کر قیامت تک آنے والے سب جھوٹے خلیفوں اور ولی فقیہوں اور ولایت کے مدعیوں کی راہوں کو بند کر دیا کفار و منافقین اور فتنہ گر آج کے دن مائیوس ہو گئے آج کے دن اعلان ولایت سے دین کامل ہوا اور نعمتیں کامل ہوئیں اب ایمان سے بتاؤ فتنہ گر اور تفرقہ ڈالنے والے اور منکر شہادت ولایت امیر المومنینؑ کون ہیں؟

یہ وہ ہیں جنھوں نے سقیفہ بنی ساعدہ اور بنی امیہ اور بنی عباس تک اپنی انتہائی کوششوں سے حکومتوں کے زور پر امامت وولایت یعنی شہادت ثالثہ جو نور اللہ ہے اسے ختم کرنے کی کوشش کی تو اللہ نے سورۃ صف آیت ۸ میں منافقین کے اس مکر و فریب کو ظاہر کرتے ہوئے فرمایا:(يريدون ليطفئوا نور الله بافواههم والله متم نوره ولو كره الكافرون )وہ لوگ اپنے منھوں سے اللہ کے نور کو خاموش کرنا چاہتے ہیں اللہ اپنے نور (یعنی ولایت علیؑ کو) کامل کرنے والا ہے اگرچہ کافرین کو یہ بات پسند نہیں ہے ،پس اس سے معلوم ہوا منکر ولایت کافر ہے جو مومن ہو گا وہ ضرور علیؑ کی ولایت کا اقرار واظہار واعلان کرے گا اور کافرین و منافقین ہمیشہ مومنین پر فتنہ گر کی تہمتیں لگا کر ان کو ولایت سے دور کرنے کی کوشش کریں گے لیکن یہ لوگ اپنے اس ارادہ میں ناکام رہیں گے ولایت اللہ کا نور ہے اور اللہ کا نور کامل ہو کر رہے گا

فانوس بن کے جس کی حفاظت ہوا کرے...وہ شمع کیوں بجھے جسے روشن خدا کرے

یہی ولایت علیُ ہے جو حق و باطل اور مومن و منافق کی پہچان ہے اور اس ولایت کو مٹانے کے لئے یزید و بنی امیہ نے کربلا میں علیُ کی اولاد کو قتل کیا ناموس خدا کو اسیر بنایا سید الشھداء نے نیزے پر قرآن سنا کر اور ثانی زھراءُ نے دربار یزید میں خطبہ سنا کر فرمایا:

اے یزید تو کبھی ہمارا ذکر نہیں مٹا سکتا ہے اب بتاؤ فتنہ گر حسینی ہیں یا یزیدی؟

جابر جعفی نے حضرت امام باقرؑ سے عرض کیا مولا آپکا اقتدار حکومت کب آئے گا آنحضرت نے فرمایا:

(هيهات هيهات لايكون فرجنا حتى تغربلوا ثم تغربلوا ثم تغربلوا) (حوالہ غیبت طوسی)

ترجمہ: افسوس افسوس ہماری اقتدار و حکومت اس وقت تک نہ آئی گی جب تک تم لوگوں کو اچھی طرح چھان نہ لیا جائے (جس طرح چلنی میں اناج چھانا جاتا ہے) پھر چھان لیا جائے پھر چان لیا جائے (حتى يذهب القدر ويبقى الصفو) یہاں تک کہ گرد و غبار دور ہو جائے صاف و شفاف (یعنی ہیرہ و موتی باقی رہ جائیں) اور اس سے ملتی جلتی روایت یہ ہے جس میں رسول خدا نے امیر المومنینؑ کی شہادت ثالثہ کو بیان کرتے ہوئے فرمایا: (یا علی مرنے کے بعد بندہ سے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے ساتھ تمہاری ولایت و امامت کے متعلق سوال کیا جائے گا کیونکہ خدا نے تمہیں ولی بنایا ہے اور میں نے تمہارا اعلان کیا ہے جو اس بات کا اعتقاد رکھے گا اور اسکا اقرار کرے گا تو وہ اس نعمت میں شامل ہو جائے گا جسے زوال نہیں آئے گا

(حوالہ: عیون اخبار رضا شیخ صدوق جلد ۲ ص ۴۷۲)

## قرآنی آیات اور ولایتِ شھادتِ ثالثہ امیرالمومنین علیہ السلام

## آیتِ عزت

(من كان يريد العزة فلله العزة جميعا اليه يصعد الكلم الطيب والعمل الصالح يرفعه) سورۃ فاطر آیت ۱۰

جو شخص عزت کا طلبگار ہے پس تمام عزت اللہ کے لئے ہے اور کلم طیب اسی کی طرف سعود کرتے ہیں اور کلم طیب عمل صالح کو بلند کرتے ہیں مولا علی بن موسی رضا علیہ السلام کا فرمان ہے (کلم الطیب هو قول مومن ) کلم طیب وہ مومن کا یہ قول ہے (لا اله الاالله محمد رسول الله علی ولی الله و خلیفة رسول الله)

(حوالہ تفسیر البرھان جلد ۳)

امام باقرؑ فرماتے ہیں مومن کا اعتقاد قلبی اسکے عمل سے ظاہر ہوتا ہے اور جب عمل اس کے اعتقاد قلبی کے مطابق ہوتا ہے (وہ اللہ کی بارگاہ میں) بلند ہوتا ہے اور جو عمل اعتقاد قلبی کے خلاف ہوتا ہے وہ خبیث عمل ہوتا ہے (وہ اللہ کی بارگاہ میں) بلند نہیں ہوتا ہے اور درجہ قبولیت تک نہیں پہنچتا ہے

ملاحظہ: اے مومنین اس آیت میں کلم طیب سے مراد شھادات ثلاثہ ہیں جو تین گواہیوں والا ہوگا اس کے اعمال اللہ کی طرف بلند ہو کر درجہ قبولیت کو پہنچیں گے

## آیت ِفطرت

(فاقم وجهک للدين حنيفا فطرة الله التی فطر الناس عليها لاتبديل لخلق الله ذلک دين القيم ولکن اکثر الناس لايعلمون ) سورہ روم آیت ۳۰

ترجمہ: دینِ حقیقی کے لئے اپنے چہرہ کو خم کر دو اللہ کی فطرت جس پر لوگوں کو خلق کیا گیا ہے اس میں تبدیلی واقع نہیں ہوتی ہے اور یہی محکم دین ہے لیکن اکثر لوگوں کو اسکا علم نہیں ہے امام باقرؑ سے فطرت اللہ کا سوال ہوا تو آپ نے فرمایا فطرت اللہ سے مراد: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہے اور امام رضا علیہ السلام نے اپنے بابا امام موسی کاظمؑ سے اور اپنے جد امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے، فطرۃ اللہ التی فطر الناس سے مراد لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہے یہی شھادات ثلاثہ اساس و بنیاد دین ہیں۔

(حوالہ: تفسیر برھان جلد ۳، تفاسیر عمدۃ البیان اور متقین اور انوار النجف میں بھی موجود ہے)

ملاحظہ: جو بھی فطرت اللہ کی مخالفت کرتے ہوئے اپنی اذان اقامت و نماز و کلمہ و تلقین کو اللہ کی فطرت کے خلاف انجام دے گا اس نے اللہ کے فطرت کی مخالفت کی جس پر اللہ نے اسکو خلق کیا ہے اور ساتھ ہی امام معصوم کے اس قول کی بھی مخالفت ہے اور اس نے امام صادقؑ کے قول کی بھی مخالفت کی ہے جس میں امام نے فرمایا: توحید ولایت پر ختم ہوتی ہے اور فرمایا: تم پر اللہ اور رسول کی گواہی کے بعد امامت وولایت کی گواہی واجب ہے

# آیتِ سوالِ انبیاء

(واسئل من ارسلنا من قبلک من رسلنا أجعلنا من دون الرحمن الهة يعبدون)

سورۃ زخرف ۴۵

ترجمہ: (اے رسولؐ) آپ سوال کریں ان رسولوں سے جنہیں ہم نے آپ سے پہلے بھیجا ہے کیا ہم نے اللہ کے علاوہ کوئی اور معبود بنائے ہیں جن کی عبادت کی جائے؟ حضرت محمدؐ نے فرمایا: جب معراج میں چوتھے آسمان پر پہنچا میں نے یاقوتِ سرخ سے بنایا ہوا عالی شان محل دیکھا جبرائیل نے کہا یہ بیتِ معمور ہے جسے زمینوں اور آسمانوں سے پچاس ہزار سال پہلے خلق کیا گیا ہے آپ انبیاء و مرسلین کو اس میں نماز جماعت پڑھائیں سب جمع ہوئے نماز کے اختتام پر جبرائیل وحی لایا، کہ اللہ درود و سلام کے بعد یہ فرماتا ہے: (واسئل من أرسلنا من قبلک من رسلنا بما بعثتم؟قالوا بعثنا على ولايتک وولاية علي بن ابى طالب)

ترجمہ: اے رسول تم ان رسولوں سے سوال کرو جو تجھ سے پہلے آئے ہیں کہ تم کس چیز پر مبعوث ہوئے ہو تو ان سب نے کہا ہم تیری اور تیرے بھائی علی بن ابیطالبؑ کی ولایت کے سبب مبعوث بر سالت ہوئے ہیں

(حوالہ: تفسیر البرھان و تفسیر انوار النجف)

لیکن حافظ ابو نعیم اپنی کتاب حلیۃ الاولیاء میں کہتے ہیں تمام نبیوں کا پورا جواب اسطرح ہے: بعثنا علی شهادة ان لااله الاالله و بنبوتک وولاية علي بن ابيطالب

ترجمہ: ہم اللہ اور رسول کی گواہی اور علی بن ابیطالبؑ کی گواہی کے ساتھ مبعوث بر سالت ہوئے ہیں۔

ملاحظہ: مومنین آپ نے غور کیا جب تک انبیاء نے اللہ اور نبی کے ساتھ علیؑ کی امامت وولایت کا اقرار نہیں کیا ہے تو ان کو رسالتیں نہیں ملی ہیں تو مومن بغیر اقرارِ ولایت امیر المومنینؑ مومن کیسے بن سکتا ہے۔

## آیتِ میثاق (عہدِ بنی آدم)

واذ اخذ ربک من بنی آدم من ظهورهم وذريتهم و اشهد هم على انفسهم الست بربكم قالوا بلى شهدنا ان تقولوا يوم القيامة اناكنا عن هذا غافلين

سورہ اعراف 172

ترجمہ: اے میرے رسول وہ وقت یاد کرو جب تیرے رب نے اولاد آدم اور جو انکی پشتوں میں تھے اور انکی اولاد سے عہد و پیمان لیا اور خود انکو اس عہد پر گواہ بنایا اور کہا کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں؟ تو سب نے کہا جی ہاں تو ہمارا رب ہے ہم گواہ ہوئے اس پر کہیں ایسا نہ ہو کہ تم قیامت کے دن کہو ہم اس سے غافل تھے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں: اگر یہ لوگ یہ جان لیتے میرے جد علیؑ کو

امیر المومنین کا لقب کب سے ملا ہے ان کے حق (یعنی امامت وولایت کا انکار نہ کرتے) یہ انکار جہالت کی وجہ سے ہے جابر کہتا ہے مولا آپ فرمائیں یہ لقب علیؑ کو کب سے ملا ہے آپ نے فرمایا روز میثاق جب اللہ نے اپنی مخلوق سے یہ عہد لیا:(و اذ اخذ ربک من بنی آدم من ظھورھم وذریتھم و أشھدھم علی أنفسھم ألست بربکم وان محمدنبیکم و ان علیاً أمیرالمومنین)

جب اللہ نے بنی آدم اور جو انکی پشتوں اور اولادوں میں تھے ان سے عہد وپیمان لیا کیا میں تمہارا رب اور محمدؐ تمہارا نبی اور علیؑ تمہارا ولی نہیں ہے؟(قالوا بلي) سب نے جواب دیا جی ہاں(ایسا ہی ہے آپ ہمارے رب اور محمدؐ ہمارا نبی اور علیؑ امیر المومنین ہے) (حوالہ: تفسیر البرھان)

اور روایت حمران جو اس نے امام محمد باقرؑ سے نقل کی ہے: روز میثاق اللہ نے بنی آدم سے اسطرح عہد وپیمان لیا تھا:

(ألست بربکم وان محمداً رسولی وأن علیاً أمیرالمومنین)

ترجمہ: کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں اور محمدؐ میرا رسول نہیں ہے؟ اور علیؑ امیر المومنین نہیں ہے؟

(تفسیر انوار النجف)

امام موسی کاظمؑ نے فرمایا:ولاية علي مكتوب على جميع صحف الانبياء

ترجمہ: امیر المومنینؑ کی ولایت (یعنی جو واجب ہے) تمام انبیاء کی کتب میں لکھی ہوئی ہے جیسے آیت قرآن ہے(کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم) روزہ تم پر واجب ہے اور اس آیت میں مکتوب وجوب کے معنی میں ہے کوئی نبی ایسا نہیں آیا جس نے اس کلمہ طیبہ کی گواہی نہ دی ہو یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ

اہل سنت کی کتاب الفردوس میں حذیفہ یمانی سے روایت ہے اگر لوگ جان لیتے علیؑ کا نام امیر المومنین کب سے رکھا گیا تو علیؑ کی فضیلت کا انکار نہ کرتے علیؑ کا نام امیر المومنین اس وقت رکھا گیا جب آدم مٹی اور پانی کے درمیان میں تھا اور اللہ نے اس آیت سورہ یس میں بھی اس عہد وپیمان کی طرف اشارہ کیا ہے

(الم اعهد اليكم يابنى آدم ان لا تعبدوا الشيطان انه لكم عدو مبين )

اے اولاد آدم میں نے تم سے عہد نہیں لیا تھا کہ شیطان کی عبادت نہ کرنا (اور اس کے کہنے پر علی ولی اللہ کی گواہی نہ چھوڑنا) بیشک شیطان تمہارا آشکار دشمن ہے اور اس آنے والی آیت میں بھی اسی طرف اشارہ ہے: ( والذين هم لأماناتهم وعهدهم راعون ) سورۃ معارج، مومن وہ لوگ ہیں جو اپنی امانتوں اور عہد کو پورا کرتے ہیں یہاں امام باقرؑ فرماتے ہیں عہد سے مراد امام علی کی ولایت کا عہد ہے جو اللہ نے تمام مخلوق سے اور بالاخص اولاد آدم سے لیا ہے اور اپنے نبی کو حکم دیا ہے اسی عہد پر اپنی امت سے بیعت امیر المومنینؑ لیں اور اسی لئے غدیر خم میں حضرت محمدؐ نے فرمایا تھا (من كنت مولاه فعلي مولاه ) جس کا میں مولا ہوں اسکا علیؑ مولا ہے یعنی اے لوگوں جو میری ولایت کو قبول رکھتا ہے اس کا ولی علیؑ ہے اب جس نے ولایت علیؑ کو قبول نہیں کیا یا ان تین ولایتوں میں جدائی ڈالی پیغام غدیر خم کا منکر ہے کیونکہ غدیر خم کا اصلی پیغام توحید ورسالت کے بعد ولایت امیر المومنینؑ کو مشروعیت دینا تھا اسی لئے منافقین متحرک ہوئے انہوں نے بغض ودشمنی علیؑ پر صحیفہ درست کیا اور دشمنی علیؑ پر عہد وپیمان باندھا اور نبی کے غدیر خم سے واپسی پر وادی عقبی میں نبی کے قتل کا منصوبہ بنایا اور اپنے چہروں کو چھپاتے ہوئے پہاڑ پر چڑے پتھر جمع کئے ناگہاں بادل چمکا تو آنحضرت نے حذیفہ یمانی سے فرمایا ان منافقین کو پہچانو تو حذیفہ نے عرض کیا میں نے پہچان لیا ہے تو اسی لئے خلیفہ ثانی خلوت میں حذیفہ سے پوچھتا تھا کیا میرا نام تو ان منافقین میں نہیں تھا اگر انتقال حکومت اور رسمیت علیؑ کی بات نہ ہوتی صرف خالی اعلان ہوتا تو سب مسلمان جو اس زمانہ میں موجود تھے وہ جانتے تھے کہ علیؑ نبی کے بعد سب سے افضل ہیں کیونکہ

آنحضرتؐ نے علیؑ کے فضائل ومناقب اتنے بیان کئے تھے جن میں کسی کو شک وشبہ ہی نہیں تھا اور صرف اب یہ باقی تھا کہ آنحضرت رسمی طور پر علیؑ کو اپنے مقام پر نصب کرکے خدا کے پاس چلے جائیں تو اسی پر اللہ کی یہ آیت بھی آنحضرت کے لئے نازل ہوئی (فانصب والی ربک فارغب )یعنی علیؑ کو اپنے مقام پر نصب کرکے اپنے رب کی طرف واپس آجا

* * *

## آیت عہد(علی ولی اللہ)کے عہدکو توڑنے والوں کی مذمت

(والذين ينقضون عهد الله من بعد ميثاقه ويقطعون ماامر الله به ان يوصل يفسدون في الارض اولئک هم الخاسرون )سورہ بقرہ27

وہ لوگ جنھوں نے عہد خدا یعنی (لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ) کو محکم باندہنے کے بعد توڑ دیا اور جسے اللہ نے ملانے کا حکم دیا تھا یعنی (محمد رسول اللہ کے ساتھ علی ولی اللہ کو ملاؤ اس میں فاصلہ ڈال دیا اور انہوں نے زمیں میں (دشمنی علیؑ) میں فساد کیا یہ وہ لوگ ہیں جو خسارہ میں ہیں۔

امام باقرؑ فرماتے ہیں اللہ نے اپنی ربوبیت اور محمدؐ کی نبوت اور امیر المومنینؑ کی ولایت کا عہد لیا تھا (ويقطعون ماامر الله به ان يوصل ) اور وہ جدائی ڈالتے ہیں اس میں جسے اللہ نے ملانے کا حکم دیا ہے امام محمد باقرؑ فرماتے ہیں:(من صلة أميرالمومنين )یعنی اللہ نے رسول کی رسالت کے ساتھ امیر المومنین کی ولایت کو ملانے کا حکم دیا ہے مفسد لوگ ان میں جدائی ڈالتے ہیں اور یہی خاسرین میں سے ہیں۔ نوٹ: اب فرمان معصوم کی روشنی میں خسارہ سے وہ بچے گا جو محمدؐ و علیؑ کے درمیان جدائی نہ ڈالے گا بلکہ ان کو آپس میں وصل رکھے گا اور اسی طرح کلمہ طیبہ میں بھی حکم موجود ہے (وخليفته بلا فصل)

ملاحظہ:

اب دو اور دو چار کی طرح مطلب واضح ہے کے منافقیں نے امیر المومنینؑ کی دشمنی میں اللہ کے عہد کو بھی توڑ دیا اور نبی اور علیؑ جسے اللہ نے ایک دوسرے کے ساتھ ملانے کا حکم دیا ہے اس میں جدائی ڈال دی اور اسی مطلب کو واضح کرنے کے لئے نبی اکرمؐ نے فرمایا:

(الويل الويل لأمتى من الشورى الكبرى والشورى الصغرى و سئل عنهما فقال أما الشورى الكبرى فتنعقد بعد وفاتى فى بلدتى لغصب ولاية أميرالمومنين و حق ابنتى اما الشورى الصغرى فتنعقد فى آخر الزمان فى الزوراء لتغيير احكامى و سنتى)

ترجمہ: رسول اللہ نے فرمایا میری امت کے لئے ہلاکت ہے ہلاکت ہے شوریٰ کبری اور شوریٰ صغری سے جب آنخضرت سے ان دو شوریٰ کے بارے میں سوال کیا گیا تو آنخضرت نے فرمایا بڑی شوریٰ میری وفات کے بعد میرے شہر مدینہ میں بنے گی جو امیر المومنینؑ کی ولایت وامامت کو غصب کرے گی اور میری بیٹی فاطمہ علیھا السلام کے حق کو غصب کرے گی اور چھوٹی شوریٰ آخر زمان میں زوراء (یعنی طہران) میں بنے گی اور یہ میرے احکام اور میری سنت کو بدل دے گی

(حوالہ: کتاب جہان در آیندہ سید حسن ابطحی، کتاب مناقب العترۃ ابن فھد الحلی کتاب مائتان و خمسون علامہ طباطبائی 130)

اور زوراء کے بارے دیگر احادیث کتاب بحار الانوار ج 59 ص 206 اور ج 5 ص 279 میں اور کتاب سفینۃ البحار ج 1 ص 567 میں اور مجمع النورین ص 297 میں ملاحظہ فرمائیں۔

* * *

# آیتِ نور

(فامنوا باللہ ورسولہ والنور الذی انزلناہ واللہ بما تعملون خبیرا)سورہ تغابن

ترجمہ: پس ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور اس نور پر جسے ہم نے نازل کیا ہے اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اس سے اچھی طرح آگاہ ہے، امام باقرؑ فرماتے ہیں اس آیت میں نور سے مراد امام معصومؑ ہے۔

(حوالہ: نور الثقلین سورۃ تغابن 8، البرھان، انوار النجف، تفسیر نمونہ)

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں: (یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون )سورہ صف 8

حضرت فرماتے ہیں اس آیت میں نور سے مراد ولایتِ علیؑ ہے اور یہ آیت نور کی تفسیر ہے جو اس سے پہلے ذکر ہوئی ہے۔

# آیتِ اطاعت

(یاایھاالذین امنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم )نساء۵۹

ترجمہ: اے ایمان والو اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول اور اولی الامر (یعنی معصومینؑ) کی اطاعت کرو۔

جابر بن عبد اللہ انصاری نے کہا جب یہ آیت اتری میں نے رسول اللہ کی خدمت میں عرض کیا ہم نے اللہ اور رسول کو جان لیا ہے لیکن یہ فرمایئے یہ اولی الامر کون ہیں جن کی اطاعت آپ کی اطاعت کے ساتھ مقرون وواجب ہے تو آپؐ نے فرمایا اے جابر وہ میرے بارہ خلفاء ہیں جو میرے بعد مسلمانوں کے

امام ہیں ان میں سے پہلا علی بن ابیطالبؑ ہے پھر آنحضرت نے سب کے نام بتائے اور حضرت نے فرمایااے جابر تو میرے پانچویں جانشین سے ملاقات کرے گا اور میرا اسلام اسے پہنچا دینا

(حوالہ: تفسیر البرھان، انوار النجف، مفردات امام راغب)

ملاحظہ: اے مومنین اس آیت میں بھی تین گواہیوں کا ذکر ہے (اطیعوا اللہ) یعنی لا الہ الا اللہ (واطیعوا الرسول) یعنی محمد رسول اللہ اور (اولی الامر) یعنی علی ولی اللہ و اولادہ المعصومین حجج اللہ.

## آیتِ ولایت

(انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین امنوا الذین یقیمون الصلاۃ ویؤتون الزکاۃو ھم راکعون )

ترجمہ: بیشک اللہ تمہارا ولی ہے اور اس کا رسول اور وہ لوجو ایمان لائے اور نماز قائم کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکات دیتے ہیں۔

امام باقرؑ فرماتے ہیں یہودیوں کی ایک جماعت مسلمان ہوئی انہوں نے رسول خدا سے کہا یا رسول اللہ: حضرت موسی نے یوشع بن نون کو اپنا وصی مقرر کیا تھا آپ کا وصی کون ہے تو اس وقت حضرت نے فرمایا اٹھو میرے ساتھ مسجد کی طرف چلو جب مسجد کے دروازہ پر پہنچے تو مسجد سے ایک سائل نکل رہا تھا تو آنحضرت نے سائل سے پوچھا کسی نے آپ کو کچھ دیا ہے اس نے کہا ہاں یہ انگھوٹھی دی ہے حضرت نے پوچھا کس نے دی ہے تو اس نے حضرت علیؑ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا جو حالت رکوع میں ہے اس نے دی ہے تو نبی اکرمؐ نے تکبیر کہی اہل مسجد نے بھی تکبیر کہی اس وقت نبی اکرمؐ نے ان سے فرمایا میرے بعد تمہارا ولی علیؑ ہے تو انہوں نے عرض کیا (رضینا باللہ رباً وبمحمد نبیاً و بعلي بن ابی

طالب ولياً ) پھر سب نے کہا ہم اللہ کے رب ہونے پر اور محمدؐ کے نبی ہونے پر اور علی بن ابی طالبؑ کے ولی ہونے پر راضی ہیں یہ وہ آیت ہے (حوالہ: تفسیر برھان اور تفسیر انوار النجف)

نوٹ: تفسیر نمونہ میں یہ لکھا ہے کہ یہ آیت توحید و نبوت وولایت پر منحصر ہے اور ان سب میں ولایت ایک جیسی ہے کیونکہ تینوں کے لئے ایک (انما وليكم ) آیا ہے

ملاحظہ: مومنین آپ نے غور کیا ایمان اعتقاد قلبی کا نام ہے اور اعتقاد قلبی زبان اور عمل سے ظاہر ہو گا اور تمام اعضاء وجوارح اس کے مطابق ہوں گے تو یہی دین واسلام ہے اور قرآن کا ارشاد ہے ( ان الدين عند الله الاسلام) اس کا معنی یہ ہے (لااله الاالله محمد رسول الله علي ولي الله) اطاعت بھی ان تینوں کی واجب ہے اور ولایت بھی ان تینوں کی واجب ہے اور ایمان بھی ان تینوں پر واجب ہے اور فطرتِ الٰھی میں بھی یہ تینوں شامل ہیں اور قبر وحشر ونشر میں بھی ان تینوں کے بارے میں سوال ہو گا اس لئے یہ تین گواہیاں واجب ہیں اس لئے آیتِ:(ان الدين عندالله الاسلام) میں بھی دو چیزیں ہیں: ایک دین دوسرا اسلام، دین: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ کا نام ہے اور اسلام ان تین کے فرمان کے سامنے تسلیم ہونے کا نام ہے

نوٹ: بعض لوگ یہ کہتے ہیں شھادتِ ثالثہ کی گواہی سے نماز باطل ہو جاتی ہے تو پھر کلمہ واذان سے بھی نکال کر اتحاد بین المسلین کرو اور ایک ہو جاؤ اور طول تاریخ میں لاکھوں مؤمنین اور سادات اور معصومین بالاخص بی بی کائنات حضرت فاطمہ سلام اللہ علیھا اور امیر المومنینؑ اور امام حسنؑ و حسینؑ اور ثانی زہراء زینب کبری اور شھداء کربلا اور اسراء کربلا کے ولی دم بن کر ان سب قاتلین، مجرمین و ظالمین و مارقین و قاسطین ومنافقین کی بغل میں بیٹھ کر ان سب کے جرموں پر عدم جرم کی مہر لگا کر سب کو اخوت کا لباس پہنا کر ان کے جرم مٹا کر ایک ہو جاؤ یہ بات قانون عدل الٰھی کے خلاف ہے اس ذات لم یذل ولا

یزال نے منتقم خون شھیدان منجی عالم بشریت سلطان مملکت عہدیت مولا صاحب الزمان عج کو قرار دیا ہے اور جس پر قرآن مجید کی یہ آیت دلالت کرتی ہے:(قد جعلنا لولیه سلطاناً لم یصرف فی القتل انه کان منصورا)

ترجمہ: بیشک ہم نے (مقتول) کے ولی دم کو سلطنت اور قوت عطا کی ہے وہ قتل میں اسراف نہیں کرے گا بیشک وہ اللہ کی طرف سے منصور ہے

## آیت ِتبلیغ

یاایھا الرسول بلغ ماانزل الیک من ربک فان لم تفعل فما بلغت رسالته والله یعصمک من الناس ان الله لا یهدی القوم الکافرین

ترجمہ: اے رسول وہ جو تیری طرف نازل کیا گیا ہے (یعنی حکم ولایت و امامت امیر المومنین)وہ پہنچادے اگر نہ پہنچایا تو رسالت کا کوئی کام انجام نہیں دیا ہے اللہ تجھے لوگوں کو شر سے بچائے گا اور اللہ قوم کافرین کو ہدایت نہیں کرتا ہے (مائدۃ67)

امام باقرؑ ارشاد فرماتے ہیں یہ آیت آخری حج سے واپسی پر مقام جعفہ غدیر خم میں نازل ہوئی رسول اللہ نے پلانوں کا ممبر بنایا اور علیؑ کا ہاتھ پکڑ کر بلند فرمایا سب نے علیؑ کو دیکھا اور پہچانا پھر آنحضرت نے فرمایا:(یا ایها الناس من اولی الناس بالمومنین من أنفسهم )اے لوگوں مومنین کے نفوس پر سب سے زیادہ اولویت کون رکھتا ہے؟ سب نے جواب میں کہا (الله ورسوله )یعنی اللہ اور اسکا رسول پھر آنحضرتؐ نے تین مرتبہ یہی سوال پوچھا اور لوگوں نے یہی جواب دیا تو آنحضرت نے فرمایا:اللہ مولای (یعنی لاالہ الااللہ)وأنا مولی المومنین(یعنی محمد رسول اللہ)من کنت مولاہ فعلي مولاہ (یعنی علی ولی اللہ) (حوالہ؛ تفسیر برہان، انوار النجف، تفسیر نمونہ)

ملاحظہ:

مومنین اعلان ولایت امیر المومنینؑ اس قدر مہم ہے کہ اللہ نے اس کا مبلغ اپنے نبی کو بنایا اور نبی پر واجب قرار دیا کہ علیؑ کی ولایت وامامت کا اعلان کرے یہ اعلان اتنا عظیم امر ہے جس کے نہ کرنے سے رسالت رسول اللہ جس میں تبلیغ توحید ورسالت بھی ہے جس میں جنت و جہنم کے وعدو وعید بھی ہیں جس میں نماز وروزہ حج اور زکات وجہاد بھی ہے یہاں تک کے پیغمبر کی ۲۳ سال کی اذیتیں بھی ہیں جب کے یہ سب کچھ بغیر اعلان ولایت علیؑ نبی سے قبول نہیں ہے تو پھر مولوی کی وسوسوں والی نماز بغیر ولایت علیؑ کے کیسے قبول ہے اور یہ بات عقلمند سمجھ سکتے ہیں

## آیتِ اکمالِ دین

(الیوم یئس الذین کفروا من دینکم الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی رضیت لکم الاسلام دینا )مائدۃ آیت 3

آج کے دن اعلان (ولایت علیؑ اور اولاد علیؑ سے) کافرین تمہارے دین سے مایوس ہو گئے ہیں آج کے دن (ولایت امیر المومنینؑ سے) تمہارا دین کامل ہوا ہے، اور میں نے آپ پر اپنی نعمتیں تمام کر دی ہیں، اور تمہارے دین کو تسلیم کرنے سے میں راضی ہو گیا ہوں

امام باقرؑ اور امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے حجۃ الوداع سے واپسی پر غدیر خم میں رسول اللہ نے جب علیؑ کی ولایت کا اعلان فرمایا تو اس وقت یہ آیت نازل ہوئی اور ان دو معصوم نے فرمایا ولایت علیؑ آخری فریضہ تھا جو نازل ہوا ہے

(حوالہ: تفسیر مجمع البیان، انوار نجف اور نمونہ)

اصول کافی میں بھی امام محمد باقرؑ سے منقول ہے ایک فریضہ کے بعد دوسرا فریضہ نازل ہوا اور ولایت علیؑ آخری فریضہ تھا جس کے بعد یہ آیت (الیوم اکملت....) نازل ہوئی ہے۔

## اہل سنت کی کتب سے

## امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے فضائل

### حدیث 1

زید بن ارقم وجماعة من الصحابه قالواقال رسول الله من كنت مولاه فعلي مولاه اللهم وال من والاه وعاد من عاداه

ترجمہ: زید بن ارقم اور صحابہ کرام کی ایک جماعت نے نبی اکرمؐ سے روایت کی ہے آنحضرت نے فرمایا جس کا میں مولا ہوں (یعنی ولی ہوں) اسکا علیؑ مولا اور ولی ہے اے اللہ تو اسے دوست رکھ جو علیؑ کو دوست رکھتا ہے اور اس سے دشمنی رکھ جو علیؑ کا دشمن ہے (حوالہ یہ حدیث صحاح ستہ میں حد تواتر کے ساتھ موجود ہے)

حدیث دیگر:

ان رسول الله لما رجع من حجة الوداع فنزل غدير خم خطب واوصى و امر بتمسک بالثقلين كتاب الله وعترتى اهل بيتى فانهما لن يفترقا حتى يردا على الحوض فقال من كنت مولاه فعلى مولاه

ترجمہ: جب رسول اللہ حجۃ الوداع سے واپس آئے غدیر خم میں قیام کیا خطبہ دیا اور وصیت کی اور حکم دیا کہ تم ثقلین کے ساتھ تمسک کرو اللہ کی کتاب اور میرے عترت واہل بیت ہیں پس یہ ہرگز ایک

دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے حتی کہ یہ دونوں حوض کوثر پر میرے پاس پہنچ جائیں گے اور پھر کہا جس کا میں مولا اور ولی ہوں پس اسکا علیؑ مولا اور ولی ہے

(حوالہ: یہ حدیث حد تواتر سے کتب اہل سنت میں موجود ہے، صحاح ستہ)

## حدیث 2

عن ابن عباس قال قال رسول الله انا منذر وعلى هادى واشار بيده الى على وقال بک يهتدى المهتدون

ترجمہ: ابن عباس رسول خدا سے روایت کرتا ہے: کہ رسول اللہ نے فرمایا: میں منذر ہوں (یعنی ڈرانے والا ہوں عذاب جہنم سے) اور علیؑ ہادی ہے اور آنحضرتؐ نے اپنے ہاتھ سے علیؑ کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: اے علیؑ تیرے ساتھ ہدایت پانے والوں کی ہدایت ہو گی

(حوالہ: تاریخ دمشق ترجمہ امام علی، در منثور روح المعانی، تفسیر قرآن طبری، تفسیر ابو نعیم،)

نوٹ: یہ حدیث تفسیر ہے اس آیت مبارکہ کی (أنت منذر ولكل قوم هاد) اور اس آیت کے ضمن میں ابن مردویہ اور ابو نعیم دیلمی اور ابن نجار نے لکھا ہے جس وقت یہ آیت نازل ہوئی نبی اکرمؐ نے اپنے سینے پر ہاتھ مارا اور فرمایا میں منذر ہوں اور علیؑ کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا اے علیؑ تو ہادی ہے میرے بعد ہدایت پانے والے تجھ سے ہدایت پائیں گے۔

## حدیث 3

عن علي وعن ابن عباس وجابر بن عبدلله انصارى قال رسول اللهؐ

أنا مدينة العلم و علي بابها فمن اراد العلم فليأتى الباب

(حوالہ: الفردوس مستدرک الحاکم، تاریخ بغداد، مجمع الزوائد، سیوطی، اسد الغابہ، مستدرک صحیحین ترمذی، جامع صحیح ج۵ ص ۶۳۷، ح ۳۷۲۳)

ترجمہ: نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جابر بن عبد اللہ انصاری نے نبی ﷺ سے نقل کیا کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: میں علم کا شہر ہوں اور علیؑ اسکا دروازہ ہے جو بھی علم چاہتا ہے اس پر واجب وضروری ہے وہ دروازہ سے آئے۔

حدیث دیگر:

اور کتاب فتح باری میں سلمان فارسی سے یہ حدیث نقل ہے (قال رسول الله أعلم امتی من بعدی علي بن ابيطالب) میرے بعد میری امت میں سب سے اعلم علیؑ ہے (سب سے زیادہ علم رکھنے والا علیؑ ہے)

حدیث دیگر:

اور کتاب استیعاب و تاریخ دمشق میں ہے (ما کان من اصحاب النبی احد یقول سلونی) اصحاب نبی میں سے کوئی ایسا نہیں تھا جس نے علیؑ کے علاوہ سلونی کا دعوہ کیا ہو یعنی جو چاہو علیؑ سے پوچھو

حدیث دیگر:

(عن ابی ابن کعب قال ان عمر کان یقول لاعاش لعمر ان معضلةلیس لها ابوالحسن یعنی علي) عمر کہتا تھا عمر کے زندگی میں کوئی ایسا مشکل کام نہیں تھا جسے علیؑ نے حل نہ کیا ہو

(حوالہ: احقاق الحق، ذخائر العقبی، مستدرک صحیحین)

## حدیث 4

عن ابن عباس عن رسول الله قال رسول الله:أنا ميزان العلم وعلي كفتاه والحسن والحسين خيوطه و فاطمه علاقته والائمة من بعدى عموده يوزن به اعمال المحبين لنا والمبغضين لنا

(حوالہ:فردوس ج۱ص۴۴ح۱۰۷، کشف الخفاج۱،ص۲۳۶)

ترجمہ:ابن عباس سے روایت ہے کے رسول اللہ نے فرمایا:میں علم کا ترازو ہوں اور علی اسکے دو پلڑے ہیں اور حسنؑ و حسینؑ اسکے دھاگے ہیں اور فاطمہ سلام اللہ علیھا ربط دینے والی ہے اور میرے بعد جو ائمہ ہیں وہ اس کے ستون ہیں جس کے ذریعۃ محبین اور ہمارے ساتھ بغض رکھنے والوں کے اعمال تولے جائیں گے

نوٹ:اس ترازو سے مراد محبت وولایت محمد و آل محمدؐ ہے اور جس کے دل میں محمد وآل محمدؐ کی محبت ہو گی اس کے اعمال کا پلڑا بھاری ہو گا وہ جنت میں جائے گا اور جو دشمن محمد و آل محمدؐ ہو گا یا جس کے پلڑے میں دشمنی اور بغض محمد و آل محمدؐ ہو گا وہ پلڑا ہلکا ہو گا وہ جہنم میں جائے گا

## حدیث 5

عن عائشه وابن عباس قال رسول الله ﷺ ذكر علي عبادة

(حوالہ:الفردوس جلد ۲ص۲۴۴ح۲۱۵۱،جامع صغیر سیوطی ا ص۶۶۵،ح۴۳۳۲،مناقب علی بن ابیطالب ابن مغازلی ص۲۰۶ح۲۴۳)

ترجمہ:عائشہ اور ابن عباس نے رسول اللہ سے نقل کیا ہے آنحضرت نے فرمایا:علیؑ کا ذکر عبادت ہے

نوٹ:اس حدیث کا اشارہ قرآن مجید کی اس آیت کی طرف ہے(فمن اعرض عن ذکری فان له معیشة ضنکا و نحشره یوم القیامةأعمی(طہ۱۲۴)جس نے میرے ذکر سے منھ پھیرا اس کے لئے تنگی معیشت ہوگی اور اس ذکر سے مراد علیؑ ہے۔

## حدیث 6

عن ابن عباس قال رسول الله ﷺأنا وعلي من شجرة واحده والناس من اشجار شتی (حوالہ:الفردوس ج۱،ص۴۴،ح۱۰۹)

ترجمہ:ابن عباس نے کہا کہ رسول خدا نے فرمایا میں اور علیؑ ایک درخت سے ہیں اور لوگ مختلف درختوں سے ہیں۔

حدیث دیگر:

عن ابن عمر عن رسول الله :الناس من شجرة شتی أنا وعلي من شجرة واحده

ترجمہ:ابن عمر نے رسول خدا سے نقل کیا ہے آنحضرت نے فرمایا لوگ مختلف درختوں سے ہیں میں اور علیؑ ایک درخت سے ہیں۔

نوٹ:یہ اشارہ ہے قرآن، مجید میں اس آیت کی طرف جس میں شجرہ طیبہ اور شجرہ ملعونہ کا ذکر ہے شجرہ طیبہ محمد وآل محمدؑ ہیں اور شجرہ ملعونہ بنی امیہ ہیں۔

## حدیث 7

عن وهب بن صیفی قال رسول الله أنا أقاتل علی التنزیل القرآن و علی یقاتل علی تأویل القرآن

(حوالہ: الفردوس ج ا ص ۴۶، ح ۱۱۵، تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ح ۱۱۷۸، کنز العمال ح ۳۲۹۶۸)

ترجمہ: وھب بن صیفی نے رسول اللہ سے نقل کیا ہے آنحضرت نے فرمایا میری (کفار) کے ساتھ جنگیں تنزیل قرآن کے مطابق تھیں اور علیؑ کی (منافقین) کے ساتھ جنگیں تاویل قرآن کے مطابق ہوں گی۔

نوٹ: یعنی رسول اللہؐ نے اسلام کے خارجی دشمنوں کے ساتھ ظاہر قرآن کے مطابق جنگ کی اور علیؑ نے اسلام کے داخلی دشمنوں یعنی منافقین کے ساتھ باطن قرآن کے مطابق جنگ کی اور رسول اللہ کی جنگ میں مد مقابل کافر ابوسفیان تھا اس کی شکست بھی اسد اللہ الغالب علی بن ابیطالبؑ کے ید اللہی ہاتھوں سے ہوئی اور علیؑ کے ساتھ جنگ میں مد مقابل منافقین یعنی معاویۃ بن ابوسفیان، عایشہ، طلحہ وزبیر اور خوارج نہروان تھے اور یہاں سے دو گروہ بانام اسلام بن گئے ایک گروہ کے سربراہ سقیفہ بنی ساعدہ و معاویہ ابن ابوسفیان اور یزید و بنی امیہ تھے اور دوسرا گروہ علی بن ابیطالبؑ اور انکی اولاد طاہرین کا گروہ ہے، اب صاحبان عقل و معرفت کے لئے گروہ حق کو پہچاننا اور گروہ باطل کو پہچاننا مشکل نہیں ہے نبیؐ نے فرمایا حق علیؑ کے ساتھ ہے اور علیؑ حق کے ساتھ ہے اے اللہ حق کو اس طرف پھیر دے جس طرف علیؑ ہو

حدیث دیگر:

عن انس قا ل قال: رسول الله علی یعلّم ا لناس بعدی من تأویل القرآن مالایعلمون

(حوالہ: شواھد التنزیل ج ا ص ۳۹ ح ۲۸)

ترجمہ: انس نے رسول خدا سے روایت کی ہے علیؑ میرے بعد لوگوں کو تاویل قرآن تعلیم دے گا جو وہ لوگ نہیں جانتے ہیں

* * *

# حدیث 8

عن ابن عباس قال رسول الله أنا شجرة و فاطمة حملها و علي لقاحها
والحسن والحسين ثمرتها والمحبون اهل البيت ورقها من الجنة حقاً حقاً

(حوالہ:الفردوس ج۱ص ۵۲ح۱۳۵، تنزیہ الشریعۃ ج۱ح۱۴، تہذیب تاریخ دمشق ج۲)

ترجمہ:ابن عباس نے رسول اللہ سے نقل کیا ہے آنحضرت نے فرمایامیں درخت ہوں اور فاطمہؑ اس درخت کی حامل ہے علیؑ اس درخت کو پھل دار بناتا ہے حسن و حسینؑ اس درخت کے میوہ ہیں اہل بیتؑ کے محب اس درخت کے پتے ہیں اور یہ درخت جنتی ہے یہ حق ہے حق ہے۔

حدیث دیگر:

روی عن عبدالرحمن بن عوف عن رسول اللهﷺأناالشجرة وفاطمة فرعها و
علي لقائها والحسن والحسين ثمرتها وشيعتنا ورقها واصل الشجرة فی جنة
عدن و سائر ذلک فی سائر الجنة

(حوالہ:مستدرک صحیحین ج۳ص۱۸۴ح۴۷۵۵)

ترجمہ:عبدالرحمن بن عوف روایت کرتا ہے رسول اللہ نے فرمایامیں درخت ہوں فاطمہؑ اسکی فرع ہے اور علیؑ اس درخت کو پھل دار کرتے ہیں حسنؑ و حسینؑ اس درخت کے میوہ ہیں اور ہمارے شیعہ اس درخت کے پتے ہیں اس درخت کی اصل وبنیاد جنت عدن ہے،اور پوری جنت میں یہ پھیلا ہوا ہے(یعنی جنت کے ہر گھر میں اس کی شاخ موجود ہے)

ملاحظہ:یعنی یہ حدیث اشارہ ہے قرآن کی اس آیت کی طرف جس میں شجرہ طیبہ اور شجرہ ملعونہ کا ذکر ہے۔

# حدیث 9

عن انس قال رسول الله أنا وعلي حجة الله على عباده

(حوالہ: میزان اعمال ذھبی ج۳، ص۷۶)

ترجمہ: انس نے کہا رسول اللہ نے فرمایا میں اور علیؑ اللہ کے بندوں پر اللہ کی حجت ہیں اد یگر حدیث میں فرمایا:

عن انس قال كنت عند النبیﷺفرأى علياً مقبلا فقال يا انس قلت لبيك قال هذا المقبل حجتى على امتى يوم القيامة

(حوالہ: جواہر المطالب ج۱، ص۱۹۳، تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۲ ح۸۰۰)

ترجمہ: انس نقل کرتا ہے میں نبی کا پاس موجود تھا آنحضرت نے علیؑ کو آتے دیکھا تو مجھے فرمایا اے انس میں نے عرض کیا لبیک یا رسول اللہ فرمایا یہ آنے والا (یعنی علیؑ) قیامت کے دن میری امت پر میری حجت ہے۔

ملاحظہ: ان دو حدیثوں سے یہ درس ملتا ہے نبیﷺ اور علیؑ دونوں اللہ کی حجت ہیں دنیا و آخرت میں پس جس نے علیؑ کو چھوڑا یا علیؑ پر کسی کو حجت بنایا یا علیؑ پر کسی کو ترجیح دی یا علیؑ پر کسی کو خلیفہ بنایا اس نے فقط علیؑ پر نہیں بلکہ خود نبی پر غیروں کو مقدم کیا کیونکہ نبیﷺ نے علیؑ کے بارے میں فرمایا ہے میں اور علی ایک نور سے ہیں علیؑ میرا نفس ہے علیؑ کی نسبت میرے ساتھ وہی ہے جو موسی کی ہارون کے ساتھ تھی، علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں پس جس نے علیؑ پر ابو بکر و عمر و عثمان کو مقدم کیا تو اس نے خود نبی پر انکو مقدم کیا ہے اور اس نے علیؑ کو اہل بیت نبیؐ سے نکال کر اصحاب میں شامل کیا ہے اور وہ مقصر و باطل ہے۔

## حدیث 10

عن جابر قال رسول اللهﷺان الله يباهي بعلي بن ابيطالب كل يوم ملائكة المقربين حتى يقول بخ بخ هنيئا لک ياعلي

ترجمہ: جابر بن عبد اللہ انصاری نے رسول اللہﷺ سے نقل کیا ہے آنحضرت نے فرمایا: بیشک اللہ تبارک و تعالی ہر روز اپنے مقرب ترین فرشتوں (یعنی جبرائیل، میکائیل، اسرافیل، عزرائیل) پر علی بن ابی طالبؑ کی وجہ سے فخر و مباہات کرتا ہے یہاں تک کہ اللہ نے علیؑ کو فرمایا ہے مبارک ہو مبارک ہو یا علیؑ یہ مرتبہ و مقام اللہ نے تجھے عطا فرمایا ہے۔ (حوالہ: الفردوس ج ا ص ۱۵۲، ح ۵۵۲)

## حدیث 11

عن شراحيل بن مرة قال سمعت رسول اللهﷺابشر ياعلى حياتک معی وموتک معی (حوالہ: مجمع الزوائد ج ۲ ص ۱۱۲)

ترجمہ: شراحیل بن مرہ کہتا ہے میں نے رسول اللہﷺ سے سنا: آنحضرتﷺ نے علیؑ کو فرمایا میں تمہیں بشارت دیتا ہوں اے علیؑ تیری موت و حیات میرے ساتھ ہے (یعنی تو دنیا و آخرت میں میرے ساتھ ہے)

ملاحظہ: اس حدیث سے ہمارے لئے یہ مطلب واضح ہے کہ علیؑ اور نبیﷺ کے درمیان دنیا و آخرت میں جدائی نہیں ہے جیسے قرآن علیؑ کے ساتھ اور علیؑ قرآن کے ساتھ ہے کوئی بھی قرآن اور علیؑ پر مقدم نہیں ہو سکتا ہے جیسے نبی و قرآن کی توہین شرک و ظلم ہے اسی طرح علیؑ کی توہین بھی شرک اور ظلم ہے جس نے علیؑ پر ظلم کیا گویا کہ اس نے نبیﷺ پر ظلم کیا کیونکہ دونوں نور واحد ہیں۔

## حدیث 12

عن ابی بکر قال سمعت رسول الله یقول لایجوزاحد الصراط الا من کتب له علي الجواز

(حوالہ: الصوائق محرقہ ص۹۷ طبع مصر ۱۳۰۸، ذخائر العقبی طبع مصر ۱۳۵۶)

ترجمہ: ابو بکر روایت کرتا ہے میں نے رسول اللہ سے یہ سنا ہے کہ کوئی بھی پل صراط سے نہیں گذر سکتا ہے جب تک اس کے ہاتھ میں علیؑ کا لکھا ہوا جواز (رقعہ) نہ ہو گا

ملاحظہ: اب یہ روایت ابو بکر کی زبانی بتا رہی ہے پل صراط جو جہنم کے اوپر بنی ہوئی ہے اس سے گذرنے کے لئے علیؑ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ٹیکٹ کی ضرورت ہے اب یہ ٹیکٹ لینے کے لئے علیؑ کے دروازہ پر آنا ہو گا کیونکہ نبی کے فرمان کے مطابق علیؑ باب علم نبیؐ ہے، اور علیؑ نور نبیؐ ہے، امام المتقین، صراط مستقیم ہے نبیؐ نے فرمایا (اقضاکم علی) تم میں سب سے بڑا قاضی علیؑ ہے آنحضرتؐ نے فرمایا: الفارق بین الحق والباطل علی: حق و باطل میں جدائی ڈالنے والا علیؑ ہے اور آنحضرتؐ نے فرمایا: اعمال کا ترازو علیؑ ہے اور آنحضرتؐ نے فرمایا قسیم جنت و نار علیؑ ہے اور قیامت کے دن میرے لواء حمد کو اٹھانے والا علیؑ ہے پس جس نے علیؑ سے بغض و دشمنی کی یا علیؑ پر اپنے آپ کو مقدم کیا یا علیؑ سے جنگ کی وہ کس منھ سے علیؑ سے جنت کی ٹیکٹ لے گا اب ذرا تاریخ میں دیکھو وہ کون ہیں ایسا کرنے والے تاکہ حق و باطل آپ پر واضح ہو جائے۔

## حدیث 13

عن عمر بن خطاب قال سمعت رسول الله ﷺ یقول لعلي یا علي یدک في یدی تدخل معي الجنة حیث أدخل

(حوالہ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲ ص ۳۳۷ ح ۸۴۶، ذخائر عقبی ص ۸۹، ریاض النضرۃ ج ۲ ص ۲۰۹، جواھر المطالب ج ۱، ص ۲۲۷)

ترجمہ: عمر بن خطاب نبی اکرمؐ سے نقل کرتا ہے حضرتؐ نے فرمایا اے علیؑ تیرا ہاتھ میرے ہاتھ میں ہو گا اور تو میرے ساتھ جنت میں داخل ہو گا جہاں سے میں جنت میں داخل ہوں گا

نوٹ: اے مومنین اس حدیث میں عمر کے اقرار سے یہ بات واضح ہے جو مقام جنت میں رسول اللہ کا ہے وہی مقام علی مرتضیٰؑ کا ہے کیونکہ نبیؐ نے فرمایا تھا یا علیؑ تو دنیا و آخرت میں میرا بھائی ہے پس جس نے دنیا میں علیؑ سے رشتہ توڑا یا علیؑ سے جنگ کی یا علیؑ کا بغض اپنے دل میں رکھا تو اس نے شیطان اور جبت و طاغوت سے اپنا رابطہ جوڑا ہے، پس وہ ملعون جہنمی ہے اس پر اللہ اور رسول کی دنیا و آخرت میں لعنت ہے اور اس کے لئے رسوا کرنے والا عذاب ہے اور یہ ترجمہ ہے اس آیت قرآن کا (والذين يؤذون الله ورسوله لعنهم الله في الدنيا والآخرة وأعد لهم عذاباً مهيناً (احزاب 57 ) وہ لوگ جنہوں نے اللہ اور رسول کو اذیت دی ان پر دنیا و آخرت میں اللہ کی لعنت ہے اور ان کے لئے رسوا کرنے والا عذاب ہے اور جنہوں نے علیؑ کو اذیت پہنچائی یا جنگ کی اس نے اللہ اور رسول کو اذیت پہنچائی ہے اور وہ لعنتی اور جہنمی ہے۔

* * *

## حدیث 14

عن جابر بن عبدالله انصاری عن رسول اللهﷺعليه وآله وسلم ثلاثة من كنافيه فليس مني ولا أنا منه بغض علي بن ابيطالب و بغض اهل بيتي ومن قال الايمان كلام

(حوالہ: الفردوس ج ۲، ص ۸۵، ح ۲۴۵۹، کنز الاعمال ۱۳۱، ۳۱، ۹۹۳۰۳۱، تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ۲۱۲، ۲۱۸، مقتل الحسین للخوارزمی ج ۲ ص ۹۷)

ترجمہ: جابر بن عبد اللہ انصاری سے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین خصلتیں جس میں ہیں وہ مجھ سے نہیں ہے اور میں اس سے نہیں ہوں جو علی بن ابیطالبؑ سے بغض رکھے، جو میری اہل بیتؑ سے بغض رکھے، جو یہ کھے کہ ایمان کلامی اور زبانی ہے

ملاحظہ: اے مومنین جنھوں نے سقیفہ بنی ساعدہ میں مجلس شوریٰ بنا کر علیؑ سے خلافت اور فاطمہ سلام اللہ علیھا سے فدک چھینا اور بنی امیہ اور بنی عباس نے اہل بیت نبی ﷺ و شیعیان علیؑ پر ظلم وجور قتل وغارت کی بنیاد رکھی یہی وہ لوگ ہیں جن کا ایمان زبانی ہے اگر یہ لوگ عملی طور پر اللہ اور رسول و علیؑ اور اولاد علیؑ پر ایمان رکھتے کبھی بھی یہ ظلم وجور نہ ہوتے اور یہ سب لوگ اس حدیث کے مطابق نہ نبی سے ہیں اور نہ نبی ﷺ ان سے ہے یعنی یہ سب جہنمی ہیں۔

## حدیث 15

عن انس قال رسول اللهﷺثلاثة تشتاق إليهم الجنةعلي وعمار وسلمان

(حوالہ: الفردوس ج ۲، ص ۱۰۰، ح ۲۵۳۰، تاریخ دمشق ترجمہ امام علی، ص ۱۸۲، ۱۵۸، ح ۲۶۶، جواہر المطالب ج ۱ ص ۲۲۷، فرائد السمطین ج ۱، ۲۹۳)

ترجمہ: انس سے ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا جنت تین لوگوں کی مشتاق ہے، وہ علیؑ، عمار اور سلمان ہیں

حدیث دیگر:

وعن ابن عباس قال قال رسول الله مامررت بسماء الا وجدت اهلها مشتاقون إلى علي بن ابيطالب وما في الجنة نبى الا و هو مشتاق إلى علي بن ابيطالب

(حوالہ: جواہر المطالب ج ۱، ص ۲۵۷، مجمع الزوائد ج ۹، باب بشارۃ بالجنۃ)

ترجمہ: ابن عباس سے ہے کہ رسول خدا نے فرمایا: میں کسی آسمان سے نہیں گذرا مگر میں نے اس کے اہل کو علی بن ابیطالبؑ کی زیارت کا مشتاق پایا اور جنت میں کوئی نبی ایسا نہیں تھا جو علیؑ کی زیارت کا مشتاق نہ ہو

## حدیث 16

عن جابر بن عبدالله قال رسول اللهﷺ حق علي بن ابيطالب عن هذه امة كحق الوالد على ولده

(حوالہ: الفردوس ج ۲ ص ۱۳۲ ح ۲۶۸۴، تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲ ص ۲۷۱ ح ۷۹۷، مناقب ابن مغازلی ص ۷۴ ح ۷۰)

ترجمہ: جابر عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا: اس امت پر علی بن ابیطالبؑ کا حق ایسے ہے جیسے باپ کا حق بیٹے پر ہوتا ہے

حدیث دیگر:

عن عمار بن ياسر وابوايوب انصارى قال قال رسول الله حق علي على المسلمين حق الوالد على الولد

(حوالہ:جواہر المطالب ج اص ۹۱،ریاض النضرۃ ج ۲،ص ۱۱۷)

ترجمہ:عمار بن یاسر اور ابوایوب انصاری دونوں نے کہا کہ رسول اللہ نے فرمایا: تمام مسلمین پر علیؑ کا حق ایسے ہے جیسے بیٹے پر باپ کا حق ہے

ملاحظہ: مومنین ہم دیکھتے ہیں بیٹے پر اپنے باپ کے لئے کونسے اسلامی حق ہیں وہ حقوق یہ ہیں: باپ کی توہین نہ کرے باپ پر اپنے آپ کو مقدم نہ کرے باپ کے آگے نہ چلے باپ کو اف تک نہ کہے باپ کا مال ومنصب عزت ومقام نہ چھینے باپ سے جنگ نہ کرے باپ پر لعن طعن نہ کرے اسے گالیاں نہ دے اسے کافر نہ کہے اور باپ کے دوستوں اور محبوں پر ظلم وجور نہ کرے اور ہمیشہ باپ کے لئے دعا خیر کرے ابھی تمام مسلمانوں سے یہ سوال ہے کیا سقیفہ اور بنی امیہ کے پیروکاروں نے اس پر عمل کیا ہے بلکہ اس کے برعکس انہوں نے علیؑ اور اولاد علیؑ اور شیعیان علیؑ پر ظلم وجور کی انتہاء کردی ہے پس یہ سب عاق والد یعنی علی ابن ابی طالب ہیں اور نبیؐ نے فرمایا: عاق والد جنت کی خوشبو تک نہیں سونگھ سکتا ہے۔

## حدیث 17

عن ابن عباس قال رسول اللہﷺحب علي بن ابيطالب يأكل الذنوب كماتأكل النار الحطب

(حوالہ:الفردوس:ج ۲ص ۱۳۲،ح ۲۶۸۴،تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲ص ۱۷۱،ح ۷۹۷ المناقب بن مغازلی ص ۷۴،ح ۷۰ تنزیہ الشریعہ ج اص ۳۵۵ الفوائد المجموعہ ص ۳۶۷)

ترجمہ:ابن عباس سے نقل ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا: علی بن ابیطالبؑ کی محبت گناہوں کو کھا جاتی ہے جیسے خشک لکڑی کو آگ کھا جاتی ہے

ملاحظہ: اس حدیث میں علیؑ کی شان اتنی عظیم ہے جس کی محبت گناہوں کو کھا جاتی ہے تو پھر علیؑ کا بغض بھی جس دل میں ہو گا اسکا ایک عمل بھی قابل قبول نہیں ہو گا اب مجلس شوری سقیفہ بنی ساعدہ جنہوں نے بغض علیؑ اور شیعیان علیؑ پر ظلم وجور کی بنیاد رکھی جس پر بنی امیہ نے عمارتیں بنائی تو ان کا حشر و نشر جہنم کے علاوہ اور کیا ہو سکتا ہے

* * *

## حدیث 18

عن عمر بن خطاب قال رسول اللهﷺحب علی برائة من النار

(حوالہ: الفردوس ج ۲، ص ۱۴۲، ح ۲۷۲۳،)

ترجمہ: عمر بن خطاب نے نقل کیا ہے رسول اللہﷺ نے فرمایا: علیؑ کی محبت جہنم سے چھٹکارا اور آزادی ہے

ملاحظہ:

علیؑ کی محبت فقط زبانی ہے یا عملی ہے اگر یہ محبت عملی ہے جیسا کہ شعر میں ہے عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی.. یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے، اب عمل میں خود عمر کا کردار دیکھیں کیا ظلم اس نے علیؑ اور فاطمہ سلام اللہ علیھا پر نہیں کیا؟! امت مسلمہ کو تباہی اور بربادی کے کنارے پر لگانے والی یہی جماعت عمریہ ہے اور اس جماعت کے افراد آج بھی مذہب شیعہ خیر البریہ کے خلاف ہیں نبیﷺ کے قول کے برعکس حبِ علیؑ کو چھوڑ کر بغض و دشمنی علیؑ و اولاد علی و شیعیان علیؑ ان کی سیرت ہے

* * *

# حدیث 19

عن معاذبن جبل قال رسول اللهﷺحب علي بن ابيطالب حسنة لايضر معها سيئة و بغضه سيئة لاتنفع معها حسنة

(حوالہ: الفردوس ج۲، ص ۱۴۲، ح ۲۷۲۵)

ترجمہ: معاذبن جبل رسول اللہ سے نقل کرتا ہے علی بن ابیطالب کی محبت ایسی نیکی ہے کوئی بدی اس کے ساتھ نقصان نہیں پہنچا سکتی ہے اور علیؑ کا بغض ایسی بدی ہے کہ کوئی نیکی اس کے ساتھ نفع نہیں دے سکتی ہے

ملاحظہ:

اے مومنین یہ ایسی حدیث ہے جسے اہل تشیع نے بھی نقل کیا ہے اور اہل سنت نے بھی نقل کیا ہے اس کا مضمون اتنا واضح اور روشن ہے کہ جس دل میں بھی علیؑ کی محبت ہو گی اگر یہ محبت سچی ہے تو اللہ اس کے گناہوں کو نیکیوں میں بدل دے گا اور ایسے شخص کی شفاعت محمد وآل محمدؐ کریں گے اور جس دل میں علیؑ اور آل علیؑ کا بغض ہو گا اس کی نیکی بھی برائی میں بدل جائے گی جیسے کوئی چوری کے مال کو اللہ کی راہ میں دیگا قبول نہیں ہو گا اور وہ شفاعت محمد وآل محمدؐ سے محروم رہے گا اور یہ شخص مغضوب خدا اور رسول ہے لعنت کا مستحق ہے جہنم اسکا ٹھکانہ ہے یہی سقیفہ بنی ساعدہ کا حکم ہے کہ خلافت کو علیؑ اور اولاد علیؑ سے غصب کیا، فدکِ حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیھا کو غصب کیا اس غصب سے وہ جو کام بھی کرتے جائیں گے وہ غصب در غصب شمار ہو گا ان کے لئے وبال جان بن جائے گا اور جہنم انکا آخری ٹھکانہ ہو گا

* * *

## حدیث 20

عن عائشه قال رسول الله ﷺ هو فی بیتی لما حضره الموت (قال )ادعوا لی حبیبی فدعوت ابابکر فنظر إلیه رسول اللهﷺ ثم وضع رأسه ثم قال ادعوا لی حبیبی فقلت ویلکم ادعوا له علي بن ابیطالب فوالله ما یریده غیره فلما رأه استوی جالس وخرج ثوب الذی کان علیه ثم ادخله فیه ولم یزل یحتضنه حتی قبض و یده علیه

(حوالہ:المناقب خوارزمی ص۶۸،ح۴۹،ابن مردویہ علی ماروا ہ شہاب الدین الآیجی الشافی فی توضیح الدلائل ص۱۷۸،)

ترجمہ:عائشہ نقل کرتی ہے رسول اللہ جب حالت احتضار میں تھے میرے گھر میں تھے اور کہا میرے لئے میرے حبیب کو بلاؤ میں نے ابو بکر کو بلایا آنحضرت نے اسے دیکھا اور اپنا سر مبارک نیچے رکھ دیا اور دوبارہ فرمایا میرے حبیب کو بلاؤ عائشہ کہتی ہے میں نے کہا آپ لوگوں کے لئے ہلاکت ہو علی بن ابیطالبؑ کو بلالاؤ اللہ کی قسم آنحضرتؐ علیؑ کے علاوہ کسی اور کا ارادہ نہیں رکھتے ہیں پس جب علیؑ کو دیکھا سیدھے بیٹھ گئے اور وہ کپڑا جو آپ کے اوپر تھا اسے ہٹایا اور علیؑ کو اس میں داخل کیا اور علیؑ کے گلے میں باھیں ڈالی اور اپنے سینہ سے لگایا اور اسی حالت میں رہے یہاں تک کہ آنحضرت کی روح پرواز کر گئی جبکہ آنحضرت کا ہاتھ علیؑ پر تھا

دوسری حدیث:

عن عائشه قالت قال رسول الله لما حضرته الوفات ادعوا لی حبیبی فدعو له ابابکر فنظر إلیه ثم وضع رأسه فقال ادعوا لی حبیبی فدعوا له عمراً فلما نظر إلیه وضع رأسه فقال ادعوا لی حبیبی ثم قال ادعوا لی حبیبی فدعو له

علياً فلما رأه ادخله معه فى الثوب الذى كان عليه فلم يزل يحتضنه حتى قبض

(حوالہ:ذخائر العقبی ص۷۲، تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۳ص۷اح۱۰۳۶،جواہر المطالب ج۱،ص۱۷۵)

ترجمہ:اس حدیث کا بعینہ وہی ترجمہ ہے صرف ابو بکر کے بعد اس حدیث میں عمر کو بلایا گیا تھا لیکن رسولؐ خدا کا حبیب صرف علی ابن ابی طالبؑ ہے۔

## تیسری حدیث:

عن عبدالله بن عمر عن رسول اللهؐ قال فى مرضه ادعوا لى أخى فدعى له ابوبكر فاعرض عنه ثم قال ادعوا لى أخى فدعى له عمر فاعرض عنه ثم قال ادعوا لى أخى فدعى له عثمان فاعرض عنه ثم دعى له علي فسطره بثوبه اكب عليه ولما خرج على من عنده قيل له ما قال لک ؟ قال علمنى ألف باب و كل باب يفتح ألف باب

(حوالہ:مسند ابی یعلی الموصلی،اعلام النبلاء،ج۵،ص۲۲،تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۲ص۸۳۴ح۱۰۱۲،کفایۃ الطالب۱۳۳)

ترجمہ:عبداللہ بن عمر بن خطاب روایت کرتا ہے رسول اللہ نے اپنی مرض کی حالت میں فرمایا میرے بھائی کو بلاؤ تو ابو بکر کو حضرتؐ کے لئے بلایا گیا تو حضرتؐ نے ابو بکر سے منہ پھیر لیا اور پھر فرمایا میرے بھائی کو بلاؤ پس حضرتؐ کے لئے عمر کو بلایا گیا پس حضرتؐ نے عمر سے بھی منہ پھیر لیا اور پھر کہا میرے لئے میرے بھائی کو بلاؤ پس حضرتؐ کے لئے عثمان کو بلایا گیا پس آنحضرتؐ نے اس سے بھی منہ پھیر لیا پھر آنحضرتؐ کے لئے علیؑ کو بلایا گیا پس حضرتؐ نے علیؑ کو اپنے کپڑے کے نیچے لیا اور اسے اپنے سینہ سے لگایا اور جب علیؑ آنحضرت کے پاس سے چلے گئے تو حضرت علیؑ سے کہا گیا کہ

آنحضرتؐ نے آپ کو کیا کہا تھا علیؑ نے فرمایا: آنحضرتؐ نے مجھے ایک ہزار باب علم تعلیم دیا اور ہر باب سے ہزار باب اور کھل گئے

## حدیث 21

عن معاذ الغفارية كنت انيساً لرسول اللهﷺ اخرج معه فى الاسفار اقوم على المرضى و أداوى الجرحى فدخلت على رسول الله بيت عائشه وعلي خارج من عندها و سمعته يقول لعائشه ان هذا أحب الرجال على و اكرمهم على فاعرضى لى حقه واكرمى مثوائه

(حوالہ: الاصابۃ فی تمیز الصحابہ ابن حجر عسقلانی طبع قاہرہ ج ۴ ص ۴۰۳ ح ۱۳۲۸، ابن اثیر فی اسد الغابۃ بیروت دار الاحیاء تراث)

ترجمہ: معاذ غفاریہ سے روایت ہے مجھے رسول اللہ سے بہت زیادہ محبت تھی اور میں سفر کے لئے آنحضرت کے ساتھ نکلتا تھا مریضوں اور مجروحوں کے لئے قیام کرتا تھا میں رسول اللہ کی خدمت میں آیا جبکہ آنحضرتؐ عائشہ کے گھر میں تھے حضرت علیؑ گھر سے باہر تھے میں نے سنا رسول اللہ عائشہ سے کہہ رہے تھے مردوں میں سے سب سے زیادہ میرا محبوب علیؑ ہے اور علیؑ سب سے زیادہ عزت واحترام والا ہے، اے عائشہ اور میری خاطر علیؑ کے حق کو پہچاننا اور میری خاطر علیؑ کے مرتبہ اور مقام کا احترام کرنا

ملاحظہ: اس حدیث میں دو مطلب واضح ہیں کو مردوں میں سب سے زیادہ عزت واحترام والا اور سب سے زیادہ اللہ کے رسول کا محبوب علی بن ابی طالبؑ ہے، اس لئے رسول اللہؐ نے عائشہ سے فرمایا میری خاطر اس کا احترام کرنا یہ علیؑ میرا نور بھی ہے میرا بھائی اور میرا جانشین بھی ہے اس سے جنگ نہ کرنا۔

اب بتائیں عائشہ نے نبی اکرمؐ کا حکم نہ مان کر نفس نبیؐ اور نور نبیؐ کے ساتھ جنگ کی اور یہ جنگ نبیؐ اکرم سے جنگ ہے۔

## حدیث 22

عن ام سلمه قال رسول الله ﷺ علي وشيعته هم الفائزون يوم القيامة

(حوالہ: الفردوس ۳ص۶۱، ح ۴۱۷۲، انصاب الاشراف البلازری ج۲، ص ۱۸۲)

ترجمہ: حضرت ام سلمہ سے روایت ہے رسول اللہ نے فرمایا علیؑ اور اس کے شیعہ قیامت کے دن کامیاب ہیں

دوسری حدیث:

روی عن جابر بن عبدالله كنا عند النبی ﷺ فاقبل علي فقال النبیﷺ والذی نفسی بيده ان هذا و شيعته لهم الفائزون يوم القيامة نزلت ان الذين آمنوا و عمل الصالحات اولئک هم خير البرية

(حوالہ: مجمع الزوائد ج۹، ص ۱۳۱،)

ترجمہ: جابر بن عبداللہ روایت کرتا ہے ہم نبیؐ کے پاس تھے پس علیؑ تشریف لائے پس نبیؐ نے فرمایا مجھے خدا کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے بیشک علیؑ اور اسکے شیعہ یہی قیامت کے دن کامیاب ہیں اس وقت یہ آیت نازل ہوئی (وہ لوگ جو ایمان لائے اور عمل صالح انجام دیئے یہی اللہ کی سب سے اچھی مخلوق ہیں

* * *

## حدیث دیگر:

اور گنجی نے اپنے استاد اور اس نے ابو سعید خدری سے یہ حدیث نقل کی ہے:

قال نظر النبی إلی علي فقال هذا وشيعته هم الفائزون يوم القيامة

ترجمہ: ابو سعید کہتا ہے نبیؐ نے علیؑ کی طرف دیکھا اور فرمایا علیؑ اور اسکے شیعہ وہی قیامت کے دن کامیاب ہیں ابو سعید نے اس حدیث کو طرق مختلف سے سنا ہے اور مناوی نے اس حدیث کو نقل کیا ہے

(حوالہ: کنوز الحقائق ج۱، ص۱۷)

## حدیث 23

عن سلمان قال النبیؐ صاحب سري علي بن ابی طالب

(حوالہ: الفردوس ج۲، ص۴۰۳، ح۳۷۹۳)

ترجمہ: سلمان نقل کرتا ہے نبی اکرمؐ نے فرمایا میرا اہم راز علی بن ابی طالبؑ ہے

ملاحظہ: اب جو نبیؐ کے رازوں کا مالک ہے نبی کے راز عالم کائنات کے ساتھ مربوط ہیں، کیونکہ نبیؐ رحمت العالمین ہیں اس لئے نبیؐ کے ہم راز کے پاس بھی عالم کائنات کے راز موجود ہیں، نبیؐ کا ہمراز عالم کائنات کی ہر چیز سے باخبر ہے اور وہ وہی ہو سکتا ہے جو نبیؐ کا خلیفہ ہو اور (سلونی سلونی قبل أن تفقدونی) کا دعویدار ہو یعنی جو چاہتے ہو مجھ سے پوچھ لو قبل اس کے میں اس دنیا سے چلا جاؤں) وہ فقط علی بن ابیطالبؑ ہے پس نبیؐ کا خلیفہ و جانشین علیؑ ہے۔

* * *

# حدیث 24

عن داود بن بلال بن اجنحة قا ل رسول الله الصديقون ثلاثة حبيب النجار و حذقيل مؤمن آل فرعون وعلي ابن ابيطالب و الثالث أفضلهم

(حوالہ: فردوس ج۲ ص ۴۲۱ ح ۳۸۶۶، جمع الجوامع ح ۱۱۰۵۳، فیض الغدیر ۵۹۴۸، در المنثور ج۳ ص ۲۶۲، تاریخ دمشق، جامع صغیر سیوطی ج۲ ص ۱۱۵، صواعق محرقہ و فتح باری)

ترجمہ: داود بن بلال بن اجنحہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا صدیق تین ہیں حبیب نجار، حذقیل مومن آل فرعون، اور علی بن ابی طالبؑ اور یہ تیسرا یعنی علیؑ ان سے افضل ہے،

اس وقت یہ آیت نازل ہوئی (السابقون السابقون اولئک هم المقربون) سورہ (واقعہ) سبقت لے جانیں والے اور کیا کھنا سبقت لے جانیں والوں کا یہی تو اللہ کے مقرب ترین افراد ہیں، اور فضائل ابن حنبل میں ہے کہ السابقون السابقون اولئک المقربون سے مراد علی بن ابی طالبؑ ہے

(حوالہ: فضائل لابن حنبل: ۱۰۷، ۱۳۱)

ملاحظہ:

اس حدیث میں صدیق فقط تین ہیں اور علی بن ابی طالبؑ صدیق اکبر ہے، اور سابقون میں بھی مقرب علی بن ابی طالبؑ ہے، اب ذرا غور کرو نبی اکرمؐ کو علیؑ کی یہ فضیلتیں بتانے کی ضرورت کیوں پڑی جبکہ دین اسلام کی نشرواشاعت میں دونوں بھائی برابر کے شریک ہیں ایک بھائی اسلام لانے والا ہے اور دوسرا بھائی علیؑ خود نبی اکرمؐ اور دین اسلام کی محافظت کرنے والا ہے، اور امت نبیؐ میں کوئی ایسا مرد وعورت نہیں تھا جس پر علیؑ کی فضیلت عیاں نہ ہو اس لئے نبیؐ نے امت کو آگاہ کیا صدیق اکبر فقط علی

بن ابی طالبؑ ہے اور جو بھی علیؑ کے بغیر اپنے آپ کو صدیق کھلائے گا وہ جھوٹا ہے اور اس پر اللہ اور رسول کی لعنت ہے، جھوٹا کبھی نبیؐ کا خلیفہ نہیں بن سکتا ہے عقلمند کے لئے اشارہ کافی ہے۔

## حدیث25

عن محدوج بن زيدالزهلى قال النبىؐ لعلي الا و انى اخبرک ياعلي ان امتى اول الامم يحاسبون يوم القيامة ثم ابشرک بانک اول من يدعى لقرابتک منى ومنزلتک عندى فيدفع إليک لوائى لواء الحمد و هو اول لواء يسار به بين السماطين آدم وجميع خلق الله يستظلون بظل لوائى يوم القيامة

(حوالہ: جواہر المطالب فی مناقب الامام علی بن ابی طالب)

ترجمہ: محدوج بن زید سے روایت ہے نبی اکرمؐ نے علیؑ سے فرمایا اے علیؑ آگاہ ہو جاؤ میں آپکو خبر دیتا ہوں روز قیامت میری امت، امتوں میں سے پہلی امت ہو گی جس کا حساب لیا جائے گا پھر میں تمہیں بشارت دیتا ہوں سب سے پہلے تجھے میرے ساتھ قرابت اور منزلت کی وجہ سے بلایا جائے گا اور تجھے میرا پرچم لواء حمد دیا جائے گا اور وہ پہلا پرچم ہے جس کے سایہ کے نیچے آدم سے لیکر آخر تک تمام مخلوق قیامت کے دن آجائے گی

ملاحظہ:

اے مسلمانوں غور و فکر کرو آنحضرتؐ نے علیؑ کے یہ فضائل اس لئے بیان کئے ہیں تا کہ امت میرے خلیفہ و جانشین کو پہچانے اور میرے بعد آنے والے جھوٹے خلیفوں کے مکر و فریب میں نہ آئیں بلکہ جان لیں محمدؐ کا خلیفہ وہ ہے جس کے ہاتھ میں دنیا و آخرت میں محمدؐ کا پرچم ہو گا۔

* * *

# حدیث 26

عن عمران بن حسين قال رسول الله ﷺ علي منی وأنا منه وهو ولي كل مؤمن

(حوالہ: الفردوس ج۳، ص ۶۱، مسند احمد بن حنبل ج۴ ص ۱۶۵، سنن ترمذی ح ۳۷۱۹، سنن بن ماجہ ص ۱۱۹، المعجم الکبیر ج۴، ص ۲۰، ۲۱، خصائص نسائی ص ۱۶۶، ارجح المطالب ۵۴۸، ابن اثیر اسد الغابۃ ج۴ ص ۲۷)

ترجمہ: عمران بن حسین روایت کرتا ہے رسول اللہ نے فرمایا: علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں اور علیؑ ہر مومن کا ولی ہے

دوسری حدیث:

ان علياً منی وأنا من علي وهو الولي كل مؤمن بعدی

(حوالہ کنز العمال ج۱۱، ص ۶۱۲، ح ۳۲۹۶۱)

ترجمہ: آنحضرتؐ نے فرمایا: بیشک علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں اور میرے بعد علیؑ ہر مومن کا ولی ہے۔

ملاحظہ: نبی ﷺ نے فرمایا: علیؑ مجھ سے ہے، اور میں علیؑ سے ہوں اور قرآن مجید میں اس پر شاہد آیت مباہلہ ہے جس میں علیؑ نفس نبی ﷺ یعنی جان نبی ﷺ ہے اور نبی ﷺ و علیؑ ایک نور سے ہیں اور ہر مومن پر میرے بعد فقط علیؑ کی ولایت واجب ہے اور اس پر شاہد آیت ولایت (إنما وليكم الله ورسوله والذين آمنوا الذين ..) اور آیت اطاعت (أطيعوا الله و أطيعوا الرسول و اولی لامر ... ) ہے، پس آنحضرتؐ نے اپنی امت پر حجت تمام کر دی میرا خلیفہ و جانشین وہ ہے جو مجھ سے ہے اور میں جس سے

ہوں نہ کے وہ ہو گا جسے مجلس شوریٰ سقیفہ میں میرے بعد بنائے گی کیونکہ نبی ﷺ کا خلیفہ و جانشین اللہ بناتا ہے جیسے خود نبی ﷺ کو اللہ بناتا ہے لوگوں کو اس میں کوئی اختیار نہیں ہے۔

## حدیث 27

عن عمر و عن انس وجابر بن عبداللہ و غیرھم قال رسول اللہ ﷺ علي منی بمنزلة ھارون من موسی الا انه لا نبی بعدی

(حوالہ: الفردوس ج۳ ص ۶۲ ح ۴۱۷۳، معجم الکبیر طبرانی ج ۲، ح ۲۳۰۵، جامع صغیر لسیوطی ح ۵۵۹۷،)

ترجمہ: عمر بن خطاب اور انس اور جابر بن عبد اللہ اور ان کے علاوہ دیگر صحابہ نے روایت کی ہے رسول اللہ نے فرمایا: علیؑ کی میرے ساتھ وہی منزلت و مقام ہے جو حضرت ہارون کا حضرت موسی کے ساتھ تھا مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے

گنجی شافعی نے کفایۃ الطالب میں حاکم حسکانی سے اور خوارزمی نے اپنی کتاب مقتل حسین میں اس حدیث کو بہت سارے صحابہ سے نقل کیا ہے جن کے نام یہ ہیں؛ علیؑ علیہ السلام، فاطمہؑ بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، فاطمہ بنت حمزہ بن عبد المطلب، عمر بن خطاب، عامر بن سعید، سعد بن وقاص، ام سلمہ، ابو سعید خدری، ابو عباس، ابو ہریرہ، جابر بن عبد اللہ، جابر بن شمرہ، حبشی بن حبادہ، انس بن مالک، ابو ایوب انصاری، زید بن ارقم، معاویہ بن سفیان، عبد اللہ بن عمر، ،ور دیگر اصحاب)

اور حاکم حسکانی نے اپنی کتاب شواھد التنزیل میں حدیث منزلت کے بارے میں کہا ہے ہمارے استاد ابو حازم کہتے ہیں کہ اس حدیث کے پانچ ہزار اسناد میں نے نکالے ہیں

ملاحظہ: اس حدیث شریف میں بہت مہم اور لطیف نکات موجود ہیں نبی ﷺ نے فرمایا:

یا علی  تیری اور میری مثال موسی اور ہارون کی مانند ہے جیسا ہارون موسی کا بھائی اور جانشین تھا تو بھی میرا بھائی اور جانشین ہے جیسے موسی حق تھا اور اس کے مقابل باطل و خارجی دشمن تھے اسی طرح میں حق ہوں اور میرے خلاف بھی کافر دشمن ابوسفیان تھا ہارون حق اور اس کے مقابل میں داخلی دشمن یعنی منافق سامری اور اسکا بچھڑا تھا اسی طرح علیؑ حق ہے اور اس کے مقابل میں داخلی و منافق و باطل دشمن سامری اور اس کا ساختہ بچھڑا ہے جسطرح حضرت موسی چالیس دن اللہ کی ملاقات کے لئے اپنے امت سے دور ہوئے اپنے بھائی ہارون کو اپنا خلیفہ اور جانشین بنایا پوری قوم کو سامری نے بچھڑے کے ذریعہ گمراہ کیا اسی طرح ہمارے پیارے نبیﷺ نے دنیا سے رخصت ہونے سے پہلے غدیر خم میں علیؑ کو اپنا خلیفہ اور جانشین بنایا حضرتﷺ کے دنیا سے جانے کے بعد منافقین حرکت میں آئے انہوں نے اللہ اور نبی کے برحق خلیفہ کے مقابل میں منافق و باطل خلیفہ بنایا جس کے ذریعے پوری امت مسلمہ کو سامری امت نے گمراہ کر دیا اور خلیفہ حق علیؑ کے مقابلے میں باطل خلیفہ کو لایا، اور حق و باطل کو ایسا مخلوط کیا جس سے پوری امت مسلمہ کو گمراہی میں ڈال دیا فقط وہ افراد جو خلیفہ حق امیر المومنین علی بن ابیطالبؑ کے ساتھ رہے وہی حق 1 یقی مومن اور مسلمان ہیں۔

حدیث شریف میں ہے:(عن ابی جعفر علیه السلام قال:إرتد الناس بعد النبی صلی الله علیه وآله الا ثلاثة نفر:المقدادبن الاسود و ابوذر الغفاری وسلمان الفارسی ثم ان الناس عرفوا ولحقوا بعد)

امام باقر نے فرمایا: نبیﷺ کے بعد سارے لوگ مرتد ہوگئے تھے مگر تین نفر: مقداد بن اسود، ابوذر غفاری اور سلمان فارسی پھر جب لوگوں نے حقِ (ولایت و خلافت امیر المومنین علیؑ) کو پہچانا بعد میں ملحق ہوئے۔

(حوالہ: اختصاص الشیخ المفید ص ٦، بحارالانوار ج ٢٢ ص ٤٤٠،)

اور دوسری روایت میں ہے سب مرتد ہو گئے مگر چار نفر اور تیسری روایت میں سات نفر کے الفاظ بھی ذکر ہیں اور صحیح بخاری ج۴ ح۲۰۵۸ میں بھی ارتداد صحابہ کی طرف اشارہ ہے

یہ احادیث ارتداد اشارہ کرتی ہیں قرآن مجید کی اس آیت کی طرف:

(وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل أفان مات أو قتل إنقلبتم على أعقابكم و من ينقلب على عقبيه فلن يضرالله شيئاً و سيجزى الله الشاكرين (آل عمران144)

ترجمہ: محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کا رسول ہے اس سے پہلے بھی رسول گذر چکے ہیں اگر اسے موت آئے یا قتل ہو جائے تم اپنے پچھلے دین (یعنی کفر) کی طرف لوٹ جاؤ گے اور جو بھی اپنے پچھلے دین کی طرف لوٹ گیا وہ ہر گز اللہ کو کوئی نقصان نہیں دے سکتا ہے اور اللہ عنقریب شاکرین کو جزاء دے گا

## حدیث28

عن ابن عباس قال رسول اللهؐ علي مني بمنزلة رأسى من بدني

(حوالہ: الفردوس ج۳، ص۶۲، فیض الغدیر، ح۵۵۹۶، مناقب خوارزمی ۱۶۷، ۱۴۴، جامع الصغیر لسیوطی ج۲ ص۱۷۷، ح۵۵۹۶، کنز العمال ج۱، ص۶۰۳)

ترجمہ: ابن عباس روایت کرتا ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: علیؑ کی میرے ساتھ وہی منزلت ہے جو میرے سر کی میرے بدن سے ہے

ملاحظہ: اس حدیث میں رسول خدا نے تمام مسلمین کے لئے واضح کر دیا ہے جیسے بدن بغیر سر کے نہیں ہو سکتا ہے اسی طرح نبیؐ کا وجود بغیر علیؑ کے نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ علی نفس و جان و نور نبیؐ ہے جیسے علیؑ کے بغیر نبیؐ نہیں ہے اسی طرح دینِ اسلام علیؑ کے بغیرِ نہیں ہے پس علیؑ کے بغیر دین اسلام مکمل

نہیں ہے اور علیؑ بقاء اسلام کا سبب ہے اور یہ اشارہ ہے اس حدیث قدسی کی طرف (لولاک لما خلقت الافلاک لولاعلي لماخلقتک لولا فاطمة لما خلقتکما) اے نبیؐ اگر تجھے خلق نہ کرتا تو کوئی شی خلق نہ کرتا اور اگر علیؑ نہ ہوتے تجھے بھی خلق نہ کرتا اور اگر فاطمہؑ نہ ہوتی تم دونوں کو خلق نہ کرتا

خلاصہ: ان تمام روایات میں حضرت علی کا مرتبہ و مقام بیان کرنے کا نبیؐ کا ہدف فقط یہ تھا کہ لوگوں میرے خلیفہ و جانشین علی کو پہچانوں اور علیؑ کی دشمنی میں جہنم کا ایندھن نہ بنو۔

## حدیث 29

عن أنس قال رسول الله علي بن ابيطالب يظهر في الجنة ككوكب الصبح لأهل الدنيا

(حوالہ: الفردوس ج۳: ص۶۳ ح۱۷۸، فیض الغدیر ۵۵۹۹، ۹۹ زھر الفردوس ج۲ ص۳۱۵ جامع صغیر سیوطی)

ترجمہ: انس روایت کرتا ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: علی بن ابیطالبؑ ایسے روشن اور نورانی جنت میں ظاہر ہو گا جیسے صبح کا ستارہ اہل دنیا کے لئے چمکتا ہے

ملاحظہ: دنیا والے علیؑ کا مرتبہ گھٹانے کے لئے دنیاوی خلیفہ علیؑ کے مقابل میں لائے جبکہ علیؑ تو دنیا و آخرت میں اللہ کا خلیفہ ہے

## حدیث 30

عن ابن عباس قال رسول الله علي بن ابيطالب باب حطة من دخل منه مؤمنا ومن خرج منه كان كافرا

(حوالہ: الفردوس ج۳: ص۶۴، ح۴۱۷۹، فیض الغدیر ح۵۵۹۹، کنز العمال ح۳۲۹۱۰، زھر الفردوس ج۲، ص۳۱۵)

ابن عمر بن خطاب سے منقول ہے، جامع صغیر ج ۲ ص ۹۶، یہ بھی ابن عمر سے منقول ہے

ترجمہ: ابن عباس روایت کرتا ہے: رسول اللہ نے فرمایا: علی بن ابیطالبؑ باب حطہ ہے جو اس باب حطہ میں داخل ہو گا وہ مومن ہے اور جو باب حطہ سے خارج ہو جائے گا وہ کافر ہے

ملاحظہ:

اس حدیث مبارک میں نبی اکرمؐ نے علیؑ کو باب حطہ فرمایا ہے اور فرمایا فقط اس باب حطہ میں مومن ہی داخل ہو گا اور کافر اس میں کبھی داخل نہیں ہو سکتا ہے اور دخولِ باب حطہ سے مراد ولایت وامامت امیر المومنینؑ ہے جس نے ولایت وامامت امیر المومنینؑ کو قبول کیا وہ اس باب حطہ میں داخل ہوا اور جس نے ولایت امیر المومنینؑ کو قبول نہیں کیا وہ اس باب حطہ سے خارج ہوا، یہ حدیث تفسیر ہے قرآن مجید کی اس آیت کی جہاں اللہ نے واقعہ حضرت موسی اور بنی اسرائیل میں یوں نقل کیا ہے:

(وادخلوا الباب سجداً و قولوا حطة نغفر لكم خطاياكم وسنزيد المحسنين )(بقرہ ۵۸)

ترجمہ: اور جب ہم نے کہا (اے بنی اسرائیل) تم اس گاؤں سجدہ کی حالت میں داخل ہو جاؤ اور کہو حطۃ ہم تمہارے گناہوں کو معاف کر دیں گے اور عنقریب محسنین کے لئے اضافہ کریں گے اور باب حطہ سے مراد علی بن ابیطالبؑ ہے، اور یہ حدیث بھی اسی بات کی تائید کرتی ہے آنحضرتؐ نے فرمایا (حب علی تاکل الذنوب کما تاکل النار الحطب) علیؑ کی محبت گناہوں کو ایسے کھا جاتی ہے جیسے خشک لکڑی کو آگ کھا جاتی ہے پس رسول اللہؐ نے علیؑ کو باب حطہ کہ کر تمام عمریوں وامویوں کو واضح بتا دیا ہے جو باب حطہ علیؑ میں داخل نہ ہو گا وہ کافر و جہنمی ہے۔

* * *

# حدیث 31

عن حذيفه قال رسول الله علي قسيم النار

(حوالہ: فردوس ج۳ص ۶۴، ح ۴۱۸۰، طبقات الحنابلہ ج ا ص ۳۲۱، تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲ ص ۲۳۵ ح ۷۷۵)

ترجمہ: حذیفہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا جہنم کا تقسیم کرنے والا علیؑ ہے

* * *

دوسری حدیث:

قا ل ابوذر قال رسول الله علي قسيم النار يدخل أوليائه الجنة وأعداءه في النار

(حوالہ: دار قطنی نے اپنی علل وارده میں نقل کیا ہے ج ۶ ص ۲۷۳ ح ۱۱۳۲،)

ترجمہ: ابوذر نے رسول اللہ سے روایت کی ہے آنحضرتؐ نے فرمایا جہنم کا تقسیم کرنے والا علیؑ ہے علیؑ اپنے دوستوں کو جنت میں داخل کرے گا اور اپنے دشمنوں کو جہنم میں داخل کرے گا۔

تیسری حدیث:

قال محمد بن منصوع الطوسى كنا عند احمد بن حنبل فقال له رجل يا اباعبدالله ماتقول فى هذا الحديث الذى يروى :ان علياً قال أنا قسيم النار فقال ماتنكرون من ذلک أليس روينا أن النبى قال لعلي لايحبک الامؤمن ولا

يبغضک الامنافق قلنا بلى قال فأين المومن ؟قلنا فى الجنة قال وأين المنافق قلنا في النار وعلي قسيم النار (والجنة)

(حوالہ:طبقات حنابلہ ج ۱ ص ۳۲۰ ح ۴۴۸)

ترجمہ: یہ حدیث اہل سنت کے چار اماموں میں سے ایک احمد بن حنبل سے ہے محمد بن منصور طوسی کہتا ہے ہم احمد بن حنبل کے پاس موجود تھے ایک مرد نے اس سے پوچھا اے اباعبداللہ (یہ احمد حنبل کی کنیت ہے) آپ کیا کہتے ہیں اس حدیث کے بارے میں جو علیؑ سے روایت کی گئی ہے جس میں علیؑ نے فرمایا: میں جہنم کا تقسیم کرنے والا ہوں تو احمد بن حنبل نے اس مرد سے کہا کیا تم اس حدیث سے انکار کرتے ہو؟ کیا ہم نے یہ روایت نقل نہیں کی ہے جس میں نبی اکرمؐ نے علیؑ سے فرمایا ہے: یا علی تیرے ساتھ محبت نہیں کرے گا مگر فقط مومن اور تیرے ساتھ بغض نہیں رکھے گا مگر فقط منافق ہم نے کہا ہاں ایسا ہی ہے تو احمد حنبل نے کہا پھر مومن کہاں ہو گا ہم نے کہا جنت میں اس نے کہا پھر منافق کہاں ہو گا؟ ہم نے کہا جہنم میں تو اس نے کہا علی جنت و جہنم کا تقسیم کرنے والا ہے۔

ملاحظہ:

خلاصہ حدیث یہ کہ علیؑ اپنے محبوں کو جنت میں اور اپنے دشمنوں کو جہنم میں داخل کرے گا

علیؑ کے دشمنوں کو پہچاننے سے حق و باطل واضح ہو جائے گا اور منافقین مدینہ کی لسٹ واضح ہو جائے گی اور آپ جان لیں گے یزید و معاویہ و بنی امیہ کی حکومت کا بانی و مؤسس کون تھا؟ اور ملت مسلمہ کس کی وجہ سے گروہوں اور فقوں میں تقسیم ہوئی؟ ان دو سوالوں کے جواب جس نے ڈھونڈ لیا اس کے لئے روشن ہو جائے گا کہ حق ہمیشہ علیؑ اور اولادِ علیؑ کے ساتھ ہے۔

***

## حدیث 32

عن علي قال أخبرنی رسول الله ﷺ ان اول من يدخل الجنة أنا وأنت وفاطمة والحسن والحسين فقلت يا رسول الله محبونا ؟قال من وراءكم

(حوالہ: کنز العمال ج۱۳، ص۳۶۹، ح۳۷۶۱۳، مستدرک للحاکم، صواعق محرقہ اور ذخائر عقبی میں بھی یہ حدیث ہے)

ترجمہ: علیؑ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے مجھے خبر دی کے سب سے پہلے جنت میں، میں اور یا علیؑ آپ اور فاطمہؑ اور حسنؑ و حسینؑ داخل ہوں گے پس میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا ہمارے محبوں کا کیا ہو گا؟ تو آنحضرتؐ نے فرمایا وہ تمہارے پیچھے جنت میں داخل ہوں گے

ملاحظہ: اس حدیث میں آنحضرتؐ نے تمام مسلمین کو بتادیا ہے سب سے پہلے جنت میں جانے والے پنج تن پاک ہیں (یعنی محمد ﷺ و علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ) جو جنت کے مالک ہیں اور انکے ساتھ انکے محب جنت میں جائیں گے اور اس سے یہ پتا چلتا ہے جو پنج تن پاک کے دشمن اور انکے محبوں کے دشمن ہوں گے وہ جہنم میں جائیں گے کیونکہ یہ دونوں گروہ ایک دوسرے کی ضد ہیں اور ضدیں ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتی ہیں جیسے رات و دن، سیاھی و سفیدی اور اسی طرح دوست و دشمن اہل بیتِ رسولؐ بھی ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے، اہل بیتؑ کے دوست ان کے ساتھ جنت میں اور ان کے دشمن جہنم جائیں گے لھذا دوست و دشمن کی پہچان لازم و واجب ہے۔

## حدیث 33

عن انس بن مالک اهدى لرسول طيراً فقال اللهم ائتنی برجل يحبه الله يحبه رسول الله قال انس فأتى علي فقرع الباب فقلت ان رسول الله ﷺ مشغول و كنت أحب ان يكون من الانصار ثم ان علياً فعل مثل ذلک ثم أتى الثالث

فقال رسول الله يا أنس أدخله فقد عنيته فلما اقبل (على)قالﷺ اللهم وال

اللهم وال

(حوالہ اسد الغابہ، ج۴، ص۳۰، البدایہ والنہایہ ج۷، ص۳۵۴، العلل المتناھیہ ج۱ ص۲۳۲ ح۳۶۷، تاریخ دمشق ج۴)

ترجمہ: انس بن مالک روایت کرتا ہے رسول اللہ کے لئے پرندہ کا گوشت ہدیہ لایا گیا تو آنحضرتؐ نے دعا کی خدایا اس مرد کو میرے لئے بھیج (جو میرے ساتھ کھانے میں شریک ہو) جس سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتے ہوں انس کہتا ہے اسی وقت علیؑ تشریف لائے اور دروازہ کھٹکایا میں دروازہ پر آیا اور کہا رسول اللہ مشغول ہیں کیونکہ میں چاہتا تھا کہ کوئی مرد انصاری آئے اور رسول اللہ کے ساتھ کھانے میں شریک ہو تو حضرت علیؑ نے دوسری مرتبہ پھر دروازہ کھٹکایا اور پھر تیسری مرتبہ آئے اور دوازہ کھٹکایا پس رسول اللہ نے فرمایا: اے انس علیؑ کو آنے دو کیونکہ میں نے علیؑ کا ہی قصد کیا ہے پس جس وقت علیؑ آئے تو آنحضرتؐ نے فرمایا: اے اللہ تو اسے دوست رکھ اور اے اللہ تو اسے دوست رکھ۔

ملاحظہ: اس حدیث میں کچھ نکات بہت مہم ہیں وہ نبیؐ جو اللہ کی وحی کے بغیر کلام نہیں کرتا ہے وہ دعا مانگ رہا ہے اے اللہ اسے بھیج جس سے اللہ ورسولؐ محبت کرتے ہیں فوراً علیؑ آئے انس نے تین مرتبہ علیؑ کو واپس کیا یہ اس کی منافقت کی دلیل تھی جسے تاریخ نے بیان کیا ہے علیؑ نے انس سے کہا تو بھی غدیر خم میں تھا جب نبیؐ نے اللہ کے حکم سے مجھے اپنا خلیفہ بنایا تھا اس کی گواہی دو تو انس نے کہا میں بوڑھا ہو چکا ہوں بھول گیا ہوں تو حضرت علیؑ نے اس کے لئے بددعا کی اور فرمایا خدایا اگر یہ جھوٹ بول رہا ہے تو اس کو مرضِ برص میں مبتلا کر دے تو اسی وقت اس کے چہرہ پر برص کے سفید داغ ظاہر ہوئے جس کی وجہ سے وہ اپنا چہرہ لوگوں سے چھپا کر رکھتا تھا اور اس حدیث کے آخر میں حضرت محمدؐ نے وہی جملہ تکرار کیا جو غدیر خم میں کہا تھا ( اللهم وال من والاه وعاد من عاداه) اے اللہ تو اسے دوست رکھ جو

علیؑ کو دوست رکھتا ہے اور اسے دشمن رکھ جو علیؑ کا دشمن ہے، تو اس کلام سے آنحضرتؐ نے قیامت تک آنے والے علیؑ کے دشمنوں کو اپنی امت کے لئے واضح کر دیا کہ علیؑ سے عداوت رکھنے والا منافق کبھی مسلمانوں کا خلیفہ نہیں بن سکتا ہے۔

## حدیث 34

عن عبدالله بن حکیم الجهنی قال رسول الله ان الله عزوجل اوحی فی علی ثلاثة اشیاء لیلة اسری انه سید المومنین و امام المتقین وقائد الغر المحجلین

(حوالہ: معجم صغیر طبرانی ج۲)

ترجمہ: عبداللہ بن حکیم جھنی روایت کرتا ہے رسول خدا نے فرمایا: اللہ عزوجل نے شب معراج علیؑ کے بارے میں تین چیزیں وحی کی ہیں: بے شک علیؑ مومنوں کا سردار ہے اور علیؑ متقیوں کا امام ہے اور علیؑ سفید نورانی چہرہ والوں کا قائد ہے

دوسری حدیث:

حلیۃ الاولیاء میں ابو نعیم نے انس بن مالک سے اسطرح روایت کی ہے:

قال رسول الله یاانس اسکب لی وضوءاً ثم قام و صلی رکعتین ثم قال یاأنس اول من یدخل علیک من هذا الباب أمیرالمومنین و سید المسلمین وقائد الغر المحجلین وخاتم الوصیین قال أنس قلت اللهم اجعله رجلا من الانصاروکتمته إذجا ء علي فقالؐ من هذا یاأنس؟فقلت علی فقامؐ مستبشراً فاعتنقه ثم جعل یمسح عرق وجهه بوجهه و یمسح عرق علي بوجهه قال علي یا رسول الله قد رأیتک صنعت شیئاً ما صنعت بي من قبل؟

قال وما يمنعنى وأنت تؤدى عنى و تسمعهم صوتى و تبين لهم ما اختلفوا فيه بعدى

(حوالہ:ابن عساکر فی تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲، ص ۴۸۶ ح ۱۰۱۴، مستدرک ج ۳، ص ۱۳۸، حاکم نے کہا ہے یہ حدیث صحیح السند ہے)

ترجمہ:ابو نعیم نے حلیۃ الاولیاء میں انس سے روایت کی ہے رسول اللہؐ نے فرمایا اے انس میرے وضو کے لئے پانی ڈالو وضو کے بعد آنحضرت نے دو رکعت نماز پڑھی اور فرمایا اے انس جو اس دروازہ سے وارد ہو گا وہ امیر المومنین سید المسلمین اور نورانی چہرہ والوں کا قائد اور تمام وصیوں کا سردار ہو گا انس کہتا ہے میں نے اپنے دل میں کہا یا اللہ یہ مرد انصار سے ہو لیکن اس بات کو میں نے چھپایا جبکہ علیؑ دروازہ پر آئے آنحضرتؐ نے مجھ سے پوچھا دروازہ پر کون ہے؟

میں نے کہا علیؑ ہے آنحضرتؐ خوشی کی حالت میں اٹھے اور علیؑ کو اپنے سینے سے لگایا اور علیؑ کے چہرہ کے پسینے کو اپنے چہرہ سے صاف کیا اور علیؑ کے پسینے کو اپنے چہرے پر ملا علیؑ نے کہا: یا رسول اللہؐ میں نے آپ سے ایسا عمل پہلے نہیں دیکھا ہے آنحضرتؐ نے فرمایا کوئی چیز میرے لئے ایسا کرنے سے مانع نہیں ہے جبکہ تو میرے قرضوں کو ادا کرنے والا ہے اور میری آواز کو میری امت تک پہنچانے والا ہے یا علیؑ تو میرے بعد میری امت کو جس میں وہ اختلاف کرے گی اسے بتانے والا ہے

ملاحظہ:اب ایسی فضیلتوں کے مالک علی بن ابی طالبؑ پر کیسے منافقین، فاسقین، مارقین و مشرکین کو خلیفہ اور امام بناتے ہو جبکہ علی سید المسلمین ہے امام متقین ہے قائد غر محجلین ہے سید وصیین ہے یہ چاروں القاب علیؑ کے بلافصل نبیؐ کے خلیفہ ہونے پر واضح دلیل ہیں اب جو مسلمان نبیؐ کے اس فرمان کی مخالفت کرتے ہوئے مسلمانوں کے سید و سردار متقیوں کے امام روشن چہرے والوں کے قائد و رہبر اور تمام وصیوں کے سید و سردار علیؑ پر کسی کو خلیفہ امام و سید و قائد بنائے گا وہ منافق ہے اور اللہ نے قرآن

میں منافقین کے بارہ فرمایاہے(إن المنافقين فى الدرک الاسفل من النار ولن تجد لهم نصيرا)(نساء۱۴۵)منافقین جہنم کے آخری طبقہ میں ہوں گے اور انکا کوئی یاور و مدد گار نہیں ہو گا۔

## حدیث 35

قال رسول الله فاطمة وعلي الحسن والحسين في خطيرة القدس في قبة البيضاء سقفها عرش الرحمن عزوجل

ترجمہ: رسول اللہ نے فرمایا: فاطمہؑ، علیؑ، حسنؑ و حسینؑ جنت میں ایک سفید قبہ (یعنی خیمہ میں ہوں) گے جس کی چھت عرش رحمن ہو گا

(حوالہ: الفردوس ج۲ ح۴۲۸۴،)

* * *

اور طبرانی نے ابن موسی سے اس حدیث کو اسطرح نقل کیا ہے نبیؐ نے فرمایا:

(أنا وعلي وفاطمه والحسن والحسين يوم القيامة في قبة تحت العرش)

ترجمہ: میں اور علیؑ و فاطمہؑ اور حسنؑ و حسینؑ قیامت کے دن عرش کے نیچے ایک خیمے میں ہوں گے

اور اسی طرح یہ حدیث ابو موسی اشعری سے مجمع الزوائد ج۹ ص۱۷۴ میں نقل ہے

ملاحظہ: اس حدیث میں مومنین کو اہل بیت نبیؐ یعنی پنج تن پاک کا تعارف کروایا گیا ہے تا کہ لوگ اہل بیتؑ پر اصحاب کو مقدم نہ کریں اور جو ایسا کرے گا وہ ظالم ہے اور اسکا ٹھکانا جہنم ہے۔

* * *

# حدیث 36

عن ابن مسعود قال رسول الله قسمت الحكمة عشرة اجزاء فاعطى على تسعة واعطى الناس جزء ا واحدا

(الفردوس ج۳ص ۲۲۷، ح ۴۶۶۶،حلیۃ الاولیاء ج اص ۶۴ ح ۶۵ جامع کبیر ج ۲ص ۵۵۰)

ترجمہ: رسول اللہ نے فرمایا حکمت کی دس اجزاء ہیں اور ان میں نوں اجزاء علیؑ کو دیئے گئے ہیں اور تمام لوگوں کو ایک جزء دیا گیا ہے

ملاحظہ: انسان کی شناخت کے دو طریقہ ہیں ایک علم اور دوسری حکمت ہے قرآن مجید میں حکمت کے بارے میں ارشاد ہے (فمن اوتی الحکمۃ فقد اوتی خیراً کثیرا) پس جس کو حکمت دی گئی ہے اسے بہت زیادہ خیر عطا کی گئی ہے

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

أنا مدينة العلم علي بابها وأنا دارالحكمة وعلي بابها فمن أراد العلم والحكمة فليأت من بابها

ترجمہ: میں علم کا شہر ہوں اور علیؑ اسکا دروازہ ہے اور میں حکمت کا گھر ہوں اور علیؑ اسکا دروازہ ہے اور جو علم و حکمت چاہتا ہے وہ دروازہ پر آئے (یعنی علیؑ کے پاس آئے) پس اس سے واضح ہوا علم و حکمت یہ دونوں علیؑ کے دروازہ سے ملیں گی اور جس نے علیؑ کا حق چھینا ہے اور علیؑ و فاطمہؑ اور انکی اولاد اور ان کے شیعہ پر ظلم و جور کی بنیاد رکھی ہے نہ اس کے پاس علم ہے اور نہ حکمت ہے کیسے وہ مسلمانوں کا خلیفہ و رہبر بن سکتا ہے۔

# حدیث 37

عن ام سلمه قال رسول الله علي مع القرآن و القرآن مع علي لا يفترقان حتى يردا على الحوض

(حوالہ: الفردوس ج۳ص ۲۳۰ح ۴۶۷۸، مناقب خوارزمی ص۷۶اح ۲۱۴، توضیح الدلائل ص ۲۱۹، مستدرک علی صحیحین ج۳ص ۱۲۴ کنزالعمال ج۱۱ص ۶۰۳ح ۳۲۹۱۲، جامع صغیر سیوطی، اور مجمع الزوائد)

ترجمہ: بی بی ام سلمہ روایت کرتی ہے رسول اللہ نے فرمایا قرآن علیؑ کے ساتھ ہے اور علیؑ قرآن کے ساتھ ہے یہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے یہاں تک کہ حوض کوثر میں مجھ پر وارد ہوں گے

ملاحظہ:

اس حدیث میں لسان وحی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قرآن علیؑ کے ساتھ ہے اور علیؑ قرآن کے ساتھ ہے اس کا مطلب کیا ہے؟ یعنی قرآن کو سمجھنے کے لئے باب علم علیؑ کے پاس آنا پڑے گا اور علیؑ کو جاننے کے لئے قرآن سے پوچھنا ہو گا خود نبیؐ نے فرمایا: علیؑ ناطق قرآن ہے یعنی علیؑ کا ہر قول و فعل و عمل قرآن ہے یعنی علیؑ مجسم قرآن ہے پس جس نے علیؑ سے رابطہ توڑا اس نے قرآن کو چھوڑا اور جو علیؑ پر مقدم ہوا وہ قرآن پر مقدم ہوا اور جس نے مسئلہ فدک میں جھوٹی حدیث گھڑ کر فاطمہؑ و علیؑ و حسنؑ و حسینؑ کو جھٹلایا اس نے قرآن اور نبی ﷺ کے فرمان کو جھٹلایا کیونکہ نبی ﷺ نے علیؑ کے بارے میں فرمایا ہے: (علي منى وأنا من علي) میں علیؑ سے ہوں اور علیؑ مجھ سے ہے اور فاطمہؑ کے بارے میں فرمایا: (الفاطمة بضعة منى من اذاها فقد اذانى فمن اذانى فقد اذاالله) فاطمہؑ میرے جگر کا ٹکڑا ہے جس نے فاطمہؑ کو اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی اور جس نے مجھے اذیت دی اس نے اللہ کو اذیت پہنچائی اور

فاطمہ سلام اللہ علیھا ابو بکر و عمر سے ناراض ہو کر دنیا سے رخصت ہوئی اور نبی ؐ نے امام حسنؑ و حسینؑ کے بارے فرمایا:

( الحسن والحسين سيدا شباب اهل الجنةأبوهما خير منهما)

ترجمہ: آنحضرتؐ نے فرمایا حسنؑ و حسینؑ جوانان جنت کے سردار ہیں اور انکا باپ ان سے افضل ہے

(سنن ترمذی، سنن ابن ماجہ باب فضل علی ابن ابی طالب، تاریخ مدینۃ دمشق جزء ابن عساکر ۱۳، ص ۲۰۹، ۲۰۸، بحار الانوار ج ۴۳، ص ۲۶۳)

نتیجہ: پس واضح ہوا جو اہل بیتؑ کا دشمن ہے وہ اللہ ورسول ؐ و قرآن کا دشمن ہے اور وہ کبھی مسلمانوں کا خلیفہ نہیں بن سکتا۔

## حدیث 38

عن أبى ذر قال رسول الله علي باب علمى ومبين لأمتى ماارسلت من بعدى حبه ايمان وبغضه نفاق والنظر إليه رأفة ومودته عبادة

(حوالہ: الفردوس ج ۳ ص ۶۵، ح ۴۱۷، زہر الفردوس ج ۲ ص ۳۱۶ کنز العمال ج ۱۲ ص ۲۱۲، القول الجلی ۳۸، متدرک ۳، کنوز الحقائق ۱۸۸، حلیۃ الاولیاء ج ۱ ح ۶۳)

ترجمہ: ابوذر سے روایت ہے رسول اللہ نے فرمایا میرے علم کا دروازہ علیؑ ہے اور میری امت کے لئے (حق و باطل) کو بیان کرنے والا علیؑ ہے اور میرے بعد کوئی ایسا نہیں بھیجا گیا جس کی محبت (سوائے علیؑ) کے ایمان کی نشانی ہو اور جس کا بغض رکھنا منافقت ہو اور جس کی طرف نگاہ کرنا اللہ کی رافت اور رحمت کا سبب بنے جس سے مودت کرنا اللہ کی عبادت ہو

ملاحظہ: سبحان اللہ اس حدیث نے کس قدر لطیف نکات کے ساتھ علیؑ کی فضیلت کو بیان کیا ہے علیؑ باب ِعلم نبیؐ ہے یعنی علم لینے کے لئے ہر کسی کو علیؑ کے دروازہ پر آنا ہو گا اور علیؑ کی طرف دیکھنا اللہ کی عبادت ہے اور اس پر فرمان موجود ہے (النظر الی وجہ علی عبادۃ) علیؑ کے چہرہ کی طرف دیکھنا عبادت ہے اور علیؑ سے مودت بھی عبادت ہے اور اس پر دلیل آیت مودت ہے:

( قل لا اسئلكم عليه أجرا الا المودة في القربى )

میں اجر رسالت نہیں چاہتا ہوں فقط یہ چاہتا ہوں میرے اہل بیتؑ سے مودت رکھنا اور آخری بات اس حدیث میں یہ ہے کہ علیؑ کا بغض منافقت کی علامت ہے اب بتاؤ جنھوں نے اجر رسالت کا خیال نہ کیا بلکہ بغض علی میں سب سے آگے تھے وہ کیسے مسلمانوں کے خلیفہ ہو سکتے ہیں۔

## حدیث 39

عن سلمان الفارسی قال رسول الله كنت أنا وعلي نورا بين يدى الله عزوجل معلقاً يسبح الله ذلک النور ويقدسه قبل أن يخلق الله آدم بأربعة عشرة ألف عام فلما خلق الله عزوجل آدم رکب ذلک النور فی صلبه فلم نزل في شي واحد حتى افترقنا في صلب عبدالمطلب فجزء أنا وجزء علي

(حوالہ: الفردوس ج۳ص ۲۸۳۲ ح ۴۸۵۱، مناقب سیدنا علی ص ۲۱، ینابیع المودۃ القندوزی ص ۱۱۸، مناقب خوارزمی ۱۴۵، تاریخ دمشق ج ۱ ص ۱۵۱ ح ۱۸۶ کفایۃ الطالب گنجی شافعی ۳۱۵ باب ۷۸ مناقب ابن مغازلی ص ۷۸)

ترجمہ: سلمان فارسی روایت کرتا ہے رسول اللہ نے فرمایا: میں اور علیؑ اللہ عزوجل کے سامنے ایک معلق نور تھے اور یہ نور آدم کی خلقت سے چودہ ہزار سال پہلے اللہ کی تسبیح اور تقدیس کرتا تھا پس جب اللہ نے آدم کو خلق کیا تو یہ نور آدم کی صلب پر سوار ہوا اور ہمیشہ ایک حالت میں رہا اور جب یہ صلب عبد المطلب

میں پہنچا تو اسے دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا اور ایک حصہ سے محمدؐ رسول اللہ بنا اور دوسرا حصہ علی ولی اللہ بنا۔

ملاحظہ: اس حدیث میں اللہ نے ہمیں یہ بتایا ہے محمدؐ و علیؑ کا نور آدم کی خلقت سے چودہ ہزار سال پہلے تھا اور جن پشتوں پر یہ نور سوار ہوا وہ سب انبیاء تھے کوئی ان میں کافر اور عادی انسان نہ تھا یہ جملہ ان دشمنان خدا کے لئے ہے جو حضرت ابو طالب اور حضرت عبد اللہ کو نعوذ باللہ بنی امیہ کی تبلیغات کی خاطر کافر کہتے ہیں اور دوسری بات یہ ہے کہ اس حدیث میں رسول اللہؐ نے یہ بتایا ہے میں اور علیؑ ہم ایک ہی نور سے ہیں اور ہمیں کبھی اپنے جیسا خیال نہ کرنا کیونکہ میں نبی اللہ ہوں اور علی ولی اللہ ہے اور جس کے پاس یہ عہدے ہوں وہی آیت نور آیت مباہلہ آیت تطہیر آیت اطاعت آیت ولایت آیت منذر اور بہت سی آیات قرآن کا مصداق ہے ممکن ہی نہیں ہے کہ اس پر کسی کو خلیفہ بنایا جائے اور جو افراد چالیس چالیس سال تک بت پرستی کرنے کے بعد ظاہری اسلام لائے وہ کیسے علی کرم اللہ وجہ یعنی جو چہرہ بتوں کے سامنے جھکا ہی نہیں ہے کیسے اس پر مقدم ہو کر علیؑ پر امام و خلیفہ بن سکتے ہیں۔

* * *

## حدیث 40

عن حذيفه قال رسول الله لو علم الناس متى سمي علي أميرالمومنين ماأنكروا فضله سمي أميرالمومنين وآدم بين الروح والجسد قال الله عزوجل و اذا أخذ ربک من بنی آدم من ظهورهم ذريتهم و أشهدهم على أنفسهم ألست بربكم قالت الملائكة بلي فقال تبارک وتعالى أنا ربكم ومحمد نبيكم وعلى أميركم

(حوالہ: الفردوس ج۳ ص۳۵۴، ح۵۰۶۶)

ترجمہ: حذیفہ روایت کرتا ہے رسول اللہ نے فرمایا اگر لوگ جان لیتے کہ علیؑ کو کب سے امیر المومنین کا لقب ملا ہے تو کبھی بھی علیؑ کی فضیلت کا انکار نہ کرتے علیؑ کو اس وقت امیر المومنین کا نام دیا گیا جب حضرت آدم روح و جسد میں تھے اللہ نے فرمایا جب تیرے رب نے اولاد آدم اور جو انکی پشتوں اور ذریت میں تھے عہد و پیمان لیا اور ان کے نفوس کو اس عہد پر گواہ بنا کر کہا کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ ملائکہ نے کہا تو ہمارا رب ہے اس وقت اللہ نے فرمایا میں تمہارا رب ہوں محمد تمہارا نبیؐ ہے اور علیؑ تمہارا امیر ہے

نوٹ: دیکھو اس روایت میں بھی اللہ نے ان تین گواہیوں کا ذکر کیا ہے جس کا اعتراف اہل سنت نے بھی کیا ہے، علیؑ ہمیشہ اللہ و رسولؐ کے ساتھ ہے پس علیؑ پر کسی کو مقدم کر کے خلیفہ و امام بنانا اللہ اور رسولؐ کی نافرمانی ہے ایسا کرنے والا اسلام کا دعویدار نہیں ہو سکتا ہے۔

* * *

## حدیث 41

عن عمر بن خطاب قال رسول الله لو أن السماوات و الارض وضعتا في كفة وايمان علي فی كفة لرجح ايمان علي

(حوالہ: الفردوس ج۳ ص۳۶۳ ح۵۱۰۰ کنز العمال ح۳۲۹۹۳، الخوارزمی ص۱۳۱ ح۱۴۶، تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۲ ح۳۶۴، ذخائر العقبی ۱۰۰)

ترجمہ: عمر بن خطاب روایت کرتا ہے رسول اللہ نے فرمایا اگر تمام آسمانوں اور زمین کو ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا جائے اور علیؑ کا ایمان ترازو کے دوسرے پلڑے میں رکھا جائے علیؑ کے ایمان کا پلڑا بھاری ہو گا

نوٹ:اے مومنین آپ نے ملاحظہ کیا عمر بن خطاب نے خود علیؑ کے ایمان کا اعتراف کیا ہے اور یہ تسلیم کیا ہے کہ علی امیر المومنینؑ ہے، تو پھر کیسے اس عمر نے سقیفہ بنی ساعدہ میں ابو بکر کو علیؑ پر مقدم کرتے ہوئے خلیفہ اور امام بنایا ہے اور عمر اللہ اور رسولؐ کی مخالفت کا مرتکب ہوا ہے آنحضرتؐ نے فرمایا تھا (كل مومن اخوة) تمام مومنین بھائی ہیں، عمر نے تمام مسلمانوں کو اخوت سے نکال کر گروہوں اور فرقوں میں تقسیم کیا اور مسلمانوں کو 73 فرقوں میں بانٹ دیا (عقلمندوں فکر کرو)

* * *

## حدیث 42

عن علي بن ابی طالب قال رسول اللهؐ لو ان عبد عبدالله مثل ماقام نوح في قومه وكان له مثل أُحد ذهباً فانفقه فی سبيل الله ومد فی عمره حتى يحج ألف عام على قدميه ثم قتل بين الصفا والمروة مظلوماً ثم لم يوالک ياعلي لم يشم رائحة الجنة ولم يدخلها

(حوالہ: الفردوس ج۳ص ۳۶۴ح ۵۱۱۰۳، تنزیہ الشریعہ ج۱، ح۳۹۸، مناقب خوارزمی ص ۶۷ ح ۴۰ کنز العمال ح ۴۲۲۲، فتح القدیر ۲ ح ۳۳۴، فضائل صحابہ ابن حنبل ج ۲ ص ۵۶۲ ح ۹۴۶)

ترجمہ: علی بن ابی طالبؑ بیان کرتے ہیں رسول اللہ نے فرمایا: اگر کوئی بندہ اللہ کی اتنی عبادت کرے جتنا حضرت نوح نے اپنی قوم میں قیام کیا تھا (یعنی ۲۵۰۰ سال) اور پھر احد پہاڑ جتنا سونا اللہ کی راہ میں خرچ کرے اور اس کی عمر اتنی طولانی ہو ایک ہزار حج پیدل کرے اور پھر بے جرم، مظلوم صفا اور مروہ کے درمیان حالت حج میں قتل ہو جائے پس یا علیؑ اگر وہ تجھے دوست نہیں رکھتا ہے تو وہ جنت کی خوشبو تک نہیں سونگھے گا اور جنت میں داخل نہیں ہو گا۔

نوٹ: اس حدیث کے بعد صاحبان عقل کے لئے کوئی عذر باقی نہیں رہا ہے کہ وہ علیؑ اور اولاد علیؑ کا دروازہ چھوڑ کر غیروں کی طرف جائیں اور انھیں اپنا امام و خلیفہ بنائیں اور انھیں اہل بیت نبیؐ پر مقدم کریں یہ ظلم عظیم ہے۔

## حدیث 43

عن أبی سعید الخدری قال رسول الله في قصة إعلان البرائة یاعلي لا یؤدی عنی الا أنا وأنت

(حوالہ: کنز العمال ۲ ح ۴۲۲، فتح القدیر ۲، ح ۳۳۴ فضائل صحابی ابن حنبل ج ۲ ص ۵۶۲)

ترجمہ: ابوسعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے قصہ اعلان برائت میں فرمایا: یاعلیؑ میرے اور آپ کے سواء کوئی یہ حکم برائت نہیں پہنچا سکتا ہے۔

ملاحظہ: اعلان برائت کا قصہ یہ ہے کہ رسول خدا نے ابو بکر کو کچھ آیتیں دے کر مکہ بھیجا تا کہ ان کو کفار میں اعلان کرے جب وہ روانہ ہو گیا اللہ کی طرف سے جبریل وحی لیکر نازل ہوا اور کہا یا رسول اللہ، اللہ نے آپ پر درود و سلام بھیجنے کے بعد یہ فرمایا ہے ان آیات کو کفار مکہ پر خود جا کر بیان کرو یا وہ مرد جائے جو تجھ سے ہے جیسا کہ پہلے حدیث گذر چکی ہے (رسول اللہ نے فرمایا: یاعلی أنت منی وأنا منک) اے علیؑ تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں اور حدیث کساء میں بھی ہے (إنهم منی وأنا منهم) وہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں تو نبیؐ نے علیؑ کو بھیجا حضرت علیؑ نے وسط راہ میں وہ آیات ابو بکر سے لیں اور اسے واپس مدینے بھیجا اور خود جا کر مشرکین میں اعلان برائت والی آیات مکہ میں بیان فرمائی یہ اعلان اتنا مہم تھا کہ صرف علیؑ یہ اعلان کر سکتے تھے کہ جس نے کبھی شرک نہ کیا ہو وہ صرف علیؑ و نبیؐ تھے جنہوں نے ایک لمحہ کیلئے بھی شرک اختیار نہیں کیا ہے کیونکہ ابو بکر پہلے مشرک رہ چکا تھا اس لئے

اسے واپس بلایا تو جسے اللہ چند آیات قرآنی کی تبلیغ کے لئے لائق نہیں سمجھتا ہے وہ شخص ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی کے سردار نبی کی مسند پر بیٹھ کر کیسے نبیؐ کا خلیفہ بن سکتا ہے

## حدیث 44

عن عمار بن ياسر قال رسول الله اوصى من آمن بي وصدقني بولاية علي بن ابيطالب فمن تولاه فقد تولاني فمن تولاني فقد تولي الله عزوجل ومن أحبه فقد أحبنى فمن أحبنى فقد أحب الله تعالى ومن أبغضه فقد أبغضنى ومن أبغضنى فقد أبغض الله عزوجل

(حوالہ: الفردوس ا ص ۴۲۹ ح ۱۷۱۵، امالی الشجری ج ا ح ۱۳۴، کنز العمال ۳ ح ۳۲۹۵، مجمع الزوائد میں بھی یہ حدیث ہے)

ترجمہ: عمار یاسر رسول اللہ سے روایت کرتا ہے آنحضرتؐ نے فرمایا: جو بھی مجھ پر ایمان رکھتا ہے اور علی بن ابیطالب کی ولایت میں میری تصدیق کرتا ہے میں اسے وصیت کرتا ہوں پس جس نے علیؑ کے ساتھ دوستی کی اس نے میرے ساتھ دوستی کی اور جس نے میرے ساتھ دوستی کی بے شک اس نے اللہ کے ساتھ دوستی کی اور جس نے علیؑ کے ساتھ محبت کی اس نے میرے ساتھ محبت کی اور جس نے میرے ساتھ محبت کی اس نے اللہ سے محبت کی اور جس نے علیؑ سے بغض و دشمنی کی اس نے مجھ سے بغض و دشمنی کی اور جس نے مجھ سے بغض و دشمنی کی بے شک اس نے اللہ عز و جل سے بغض و دشمنی کی ہے۔

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے غور کیا ہمارے پیارے نبیؐ کی وصیت ان سے ہے جو نبی پر ایمان رکھتے ہیں اور نبی نے غدیر خم میں ولایت علیؑ کے اعلان میں فرمایا( من كنت مولاه فهذا علي مولاه اللهم وال من والاه وعاد من عاداه واخذل من خذله ) جس کا میں مولا ہوں پس اسکا یہ علیؑ مولا ہے

اے اللہ تو دوست رکھ جو علیؑ کو دوست رکھتا ہے اور اس کا دشمن ہو جا جو علیؑ کا دشمن ہے اور تو اسے رسوا کر دے جو علیؑ کو رسوا کرنا چاہتا ہے پس جس نے علیؑ سے بغض و دشمنی رکھی وہ اللہ اور رسول اللہ کا دشمن ہے اور وہ کیسے نبیؐ کا خلیفہ اور جانشین بن سکتا ہے، اللہ اور رسولؐ نے علیؑ کی خلافت اور رسالت کا اعلان کیا اور عمر نے سقیفہ میں ابو بکر کو خلیفہ بنایا ہے، اب عقلمند و سوچو اللہ و رسولؐ کا حکم مانیں یا ابو بکر و عمر کا جائے فکر ہے۔

## حدیث 45

عن ام سلمه قال رسول الله لولم يخلق علي ماكان لفاطمة كفو

ترجمہ: بی بی ام سلمہ روایت کرتی ہے رسول اللہ نے فرمایا اگر علی خلق نہ ہوتے تو فاطمہ کا کوئی کفو نہ تھا

(حوالہ: الفردوس ج۳ ص۳۷۳ ح۵۱۳۰،)

دوسری حدیث:

روى ابن مردويه باسناده عن ام أيمن ان النبى قال لها يا ام أيمن إدعى لي أخي قالت من أخوك يارسول الله؟قال علي بن ابيطالب .....قالت و أخوك فزوجته ابنتك !؟قال (نعم )أم والله قد زوجتها كفواً شريفاً في الدنيا والاخرة

(حوالہ: مناقب ابن مردویہ ص۱۰۱، ح۱۰۴، اور اسی سے قریب ملتی عبارت مستدرک صحیحین میں بھی ہے ج۳ ص۱۵۹)

ترجمہ: ابن مردویہ نے اپنے اسناد سے اس حدیث کو ام ایمن سے نقل کیا ہے ام ایمن کہتی ہے نبی اکرمؐ نے مجھے فرمایا میرے بھائی کو میرے لئے بلاؤ میں نے کہا آپ کا بھائی کون ہے؟ آنحضرتؐ نے فرمایا علی بن ابیطالبؑ ہے میں نے کہا وہ آپکا بھائی کیسے ہے؟ جبکہ آپ نے اس کے ساتھ اپنی بیٹی کا عقد کیا

ہے تو آنحضرت ؐ نے فرمایا اے ام ایمن اللہ کی قسم میں نے اپنی بیٹی کی تزویج ایک ایسے کفو (یعنی ہم پلہ اور برابر کے ساتھ کی ہے جو دنیا و آخرت میں کفو شریف ہے

حدیث دیگر میں عائشہ سے بھی روایت ہے:

قالت حدثتني فاطمة ابنة محمد ان النبیؐ قال لها وزوجتک أعلم المومنين علماً وأقدمهم سلماً وأفضلهم حلماً

(حوالہ: تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۱، ص۲۶۵ح۳۰۸)

عایشہ روایت کرتی ہے کہ فاطمہ بنت محمد ؐ نے میرے لئے حدیث بیان کی ہے نبی اکرم ؐ نے مجھے فرمایا اے فاطمہؑ آپ کی تزویج میں نے مؤمنوں میں سے جو علم میں سب سے اعلم ہے اور اسلام لانے میں سب پر مقدم ہے اور حلم وبردباری میں سب سے افضل ہے اس کے ساتھ کی ہے

ملاحظہ: اے مومنین امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ جو نفس رسول زوج بتولؑ ابو سبطین الحسنؑ والحسینؑ جو باب علم اور افضل حلم ہے جو سب سے پہلے اسلام لانے والا ہے جو ناطق قرآن اور امام مبین صراط مستقیم کرم اللہ وجہ اور ہزاروں فضائل کا مالک ہے جس کی فضیلت میں قرآن میں بہت ساری آیات موجود ہیں کیسے اس علیؑ پر جہال خلفاء کو مقدم کیا جاسکتا ہے ؟!

* * *

## حدیث 46

عن ابن عباس قال رسول الله لوإجتمع الناس على حب علي بن ابى طالب لما خلق الله عزوجل النار (حوالہ: الفردوس ج۳ص۳۷۳ح۵۱۳۵)

ترجمہ: ابن عباس نقل کرتا ہے رسول اللہ نے فرمایا اگر تمام لوگ علی بن ابی طالبؑ کی محبت پر جمع ہو جاتے تو اللہ جہنم کو خلق ہی نہ کرتا

ملاحظہ: حدیث شریف میں ہے رسول اللہؐ نے فرمایا: جہنم کی خلقت کی علت وسبب علیؑ کی محبت پر جمع نہ ہونا ہے اگر لوگ علیؑ کی محبت پر جمع ہو جاتے اللہ جہنم کو خلق نہ کرتا اور غدیر میں آنحضرتؐ نے فرمایا: جنت علیؑ کی محبت کی جزاء ہے اور جہنم علیؑ کی دشمنی کی سزا ہے اسی لئے جب امام صادقؑ سے پوچھا گیا (ماهو الدين) دین کیا ہے؟ (قال ليس الدين الاالحب والبغض) دین فقط حب وبغض کا نام ہے (یعنی محمد وآل محمدؐ سے اور ان کے دوستوں سے محبت کرنا اور دشمنان محمد وآل محمدؐ سے بغض ودشمنی کرنا دین ہے، اب تاریخ آپ کے سامنے ہے کون علیؑ اور اولاد علیؑ اور شیعہ علیؑ کے دشمن ہیں جن کے لئے اللہ نے جہنم بنائی ہے

## حدیث 47

عن أبي ذر و سلمان أخذ النبی ﷺ بيد علي بن ابيطالب فقال ان هذا اول من آمن بی وهذا اول من يصافحني يوم القيامة وهذا الصديق الاكبر وهذا فاروق هذه الامة يفرق بين الحق والباطل وهذا يعسوب المومنين والمال يعسوب الظالمين

(حوالہ: مجمع زوائد هيثمی ۹،۱۰۲، لسان المیزان ج۲ ح۴۱۴)

ترجمہ: ابوذر اور سلمان نقل کرتے ہیں رسول اللہ نے علیؑ کے ہاتھ کو پکڑا اور فرمایا علیؑ سب سے پہلے مجھ پر ایمان لایا ہے اور قیامت کے دن سب سے پہلے میرے ساتھ مصافحہ کرے گا اور علی صدیق اکبر ہے اور اس امت کا فاروق ہے جو حق وباطل میں جدائی ڈالنے والا ہے (یعنی جس کی محبت حق ہے اور جس

سے بغض ودشمنی باطل ہونے کی دلیل ہے)اور علیؑ مومنوں کا بادشاہ وحاکم ہے اور مال ظالموں کا بادشاہ وحاکم ہے۔

مناقب ابن مغازلی نے اپنے استاد سے اس حدیث کو ایسے نقل کیا ہے:

قال رسول الله ياعلي أنت سيد المسلمين وإمام المتقين وقائدالغرالمحجلين ويعسوب الدين (حوالہ مناقب بن مغازلی ص ۶۵ ح ۹۳)

ترجمہ: رسول اللہ نے فرمایا: یا علیؑ تو مسلمانوں کا سید وسردار ہے اور متقین کا امام ہے نورانی چہرے والوں کا قائد ورہبر ہے اور دین کا یعسوب ہے (جیسے شھد کی مکھیوں کے چھتے میں جو بادشاہ ہوتا ہے اسے یعسوب کہتے ہیں شھد کی ہر مکھی جب پھولوں سے رس لاتی ہے تو اسے چک کرواتی ہے اگر کوئی باطل وفاسد چیز لائے یعسوب اسے کاٹ دیتا ہے مولا علیؑ بھی دین کے یعسوب ہیں جو بھی دین میں کوئی باطل مخلوط کرے گا مولا اسے دو ٹکروں میں کاٹ دیں گے آپ نے دیکھا فاروق اعظم اور صدیق اکبر مولا علیؑ کے لقب ہیں اگر کوئی مسلمان کسی کو سیدنا فاروق اعظم عمر کہے گا یا سیدنا صدیق اکبر ابو بکر کہے گا تو اس نے نبی کے قول کی خلاف ورزی کرتے ہوئے باطل کو حق کے ساتھ مخلوط کیا ہے جبکہ رسول اللہ نے فرمایا ہے (الحق مع علي وعلي مع الحق اللهم ادر الحق حيث مادار علي )رسول اللہ نے فرمایا: حق علیؑ کے ساتھ ہے اور علیؑ حق کے ساتھ ہے اے اللہ حق کو اس طرف پھیر دے جس طرف علیؑ ہے، تو رسول اللہ کے فرمان کے مطابق جو علیؑ کے مقابل آیا جس رنگ وحالت میں آیا وہ باطل ہے چاہے نبیؐ کے دور میں یا نبیؐ کے جانے کے بعد علیؑ سے یا اولاد علیؑ سے جنگ کی یا

علیؑ کے شیعہ سے بغض رکھایاان کو قتل کیاگھر جلائے اور یہ حق وباطل کی جنگ جو حضرت آدم سے شروع ہوئی تمام انبیاء اور ہمارے پیارے نبی نے بھی اپنے دور کے باطل ابوسفیان کے ساتھ یہ جنگ لڑی جس میں نبیؐ کی فوج کے سپہ سالار علی بن ابی طالبؑ تھے جو نبی کے وارث اور ان کے بعد امام حسنؑ اور امام حسین علیہ السلام سب انبیاء کے وارث ہیں جیسا کہ زیارت وارث میں ہے:

السلام علیک یاوارث آدم صفوة الله السلام علیک یاوارث نوح نبی الله السلام علیک یاوارث ابراهیم خلیل الله السلام علیک یاوارث موسی کلیم الله السلام علیک یاوارث عیسی روح الله السلام علیک یاوارث محمد حبیب الله السلام علیک یاوارث أميرالمومنين ولي الله

تو اس سے معلوم ہوا کہ امیر المومنینؑ اور انکی اولاد قیامت تک حق کے ساتھی اور تمام انبیاء کے وارث ہیں اور جو ان کے مقابل میں آنے والے ہیں وہ باطل ہیں چاہے وہ سقیفہ بنی ساعدہ والے ہوں یا بنی امیہ یا بنی عباس یا وھابیت اور سلفیت کی صورت میں جس رنگ ولباس میں ہوں یہ باطل ہیں، پس علیؑ اس امت کے فاروق ہیں جو حق کو باطل سے جدا کرنے والے ہیں اور یہی اس حدیث میں مھم نکتہ ہے۔

## حدیث 48

معاويه بن حيرة قال رسول الله لمبارزة علي بن ابی طالب لعمربن عبدود يوم الخندق أفضل من أعمال امتی إلی يوم القيامة

(حوالہ الفردوس ج۳ص ۴۵۵ح ۵۵۷۹، مستدرک علی الصحیحن ج۳ص ۱۹۴)

ترجمہ: معاویہ بن حیرہ نقل کرتا ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا: علی بن ابی طالبؑ کا عمر بن عبدود کے ساتھ روز خندق جنگ و مبارزہ کرنا میری امت کے قیامت تک کے اعمال سے افضل ہے

ملاحظہ: اے مومنین علیؑ کی ایک ضربت تمام امت کے قیامت تک کے اعمال سے افضل ہے تو پھر کیسے اس امت نے ابو بکر و عمر و عثمان کو علیؑ پر مقدم کیا ہے بلکہ ان کو علیؑ پر خلیفہ اور امام بنایا ہے اور یہ بات صریحا ظلم اور عقل کے خلاف ہے اور یہ واضح و آشکار دشمنی علیؑ و نبیؐ ہے، (فاعتبروا یا اولی الابصار) قرآن اس لئے تو فرما رہا ہے اے عقلمندوں فکر کرو۔

## حدیث 49

عن معاوية بن حيره قال رسول الله من مات و في قلبه بغض

علي بن ابى طالب فليمت يهودياً أو نصرانياً

(حوالہ: الفردوس ج۳ ص۵۵۴ ح۵۴۰۶، المستدرک علی صحیحین ج۱۹۴، ۳)

ترجمہ: معاویہ بن حیرہ نے نقل کیا ہے رسول اللہ نے فرمایا جو بھی دل میں علی بن ابی طالبؑ کا بغض لیکر مر گیا پس وہ یہودی اور نصرانی کی موت مرا ہے

ملاحظہ: اے مومنین آپ غور کریں بغض و دشمنی امیر المومنین علی بن ابیطالبؑ انسان کو ایمان و اسلام سے نکال کر دوبارہ کفر و نفاق و یہودیت و نصرانیت کی طرف لاتی ہے اور اس بغض کی ابتدا سقیفہ بنی ساعدہ اور شجرہ ملعونہ یعنی بنی امیہ نے رکھی تھی اور آج تک ان کے پیروکار اسی ظلم و جور اور سفاکیت پر باقی ہیں جو محمد و آل محمدؐ اور ان کے شیعوں اور محبوں کے دشمن ہیں اور یہ دشمنی انکو اسلام سے نکال کر یہودیت اور نصرانیت کی طرف لے جاتی ہے اور جس کی وجہ سے وہ جہنم کا ایندھن ہیں۔

# حدیث 50

عن ابن عباس قال رسول الله من سب علیاً فقد سبنی و من سبنی فقد سب الله ومن سب الله ادخله الله النار جهنم وله عذاب مقیم

(حوالہ:الفردوس ج۳ص ۵۴۲ح۵۶۸۹،فیض القدیر ح۸۷۳،مسند احمد حنبل ج۶ص۳۲۳مستدرک علی صحیحین ج۳ص ۱۳۰،مجمع الزوائد ۱۳۰،۹،جامع صغیر سیوطی ح۸۳۶۷)

ترجمہ:ابن عباس رسول اللہؐ سے روایت کرتا ہے آنحضرتؐ نے فرمایا:جس نے علیؑ پر سب کیا(یعنی گالی اور لعن وطعن)دی اس نے مجھ محمدؐ کو گالی دی اور جس نے مجھے گالی دی اس نے اللہ کو گالی دی اور جس نے اللہ کو گالی دی اللہ اسے جہنم میں داخل کرے گا اور اس کے لئے دائمی عذاب ہو گا۔

حدیث دیگر:

عن سعيد بن جبير قال بلغ ابن عباس ان قوماًيقعون في علي  فقال لابنه علي بن عبدلله خذ بيدى فاذهب بي إليهم فاخذ ولده بيده حتى انتهى اليه فقال أيكم الساب الله ؟فقالواسبحان الله من سب الله فقد أشرك فقال أيكم الساب رسول الله ؟فقالوا من سب رسول الله فقد كفر فقال أيكم الساب لعلي؟قالوا قدكان ذاک فقال لهم فاشهدوا لقد سمعت رسول الله يقول من سب علياً فقد سبنى فمن سبنى فقد سب الله ومن سب الله كبه الله على وجهه على النار

(حوالہ:مناقب خوارزمی ص۱۳۶ح۱۵۴محب الدین طبری ریاض النضرۃ ج۳ح ۱۲۲ متقی ھندی کنز العمال ج۱۱ص ۶۰۲ح۳۲۹۰۳)

ترجمہ: سعید بن جبیر نے کہا مجھے ابن عباس سے خبر پہنچی کہ ایک قوم حضرت علیؑ کو برا بھلا کہتے ہیں ابن عباس نے اپنے بیٹے علی بن عبد اللہ سے کہا میرا ہاتھ پکڑو اور مجھے ان کے پاس لے جاؤ( کیونکہ ابن عباس آخر عمر میں نابینا ہو چکے تھے )ان کے بیٹے نے ان کا ہاتھ پکڑا اور اس قوم کی طرف لے گیا ابن عباس نے ان سے کہا تم میں سے کون ہے جو اللہ کو گالیاں دیتا ہے ؟ انہوں نے کہا سبحان اللہ جو اللہ کو گالیاں دے وہ مشرک ہے تو ابن عباس نے کہا تم میں سے کون ہے جو رسول اللہؐ کو گالیاں دیتا ہے ؟ انہوں نے کہا جو رسول اللہؐ کو گالی دے گا وہ کافر ہو جائے گا تو ابن عباس نے کہا تم میں سے کون ہے جو علیؑ کو گالیاں دیتا ہے ؟ تو انہوں نے ایک مرد کی طرف اشاری کیا تو اس وقت ابن عباس نے کہا تم سب گواہ ہو جاؤ میری اس بات پر کے میں نے رسول اللہؐ سے سنا ہے آنحضرتؐ نے فرمایا جس نے علیؑ کو گالی دی اس نے مجھے گالی دی اور جس نے مجھے گالی دی اس نے اللہ کو گالی دی اور جس نے اللہ کو گالی دی اللہ اسے اوندھے منھ جہنم میں ڈالے گا

ملاحظہ: اے مومنین اگر جانتے ہیں تو ٹھیک ہے، اگر نہیں جانتے ہیں تو جان لیں بنی امیہ کی علیؑ سے آشکار دشمنی تھی کیونکہ اسلامی جنگوں میں سب سے پہلی جنگ جسے جنگ بدر کہا جاتا ہے جس میں کفار کی فوج کا سپہ سالار معاویہ کا باپ ابوسفیان تھا اور اس جنگ میں کفار کے ستر افراد قتل ہوئے جن میں ۳۵، افراد فقط علیؑ کے ہاتھ سے قتل ہوئے جن میں معاویہ کا بھائی اور نانا اور ماموتھے اس لئے بنی امیہ خصوصا علیؑ اور اولاد علیؑ اور شیعیان علیؑ سے بہت دشمنی رکھتے تھے جب تیسرے خلیفہ عثمان کی حکومت آئی جو بنی امیہ کی حکومت کی ابتدا تھی اور عثمان کے بعد جب معاویہ مسلمانوں کا حاکم بنا اس نے نعوذ باللہ من ذلک علیؑ پر لعن وسب کی نبیاد رکھی حتی جمعہ کے خطبوں میں علیؑ پر نعوذ باللہ سب ولعن کیا جاتا تھا جو عمر بن عبد العزیز اموی کے دور تک جاری رہا بنی امیہ نے تقریباً اپنی ۸۳ سال حکومت میں ہزاروں شیعہ اور مومنین کو قتل کیا اور مال واسباب لوٹے اور ظلم وجور کی بنیاد رکھی آج بھی ان کے پیروکار سلفیہ اور

وہابیہ کی شکل میں موجود ہیں رسول اللہ نے بنی امیہ اور منافقین کی علیؑ سے دشمنی کو ختم کرنے کے لئے یہ حدیثیں بیان فرمائی جس نے علیؑ پر لعن وسب کیا گویا کہ اس نے مجھ پر لعن وسب کیا اور جس نے مجھ پر لعن وسب کیا اس نے اللہ پر لعن وسب کیا اور اللہ و محمدؐ و علیؑ پر لعن وسب کرنے والا کافر ہے اللہ اسے جہنم میں ڈالے گا پس معاویہ و بنی امیہ کے دور میں علی پر لعن وسب ہوا ہے پس معاویہ اور بنی امیہ اور ان کے سب پیرو کار کافر و جہنمی ہیں اور ان پر جہنم میں دائمی عذاب ہو گا۔

## حدیث 51

عن جابر بن عبدالله قال رسول الله مكتوب على باب الجنة لااله الاالله محمدرسول الله علي بن ابيطالب أخو رسول الله قبل أن يخلق(الله)السماوات والارض بألفي عام

(حوالہ: الفردوس ج۴ ص۱۲۴ حدیث ۹۲۸۰ کنز العمال حدیث ۳۶۴۳۵، حلیۃ الاولیاء ج۷ ح۲۵۶ تاریخ بغداد ج۷ حدیث ۳۸۷)

ترجمہ: جابر بن عبد اللہ روایت کرتا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت کے دروازہ پر زمین اور آسمانوں کی خلقت سے دو ہزار سال پہلے سے لکھا ہے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور علی بن ابی طالبؑ رسول خدا کا بھائی ہے۔

دوسری حدیث میں ہے:

عن ابن عباس عن رسول اللهﷺ ليلةعرج بى إلى السماء رأيت مكتوباًعلى باب الجنة لااله الاالله محمدرسول الله علي حبيب الله والحسن والحسين صفوة الله فاطمة خيرة الله وعلي باغضيهم لعنة الله

ترجمہ:ابن عباس سے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا:شب معراج جب میں آسمان پر پہنچا میں نے جنت کے دروازہ پر لکھا ہوا دیکھا:لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی اللہ کا محبوب ہے حسنؑ و حسینؑ اللہ کے چنے ہوئے ہیں اور فاطمہؑ اللہ کی اختیار کی ہوئی ہے اور جو ان سے بغض رکھے گا ان پر اللہ کی لعنت ہے

(حوالہ:تاریخ بغداد ج ا ص ۲۵۹ تاریخ دمشق ج ۲۲ ۳۲۲،۴ مناقب خوارزمی ص ۳۰۲ ح ۲۹۴ مجمع زوائد ۱۱۱،۹)

نوٹ:اے مومنین آپ نے ملاحظہ فرمایا:اہل سنت کی کتب بھی اس بات پر گواہی دے رہی ہیں اللہ نے زمین و آسمانوں کی خلقت سے پہلے جنت کے دروازہ پر بھی یہ تین گواہیاں لکھ کر بتادیا ہے جنت میں فقط وہ داخل ہو گا جو تین شھادتوں والا ہو گا یعنی اللہ ورسول کے ساتھ علی ولی اللہ کا قائل ہو گا بلکہ جو اہل بیت نبیؐ سے محبت کرنے والا اور ان کے دشمنوں پر لعنت کرنے والا ہو گا وہی جنت جائے گا اور جنت دشمنان محمد وآل محمد پر حرام ہے

## حدیث 52

عن حذیفه بن یمان قال رسول الله مثل علی بن ابی طالب فی الناس مثل قل هو الله احد فی القرآن (حوالہ:الفردوس ج ۴ ص ۱۳۴ ح ۶۴۱۷)

ترجمہ:حذیفہ یمانی نبیؐ سے نقل کرتے ہیں آنحضرتؐ نے فرمایا:علی بن ابی طالبؑ کی مثال لوگوں میں ایسی ہے جیسے سورہ قل ھو اللہ کی مثال قرآن مجید میں ہے

ملاحظہ:اے مومنین قرآن مجید میں قل ھو اللہ ایک واحد سورہ ہے جس کا نام توحید ہے اور اسی طرح علیؑ کا نام بھی اسم اللہ ہے جس طرح سورہ توحید قرآن میں واضح روشن ہے اسی طرح اللہ کے بندوں میں علی بن ابی طالبؑ بھی نمایاں اور روشن ہے اور اس لئے رسول خدا نے فرمایا:جو تین مرتبہ سورۃ توحید پڑھے گا اسے ختم قرآن کا ثواب ملے گا اور نام مبارک علیؑ جو اسم اللہ ہے اس کے تکرار پر بھی ایسا ہی ثواب ہے

اور جس طرح قرآن مجید میں سورہ قل ھو اللہ نے توحید کو باطنا واضح کیا ہے اسی طرح علی نے توحید کو ظاہرا واضح کیا ہے اللہ کی ذات کا کوئی صفاتی مظہر ہے تو وہ علی بن ابیطالب ہے جو اللہ کے جمال و کمال وجلال کو ظاہر کرنے والا ہے اس لئے اللہ نے اپنے علیؑ ولی کے لئے فرمایا ہے علی لسان اللہ، اذن اللہ،، وجہ اللہ، ید اللہ، جنب اللہ، نفس اللہ، سبیل اللہ اور صراط اللہ ہے، جیسے اللہ کا ذکر عبادت ہے اسی طرح علیؑ کا ذکر اور چہرہ دیکھنا بھی عبادت ہے یہی وجہ ہے جب وجہ اللہ علی بن ابی طالبؑ لوگوں کے سامنے ظاہر ہوتے تو لوگ لا الہ الا اللہ پڑھ کر علیؑ کے اوصاف بیان کرتے تھے گویا کے لا الہ الا اللہ کا مظہر علی مرتضیٰؑ ہے اسی مطلب کو سمجھنے کے لئے آنے والی احادیث کا غور سے مطالعہ کریں۔

## حدیث 53

عن عائشه وابوبكر وعمر وعثمان وابن مسعود وثوبان وأبی ذر وجابر وأنس و عمران بن حصين قال رسول الله النظر إلي وجه علي عبادة

(حوالہ: الفردوس ج۴ ص ۲۹۴ ح ۱۶۸۸۵۵ النھایۃ لابن اثیر ج۵ ص ۷۷،)

ترجمہ: عائشہ وابو بکر و عمر و عثمان اور ثوبان وابوذر وجابر وانس اور عمران بن حصین ان تمام سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علیؑ کا چہرہ دیکھنا عبادت ہے

حدیث دیگر:

اس حدیث کو ایک دوسری اسناد سے بھی ذکر کیا گیا ہے:

ان علياً كان اذابرز قال الناس لااله الاالله ماأشرقت هذا الفتى لااله الاالله ماأعلم هذا الفتى لااله الاالله ماأكرم هذا الفتى اى ماأتقى لااله الاالله ماأشجع هذاالفتى فكانت رؤيته تحملهم علي كلمة التوحيد

ترجمہ: حضرت علیؑ جب لوگوں کے سامنے ظاہر ہوتے تھے تو لوگ آنحضرت کو دیکھتے ہوئے تعجب سے کہتے تھے لا الہ الا اللہ یہ جوان کس قدر نورانی وروشن ہے اور پھر کہتے تھے لا الہ الا اللہ یہ جوان سب سے زیادہ عالم ہے اور پھر کہتے تھے لا الہ الا اللہ یہ جوان سب سے بڑا کریم و متقی ہے اور پھر کہتے تھے: لا الہ الا اللہ یہ جوان سب سے زیادہ شجاع ہے پس علیؑ کو دیکھنا لوگوں کو بار بار کلمہ توحید (یعنی لا الہ الا اللہ) کہنے پر مجبور کرتا تھا۔ (حوالہ: حلیۃ الاولیاء ۱۸۳،۲۶ مجمع زوائد ۹،۱۱۹)

نوٹ: یہی وجہ تھی کہ نبیؐ نے فرمایا: تیری مثال سورہ توحید، قل ھو اللہ احد کی مانند ہے۔

ملاحظہ: اے مومنین اس حدیث شریف میں بہت ظریف نکات پوشیدہ ہیں ان میں بعض کی طرف اشارہ ہے اللہ تبارک تعالی ایسی ذات ہے جسے نہ زمان کی ضرورت نہ مکان کی ضرورت نہ اس کے اول کا پتا ہے نہ آخر کا پتاہے، تو اس ذات نے اپنے بروز و ظہور کے لئے چودہ نور خلق فرمائے ہیں، جو وہ اللہ کے اسماء حسنی ہیں انہیں کے قول و فعل و عمل سے ظہور و بروز ذات اللہ ہے اور یہ ذوات مقدسہ تمام صفات الہی کے مظہر ہیں اس لئے وہ سب عین اللہ لسان اللہ اذن اللہ وجہ اللہ ید اللہ جنب اللہ ولی اللہ حجۃ اللہ خلیفۃ اللہ اور اللہ کے جمال و کمال کے مظہر ہیں، یہ اشارہ صرف صاحبان عقل و معرفت کے لئے ہے ورنہ دشمن محمد و آل محمدؑ تو بے عقل ہیں

* * *

دوسری حدیث:

عن ابوهريره قال رأيت معاذ بن جبل يريد النظر إلى علي بن ابيطالب قلت مالک تديم النظر إلى علي کأنک لم تراه فقال سمعت رسول الله قال النظر إلى علي عبادة

ترجمہ: ابوھریرہ روایت کرتا ہے میں نے معاذ بن جبل کو دیکھا دائما علیؑ کو دیکھ رہا ہے میں نے کہا تجھے کیا ہو گیا ہے تو دائما علیؑ کو دیکھ رہا ہے گویا اس سے پہلے نہیں دیکھا ہے اس نے کہا میں نے رسول اللہ سے سنا ہے علیؑ کی طرف دیکھنا عبادت ہے

(حوالہ: ابن مردویہ، سیوطی فی لیالی مصنوعۃ، حاکم فی مستدرک، خوارزمی فی مناقب ۲۷۵،۳۶۷،۳، ۳۶۱، ابن مغازلی فی مناقب علی بن ابی طالب ح ۳۴۵، حاکم فی مستدرک ۳۴۱،۳)

ملاحظہ: جس کا دیکھنا اللہ کی عبادت ہے اس پر ابو بکر و عمر و عثمان کو خلیفہ بنانا توہین خدا ہے۔

* * *

## حدیث 54

عن أنس بن مالک قال رسول الله حبط علی ملکان لم یهبطا منذ کانت الأرض فبشراني ان الحسن و الحسین سیدا شباب اهل الجنة فقلت أبوهما خیر منهم

(حوالہ: الفردوس ج۴ ص۳۴۳ ح۶۹۹۳ کنز العمال ح۳۴۲۹۳ زھر الفردوس ج۴ ص۱۳۴)

ترجمہ: انس بن مالک روایت کرتا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو فرشتہ مجھ پر اترے جب سے زمین بنی ہے وہ زمین پر نہیں آئے تھے انہوں نے مجھے بشارت دی حسنؑ و حسینؑ جوانان جنت کے سردار ہیں پس میں نے کہا ان کا باپ ان سے بہتر ہے

* * *

# حدیث 55

عن علي قال رسول الله إذا جمع الله الاولين والاخرين يوم القيامة ونصب الصراط على جسر جهنم ماجاز أحد حتى كان معه برائة بولاية علي بن ابى طالب

(حوالہ: جواہر المطالب فی مناقب علی بن ابیطالب للباعونی شافی 88)

ترجمہ: مولا علیؑ سے رسول اللہ نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ اولین وآخرین کو جمع کرے گا اور جہنم پر پل بنائی جائے گی (جس سے گذر کر جنت میں جانا ہو گا) کوئی بھی اس پل سے نہیں گذر سکے گا جب تک اس کے ہاتھ میں علیؑ کی ولایت کا لکھا ہوا رقعہ وخط نہ ہو گا

* * *

دوسری حدیث میں:

ابن مغازلی نے اپنی کتاب مناقب میں ص ۱۱۹ ح ۱۵٦، عن ابن عباس:

قال قال رسول الله علي يوم القيامة على الحوض لايدخل الجنة الا من جاء بجواز من علي بن ابى طالب

ترجمہ: ابن عباس رسول خدا سے نقل کرتا ہے آنحضرتؐ نے فرمایا: قیامت کے دن علیؑ حوض کوثر پر ہو گا جنت میں کوئی بھی داخل نہ ہو گا جب تک علیؑ کا لکھا ہوا خط اس کے ہاتھ میں نہ ہو گا اور اس حدیث کو بہت سے علماء نے نقل کیا ہے جیسے

(فرائد سمطین، غایۃ المرام، ریاض النضرۃ، ذخائر العقبی)

## حدیث 56

عن عمر بن خطاب قال قال رسول الله یاعلی أنت اول المسلمین اسلاماً و اول المومنین (حوالہ: الفردوس ج۵، ص۳۱۵ ح۸۲۹۹)

ترجمہ: عمر بن خطاب نے کہا رسول اللہ نے فرمایا: یا علیؑ تو مسلمانوں میں سب سے پہلا مسلمان ہے اور مومنین میں بھی سب سے پہلا ہے

دوسری حدیث:

عساكر بن حبه بن جوين الغروى يقول سمعت عن علي بن ابی طالب أنا اول من أسلم أو صلى مع رسول الله

(حوالہ: تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۱ ص۵۸ ح۸۵ اور یہ حدیث تواتر سے ثابت ہے)

ترجمہ: عساکر بن جوین کہتا ہے میں نے علیؑ سے سنا حضرت نے فرمایا میں سب سے پہلے اسلام لایا ہوں اور نماز بھی رسول اللہ کے ساتھ پڑھی ہے

* * *

## حدیث 57

لما قتل علي يوم اُحد اصحاب الوية قال جبرائيل يا رسول الله ان هذه لهى المواسات فقال النبى إنه منى وأنا منه قال جبرائيل وأنا منكما يارسول الله

(حوالہ: کنز العمال ج۱۳ طبرانی عن مسند رافع بن خریج ح۳۶۳۴۹)

ترجمہ: جب علیؑ نے اصحاب الویہ سے جنگ کی تو جبرائیل نے کہا یارسول اللہ یہ علیؑ کی مواسات یعنی قربانی و جہاد و جزبہ وایثار جو آپ کے لئے ہے نبیؐ نے فرمایا: علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں جبرئیل نے کہا یارسول اللہؐ میں آپ دونوں سے ہوں۔

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے دیکھا اس حدیث میں علیؑ کے ایثار و جہاد کی طرف اشارہ ہے جب تمام فوج رسول اللہ کو تنہا چھوڑ کر بھاگ گئی اور فقط علیؑ تھے جس نے نبیؐ اور اسلام کی حفاظت اس طرح سے کی کہ جبرائیل نے تعجب میں کہا، یارسول اللہ علیؑ کس طرح آپ پر ایثار کر رہا ہے جبکہ تمام فوج آپ کو چھوڑ کر بھاگ چکی ہے، تو نبیؐ نے فرمایا: علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں اس لئے علیؑ میرا اور میرے اسلام کا محافظ ہے تو جبرائیل نے اس خوشی میں عرض کیا یارسول اللہؐ میں آپ دونوں سے ہوں۔

* * *

## حدیث 58

عن بریده قال أمرنا رسول الله أن نسلم على علي بأميرالمومنين

(حوالہ: تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲ ص ۲۵۹ ح ۷۸۴)

ترجمہ: بریدہ روایت کرتا ہے رسول اللہؐ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم علیؑ کو امیر المومنین کہہ کر سلام کریں۔

دوسری حدیث:

عن سالم مولی حذیفه قال أمر النبی ان نسلم على علي بن ابی طالب یا أميرالمومنين ورحمة الله وبركاته

(حوالہ: مناقب سیدنا علی للعینی طبع ہند حیدر آباد دکن، ص ۱۸، ۶۱)

ترجمہ: سالم غلام حذیفہ نقل کرتا ہے ہمیں رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ ہم علیؑ کو امیر المومنین ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کھ کر سلام کریں

## حدیث 59

عن سلمان فارسی قال رسول الله يا علي محبک محبي ومبغضک مبغضي

(حوالہ: فردوس ج۵، ص۳۱۶ ح۸۳۰۴ کشف الخفاء ۵۳۷، ۹)

ترجمہ: سلمان فارسی روایت کرتا ہے رسول اللہ نے فرمایا: یا علیؑ تیرا محب میرا محب ہے اور تیرے ساتھ بغض رکھنے والا میرے ساتھ بغض رکھنے والا ہے

ملاحظہ: اے مومنین کوئی حدیث کتب عمریہ میں ایسی ہے جس میں نبی کریم نے کسی غصبی خلیفہ کو یہ کہا ہو یعنی اے ابو بکر عمر و عثمان و معاویہ تمہاری محبت میری محبت ہے یا تمہارا بغض میرا بغض ہے یا تم میرے نور سے ہو یا تمہارے ساتھ جنگ میرے ساتھ جنگ ہے یہ افتخار فقط علی بن ابی طالبؑ کو ہے اب جو بھی علیؑ سے بغض رکھے گا یا علیؑ سے جنگ کرے گا یا علیؑ سے حکومت چھینے گا اسکا یہ عمل خود رسول خدا کے خلاف ہے اور یہ ظلم عظیم ہے، اس بات کو صرف عقلمند جانتے ہیں کہ علیؑ سے جنگ کرنے والی اور جنگ کرنے والا اور خلافت چھیننے والے کون تھے جن کی علیؑ پر یہ جسارت اللہ ورسولؐ پر جسارت ہے اور وہ اس آیت کے مصداق ہیں:

(والذين يؤذون الله ورسوله لعنهم الله في الدنيا والآخرة واعدلهم عذاباً مهينا)

ترجمہ: جنھوں نے اللہ ورسول کو اذیت پہنچائی ان پر اللہ کی دنیا وآخرت میں لعنت ہے اور ان کے لئے رسوا کرنے والا عذاب ہے، اور اب جس نے بھی اللہ ورسول کو اذیت دی وہ مومنوں اور مسلمانوں کا خلیفہ نہیں بن سکتا ہے۔

# حدیث 60

عن أبي سعيد قال رسول الله يا علي معک يوم القيامة عصا من عصي الجنة تزود بها المنافقين عن حوضي

(حوالہ: الفردوس ج۵ ص۳۱۷ ح۸۳۰۵ مجمع زوائد ۹،۱۳۵ معجم صغیر ح۱۰۱۴)

ترجمہ: ابی سعید روایت کرتا ہے رسول اللہ نے فرمایا: یا علیؑ قیامت کے دن تیرے پاس جنت کے عصا میں سے ایک عصا ہو گا جس کے ساتھ تو منافقین کو میرے حوض کوثر سے بھگائے گا۔

دوسری حدیث:

عبد اللہ بن اجازہ بن قیس نے کہا میں نے علیؑ سے سنا ہے جب وہ ممبر پر تھے:

(انی ازود عن حوض رسول الله بيدی هاتين القصيرتين الكفار والمنافقين كما يزود السقاة غريبة الابل عن حياضهم )

(حوالہ: معجم طبرانی الاوسط، ج۶ ص۱۷ ح۵۱۴۹)

ترجمہ: عبد اللہ بن اجازہ بن قیس نے کہا میں نے علی بن ابی طالبؑ سے سنا جب وہ ممبر پر تھے میں اپنے ان دو چھوٹے ہاتھوں سے حوض رسول اللہ سے منافقین و کفار کو دور کروں گا جیسے ساقیان ایک انجان اونٹھ کو اپنے حوض سے دور بھگاتے ہیں

تیسری حدیث:

عن أبي رافع ان رسول الله قال لعلي أنت و شيعتک تردون عليّ الحوض رواء مرويين مبيضة وجوهكم وان عدوک يردون على ظماءمقبحين

(حوالہ: معجم کبیر ج۱، ص۳۱۹ح ۹۴۷ مجمع زوائد ۹،۱۳۱ کنز العمال ۱۵۳،۱۳ح ۳۶۴۸۴، تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ،جواہر المطالب للباعونی ج۱، ص۷۵ح ۲۳۳)

ترجمہ: ابی رافع نے رسول اللہ ؐ سے روایت کی ہے آنحضرت نے فرمایا: یا علیؑ آپ اور آپ کے شیعہ میرے پاس حوض کوثر پر وارد ہوں گے جبکہ ان کے چہرہ چمکتے ہوں گے اور وہ حوض کوثر سے سیر اب ہوں گے آپ کے دشمن قبیح چہروں کے ساتھ پیاسہ وارد ہوں گے

## حدیث 61

عن ابن عباس قال رسول الله یاعلي ان الله زوجک فاطمة وجعل صداقها الارض فمن مشي علیها مبغضاً لک یمشي حراما

(حوالہ: الفردوس ج۵ ص ۳۱۹ح ۸۳۱۰، تنزیہ الشریعہ ج۱ص ۴۱۱)

ترجمہ: ابن عباس رسول اللہ سے روایت کی ہے کہ آنحضرت ؐ نے فرمایا: یا علی اللہ تبارک وتعالی نے فاطمہ ؑ کا عقد تیرے ساتھ کیا ہے اور اللہ نے زمین کو فاطمہ ؑ کا حق مہر قرار دیا ہے اب جو بھی تیرے بغض کے ساتھ زمین پر چلے گا اس کا چلنا حرام ہو گا

ملاحظہ: اس حدیث میں جو نکتہ قابل غور ہے وہ یہ ہے کے اللہ نے علیؑ وفاطمہ ؑ کا عقد اپنی ملکوتی مخلوق میں یعنی فرشتوں میں کیا اور اپنے حبیب کو حکم دیا آپ دنیا میں اس کا اجراء کریں اور فاطمہ ؑ کا حق مہر اللہ نے پوری زمین کو قرار دیا ہے اب جو بھی زمین پر فاطمہ ؑ اور اس کے شوہر امیر المومنین ؑ اور اس کی اولاد اور ان کے شیعوں سے بغض ودشمنی رکھے گا اس کا اس زمین کے اناج میں تصرف اور اس زمین پر چلنا حرام ہے اب اس سے معلوم ہوا وہ افراد جنھوں نے امیر المومنین ؑ کے حقِ خلافت کو غصب کیا اور حضرت فاطمہ سے فدک کو غصب کیا اور دنیا کو ظلم وجور سے پر کیا انکا اس زمین پر چلنا بھی حرام اور فاطمہ ؑ اور

اولاد فاطمہ ؑ کی دشمنی میں ان کا ٹھکانا جہنم ہے کیونکہ رسول اللہ نے فرمایا: فاطمہ ؑ کا غضب اللہ کا غضب ہے اور فاطمہ ؑ کی رضا اللہ کی رضا ہے، اب صاحبان معرفت کے لئے لمحہ فکریہ ہے کہ وہ اس خاندان عصمت وطہارت کا حق ادا کرتے ہوئے سب گروہوں حکومتوں بناوٹی خلیفوں اور ولیوں کو چھوڑ کر دروازہ فاطمہ ؑ اور چوکٹ علیؑ پر عظمت خدا میں سجدہ ریز ہو جائیں اور امیر المومنینؑ کے ید اللہی ہاتھوں سے جنت کا ٹیکٹ لے کر جنتی گروہ میں حور العین وغلمان کے ساتھ جنتی نعمتوں میں سرشار ہو کر ذکر و مدح محمد وآل محمدؐ کے گیت گائیں۔

## حدیث 62

عن أبي بكر إن الله خلق من نور علي بن ابى طالب ملائكة يسبحون ويقدسون ويكتبون ثواب ذلک لمحبيه ومحبي ولده

(حوالہ: مقتل الحسین للخوارزمی ج ا ص ۹۷، فضائل امیر المومنین ابن عقدہ، ۲۸، ۳۲، اور خوارزمی نے اس کی مثل حدیث عمر بن خطاب سے بھی نقل کی ہے حوالہ: ۳۴۸، ۳۲۹)

ترجمہ: ابو بکر سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علی بن ابی طالبؑ کے نور سے ملائکہ خلق کئے گئے ہیں جو اللہ کی تسبیح و تقدیس کرتے ہیں جس کا ثواب علیؑ کے محبوں اور علیؑ کی اولاد کے محبوں کے نامہ اعمال میں لکھا جاتا ہے

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے ملاحظہ کیا اس حدیث کو ابو بکر اور عمر نے نقل کیا ہے اور دونوں اس بات کا اعتراف کر رہے ہیں کہ ملائکہ علیؑ کے نور سے خلق ہوئے ہیں اور وہ جو تسبیح و تقدیس کرتے ہیں اس کا ثواب علیؑ اور اولاد علیؑ کے شیعوں کے نامہ اعمال میں لکھا جاتا ہے اب یہاں پر صاحبان عقل و معرفت

کے لئے لمحہ فکریہ ہے کہ اس علی بن ابیطالبؑ پر کہ جو اس فضیلت و مقام کا مالک ہے کیسے ابو بکر و عمر و عثمان کو خلیفہ بنایا گیا ہے اور یہ بات عدل الہی کے خلاف اور ظلم ہے

## حدیث 63

عن عمر بن خطاب قال كنت أجفوعلياً فلقينى رسول الله فقال انک آذيتنى يا عمر فقلت أعوذ بالله ممن آذىٰ رسوله قال انک قدآذيت علياً فمن آذىٰ علياً فقد آذانى

(حوالہ: مناقب بن مردویہ ٦٦، ٨١ الانباء المسطابۃ ابن سید الکل ٦٣ التدوین فی اخبار قزوین الرافعی ج٣ ص٣٨٩)

ترجمہ: عمر بن خطاب نے کہا میں نے علیؑ کے ساتھ جفا کی (ناانصافی، بدرفتاری، اور جفا ظلم کے معنی میں بھی استعمال ہوا ہے) پس میں نے رسول اللہ سے ملاقات کی تو آنحضرت نے فرمایا: اے عمر تو نے مجھے اذیت پہنچائی ہے میں نے جواب میں کہا جس نے رسول اللہ کو اذیت پہنچائی ہے اس سے میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں تو آنحضرتؐ نے فرمایا بے شک تو نے علیؑ کو اذیت پہنچائی ہے اور جس نے علیؑ کو اذیت پہنچائی اس نے مجھے اذیت پہنچائی ہے

نوٹ: پس عمر بن خطاب اس آیتِ قرآن (والذين يؤذون الله و رسوله لعنهم الله في الدنيا والاخرة واعد لهم عذاباً مهينا) کا مصداق ہے۔

یہ حدیث دیگر مضمون کے ساتھ امام حسینؑ سے بھی منقول ہے:

عن الحسين بن علي قال حدثني أبى علي بن ابى طالب وهو أخذبشعرة منه ان جدى رسول الله أخذ بشعرة منه وقال من آذىٰ شعرة منک فقد آذانى فمن آذانى فقد اذى الله فمن اذى الله لعنه الله ملأ السماوات والارض

ترجمہ: امام حسینؑ نے فرمایا میرے بابا علیؑ نے مجھے بتایادر حالانکہ وہ میرا ایک بال پکڑے ہوئے تھے اور میرے نانا رسول اللہ نے میرے باپ علیؑ سے فرمایا جب کہ وہ ان کا ایک بال پکڑے ہوئے تھے اور پھر فرمایا اے علیؑ جس نے بھی اس بال کے برابر بھی آپ کو اذیت پہنچائی اس نے مجھے اذیت پہنچائی اور جس نے مجھے اذیت پہنچائی اس نے اللہ کو اذیت پہنچائی اور جس نے اللہ کو اذیت پہنچائی اس پر تمام آسمانوں اور زمین کے فرشتہ لعنت کرتے ہیں۔(حوالہ: توضیح الدلائل شھاب الدین الأیجی ۱۹۳،)

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے پڑھا ہے کہ عمر نے اوپر والی حدیث میں خود اقرار کیا ہے کہ میں نے علیؑ کے ساتھ جفا یعنی ظلم کیا اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علیؑ کو اذیت کرنے والا اگر ایک بال کے برابر ہی کیوں نہ ہو اس پر تمام آسمانوں اور زمینوں کے فرشتے لعنت کرتے ہیں اور یہ دونوں حدیثیں قرآن مجید کی اس آیت کی تفسیر ہیں (والذين يؤذون الله و رسوله لعنهم الله في الدنيا والاخرة و اعد لهم عذاباً مهينا) وہ جنھوں نے اللہ اور رسول کو اذیت پہنچائی ان پر اللہ اور رسول کی لعنت ہے اور ان کے لئے رسوا کرنے والا عذاب ہے پس عمر وہ ہے جب رسول اللہ ﷺ نے اپنی حیات کے آخری وقت میں قلم ودوات لانے کا حکم دیا تا کہ میں آپ کے لئے ایک سند لکھ دوں تا کہ تم میرے بعد گمراہ نہ ہو جاؤ تو عمر نے اس وقت جسارت کرتے ہوئے آنحضرت ﷺ سے کہا( ان هذا الرجل ليهجرحسبنا كتاب الله) عمر نے نبی اکرم ﷺ کو مقام نبوت اور رسالت سے گرا کر توہین آمیز لہجہ میں کہا یہ مرد ہذیان بول رہا ہے جبکہ اللہ نے سورہ نجم میں یہ فرمایا ہے(وما ينطق عن الهوى إن هو الا وحي يوحي) کے یعنی رسول اللہ ﷺ میری وحی کے علاوہ کلام ہی نہیں کرتا ہے اور آیت تطہیر ( إنما يريد الله ليذهب عنكم الرجس ) بھی اس بات پر گواہ ہے اور آیت (وما أتاكم الرسول فخذوه وما نهاكم عنه فانتهوه ) جو بھی رسولؐ تمہیں دیں لے لو اور جس سے منع کریں اسے چھوڑ دو عمر نے ان تمام آیات کا انکار کرتے ہوئے نہ نبیؐ سے وصیت لینے دی بلکہ نبیؐ کی عصمت کا انکار کرتے ہوئے نبی پر

ہذیان کی تہمت لگائی ان تمام باتوں سے ثابت ہوا کہ عمر کا اسلام مشکوک تھا اور جو بھی عمر کی طرح یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ نبی حالت بیماری میں ہذیان بول سکتا ہے وہ گستاخِ نبی ہے اور گستاخ نبی، نبی کا خلیفہ و جانشین اور مومنوں کا امیر نہیں بن سکتا اور عمر نے محمد و آل محمدؑ پر جن ظلموں کی بنیاد رکھی ہے ان میں سے ایک یہ کہ دروازہ فاطمہ زہراءؑ کو جلانا اور پھر جلتے ہوئے دروازے کو فاطمہؑ پر گرانا اور محسن کا قتل ہو جانا یہ ایسے تلخ واقعات ہیں جو تاریخ میں باوجود سنسر شدید کے موجود ہیں جو عمر کی دشمنی محمد و آل محمدؑ کا واضح ثبوت ہیں اور حضرت صدیقہ کبریٰ فاطمہ نے اللہ کی بارگاہ میں عمر کے ظلم کے بارے میں جبکہ بی بی کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے یہ کہا خدایا میں تجھ سے تیرے منتخب نبیؐ حضرت محمدؐ کے فقدان و جدائی کی شکایت کرتی ہوں کہ آنحضرتؐ کی امت نے ہماری بات کو قبول نہیں کیا ہے اور وہ حق جو کتاب منزل میں ہمارے لئے ہے(يعني وآت ذي القربى حقه)سے ہمیں منع کر دیا گیا ہے خدایا اس امت کی شکایت کرتی ہوں جو تیرے نبیؐ کے بعد کافر ہوں گئے ہیں جنہوں نے میرے حق کو غصب کر لیا ہے اور پیغمبر اسلام کی عزت و حرمت کا اصلا خیال نہیں کیا ہے حضرت فاطمہؑ کی یہ بات سن کر عمر نے کہا اس احمقانہ اور زنانہ باتوں کو چھوڑ دے خدا نے ہرگز نبوت و خلافت کو آپ کے لئے جمع نہیں کیا ہے تو بی بی فاطمہؑ نے عمر کے جواب میں فرمایا اے عمر خدا کے غضب سے نہیں ڈرتا ہے تو میری اجازت کے بغیر میرے گھر میں کیسے داخل ہونا چاہتا ہے یہ رسالت کا گھر ہے جبرائیل اور ملائکہ مقرب کے آنے اور جانے کا مقام ہے حیا کر اور اس پست ترین کام سے دور ہو جا

(حوالہ: الھدایۃ الکبریٰ ص۴۰۷ انوار نعمانیہ ج۱ ص۶۳ اور ج۲ ص۸۱، مختصر البصائر۱۷۹، مجمع نورین ۱۰۴، الامامۃ والسیاسۃ ج۱ ص۲۷، حدیقۃ الشیعہ ص۳۰، مصائب الابرار نوائب الاخیار۳۶۷، سلیم بن قیس ۴۸، ۴، حق الیقین ص۲۶۷ تفسیر عیاشی ج۲ ص۶۶، الاختصاص ص۸۵، تفسیر برہان ۹۳، تاریخ طبری ج۳ ص۱۹۴ الھجوم علی بیت فاطمہ علیھا السلام ص۲۳۱، ۲۱۸، ۱۱۲، شرح نھج البلاغہ ج۲ ص۱۹ ج۱۷ ص۱۰۸، عوالم العلوم ج۱۱ ص۵۶۱ و۵۶۵ و۶۵۷، بحارالانوار)

اور یہ وہ عمر ہے جو ابو بکر کے کہنے پر حضرت علیؑ کو بیعت کے لئے گرفتار کرنے کے لئے فاطمہؑ کے دروازہ پر آیا اور کہا علیؑ کو بھیجو ورنہ میں اس گھر کو اس کے اہل خانہ کے ساتھ جلا دوں گا کیا یہ ظلم و جفا رسول اللہ پر نہیں ہے یہی وجہ ہے کے اللہ نے قرآن میں فرمایا ہے جس نے اللہ اور رسول اللہ کو اذیت دی اس پر دنیا و آخرت میں اللہ کی لعنت ہے اور سیدہ فاطمہ علیھا سلام کو اذیت دینا اللہ اور رسول اللہؐ کو اذیت دینا ہے۔

## حدیث 64

عن سعدبن مالک أمر رسول الله سد الابواب الشارعة في المسجد و ترک باب علي (وقال الهيثمى رواه احمد و ابويعلي والبزاز والطبراني في الأوسط ) وزاد قالوا يا رسول الله سددت أبوابنا كلها الا باب علي؟قال ﷺ ما أنا سددت أبوابكم ولكن الله سدها

(حوالہ: مجمع زوائد ج ۹ ص ۱۱۴)

ترجمہ: سعد بن مالک نے روایت کی ہے رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا تمام لوگوں کے گھروں کے تمام دروازہ جو مسجد میں کھلتے ہیں بند کئے جائیں اور علیؑ کا دروازہ چھوڑ دیا جائے (ھیثمی نے کہا اس روایت کو احمد اور ابو یعلی اور بزاز و طبرانی نے اوسط میں اس طرح نقل کیا ہے) لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے کہا آپ نے ہمارے دروازے بند کر دئے ہیں اور علیؑ کا دروازہ کھلا رکھا ہے تو آنحضرت نے فرمایا: میں نے آپ کے دروازوں کو بند نہیں کیا ہے بلکہ اللہ نے بند کیا ہے۔

ملاحظہ: اس حدیث میں بات یہ ہے جب رسول اللہ نے مسجد بنوائی اس کے اطراف میں بعض صحابہ کے گھر بنوائے جن کے گھروں کے دروازے مسجد کی طرف تھے جب نماز کا وقت ہوتا یہ اپنے گھروں سے

مسجد میں داخل ہوتے اللہ نے نبی کو حکم دیا مسجد میرا گھر ہے اور یہ اس میں بسا اوقات حالت جنب میں اور عورتیں حالت حیض و نفاس میں وارد ہوتی ہیں اس لئے تمام کے دروازوں کو بند کیا جائے مگر یہ حکم آپ کے لئے اور علیؑ کے لئے نہیں ہے کیونکہ آپ دونوں نور واحد ہیں اور آیت تطہیر کے وارث ہیں تو نبیؐ نے اللہ کے حکم سے سب دروازے بند کرا دیئے آنحضرت کے دو چچا حضرت عباس اور حمزہ سید الشھداء نے اعتراض کیا عباس نے کہا مجھے ایک کھڑکی یا روشن دان کھولنے دو آنحضرت نے یہ بھی اجازت نہ دی اور حضرت حمزہ سید شھداء نے کہا ایک سوراخ رکھنے دو آنحضرت نے اس کی بھی اجازت نہ دی صرف حضرت عباس کے مکرر تقاضا کی بنا پر گھر کا پرنالہ مسجد کی طرف رہنے دیا جب عمر کے دور میں اسے اکھاڑا گیا حضرت عباس نے اس کی شکایت حضرت علیؑ سے کی حضرت علیؑ اپنی ذوالفقار حیدری کے ساتھ مسجد میں آئے عمر اور سب عمریوں سے کہا یہ وہ مسئلہ ہے جس پر رسول اللہ نے مجھ سے کوئی عہد نہیں لیا ہے اب جو بھی میرے مقابل آئے گا میں اسے قتل کر دوں گا جبکہ عمر اس سے پہلے حضرت عباس کے تقاضے کو رد کر کے قسم کہا چکا تھا جو بھی اس مسئلہ میں میرا حکم نہیں مانے گا وہ قتل کیا جائے گا لیکن اسد اللہ الغالب علی بن ابی طالبؑ نے عمر کے منصوبے کو ناکام بنایا اور دوبارہ پرنالہ کو اسی جگہ پر نصب کیا اور حدیث سد الابواب حضرت علیؑ کی بہت بڑی فضیلت ہے، جس کا منافقین کے لئے اعتراف کرنا بہت ہی مشکل ہے، کیونکہ اس میں جو مرتبہ نبیؐ کے لئے ہے وہی مرتبہ علیؑ کے لئے ہے، اس حدیث نے فضلِ علیؑ کو واضح کر دیا ہے

## حدیث 65

عن جابر قال قالوا يا رسول الله من يحمل رايتک يوم القيامة قال من يحسن أن يحملها الا من حملها في الدنيا علي بن أبي طالب

(حوالہ: معجم کبیر طبرانی ج۲ ح۲۰۳۶ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۱، جواہر المطالب ۱، ص ۱۸۲)

ترجمہ: جابر بن عبد اللہ انصاری نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کی ہے لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا آپ کا علم وپرچم قیامت کے دن کون اٹھائے گا آنحضرتؐ نے فرمایا: وہ اٹھائے گا جس کے لئے اسے اٹھانا بہتر ہے جس نے دنیا میں اسے اٹھایا ہے وہ علی بن ابی طالبؑ ہے

## حدیث 66

عن جابر بن عبدالله قال رسول اللهﷺلعلی من اشقی الثمود قال من عقر الناقة قال من اشقی هذه الامة قال الله اعلم قال قاتلک

(حوالہ: معجم کبیر طبرانی ج۲ ح۲۰۳۱)

ترجمہ: جابر سے نقل ہے رسول اللہ نے علیؑ سے فرمایا: قوم ثمود کا سب سے شقی وبدبخت کون تھا؟ حضرت علیؑ نے عرض کیا وہ جس نے اونٹنی کو قتل کیا پھر آنحضرتؐ نے پوچھا میری امت کا بدبخت وشقی کون ہوگا تو علیؑ نے کہا اللہ بہتر جانتا ہے تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا میری امت کا شقی وہ ہوگا یا علیؑ جو تجھے قتل کرے گا

دوسری حدیث:

عن عمار كنت أناوعلي بن ابی طالب رفيقين في غزوة ذي العشيرة فقال رسول الله الا أحدثكم أشقي الناس رجلين قلنا بلى يا رسول الله قال احيمرثمود الذی عقر الناقة والذی یضربک يا علي الا هذا ينبغي قرنة حتى تبل هذه يعني لحية

(حوالہ: جامع کبیر ج۱۶ ص۲۲۵ ح۲۴۸۲۷ کنز العمال ج۱۳ ص۱۴۰ ح۳۶۴۴۲ مجمع زوائد ج۹، ۱۳۶ عن ابن سمرہ ،مناقب خوارزمی ۳۸۷، ۴۰۲ بدایۃ والنہایۃ ج۷ ص۳۲۴)

ترجمہ: عمار کہتا ہے میں اور علی بن ابی طالبؑ غزوہ ذی عشیرہ میں ساتھی تھے رسول اللہؐ نے فرمایا: کیا میں آپ کو ان دو شقی ترین مردوں کی خبر نہ دوں؟ ہم نے کہا جی ہاں یا رسول اللہؐ فرمایا: احیمر ثمود جس نے اوٹھنی کو قتل کیا اور میری امت کا بدترین شقی وہ ہوگا اے علیؑ جو آپ کے سر کو شمشیر سے شگافتہ کرے گا جس سے آپ کی ریش مبارک خون سے تر ہوگی

ملاحظہ: سقیفہ بنی ساعدہ والوں کی سب سے بڑی کوشش یہ تھی کہ وہ علیؑ کو قتل کریں تاکہ اپنی مرضی سے مسلمانوں پر حکومت کریں جس کی انہوں نے کوشش کی لیکن وہ کامیاب نہ ہو سکے اور موت نے بھی انہیں مہلت نہ دی اور ان کے بعد جب حکومت عثمان کو ملی تو عثمان بنی امیہ کا پہلا حاکم تھا اور اس نے تمام بڑی پوسٹوں پر بنی امیہ کو نصب کر دیا اور مسلمانوں کا بیت المال بنی امیہ کے ہاتھ میں تھا اور وہ ہر کام اپنی مرضی کے مطابق کرتے تھے جس سے تمام مسلمان عثمان کے خلاف ہوئے اور مدینے میں جمع ہو کر انہوں نے عثمان کو قتل کر دیا اور عثمان کے خلاف تحریک چلانے میں سب سے بڑا کردار عائشہ کا تھا اور اس نے اپنی تقریروں میں عثمان کے خلاف کہا تھا (اقتلوا نعثلا فقد کفر، حوالہ: صواعق محرقہ) اس نعثل (یہودی کو) قتل کردو یہ کافر ہو چکا ہے جب وہ قتل ہو گیا عائشہ اس وقت مکہ میں تھی اور باہر سے آئے ہوئے تمام مسلمین نے علیؑ کی بیعت کر لی جب یہ خبر مکہ میں عائشہ کو پہنچی تو اس نے علیؑ کے خلاف لشکر آمادہ کیا جس کے سبب جنگ جمل وجود میں آئی اور اسی طرح معاویہ اور خوارج نے بھی علیؑ کے خلاف جنگیں کی جب دشمن یہ جان چکا کے علیؑ کو جنگوں میں شکست دینا محال ہے تو انہوں نے ایک نقشہ کے تحت چند افراد کو تیار کیا کے جو علیؑ کو حالت نماز میں قتل کریں جبکہ ایسی کوشش ابو بکر کے دور میں بھی ہو چکی تھی جس میں خالد بن ولید کو کہا گیا تھا کہ علیؑ کو حالت نماز میں قتل کرو لھذا سقیفہ سے لیکر بنی امیہ اور عائشہ و طلحہ و زبیر اور خوارج سب کی ایک ہی آرزو تھی وہ قتل علیؑ تھا جس میں یہ سب غیر مستقیم شریک تھے اور ابن ملجم مستقیما شریک تھا اب جو بھی قیامت تک ان کے اس فعل پر راضی ہے وہ انکا

شریک ہے تو ان حدیثوں میں نبیؐ نے اس طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے، قوم ثمود کا شقی ترین فرد اونٹھنی کا قاتل ہے، اور اس امت کا شقی فرد علیؑ کا قاتل ہے

## حدیث 67

عن عمار بن یاسر قال رسول الله یاعلي ان الله تعالى زینک بزینة لم تزین العباد بزینة احب الله تعالى منها هی زینة الابرار عند الله عزوجل الزهد فی الدنیا وجعلک لاتزرع من الدنیا شیئا و تا تزرع الدنیا منک شیئا ووهب لک حب المساکین وترضی بهم اتباعا ویرضون بک اماما

(حوالہ: حلیۃ الاولیاء ج ۱ ص ۷۱ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲ ص ۲۱۲ مناقب امیر المومنین ص ۱۰۵ ح ۱۴۸، اسد الغابۃ ج ۴ ص ۳۳ جمع الجوامع ۱، ص ۹۶۷، الفردوس ج ۵ ص ۳۱۹ ح ۸۳۱۱)

ترجمہ: عمار یاسر نے روایت کی ہے رسول اللہؐ نے فرمایا: یا علی اللہ تعالی نے آپ کو ایک ایسی زینت دی ہے اپنے بندوں کو ایسی زینت سے مزین و خاص نہیں کیا ہے اور اللہ اس زینت کو دوست رکھتا ہے اور یہ زینت اللہ کے نیک بندوں کی ہے وہ دنیا سے دوری ہے اور اللہ نے تجھے ایسا بنایا ہے تو دنیا سے کوئی چیز نہیں چاہتا ہے اور دنیا تجھ سے کچھ نہیں چاہتی ہے اور اللہ نے مساکین کی محبت تجھے عطا فرمائی ہے اور تو ان کی اتباع پر راضی ہے اور وہ تیری امامت پر راضی ہیں (اس حدیث کو طبرانی نے بھی اپنی کتاب الاوسط میں نقل کیا ہے)

## حدیث 68

عن ابوهریره و جابر بن عبدالله قالا قال رسول الله علي بن ابیطالب صاحب حوضي یوم القیامة (حوالہ معجم الاوسط طبرانی ج ۱ ص ۱۵۲ ح ۱۶۰ کنوز الحقائق ج ۲ ص ۱۷)

ترجمہ: ابو ھریرہ اور جابر بن عبد اللہ نے رسول اللہ ﷺ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن میرے حوض کوثر کا مالک علی بن ابیطالبؑ ہو گا

ملاحظہ: افسوس حوض کوثر کے مالک علیؑ پر ابو بکر و عمر و عثمان کو خلیفہ و امام بنانا ظلم ہے

## حدیث 69

عن أنس عن رسول الله صلت الملائكة عليّ و على علي بن أبي طالب سبعة سنين و ذلک انه لم ترفع شهادة عن لااله الاالله إلى السماء الا مني ومن علي

(حوالہ: مناقب خوارزمی ۱۸، ۵۳ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۱ ص ۸۱ ح ۱۱۴)

ترجمہ: انس بن مالک نے رسول اللہ ﷺ سے نقل کیا ہے کے سات سال تک ملائکہ نے مجھ پر اور علی بن ابی طالبؑ پر صلوات بھیجی ہے یہ اس وقت تھا جب میرے اور علیؑ بن ابی طالب کے علاوہ شھادۃ لا الہ الا اللہ آسمان کی طرف بلند نہیں ہوئی تھی

دوسری حدیث:

عن أبي ذر قال النبي ان الملائكة صلت عليّ و على علي سبعة سنين قبل ان يسلم بشر

(حوالہ: مناقب آل ابی طالب ج ۱ ص ۲۹۱،، الفردوس ج ۳ ح ۵۳۳۱)

ترجمہ: ابوذر نے نقل کیا رسول اللہ نے فرمایا کسی بشر کے اسلام لانے سے سات سال پہلے ملائکہ نے مجھ پر اور علی بن ابی طالبؑ پر صلوات پڑھی ہے

نوٹ: جس نبیؐ و علیؑ پر لوگوں کے اسلام لانے سے سات سال پہلے فرشتوں نے صلوات پڑھی ہو اس پر کیسے ابو بکر و عمر و عثمان امام و خلیفہ بن سکتے ہیں ذرا سوچیں!

## حدیث 70

عن عبدالله بن عمر قال رسول الله علي أخي في الدنيا والاخرة

ترجمہ: عبد اللہ بن عمر نے کہا رسول اللہ نے فرمایا: دنیا و آخرت میں علیؑ میرا بھائی ہے

نوٹ: کیسے نبیؐ کے بھائی پر اصحاب خلافت میں مقدم ہو سکتے ہیں؟!!

دوسری حدیث:

ترمذی نے اپنی سنن میں عبد اللہ بن عمر سے اس حدیث کو ایسے ذکر کیا ہے:

عن ابن عمرقال أخا رسول الله بين أصحابه فجاء علي ترمع عيناه فقال يا رسول الله اخيت بين أصحابک ولم تؤاخ بيني وبين أحد فقال له رسول الله أنت أخي في الدنيا والآخرة

ترجمہ: عبد اللہ بن عمر نے کہا رسول اللہؐ نے اپنے اصحاب میں اخوت یعنی ایک دوسرے کو بھائی بنایا (ان کے معیار و ایمان کے مطابق مثلا ابو بکر کو عمر کا بھائی سلمان کو ابو ذر کا بھائی عثمان کو عبد الرحمن کا طلحہ کو زبیر کا) اسی اثناء میں حضرت علیؑ تشریف لائے آنحضرت کی انکھوں سے آنسو جاری تھے عرض کیا یا رسول اللہ آپ نے اپنے اصحاب میں اخوت جاری کی اور مجھے کسی کا بھائی نہیں بنایا تو آنحضرتؐ نے فرمایا: یا علیؑ تو دنیا و آخرت میں میرا بھائی ہے،

(حوالہ: مستدرک حاکم ج۳ ص۱۴، سیوطی جامع صغیر ح۵۵۸۹، مناقب سیدنا علی)

زید بن ارقم نے اس حدیث کو اسطرح نقل کیاہے:انه قال أنت أخي ورفيقي آنحضرتؐ نے فرمایاتومیرابھائی اوررفیق ہے اور کتاب فردوس میں اس بات کا اضافہ ہے آنحضرت نے فرمایا:(علي أخي وابن عمي ) علی میرابھائی اورچچاکابیٹاہے،اورابن عساکرنے عابس سے اسطرح نقل کیاہے:

(قال رسول الله خير اخوتى علي وخير أعمامى حمزة)

رسول اللہ نے فرمایا:میراسب سے اچھابھائی علیؑ ہے اور بہترین چچاحمزہ ہے یہ حدیث مؤاخات بہت مشہور حدیث ہے جسے فریقین نے نقل کیاہے اور زید بن ابی نے اپنی مسند میں حدیث مؤاخات کو اسطرح بیان کیاہے:

فقال رسول الله والذى بعثنى بالحق مااخرتک الا لنفسى أنت أخي بمنزلة هارون من موسي غير انه لانبى بعدى وأنت أخي ووارثي وما ارث منک يا رسول الله؟ قال ما ورث الانبياء من قبلي؟ قال ماورث الانبياء من قبلک ؟کتاب ربهم و سنة نبيهم وأنت معي فى قصري في الجنة مع فاطمة ابنتي أنت أخي ورفيقي

ترجمہ:(جوپہلی والی روایت میں گذرچکاہے حضرت علیؑ نے حالت گریہ میں رسول اللہ سے عرض کیا سب کوایک دوسرے کابھائی بنایاہے اور مجھے کسی کابھائی نہیں بنایاہے)توآنحضرت نے فرمایا:مجھے اللہ کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ نبی بنایاہے میں نے فقط آپ کواپنے لئے مؤخر کیاہے تومیراایسے بھائی ہے جیسے موسی ھارون کابھائی تھاجبکہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے تومیرابھائی اوروارث ہے توحضرت علیؑ نے عرض کیامیں آپ سے کیاارث پاؤں گا؟توآنحضرتؐ نے فرمایا:جس طرح مجھ سے پہلے انبیاء کے وارثوں نے ارث پائی ہے اسی طرح توبھی مجھ سے ارث پائے گاتوحضرت علی نے پوچھاانبیاء کی ارث کیا تھی آنحضرت نے فرمایا:اللہ کی کتاب اورنبی کی سنت تھی اے علیؑ توجنت میں میرے بیٹی فاطمہ کے ساتھ میرے محل میں ہوگاتومیرابھائی اوررفیق ہے

(حوالہ: مناقب علی نے احمد بن حنبل سے روایت کی ہے)

کنزالعمال ج۱۳، ص۱۰۶، ۱۰۵ میں لکھا ہے جو علیؑ سے محبت و دوستی رکھتا ہے وہ ان اشعار کو ضرور پڑھے جو حضرت علیؑ سے منقول ہیں وہ یہ ہیں:

محمد النبي أخي وصهري .. ..... وحمزة سيدالشهداء عمي

محمد رسول اللہ میرا بھائی اور سسر ہے حمزہ سید الشھدا میرا چچا ہے

وجعفر الذي يمسي ويظحي .... ويطير مع الملائكة ابن امى

جعفر طیار جو صبح و شام ملائکہ کے ساتھ پرواز کرتا ہے میری ماں کا بیٹا ہے

وبنت محمد سكنى و عرسى .. منوط لحمها بدمي ولحمي

اور حضرت محمد کی بیٹی میرا سکون اور میری زوجہ ہے جس کا گوشت وخون میرے گوشت وخون کے ساتھ مخلوط ہے

سبطا أحمدولداى منها ....فايكم له سهم كسهمي

احمد نبی کے دو سبط جو میرے بیٹے فاطمہ سے ہیں اب تم میں سے کوئی ہے جس کے لئے میرے برابر شرف وبزرگی ہے

سبقتكم إلى الاسلام طرا...صغيرا ما بلغت أوان حلمي

جبکہ تم میں سب سے پہلا مسلمان ہونا میرا امتیاز ہے بچپن میں تمام مراحل علم و حلم میں نے پالئے تھے

(حوالہ: کنزالعمال ج۱۳ ص۱۱۲)

ملاحظہ: اس حدیث مؤاخات سے چند مطلب آپ کے لئے واضح وروشن ہیں: یہ مؤاخات اللہ کے حکم سے تھی کیونکہ آیت (وما ینطق عن الھوی) بتارہی ہے ہمارے نبی کا ہر حکم مرضی خدا ہے آنحضرتؐ نے یہ صیغہ اخوت جو، ان میں ایجاد کیا ان میں سے ہر کسی کے ایمان واسلام کفر ونفاق کے مطابق تھا ان میں سے ہر ایک نے آخر تک اسی اخوت اور برادری کو نبھایا ہے یعنی بعض نے حق کی حمایت میں اسے نبھایا ہے اور بعض نے باطل کی حمایت میں نبھایا ہے اس کے لئے چند مثالیں عرض ہیں آنحضرتؐ نے تمام مسلمانوں سے علیؑ کو اپنے معیار کے مطابق اپنا بھائی بنایا ہے جو نبی کا نور اور نفس ہے اور اس پر ہزاروں دلیلیں قرآن اور سنت نبیؐ سے ہیں اور اسی بنا پر غدیر خم میں علیؑ کو اپنا خلیفہ اور جانشین بنایا جس پر قرآن مجید سے آیت تبلیغ نازل ہوئی ہے اور حضرت نے اپنے آخری خطبہ میں یہ فرمایا تھا: (من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ) جس کا میں مولا ہوں اسکا علیؑ مولا ہے اے اللہ تو اس سے دوستی رکھ جو علیؑ سے دوستی رکھتا ہے اور اسکا دشمن ہو جا جو علیؑ کا دشمن ہے اور ابو بکر، عمر کا بھائی تھا ان دونوں نے بھی اپنی اخوت اور دوستی نبھائی ان کے دل میں جو اللہ و نبیؐ اور علیؑ کا نفاق تھا اسے نبیؐ کی رحلت کے وقت ظاہر کیا انہوں نے دیکھا علیؑ اور بنوہاشم اور اصحاب باوفا نبی کے حزن و غم، غسل وکفن ودفن میں مشغول ہیں فرصت کو غنیمت سمجھتے ہوئے منافقین کی ایک جماعت کے ساتھ سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہوئے اللہ اور نبی کے منتخب خلیفہ علیؑ کے مقابل میں ابو بکر کو خلیفہ بنایا اور اس میں سب سے زیادہ فعال عمر تھا جس نے ابو بکر کو مسند خلافت سپرد کی اور ابو بکر نے بھی عمر کے ساتھ اپنی اخوت نبھاتے ہوئے عمر کو اپنا خلیفہ بنایا اور پھر عمر نے عثمان کو خلیفہ بنایا اور حکومت وخلافت بنی امیہ تک پہنچ گئی اور عثمان کا بھائی عبد الرحمن تھا جس نے عثمان کو عمر کی چھ نفرہ کمیٹی میں خلیفہ بنایا تھا اور طلحہ کا بھائی زبیر تھا جنہوں نے اپنی دوستی کو نبھاتے ہوئے عائشہ کے لشکر میں علیؑ سے جنگ کی اور نبیؐ وعلیؑ کے باوفا ساتھیوں میں سے سلمان وابوذر ہیں جنہوں نے آخر دم تک علیؑ واولاد علیؑ کا ساتھ نہیں چھوڑا اور اہل بیت ع کی محبت میں اپنے اخوت ودوستی کو نبھایا۔

# حدیث 71

قال رسول الله أخی و وزیري وخیر من أترک بعدی ویقضی دیني وینجز وعدي علي بن ابی طالب

ترجمہ: رسول خدا ﷺ نے فرمایا: سب سے بہتر جسے میں نے اپنے بعد چھوڑا ہے جو میرا وزیر و بھائی ہے جو میرے قرض کو ادا کرے گا اور میرے وعدے پورے کرے گا وہ علی بن ابی طالبؑ ہے

(حوالہ: مواقف فی علم کلام الایجی ۴۰۹)

دوسری حدیث:

عن رسول الله یاعلي أنت الوزیر و الخلیفة ووصیي في الاهل والمال و فی المسلمین وفي کل غیبة

ترجمہ: رسول اللہ نے فرمایا: یا علی تو میرے اہل و مال اور مسلمانوں میں اور میری ہر غیبت میں میرا وزیر و خلیفہ و وصی ہے (حوالہ: مواقف فی علم الکلام الایجی ۲۵)

اور یہ خبر بریدہ سے بھی پہلے تمام مصادر کے ساتھ ذکر ہوئی ہے اور اس میں یہ جملہ زیادہ ہے:

عن بریده قال رسول الله :لکل نبی وصي و وارث وان علیاً وصیي ووارثي

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا ہر نبی کے لئے وصی اور وارث ہے اور بیشک علی میرا وصی اور وارث ہے

(حوالہ: الفردوس ج۳ ص۳۳۶ ح۵۰۰۹، تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۵، ۳، ح۱۰۲۲، ۱۰۲۱ مناقب خوارزمی ۸۴،۷۴ مناقب بن مغازلی ص۲۰۰ ح۲۳۸، فتح باری ج۸ ص۱۵۰)

* * *

حدیث دیگر:

عن ربيعةان النبى قال لعلي أنت أخي وصاحبي و وزيري

ترجمہ: ربیعہ نے نقل کیا نبیؐ نے فرمایا: یا علی تو میرا بھائی وساتھی اور وزیر ہے (حوالہ: مناقب سیدنا علی ۲۹)

حدیث دیگر:

و عن سلمان رضى الله عنه قال قلت يا رسول الله لكل نبي وصي فمن وصيک فسكت عني فلما كان الغد اتى فقال يا سلمان فاسرت إليه فقلت لبيک قال هل تعلم من وصي موسى قلت نعم يوشع بن نون قال لما قلت لأنه أعلمهم قال فان وصيي وموضع سري وخير من أترک بعدي ينجز عداتي ويقضي ديني علي بن ابى طالب (حوالہ: مناقب سیدنا علی)

ترجمہ: سلمان رضی اللہ نے کہا میں نے رسول اللہ کی خدمت میں عرض کیا یا رسول اللہ ہر نبیؐ کے لئے وصی ہے آپ کا وصی کون ہے؟ تو آنحضرت خاموش رہے جب دوسرا دن ہوا مجھے آواز دی اے سلمان میں جلدی سے آنحضرت کی پاس آیا اور کہا لبیک یا رسول اللہ آنحضرت نے فرمایا تو جانتا ہے موسیٰ کا وصی کون تھا میں نے کہا یوشع بن نون تھا آنحضرت نے فرمایا کیوں؟ میں نے کہا وہ سب سے اعلم تھا آنحضرت نے فرمایا میرا وصی اور میرے رازوں کا امین سب سے بہتر جسے میں نے اپنے بعد چھوڑا ہے جو میرے وعدے پورے کرے گا اور میرے قرض ادا کرے گا وہ علی بن ابیطالب ہے

ملاحظہ: اے مومنین جیسے شیطان نے حکم اللہ کی مخالفت کی اور خلیفۃ اللہ کو سجدہ نہیں کیا اور لعنت کا مستحق ہوا اسی طرح وہ افراد بھی ہیں جنہوں نے اللہ اور رسول اللہ کی عملی مخالفت کر کے خلیفۃ اللہ علی

بن ابی طالب کے مقابل میں جو تھا اسے خلیفہ بنایا یہ بھی شیطان کی طرح لعنت کے مستحق ہیں العاقل تکفیہ الاشارہ، عقلمند کے لئے اشارہ کافی ہے

## حدیث 72

عن أبی ثابت مولی أبی ذرقال دخلت علی ام سلمه فرأیتها تبکی وتذکر علیاً وقالت سمعت رسول الله علي مع الحق والحق مع علي لن يفترقا حتى يردا علي الحوض يوم القيامة (حوالہ: تاریخ دمشق ترجمہ امام علی)

اور عمار یاسر سے بھی یہ حدیث: علی مع الحق والحق مع علی والی روایت نقل ہے

(حوالہ: المعیار والموازن للاسکافی ص ۱۱۹)

اور موسیٰ اشعری سے بھی روایت ہے: ان النبی قال لعلي أنت مع الحق والحق معک

ترجمہ: نبی ﷺ نے علیؑ کو فرمایا تو حق کے ساتھ اور حق تیرے ساتھ ہے (حوالہ: ابن عساکر ح ۳۱۷۱)

اور ابن ابی الحدید شرح نہج البلاغہ میں ج ۱۸ ص ۲۴ اور مناقب سیدنا علی، ۱۵ نے عائشہ سے یہ حدیث نقل کی ہے: عن ام سلمه عن رسول الله انها کانت تقول کان علي على الحق ومن اتبعه اتبع الحق ومن ترکه ترک الحق عهد معهود قبل یومه هذا

ترجمہ: ام سلمہ رسول خداؐ سے نقل کرتی ہیں عائشہ کہتی تھی علیؑ حق پر تھا اور جس نے اس کی اتباع کی اس نے حق کی اتباع کی اور جس نے علیؑ کو چھوڑا، اس نے حق چھوڑا یہ ایسا عہد و معہود ہے جسے اس دن سے پہلے لیا گیا تھا۔ (حوالہ: امامة وسیاسة دینوری ج ۱ ص ۷۸، صحیح ترمذی ج ۵ ص ۳۳ ح ۳۷۱۴ مستدرک علی صحیحین ج ۳ ص ۱۲۴ مجمع الزوائد ۲۳۳، ۷)

شرح نہج البلاغہ ج۲ص۴۲۲میں ہے:علي مع الحق والحق مع علي يدور حيث مادار

ترجمہ: علیؑ حق کے ساتھ ہے اور حق علیؑ کے ساتھ ہے اے اللہ حق کو اسطرف پھیر دے جس طرف علیؑ ہے۔

ملاحظہ: اے مومنین اللہ اور رسولؐ نے علیؑ کا مرتبہ و مقام امت مسلمہ کو بتادیا ہے اب جو بھی علیؑ سے دور ہوا وہ اللہ اور حق سے دور ہوا اور اسکا ٹھکانا جہنم ہو گا

## حدیث 73

عن علي بينما أخذ رسول الله ﷺ بيدي ونحن نمشي في بعض سكك المدينه اذا اتينا على حديقة فقلت ما أحسنها من حديقة قال ﷺ لک في الجنة أحسن منها ثم مررنا بأخرى فقلت يا رسول الله ماأحسن من حديقة قال لک فی الجنة أحسن منها حتى مررنا بسبع حدائق كل ذلک اقول ما أحسنها يقول لک في الجنة أحسن منها فلما خلا له طريق إعتنقنى ثم اجهش باكياً قال قلت يا رسول الله ما يبكيک قال ضغائن فی صدور اقوام لا يبدونها لک الا من بعدى قال قلت يارسول الله في سلامة من دينى قال من سلامة من دينک

(حوالہ: مسند ابی یعلی ج۱ص۲۸۵ح۵۶۱ تاریخ بغداد ج۱۲ص۳۹۸ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۲ص۳۱۲ح۸۲۹ فضائل صحابہ لابن حنبل ج۳ح۶۵۳ح۱۱۰۲)

ترجمہ: علیؑ فرماتے ہیں رسول اللہ نے میرا ہاتھ پکڑا ہوا تھا اور ہم مدینہ کے تنگ و باریک راستوں پر جہاں بہت باغات تھے چل رہے تھے یہاں تک کے ہم ایک باغ میں پہنچے میں نے کہا یہ باغ کتنا اچھا ہے تو آنحضرت نے فرمایا جنت میں آپ کے لئے اس سے بھی اچھا ہو گا پھر دوسرے باغ کے پاس پہنچے میں

نے کہا یہ کس قدر خوبصوت ہے آنحضرت نے فرمایا جنت میں آپ کے لئے اس بھی خوبصورت ہو گا حتی کے ہم سات باغوں سے گذرے میں نے ہر باغ کو دیکھتے ہی یہی کہا کتنا خوبصورت ہے آنحضرتؐ نے جوابا یہی فرمایا آپ کے لئے جنت میں اس خوبصورت اور بہتر ہوں گے جب راستہ تمام ہوا تو آنحضرت نے میری گردن میں باہیں ڈالی (یعنی معانقہ کیا) اور اونچی آواز سے رونا شروع کیا میں نے عرض کیا کس چیز نے آپکو گریہ میں ڈال دیا ہے (یعنی کس وجہ سے آپ رو رہے ہیں) آنحضرت نے فرمایا: ان لوگوں کے دلوں میں آپ کے خلاف جو بغض و کینہ اور عداوت ہے جسے یہ میرے دنیا سے جانے کے بعد ظاہر کریں گے اس نے مجھے گریہ میں ڈال دیا ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا اس وقت میرا دین سالم ہو گا فرمایا: جی ہاں آپ کا دین سالم ہو گا

ملاحظہ: اے مومنین آپ نے اس حدیث میں غور کیا آنحضرتؐ نے اپنی امت کو علیؑ پر ہونے والے ظلم وجور سے آگاہ کیا اور بتایا منافقین کے دلوں میں علیؑ کا بغض و کینہ وعداوت چھپی ہوئی ہے، جسے وہ میرے دنیا سے جانے کے بعد ظاہر کریں گے اور سقیفہ بنی ساعدہ میں جا کر علیؑ کی خلافت کو غصب کر کے علیؑ کے مقابل میں جعلی خلیفہ بنائیں گے اور میرے غسل وکفن ودفن میں بھی شامل نہیں ہوں گے

## حدیث 74

عن عائشه رأيت النبى ﷺ التزم علياً وقبله ويقول بأبى الوحيد الشهيد بأبى الوحيد الشهيد

(حوالہ: مسند ابي يعلى ج۴ ص۳۱۸ ح۴۵۵۷ تاریخ دمشق ترجمہ امام علي ج۳ ص۱۳۷۶، ۲۸۵)

ترجمہ: عائشہ نے نقل کیا کہ میں نے رسول اللہ کو دیکھا کہ علیؑ کو پکڑے ہوئے ہیں اور بوسہ لے کر فرماتے ہیں اکیلے شہید پر میرا باپ قربان ہو جائے، اکیلے شہید پر میرا باپ قربان ہو جائے

ملاحظہ: اے مومنین یہ حدیث بھی ہمیں منافقین کی علیؑ سے عداوت وبغض کی خبر دیتی ہے اور جسے یاد کرکے نبی اکرمؐ اپنی امت کو علیؑ کی شہادت کی خبر دے رہے ہیں اور بتارہے ہیں کہ امت کے منافقین علیؑ کے ساتھ میرے جانے کے بعد ظلم وجور اور جنگ وجدال کریں گے، اور وہ جنگ جمل جنگ صفین میں اپنی دیرینہ دشمنی کا اظہار کریں گے

## حدیث 75

عن علي ان رسول الله أخذ بيد حسن وحسين فقال من أحبنى وأحب هذين وأباهما وامهما كان معي في درجتى يوم القيامة

(حوالہ: سنن ترمذی ج۵ ص ۶۴۵ ح ۳۷۳۳ مسند احمد حنبل ج۶ ۵۷۶، ۱۶۸، افضائل صحابہ ۲، ص ۶۹۴ ح ۱۱۸۵ تاریخ بغداد، ۲۸۷ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی)

ترجمہ: حضرت علی نے فرمایا: کہ رسول اللہؐ نے امام حسنؑ وحسینؑ کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا جو مجھے اور ان دو (یعنی امام حسنؑ وحسینؑ اور ان دو کے باپ اور ان دو کی ماں سے محبت کرے گا وہ جنت میں میرے ساتھ میرے ہی درجہ پر ہو گا۔

ملاحظہ: اس حدیث میں رسول اللہ نے فرمایا جو ہم پنج تن پاک سے محبت کرے گا وہ جنت میں میرے درجہ پر ہو گا اور یہ حدیث تفسیر ہے قرآن مجید کی آیت مودت پر جس میں اللہ تبارک وتعالی نے فرمایا ہے: (قل لا اسئلكم عليه أجرا الا المودة في القربي) اے نبیؐ ان کو کہہ دو میں تم سے اجر رسالت نہیں چاہتا ہوں فقط یہ چاہتا ہوں کہ میرے اہل بیتؑ سے مودت کرنا اب مودت اور محبت میں کیا فرق ہے محبت امر قلبی ہے آپ کے دل میں ماں وباپ عزیز وا قارب اور دوستوں کی محبت ہے اور اس کی خبر کسی کو نہیں ہے تو اللہ نے اہل بیت کی محبت کو اجر رسالت نہیں بنایا ہے بلکہ ان کی مودت کو اجر

رسالت بنایا ہے، اور مچھلی کو پانی سے مودت ہے جب اسے پانی سے نکال لیا جاتا ہے تو وہ تڑپ تڑپ کے مر جاتی ہے اللہ نے بھی آپ سے اہل بیتؑ کی ایسی مودت کا تقاضا کیا ہے یعنی یہاں تک کہ اپنے ہر سانس کے ساتھ اس مودت کا اظہار کریں آپ گھر میں بازار و گلی میں مسجد و محراب میں صدارت ووزات وحکومت میں جہاں بھی ہوں ایک لحظہ اپنے آپ کو اس خاندان عصمت وطہارت سے دور نہ کریں، تب آپ کو وہ مرتبہ ومقام ملے گا جو سلمان وابوذر کا تھا اور آپ اللہ کے نبیؐ کے ساتھ اس مقام پر ہوں گے جہاں رسول اللہ اور انکی اہل بیتؑ عصمت وطہارت ہوں گے (ہدایت کی پیروی کرنے والوں پر سلام ہو)

## حدیث 76

عن أبي ذر قال رسول الله لاتزول قدم عبد حتى يسأل عن أربعة عن جسده فيما أبلاه و عمره فيما أفناه وماله من أين اكتسبه و في ما انفقه وعن حب الاهل البيت فقيل يارسول الله فما علامة حبكم فضرب بيده على منكب علي

(حوالہ: معجم الاوسط ج۲ ص۳۴۸ ح۲۱۹۱ مناقب خوارزمی ۵۹،۷۷ مجمع زوائد ج۱۰، ص۳۴۶)

ترجمہ: ابوذر سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا کسی بندہ کے قدم پایدار نہیں ہوں گے جب تک اس سے چار سوال نہ کئے جائیں، اس جسم کو کن آزمایشوں میں ڈالا تھا اس عمر کو کہاں فنا کیا تھا اور مال کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا تھا میرے اہل بیتؑ کی محبت کا سوال ہو گا کیا رسول اور اہل بیتؑ سے محبت رکھتا تھا پس حضرت سے کہا گیا آپ کی محبت کی علامت کیا ہے تو آنحضرت نے علیؑ کے کاندھے پر ہاتھ مارا (یعنی علی بن ابی طالبؑ ہی میری محبت کی علامت ہے) کیونکہ پہلے حدیث گذر چکی ہے کے آنحضرت نے فرمایا :(من أحبه فقد أحبني ومن أحبني فقد أحب الله ) جس نے علیؑ سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی جس نے مجھ سے محبت کی اس نے اللہ سے محبت کی ہے۔

ملاحظہ: اے مومنین چیزیں اپنی ضد یعنی عکس چیز سے پہچانی جاتی ہیں محبت کا عکس بغض و دشمنی ہے جس نے بھی علیؑ سے بغض و دشمنی کی گویا اس نے اللہ اور رسول اللہ سے بغض و دشمنی کی ہے اب ذرا تاریخ و روایت میں دیکھیں علیؑ سے بغض و دشمنی کرنے والوں کی ابتداء سقیفہ بنی ساعدہ سے چلی ہے جس میں سرفہرست ابوبکر و عمر و عثمان و عائشہ و طلحہ و زبیر و معاویہ و بنی امیہ اور بنی عباس ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن کی وجہ سے اسلام عزیز گروہوں اور فرقوں میں تبدیل ہوا اور انہیں گروہوں کی خبر دیتے ہوئے اللہ کے نبی نے فرمایا تھا کہ میرے بعد میری امت ۷۳ فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی اور ان میں سے ایک جنتی ہو گا جو میری اہل بیتؑ کے ساتھ ہو گا۔ فاعتبروا یا اولی الابصار: اے صاحبان عقل عبرت حاصل کریں۔

## حدیث 77

عن أبي ذرسمعت رسول الله يقول لعلي ان الله أخذ ميثاق المومنين على حبك وأخذ ميثاق المنافقين على بغضك ولو ضربت خشوم المومن ما ابغضك ولو نثرت الدننانيرعلى المنافق مااحبك ياعلي لا يحبك الا مومن ولا يبغضك الا منافق

(حوالہ: تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲، ص ۲۰۴ ح ۶۹۵)

ترجمہ: ابوذر غفاری نے کہا میں نے رسول اللہ سے علیؑ کو یہ کہتے ہوئے سنا بیشک اللہ نے مومنین سے آپ کی محبت کا عہد و پیمان لیا ہے اور منافقین سے بھی آپ کے بغض کا عہد و پیمان لیا ہے اگر تو مومن کو اس قدر مارے کہ اسکی ناک ختم ہو جائے پھر بھی وہ آپ سے بغض و دشمنی نہیں کرے گا اور اگر آپ منافق پر دینار کی بارش کر دیں پھر بھی وہ آپ سے محبت نہیں کرے گا یا علیؑ مومن کے علاوہ آپ سے کوئی محبت نہیں کریگا اور منافق کے علاوہ آپ سے کوئی بغض نہیں رکھے گا

حدیث دیگر:

عن عمران بن حصين ان رسول الله قال لعلي لايحبک الامومن ولا يبغضک الا منافق

(حوالہ: معجم الاوسط طبرانی ج۴ص۲۶۴ح۴۱۵۱،)

ترجمہ: عمران بن حصین نے رسول خداؐ سے روایت کی ہے کہ آنحضرت نے علیؑ سے فرمایا: یاعلی تجھ سے مومن کے علاوہ کوئی محبت نہیں کریگااور تجھ سے منافق کے علاوہ کوئی بغض نہیں رکھے گا۔

اور حضرت ام سلمہ سے بھی یہی حدیث نقل ہے

(حوالہ: مسند احمد بن حنبل ج۱۰ص۱۷۶، سنن ترمذی ج۵ص۶۳۵ البدایۃ والنھایۃ ج۷ص۳۵۵ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۲ص۲۰۸)

حدیث دیگر:

اور ابوسعید خدری سے یہ روایت ہے: عن ابوسعيد الخدری إنا كنا لنعرف المنافقين نحن معشر الانصار ببغضهم عن علي بن أبی طالب

(حوالہ سنن ترمذی ج۵ص۶۳۵ح۳۷۱۷ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۲ص۲۲۰ح۷۱۷ تاریخ الخلفاء ص۲۰۲ فضائل صحابہ لابن حنبل ج۲ص۶۳۹ح۱۰۸۶)

ترجمہ: ابوسعید خدری نے کہا کہ ہم گروہ انصار منافقین کو علی بن ابیطالبؑ کے بغض سے پہچانتے تھے

* * *

حدیث دیگر:

عن ابن مسعود قال سمعت رسول الله یقول من زعم انه آمن بما جئت به و هو یبغض علیاً هو کاذب لیس بمومن

(حوالہ: تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۲ص۲۱۰ح۷۱۲ صحیح مسلم ج ا ص ۸۶ ح ۷۸ صحیح ترمذی ج۵ ص ۶۴۳ح ۳۷۳۶) سنن ابن ماجہ ج ا ص ۴۳ ح ۱۱۴ مسند احمد بن حنبل ج ا ص ۸۴ح ۲۰۶ فضائل صحابہ لابن حنبل ج ۲ ح ۹۴۸ سنن نسائی ج ۸ تاریخ بغداد ج ۲)

ترجمہ: ابن مسعود نے روایت کی ہے کہ میں نے آنحضرتؐ سے سنا جو یہ گمان کرتا ہے جو میں لایا ہوں وہ اس پر ایمان لایا ہے (یعنی دین اسلام پر) جبکہ وہ علیؑ سے بغض رکھتا ہے وہ جھوٹا ہے اور مومن نہیں ہے

ملاحظہ: ان پانچ احادیث سے یہ مطلب واضح ہوا ہے مومن اور منافق ہونے کا عہد اللہ نے روز ازل لیا ہے کیونکہ علیؑ کی محبت مومن کی سرشت میں شامل ہے اور اس کے برعکس منافق پر اگر درہم و دینار کی بارش ہی کیوں نہ کردی جائے وہ کبھی بھی علیؑ سے محبت نہیں کرے گا کیونکہ علیؑ کی عداوت اس کی سرشت میں شامل ہے اسی لئے رسول اللہ نے فرمایا: کہ منافق کبھی بھی آپ سے محبت نہیں کرے گا اور مومن کبھی بھی آپ سے بغض نہیں کرے گا اب ان احادیث کی روشنی میں علیؑ سے بغض و دشمنی کرنے والوں کی لیسٹ بناؤ آپ کے لئے قیامت تک آنے والے سب دشمنان علی روز روشن کی طرح سامنے آجائیں گے اب اس بات کو واضح کرنے کیلئے چند سوال مطرح کرتا ہوں

سوال نمبر ا:

کس نے سقیفہ میں اللہ اور نبی کے حکم کے خلاف شوریٰ بنائی؟ جبکہ آیت قرآن ہے جب اللہ اور رسول کوئی حکم نافذ کریں لوگوں کو کوئی اختیار نہیں ہے کہ وہ اسے تبدیل کریں؟

سوال نمبر ۲:

کس نے علیؑ کو خلافت سے ہٹا کر ابو بکر کو خلیفہ بنایا تھا؟ وہ کون تھے جنھون نے غدیر خم میں سب سے پہلے علیؑ کی خلافت کو قبول کیا اور علیؑ کی بیعت کی؟ وہ کون ہیں جنھوں نے سب سے پہلے علیؑ کی بیعت کو توڑا؟ وہ کون ہیں جو فاطمہؑ کے دروازہ پر لکڑیاں لائے اور گھر کو جلانے کی دھمکی دی اور کس کے حکم کے ساتھ؟ وہ کون تھا جس نے جلتا ہوا دروازہ فاطمہ سلام اللہ پر گرایا؟ کس نے بی بی پاک کا فدک غصب کیا وہ کون تھے بغیر کے اجازت فاطمہ سلام اللہ کے گھر میں داخل ہوئے درحالانکہ اس دروازہ پر رسول خدا بھی بغیر اجازت داخل نہیں ہوتے تھے پہلے آیت تطہیر کی تلاوت کرتے اور پھر داخل ہوتے کس حکومت کی اساس و بنیاد پر بنی امیہ اور بنی عباس اور خلفاء ظلم و جور مسلمانوں کی جان و ناموس و مال پر مسلط ہوئے اور حقیقی اسلام جو پیارے نبیؐ اور علیؑ اور اولاد علیؑ لائے تھے اس کی راہ میں سد راہ اور رکاوٹ کون بنے اور وہ کون ہیں جن کی وجہ سے ابھی تک علیؑ اور اولاد علیؑ و شیعیان علیؑ پر ظلم و جور ہو رہا ہے؟

جواب: ان تمام سوالوں کا جواب ایک ہی ہے وہ ہیں سقیفہ بنی ساعدہ والے اور بنی امیہ و بنی عباس اور جو قیامت تک ان کے فکر و مذہب و عقیدہ پر چلنے والے ہیں۔

## حدیث 78

قال رسول الله في صفة علي يا ايها الناس امتحنوا اولادكم بحبه فان علياً لايدعوا إلى ضلالة ولا يبعد عن هدى فمن أحبه فهو منكم ومن أبغضه فليس منكم

(حوالہ: تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲ ص ۲۲۵ ح ۷۳۰۰)

ترجمہ: رسول اللہ نے علیؑ کی صفت بیان کرتے ہوئے فرمایا اے لوگوں اپنی اولاد کو علیؑ کی محبت کے ساتھ امتحان کرو بے شک علیؑ آپ کو ضلالت کی طرف دعوت نہیں دے گا اور ہدایت سے دور نہیں کرے گا پس آپکی اولاد میں سے جو علیؑ سے محبت کرتا ہے وہ تم سے ہے (یعنی حلال زادہ ہے) اور جو علیؑ سے بغض رکھتا ہے وہ تم سے نہیں ہے (یعنی حرام زادہ ہے)

دوسری حدیث:

عن محبوب بن أبي الزناد قالت الانصار إنا كنا لنعرف الرجل لغير أبيه ببغضه علي بن ابی طالب

(حوالہ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲ ص ۲۲۴ ح ۷۲۸، ایک اور سند کے ساتھ بھی یہ حدیث اسی کتاب میں موجود ہے ح ۷۳۷)

ترجمہ: محبوب بن ابی زناد نقل کرتا ہے کے انصار کہتے تھے ہم کسی مرد کو جاننے کے لئے کہ یہ اپنے باپ کے نطفہ سے ہے (یا حرام زادہ ہے) اس کی علیؑ سے بغض و دشمنی سے پہچان لیتے تھے

دوسری حدیث:

عن الشافي قال سمعت مالک بن أنس يقول قال أنس بن مالک ما كنا نعرف الرجل لغير أبيه الا ببغض علي بن ابی طالب

(حوالہ مناقب ابن ابی طالب ابن مردویہ ۷۶، ۵۷)

ترجمہ: شافی نے کہا میں نے مالک بن انس کو یہ کہتے سنا کہ انس بن مالک نے کہا ہم کسی مرد کو نہیں پہچان سکتے تھے کہ وہ اپنے باپ سے نہیں ہے مگر بغضِ علی بن ابی طالب کے ساتھ (یعنی جو بغض علی رکھتا تھا ہم جان لیتے تھے یہ اپنے باپ سے نہیں ہے حرام زادہ ہے)

دیگر حدیث جو بہت مھم ہے:

عن أنس قال وكان الرجل من بعد يوم خيبر يحمل ولده على عاتقة ثم يقف على طريق علي واذا نظر إليه يوجهه بوجهه تلقاءه وأوما باصبعه اى بنيه تحب هذا الرجل المقبل فان قال الغلام نعم قبله وان قال لا حرف به الارض وقال له الحق بأمك ولا تلحق أبيك فلا حاجة لي فيمن لايحب علي بن ابى طالب

(حوالہ: تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲ ص ۲۲۴ ح ۷۳۸)

ترجمہ: انس بن مالک سے روایت ہے اس نے کہا فتح خیبر کے بعد ہر مرد کے لئے یہ تھا کہ وہ اپنے فرزند کو کاندھوں پر اٹھائے ہوئے علیؑ کے راستہ پر کھڑا ہو جاتا تھا اور جب علیؑ اس کے چہرہ کے بالمقابل آجاتے اپنے فرزند سے اپنی انگلی سے علیؑ کی طرف اشارہ کرتے یہ کہتا کہ تو اس آنے والے مرد سے محبت کرتا ہے اگر وہ ہاں کہتا میں علیؑ سے محبت کرتا ہوں وہ شخص اپنے فرزند کا بوسہ لیتا اگر وہ بچہ منفی میں جواب دیتا یعنی علیؑ سے محبت نہیں کرتا ہوں وہ مرد اس سے منھ پھیر لیتا اور کہتا جا اپنی ماں سے ملحق ہو جا تو اپنے باپ سے ملحق نہیں ہے مجھے علیؑ سے بغض کرنے والے سے کوئی حاجت نہیں ہے

ملاحظہ:

ان چار حدیث سے آپ نے جان لیا مسلمان و مومن حلالی جنتی اور جہنمی حق و باطل اور اولادوں کی آزمائش و امتحان کا میزان علیؑ ہے پس علیؑ حق ہے جو علیؑ کے مقابل ہے وہ باطل ہے اللہ ہمیں علیؑ کے موالیوں میں شامل فرمائے اور دشمنان علیؑ اور اولاد علیؑ سے ہمیں دور فرمائے اور ہمارا خاتمہ ایمان پر فرمائے آمین

# حدیث 79

قال الامام الحسن ارسل رسول الله الی الانصار فاتوه فقال لهم یا معشر الانصار الاادلکم علی ماإن تمسکتم به لن تضلوا بعده ؟قالوا بلی یارسول الله قال هذا علي فأحبوه بحبي وکرموه بکرامتی فان جبرائیل أمرنی بالذی قلت لکم عن الله عزوجل

(حوالہ: معجم کبیر ج۳ص۸۸ح۲۷۴۹ حلیۃ الاولیاء ج۱ص۶۳)

ترجمہ: امام حسنؑ نے فرمایا: رسول اللہ نے انصار کی طرف پیغام بھیجا جب وہ آئے آنحضرتؐ نے ان سے فرمایااے گروہ انصار آیامیں تمہیں ایک ایسی چیز بتاؤ اگر تم نے اس کے ساتھ تمسک کیا تو میرے بعد ہرگز گمراہ نہیں ہوں گے سب نے کہا جی ہاں یارسول اللہ آنحضرتؐ نے فرمایا یہ علیؑ ہے تم میری محبت جیسی محبت علیؑ سے کرو اور میری عزت و تکریم کی طرح علیؑ کی عزت و تکریم کرو اور جو میں نے آپ کے لئے کہا ہے جبرائیل نے اللہ کی طرف سے اس کا حکم دیا ہے

دوسری حدیث:

عن زید بن أرقم قال رسول الله الا أدلکم علی ما ان تسألواعلیه لم تهلکوا ان ولیکم الله وان امامکم علي بن ابی طالب فناصحوه وصدقوه فان جبرائیل أخبرنی بذالک

(حوالہ: شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید ج۳ص۹۸ مناقب ابن مردویہ ص۱۲۰ح۱۴۷)

ترجمہ: زید بن ارقم نے کہا رسول اللہ نے فرمایا آگاہ ہو جاؤ میں ایک ایسی چیز تمہیں بتاوں اگر تم ایک دوسرے سے علیؑ کے بارے میں پوچھتے رہو گے (یعنی سوال کرتے رہو گے) تم ہلاک نہیں ہوں گے

بیشک تمہارا ولی اللہ ہے اور تمہارا امام علی بن ابیطالبؑ ہے پس تم ایک دوسرے کو علیؑ کے بارے نصیحت کرو اور علیؑ کی تصدیق کرو بی شک جبرائیل نے مجھے اس کی خبر دی ہے۔

ملاحظہ: آنحضرتؐ نے ان دو حدیثوں میں گمراہی سے بچنے کا یہ نسخہ بتایا ہے کہ ایک دوسرے کو علیؑ کے بارے نصیحت کرو علیؑ کے ذکر سے اپنے محفلوں کو زینت دو اور علیؑ کا وہی عزت واحترام کرو جو میرا کرتے ہو کیونکہ علیؑ مجھ سے اور میں علیؑ سے ہوں پس جو علیؑ نبی کا نور ہے اور تمام صفات میں نبیؐ جیسا ہے وہی نبی کا برحق خلیفہ وجانشین ہے

## حدیث 80

عن أنس بن مالک و بریده قرأ رسول الله هذه الآیة

(فی بیوت أذن الله ان ترفع )فقام إلیه رجل فقال ای بیوت هذه

یارسول الله؟ قال بیوت الانبیاء فقام إلیه ابوبکر فقال یا رسول الله هذا

البیت منها بیت علي و فاطمة قال نعم من أفاضلها

(حوالہ: درالمنثور ج۶ ص ۲۰۳، شواھد التنزیل ج۱ ص ۵۳۴، مناقب ابن مردویہ)

ترجمہ: انس اور بریدہ نے نقل کیا ہے رسول اللہؐ نے اس آیت مبارکہ کو پڑھا (گھروں میں سے ایسے گھر ہیں جن کا مقام بلند ہے اور جن میں اللہ کے نام کا ذکر ہوتا ہے) ایک آدمی کھڑا ہوا، اور کہا یہ کونسے گھر ہیں یا رسول اللہؐ؟ آنحضرتؐ نے فرمایا: یہ انبیاء کے گھر ہیں تو ابو بکر آنحضرتؐ کے سامنے کھڑا ہوا اور کہا کیا علیؑ وفاطمہؑ کا گھر بھی ان گھروں سے ہے تو آنحضرتؐ نے فرمایا: علیؑ وفاطمہؑ کا گھر انبیاء کے گھروں سے افضل ہے

***

دوسری حدیث:

قال رجل لابن عمرحدثني عن علي بن ابيطالب  قال تريد أن تعلم ما كانت منزلته من رسول الله ؟فانظر إلى بيته من بيوت رسول الله

(حوالہ:مناقب ابن مردویہ)

ترجمہ:ابن مردویہ نقل کرتا ہے ایک مرد نے ابن عمر سے کہا مجھے علی بن ابی طالبؑ کے بارے میں بتاؤ اس نے کہا کیا تو جاننا چاہتا ہے علیؑ کی منزلت رسول اللہ کے نزدیک کیا ہے؟ پس تو علیؑ کے گھر کی طرف دیکھ کہ وہ رسول اللہ کے گھروں میں سے ہے (اور نسائی نے بھی سعد بن ابی عبیدہ سے اس جیسی حدیث نقل کی ہے)۔

ملاحظہ:اے مومنین آپ نے جانا علیؑ اور فاطمہؑ کا گھر انبیاء کے گھروں سے افضل ہے اور ابو بکر نے رسول خدا سے اس کی فضلیت جانی ہے مکان سے مکین کی فضلیت کا پتا چلتا ہے جیسا خود ابن عمر کے قول میں موجود ہے جب ایک مرد نے اس سے علیؑ کے فضائل پوچھے تو اس نے کہا علیؑ کے فضائل کا کیا کہنا جبکہ علیؑ کا گھر رسول اللہ کے گھروں سے ہے افسوس صد افسوس ابن عمر سے کوئی پوچھے تو اس گھر کے فضائل بتارہا ہے اور تیرا باپ اس گھر اور گھر والوں کو جلانے کیلئے لکڑیاں جمع کر کے اس گھر کو آگ لگا رہا ہے پس جسے بھی عمر اور عمریوں کا پتہ نہیں چلا ہے وہ متعصب و منافق و بے عقل ہے ہماری بات عقلمندوں اور مومنین سے ہے۔

## حدیث 81

قال رسول الله من سره ان يحيى حياتى ويموت مماتى ويسكن جنت عدن غرس ها ربى فليوال علياً من بعدى وليوال وليه وليقتد بالائمة من بعدى

فانهم عترتی خلقوا من طینتی رزقوا فهماًوعلماًو ویل للمکذبین بفضلهم من امتی القاطعین فیهم صلتی لا أنالهم الله شفاعتی

(حوالہ: حلیۃ الاولیاء ج اص ۸۰ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲ ص ۹۵ ح ۹۵۶ کنز العمال ج ۶ ص ۲۱۶ منتخب کنز العمال بھامش، المسند ج ۵ ص ۹۴ فرائد سمطین، کفایۃ الطالبین، مسند احمد، مناقب علی)

ترجمہ: رسول اللہ ؐ: نے فرمایا: جو شخص اس بات پر خوش ہے کہ وہ زندگی و موت میں میرے ساتھ رہے اور جنت عدن میں جسے میرے رب نے بنایا ہے سکونت کرے پس وہ میرے بعد علیؑ کو دوست رکھے اور علیؑ کے دوستوں کو دوست رکھے اور وہ میرے بعد ائمہؑ کی پیروی کرے بے شک وہ میری عترت واہل بیتؑ ہیں اور میری طینت سے خلق کئے گئے ہیں اور انہیں میرا علم و فہم دیا گیا ہے اور ہلاکت ہے میری امت میں سے ان کے لئے جو ان کے فضل کا انکار کریں گے اور میرے صلہ رحم کو ان کے بارے میں قطع کر دیں گے اللہ تبارک و تعالیٰ میری شفاعت ان کو نہیں پہنچائے گا۔

ملاحظہ: اس حدیث شریف میں آنحضرتؐ نے موت و حیات اور جنت عدن جانے کا جو نسخہ بتایا ہے وہ علیؑ اور اولاد علیؑ جو عترت نبیؐ ہیں ان سے محبت کرنا ہے اور ہلاکت اور جہنم ان کے لئے ہے جو عترت نبیؐ کے فضل کا انکار کرتے ہیں، اور نبیؐ کے صلہ رحم کو قطع کرتے ہیں یعنی اہل بیتِ نبیؐ پر ظلم و جور کرتے ہیں، اللہ کبھی بھی انہیں شفاعت نبیؐ اور اہل بیتؑ نصیب نہیں کرے گا اب یہاں سے دو گروہ ہمارے لئے واضح ہو گئے ہیں ایک گروہ اہل بیت نبیؐ کا ہے اور دوسرا گروہ منافقین اور دشمنان اہل بیتؑ کا ہے اور یہی دو حق و باطل کے گروہ ہیں، گروہ باطل کی ابتداء ابلیس سے شروع ہو کر آخر دنیا تک رہے گی اسی طرح حق کے نمائندے ہمیشہ ظلم و جور کے خلاف جنگ کرتے رہیں گے اور جب حجت خدا امام زمانؑ کا ظہور ہو گا تو اس وقت تمام عالم کائنات ایک دین مبین پر جمع ہو جائے گی باطل کا خاتمہ ہو جائے گا اور لوگ فوج در فوج اللہ کے دین میں داخل ہوں گے اسی طرف اللہ نے قرآن میں اشارہ

فرمایاہے:(ورأیت الناس یدخلون فی دین الله افواجا )اور تولوگوں کو دیکھے گا وہ اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہوں گے پس جس نے ان دو گروہوں یعنی گروہ حق کو گروہ باطل سے جدا کر کے حق کے ساتھ ہوا وہی کامیاب ہے۔

## حدیث 82

عن أمیرالمومنین جاء سهیل بن عمرو إلی رسول الله فقال یا محمد انه قد خرج إلیک أناس من أرقائنا لیس بهم للدین تعبدا فرددهم علینا فقال ابوبکر وعمرصدق یا رسول الله فقال النبی لاتنتهوا یا معشر قریش حتی یبعث الله علیکم رجلا منی امتحن الله قلبه للایمان یضرب رقابکم علی الدین وأنتم متجفلون عنه اجفال الغنم فقال ابوبکرأنا هو یارسول الله؟قال لا قال عمرأنا هو یارسول الله قال لا لکنه خاصف النعل قال وکان فی کف علي نعل یخصفها لرسول الله

(حوالہ: تاریخ بغداد ج ا ص ۱۳۳ و ج ۸ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲ ص ۸۷۳،۳۶۶،۳۸ خصائص النسائی ۸۵،۳۱)

ترجمہ: امیر المومنینؑ نے فرمایا: سہیل بن عمرو، رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور کہا: اے محمدؐ بعض لوگ تمہارے پاس آئے ہیں جو ہمارے غلام ہیں اور وہ پابند دین بھی نہیں ہیں انہیں ہماری طرف واپس کر دو ابو بکر اور عمر نے کہا یارسول اللہ یہ سچ کہ رہا ہے پس نبی ﷺ نے فرمایا اے گروہ قریش تم ہر گز اپنی حرکتوں سے باز نہیں آؤ گے یہاں تک کہ اللہ تمہارے اوپر ایک مرد کو مسلط کرے گا جو مجھ سے ہو گا اور اسکے دل کا اللہ نے امتحان لیا ہو گا وہ دین کی خاطر تمہاری گردنیں کاٹے گا اور تم اس سے ایسے بھاگو گے جیسے بکریاں بھیڑیے سے بھاگتی ہیں تو ابو بکر نے کہا وہ میں ہوں گا یارسول اللہ ﷺ آنحضرت نے فرمایا: نہیں پھر

عمر نے کہا وہ میں ہوں گا یا رسول اللہ ﷺ آنحضرت نے فرمایا: تو بھی نہیں ہو گا بلکہ وہ ہو گا جو رسول اللہ ﷺ کے جوتے کو پیوند لگا رہا ہے اس وقت علیؑ کے ہاتھ میں جو تا تھا جسے رسول اللہ ﷺ کے لئے پیوند لگا رہے تھے

ملاحظہ: اس حدیث میں آپ نے دیکھا کیسے ابو بکر و عمر اپنے آپ کو مطرح کرنی کی کوشش کرتے ہیں لیکن رسول اللہ ﷺ نے واضح بتادیا ہے کفار کو بھیڑ بکریوں کی طرح بھگانے والا اسد اللہ علی بن ابی طالبؑ ہے وہ نبی ﷺ سے اور نبی ﷺ اس سے ہے اس کے دل کا اللہ نے ایمان کے ساتھ امتحان بھی کیا ہے اور وہ نبی ﷺ کے جوتوں کو پیوند لگانے والا نمائندہ حق ہے اور جو بھی اس کے مقابل میں آیا وہ نمائندہ باطل ہے اب اسی حدیث سے صاحبان عقل و معرفت کے لئے یہ واضح ہوا جماعت سقیفہ بنی ساعدہ اور بنی امیہ و بنی عباس جو علیؑ اور سیدہ فاطمہؑ اور اولاد علیؑ کے مقابل میں آئے وہ باطل ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: علیؑ حق کے ساتھ ہے اور حق علیؑ کے ساتھ ہے۔

## حدیث 83

قال ابوسعید الخدری سئلت رسول الله عن قول الله تعالیٰ:(ومن عنده علم الكتاب )قالﷺ ذاک أخي علي بن ابی طالب

(حوالہ شواهد التنزیل ج ۱ ص ۴۴۲، ۴۰۰ توضیح الدلائل، ۱۶۱ تفسیر القرآن قرطبی ج ۹ ص ۲۳۶)

ترجمہ: ابو سعید خدری نے کہا میں نے رسول اللہ ﷺ سے اللہ تعالی کے کلام اس آیت کے بارے میں پوچھا (کس کے پاس تمام کتاب کا علم ہے) تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا: وہ علی بن ابیطالبؑ ہے

ملاحظہ: اس آیت مبارکہ کا شان نزول بھی ساتھ ہی ذکر ہے اور آیت یہاں سے شروع ہوتی ہے: یقول الذین کفروا لست مرسلا قل کفی بالله شهیدا بینی وبینکم ومن عنده علم الكتاب

ترجمہ: کافروں نے حضرت محمدؐ سے کہا تو رسول نہیں ہے جبرائیل وحی پروردگار لایا اے میرے حبیب تو ان سے کہہ دے (آپ بیشک مجھے رسول نہ مانیں) میرے لئے اللہ اور وہ جس کے پاس پوری کتاب کا علم ہے بطور شہید و گواہ کافی ہیں، کیونکہ علیؑ مظہر صفات جلی ہے اس لئے اللہ نے علیؑ کو نبیؐ کی نبوت کی گواہی میں اپنے ساتھ رکھا تا کہ ذات وصفاتِ نبیؐ کی رسالت کے گواہ ہو جائیں۔

اب معلوم ہوا نبیؐ کی نبوت کے لئے دو گواہ ہیں ایک اللہ اور دوسرا امیر المومنینؑ علی اور اسی طرح علیؑ کی امامت پر بھی دو گواہ ہیں ایک اللہ اور دوسرا رسول اللہؐ اور اسی طرح اللہ کی وحدانیت پر بھی دو گواہ ہیں ایک نبیؐ رسول اللہ اور دوسرا علیؑ ولی اللہ اور گواہ ہمیشہ چشم دید ہوتا ہے اور نبیؐ نے فرمایا: (کنت نبیاً وآدم بین الماء والطین) اور علیؑ نے فرمایا: (کنت ولیاً وآدم بین الماء والطین) اور اسی طرف اشارہ کرتے ہوئے اللہ کے نبیؐ نے فرمایا: یا علیؑ تجھے کسی نے نہیں پہچانا ہے میرے سواء اور اللہ کے سواء اور مجھے بھی اللہ اور آپ کے سواء کسی نے نہیں پہچانا اور اللہ کو بھی ہم دونوں بھائیوں کے علاوہ کسی نے نہیں پہچانا ہے اب یہ علیؑ نبیؐ کا وصی خلیفہ و جانشین اللہ کے حکم سے ہے پس جس نے علیؑ کو چھوڑ کر علیؑ کی جگہ کسی اور کو نبیؐ کا خلیفہ و جانشین اور ولی بنایا اس پر اللہ اور رسول اللہؐ و ملائکہ و مومنین کی لعنت ہے اور وہ جہنمی ہے۔

## حدیث 84

الحمید بن عبدالله بن یزید المدنی ذکر عند النبی قضاء قضی به علي بن ابیطالب فأعجب النبی فقال الحمدلله الذی جعل فینا الحکمة اهل البیت

(حوالہ: فضائل صحابہ لابن حنبل ج۲ ص۶۵۴ ح۱۱۱۳)

* * *

ترجمہ: حمید بن عبداللہ بن یزید مدنی نے نبی اکرمؐ کی خدمت میں علیؑ کی قضاوت کا ذکر کیا جو حضرت نے انجام دی تھی تو نبی اکرمؐ نے تعجب کیا اور فرمایا خدا کا شکر ہے کہ جس نے ہم اہل بیتؑ میں حکمت کو قرار دیا ہے

دوسری حدیث میں ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا:(الحمدلله الذى جعل فينا اهل البيت من يقضى على سنن داود )

ترجمہ: اللہ کا شکر ہے جس نے ہم اہل بیتؑ میں اسے قاضی بنایا ہے جو حضرت داود کے طریقہ پر قضاوت کرتا ہے(یعنی علی بن ابیطالبؑ)

(حوالہ: مناقب بن مردویہ، ۹۲، ۹۰ مسند الحمیدی ج ۲، ص ۳۴۵ ح ۸۵۷ جامع کبیر ج ۴۰۶، ۶۳۶، ۱۵)

ملاحظہ: اے مومنین غور کریں لسان وحی حضرت محمدؐ، علیؑ کی قضاوت کو بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے اللہ کا شکر ہے کے جس نے ہم اہل بیتؑ میں علیؑ کو قاضی بنایا اور حکمت عطا کی ہے، اور یہ اشارہ ہے اللہ تعالی کے اس قول کی طرف:(من يؤتى الحكمة فقد أوتى خيراً كثيراً ) جسکو حکمت دی گئی بیشک اسے خیر کثیر عطا کی گئی اور یہ خیر نام ہے علی بن ابی طالبؑ کا جیسا کے ہم نماز جنازہ کی پانچویں تکبیر میں کہتے ہیں اللھم انالا نعلم منہ الا خیرا: اے اللہ اس مرنے والے کی کسی نیکی کا ہمیں علم نہیں ہے فقط یہ جانتے ہیں کہ یہ خیر پر ہے(یعنی ولایت وامامت علیؑ پر) ہے

## حدیث 85

عن ابوهريره نظر النبى إلى علي وحسن وحسين وفاطمة فقال أنا حرب لمن حاربكم وسلم لمن سالمكم

ترجمہ: ابوہریرہ نے نقل کیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے علیؑ اور حسنؑ و حسینؑ اور فاطمہؑ کی طرف دیکھا اور فرمایا جس نے تم سے جنگ کی اس نے میرے ساتھ جنگ کی اور جس نے تمہارے ساتھ صلح کی اس نے میرے ساتھ صلح کی ہے۔

(حوالہ: مسند احمد حنبل ج۳ ص ۴۴۶ ح ۹۷۰۴ مستدرک علی صحیحین ج۳ ص ۱۶۱ ح ۴۷۱۳ تاریخ بغداد ج۷، ۱۳۷ معجم کبیر ج۳ ص ۴۰، البدایۃ والنھایۃ ج۸ ص ۳۶)

اور اسی موضوع پر یہ حدیث بھی ہے: عن ابوسعيد الخدری قال لما دخل علي بفاطمة جاء النبي أربعين صباحاً إلى بابها فيقول أنا حرب لمن حاربتم وسلم لمن سالتم

(حوالہ: فضائل سیدۃ النساء وابو حفص عمر بن شافی ۲۹)

ترجمہ: ابوسعید خدری نے کہا جس وقت علیؑ ازدواج کے بعد فاطمہؑ کو اپنے گھر لائے تو چالیس دن تک ہر روز صبح نبی ﷺ فاطمہؑ کے دروازہ پر تشریف لاتے اور فرماتے جس نے تم سے جنگ کی اس نے میرے ساتھ جنگ کی ہے اور جس نے تم سے صلح کی ہے اس نے میرے ساتھ صلح کی ہے

دوسری حدیث:

عن زيد بن أرقم ان رسول الله حنا في مرضه الذى قبض فيه على علي وفاطمة وحسن وحسين فقال أنا حرب لمن حاربكم وسلم لمن سالمتم

(حوالہ: تہذیب وتاریخ دمشق ۳۱۹ کنز العمال)

ترجمہ: زید بن ارقم نے نقل کیا ہے نبی اکرمؐ اپنے چہرہ مبارک کو اس مرض میں جس میں آپکی روح قبض ہوئی علیؑ و فاطمہؑ اور حسنؑ و حسینؑ کی طرف پھیرا اور فرمایا جس نے تم سے جنگ کی اس نے میرے ساتھ جنگ کی اور جس نے تم سے صلح کی اس نے میرے ساتھ صلح کی ہے۔

ملاحظہ: یہ حدیث اس قدر واضح ہے جس نے بھی علیؑ وفاطمہؑ اور حسنؑ وحسینؑ سے جنگ کی اس نے رسول اللہ کے ساتھ جنگ کی اور اس جنگ کا باقاعدہ آغاز سقیفہ بنی ساعدہ سے ہوا جہاں اصحاب آل نبیؐ کے مقابلہ میں آ گئے امامت وحکومت علیؑ سے چھینی اور فدک فاطمہ زھراء کا غصب کیا اور عائشہ ومعاویہ اور بنی امیہ وبنی عباس کی جنگ خاندانِ رسالت سے بھی اللہ اور اس کے رسولؐ سے جنگ ہے

* * *

## حدیث 86

قال أميرالمومنين قال رسول الله شركائى الذين قرنهم الله بنفسه وبى وانزل فيهم (ياايهاالذين امنوااطيعوالله واطيعواالرسول )الآية فان خفتم تنازعا في امر فارجعوا إلى الله والرسول واولى الامر قلت يارسول الله من هم قال أنت اولهم

(حوالہ: شواھد التنزیل ج ا ص ۱۸۹ ح ۲۰۲)

ترجمہ: امیر المومنین سے ہے رسول اللہؐ نے فرمایا: میرے وہ ساتھی جنہیں اللہ نے اپنے ساتھ اور میرے ساتھ ملایا ہے اور جن کی شان میں یہ آیت نازل فرمائی ہے (اے ایمان والو اللہ کی اطاعت کرو اور اللہ کے رسول کی اطاعت کرو (اور آخر آیت تک یعنی اولی الامر کی اطاعت کرو)) اور اگر تمہیں کسی امر میں جگھڑے کا خوف ہو پس تم اس امر کو اللہ اور رسول اور اولی الامر (ائمۃ اثنا عشر جو بارہ امام ہیں جن کی اطاعت اللہ کی طرف سے واجب ہے) کی طرف رجوع کرو میں نے کہا یارسول اللہؐ وہ اولی امر کون ہیں؟ تو آنحضرتؐ نے فرمایا: تو یا علیؑ ان (بارہ اماموں) میں سے پہلا ہے

نوٹ: اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کے اولی الامر جو قرآن میں ہیں، جن کی اطاعت واجب ہے وہ نبی اکرم ﷺ کے بارہ خلیفہ و جانشین ہیں اور یہی خلفاء راشدین ہیں اور وقت کے حکام اس سے مراد نہیں ہیں جیسے بعض نے اپنی حکومتوں کو چلانے کی لئے اپنے آپ کو اولی الامر یا خلفاء کا نام دیا ہوا ہے

* * *

## حدیث 87

عن ابن عباس قال رسول الله لعبدالرحمن بن عوف أنتم أصحابی و علي بن ابی طالب مني وأنا من علي وهو باب علمي ووصيي وهو وفاطمة والحسن والحسين هم خيرالارض عنصراً وشرفاً وكرماً

(حوالہ: ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۳۳۳ ح ۳۷۹ مقتل الحسین خوارزمی ص ۶۰)

ترجمہ: ابن عباس نے نقل کیا ہے رسول اللہ نے عبدالرحمن بن عوف سے کہا تم میرے اصحاب ہو اور علی بن ابی طالبؑ مجھ سے ہے اور میں علی بن ابی طالبؑ سے ہوں وہ میرے علم کا دروازہ ہے اور میرا وصی ہے علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ زمیں میں عنصر اور شرف و کرم کے لحاظ سے سب سے افضل ہیں

ملاحظہ:

اے برادران اس حدیث پر غور کریں اور سوچیں کے لسان وحی رسول خدا نے علیؑ کو اصحاب کی فہرست سے نکال کر یہ فرمایا: کہ علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں یعنی میرا اور علیؑ کا ایک نور ہے علیؑ اور اولاد علیؑ جنت کے وارث و مالک ہیں لھذا جس نے بھی اہل بیت نبی ﷺ کو اصحاب میں شامل کیا اس نے نبی ﷺ اور اہل بیت کے فضل کا انکار کیا اور ایسا شخص ملعون اور جہنمی ہے۔

## حدیث 88

عن ابن عباس عن النبی قال السابق ثلاثة السابق إلی موسی یوشع بن نون والسابق إلی عیسی یسین والسابق إلی محمد علي بن ابی طالب

(حوالہ: مجمع زوائد ج۹ص ۱۰۲عن طبرانی)

ترجمہ: ابن عباس نے نبی اکرمؐ سے نقل کیا ہے آنحضرت نے فرمایا: سبقت کرنے والے تین ہیں، موسی کی طرف سبقت کرنے والا یوشع بن نون تھا (جو موسی کا وصی تھا) اور عیسی کی طرف سبقت کرنے والا یسین تھا اور محمد کی طرف سبقت کرنے والا علی بن ابی طالبؑ ہے (جو محمدؐ کا اللہ کی طرف سے خلیفہ وجانشین ہے)

ملاحظہ: اے مومنین آپ پر یہ بات مخفی نہ رہے حضرتؐ نے یہ حدیث اپنی امت کو اس لئے بتائی ہے کہ میری امت یہ جان لے جیسے موسی کی طرف سبقت کرنے والا اسکا خلیفہ وجانشین تھا اسی طرح علی بن ابی طالب بھی میرا خلیفہ اور جانشین ہے اور آنحضرتؐ نے اپنی امت کو آگاہ کیا میرے بعد میرا خلیفہ ووارث وہ ہوگا جو میرے نور سے ہے اور سقیفہ والوں کے مکروفریب میں آکر کہیں میرے اہل بیتؑ کے مقابل میں آکر علیؑ وفاطمہؑ اور ان کی اولاد کو اذیت نہ دینا اور علیؑ کے مقابل میں کسی کو خلیفہ نہ بنانا

## حدیث 89

قال رسول الله خیر رجالکم علي بن ابی طالب وخیر شبابکم الحسن والحسین وخیر نسائکم فاطمة بنت محمد

(حوالہ: تاریخ بغداد ج۴ص ۳۹۲ح ۲۲۸۰)

ترجمہ: رسول اللہ نے فرمایا تمہارے مردوں میں سے سب سے بہتر علی بن ابی طالبؑ ہے اور تمہارے جوانوں میں سے سب سے بہتر حسنؑ و حسینؑ ہیں اور تمہاری عورتوں میں سے سب سے بہتر فاطمہ بنت محمدؑ ہے

ملاحظہ: اے مومنین اس حدیث شریف میں آپ نے غور کیا انسانیت کے تین اساسی رکن ہیں مرد و عورت اور جوان، تو اللہ کے نبیؐ نے ان تینوں میں فضیلت علیؑ اور حسنینؑ اور فاطمہؑ کو عطا کی ہے وہ سب سے افضل ہیں اور دوسری بات یہ ہے کہ (تعرف الاشیاء بأضدادها) چیزیں اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہیں، خیر کی ضد شر ہے جیسے رات کی ضد دن ہے سیاھی کی ضد سفیدی ہے اسی طرح آنحضرتؐ نے خیر انسانیت کو منحصر کیا ہے علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ اور حسینؑ میں اب جو بھی ان کے مقابل آئے گا یا ان پر ظلم کرے گا یا ان کے محبوں اور موالیوں کو قتل یا ظلم و جور کا نشانہ بنائے گا یا ان پر اپنے آپ کو امیر، ولی ، یا خلیفہ بنائے گا وہ شر مطلق ہے اور کبھی بھی خیر و شر ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتی ہے جیسے حق و باطل ایک جگہ نہیں ہو سکتے ہیں لھذا جہاں اہل بیتؑ ہوں گے وہاں ان کے دشمن سقیفہ اور بنی امیہ و بنی عباس اور ان کے پیروکار جو شر ہیں خیر کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتے ہیں اور اس بات کو فقط عقلمند سمجھ سکتے ہیں۔

## حدیث 90

عن حذيفه قال رسول الله علي خير البشر فمن ابى فقد كفر

(حوالہ: تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج ۲ ص ۴۴۴ ح ۹۶۳، ۹۶۲ کنز العمال ج ۱۱ ص ۶۲۵ ح ۳۳۰۴۵)

ترجمہ: حذیفہ سے نقل ہے رسول اللہؐ نے فرمایا: علیؑ تمام بشر سے بہتر ہے پس جس نے انکار کیا بے شک وہ کافر ہے اور دوسری حدیث میں فرمایا: قال رسول الله علي خير البشر من شك فيه فقد كفر (حوالہ: الفردوس ج ۳ ص ۶۲ ح ۴۱۷۵ کنز الحقائق)

ترجمہ: رسول اللہ ؐ نے فرمایا: علیؑ تمام بشر سے بہتر ہے جس نے اس میں شک کیا بیشک وہ کافر ہے۔

اور پھر عائشہ کہتی ہے:

عن عطا قال سئلت عائشة عن علي قالت ذاک خير البشرلايشک فيه الاکافر

ترجمہ: ابن عساکر نے عطا سے روایت کی ہے میں نے عائشہ سے علیؑ کے بارے سوال کیا عائشہ نے کہا علیؑ تمام بشر سے بہتر ہے کوئی بھی کافر کے سواء علیؑ میں شک نہیں کرتا ہے

(حوالہ: تاریخ دمشق ج ۲،۴۴۸)

کفایۃ الطالب میں گنجی شافی نے بھی عطا سے اس حدیث کو نقل کیا ہے محدث کبیر الامین ابو محمد جعفر بن احمد بن علی القمی نے اپنی کتاب تنزیل الرأی میں ۷۵ طریق اس حدیث کے لئے بیان کئے ہیں اس لئے یہ حدیث متواترہ ہے

ملاحظہ:

اس واضح اور محکم حدیث کا سب سے پہلے انکار سقیفہ والوں نے کیا جنہوں نے سب سے بہتر و افضل علیؑ پر اپنے آپ کو مقدم کیا اور عملاو قولا و فعلا علیؑ کا مرتبہ گھٹایا اور اپنے آپ کو علیؑ کا خلیفہ اور امام بنایا اور پھر عائشہ اور معاویہ نے اس علیؑ خیر البشر سے جنگ کی اور علیؑ کی دشمنی میں اپنے اوپر دشمنی آل رسول کی مہر لگوائی اور اس حدیث نبی ؐ سے یہ بات بھی ثابت ہے کہ عالم کائنات میں نبی ؐ کے علاوہ کوئی علیؑ سے بہتر و افضل اور اعلم نہیں ہے پس اعلم و افضل کے ہوتے ہوئے اگر کوئی جاہل کو نبیؐ کا خلیفہ بنائے گا تو وہ ان تمام فرمانوں کا منکر ہے اور رسول خدا کے قول کا انکار یعنی اللہ کا انکار ہے اور وہ کافر ہے۔

* * *

## حدیث 91

عن سلمان فارسی قال رسول الله أولکم وارداًعلی الحوض وأولکم اسلاماًعلي ابن ابی طالب

(حوالہ: تاریخ بغدادج۲ص۸۱مناقب بن مغازلی،۲۲،۱۶،الفردوس ج۱ص۱۴۱ح۹۳مستدرک علی صحیحین ج۲ص۱۴۷ح۴۶۶۲تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۱ص۸۲ح۱۱۵)

ترجمہ: سلمان فارسی نے رسول اللہ سے نقل کیاہے آنحضرتؐ نے فرمایا: تم میں سے سب سے پہلے حوض کوثر پر وارد ہونے والا وہ ہے جو سب سے پہلے اسلام لانے والا وہ علی ابن ابی طالبؑ ہے

* * *

اور اس حدیث کو عمر نے بھی نقل کیاہے: عن عمر قال كنت أنا وأبوعبيده وابوبكر وجماعة من صحابة اذضرب رسول الله منكب علي فقال ياعلي أنت اول المومنين ايماناً واول المسلمين اسلاماً أنت منى بمنزلة هارون من موسى

(حوالہ: جواہر المناقب الامام علی ابن ابی طالب للباعونی شافی)

ترجمہ: عمر نے کہا میں اور ابو عبیدہ اور ابو بکر اور اصحاب کی ایک جماعت موجود تھے رسول اللہ نے اپنا مبارک ہاتھ علیؑ کے کاندھے پر مارا اور فرمایا: یا علیؑ مومنین میں سے تو سب سے پہلا مومن ہے اور مسلمانوں میں سے سب سے پہلا مسلمان ہے اور تیری میرے ساتھ وہی منزلت ہے جو موسی کی ہارون کے ساتھ تھی

* * *

ملاحظہ: اس حدیث میں عمر کے ساتھ سب وہ افراد شامل ہیں جو سقیفہ بنی ساعدہ میں علیؑ سے حکومت اور خلافت چھیننے میں عمر کے ساتھی تھے اور سب نے رسول اللہ سے یہ سنا کہ علیؑ اول مومنین اور اول مسلمین ہے اور علیؑ کی نبیؐ کے ساتھ وہی نسبت ہے جو موسی کی ہارون کے ساتھ تھی یعنی جیسے موسی کا خلیفہ و جانشین ہارون تھا اسی طرح رسول خدا حضرت محمدؐ کا خلیفہ اور جانشین علیؑ ہے پس انہوں نے یہ سب اقرار کرتے ہوئے نبیؐ کے اس قول کی مخالفت کی اور نبیؐ کی مخالفت اللہ کی مخالفت ہے ایسا کرنے والا یقیناً اسلام سے خارج اور جہنمی ہے

## حدیث 92

عن ابن مردویه قال رسول الله فی الجنة درجة تدعی (الوسیلة )فاذا سألتم الله فاسئلوا إلى الوسيلة قالوا يا رسول الله من يسكن معك فيها قال علي وفاطمة والحسن والحسين

(حوالہ: تفسیر ابن کثیر ج ۲ ص ۶۸ کنز العمال ج ۱۲ ص ۱۰۳ ح ۳۴۱۲۵ مقتل الحسین خوارزمی، ۶۷ سیوطی مسند علی بن ابی طالب ج ۱ ص ۳۵۰ مسند فاطمہ ۶۹، ۴ جامع کبیر ج ۵ ۳۰۵، ۱۶)

ترجمہ: ابن مردویہ نے نقل کیا ہے رسول اللہؐ نے فرمایا: جنت میں ایک درجہ ہے جسے وسیلہ کہا جاتا ہے اور تم جب بھی اللہ سے سوال کرو تو سوال کرو میرے وسیلہ کے ساتھ لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہؐ آپ کے ساتھ کون اس مقام وسیلہ میں ساکن ہیں یعنی شامل ہیں تو آنحضرتؐ نے فرمایا: علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ ہیں۔

ملاحظہ: آپ نے اس حدیث میں غور کیا جہاں رسول اللہؐ کو حق شفاعت حاصل ہے وہاں اہل بیت نبیؐ کو بھی حق شفاعت حاصل ہے کیونکہ وہ نبیؐ سے ہیں اور نبیؐ ان سے ہے وہ آیت تطہیر و مباہلہ

اور صلوات میں نبیؐ کے شریک ہیں اور انہیں کے بارے نبیؐ نے فرمایا: یہ ان کا گوشت میرا گوشت ہے ان کا خون میرا خون ہے ان سے جنگ میرے ساتھ جنگ ہے اور انکی اذیت میری اذیت ہے اور انکے ساتھ بغض دشمنی میرے ساتھ بغض ودشمنی ہے

## حدیث 93

قال رسول الله من أطاعنی فقد اطاع الله ومن عصانی فقد عصی الله ومن اطاع علیاً فقد اطاعنی ومن عصی علیاً فقد عصانی

(حوالہ: مستدرک ج۳ص۱۲۱ اور حاکم نے کہا یہ حدیث صحیح الاسناد ہے)

ترجمہ: رسول اللہؐ نے فرمایا: جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی ہے اور جس نے میری نافرمانی کی ہے اس نے اللہ کی نافرمانی کی ہے پس جس نے علیؑ کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی ہے اور جس نے علیؑ کی نافرمانی کی ہے اس نے میری نافرمانی کی ہے

دوسری حدیث:

قال أبی ذر قال رسول الله من فارقک یاعلي فارقنی ومن فارقنی فارقک الله

(حوالہ: کنزالعمال جلد۶ص۱۵۶)

ترجمہ: ابوذر نے رسول اللہؐ سے نقل کیا ہے کے آنحضرتؐ نے فرمایا: یاعلیؑ جو تجھ سے جدا ہوا وہ مجھ سے جدا ہوا ہے اور جو مجھ سے جدا ہوا ہے وہ اللہ سے جداء ہوا ہے

ملاحظہ: ان دو حدیث مبارکہ نے تمام مؤمنوں اور مسلمانوں پر حجت تمام کردی ہے اب دیکھنا یہ ہے کس نے نبیؐ و علیؑ کی اطاعت کی اور کس نے علیؑ اور نبیؐ کی نافرمانی کی اور کون علیؑ و نبیؐ سے دور ہوئے ان

سوالوں کا جواب واضح ہے وہ سب جماعت سقیفہ یعنی ابو بکر و عمر و عثمان و معاویہ عائشہ اور ان کے ساتھی ہیں۔

## حدیث 94

عن سعد سمعت رسول الله يقول لعلي عليه السلام ثلاث خصال لان يكون لى واحدة منها احب الى من الدنيا و ما فيها سمعته يقول أنت منى بمنزلة هارون من موسى الا انه لا نبى بعدى و سمعته يقول لأعطين راية غداً رجلاً يحب الله ورسوله ويحبه الله ورسوله ليس بفرار فسمعته يقول من كنت مولاه فعلي مولاه

(حوالہ: کنزالعمال ج۱۳ح ۳۶۵۹۵، ابن جریر سے نقل کیا ہے اور یہ حدیث متواتر و قطعی الصدور ہے)

ترجمہ: سعد روایت کرتا ہے میں نے رسول اللہؐ سے علیؑ کی تین ایسی خصلتیں سنی ہیں اگر میرے پاس ان میں سے ایک ہوتی دنیا اور جو اس میں ہے اس سے میرے لئے بہتر ہوتی میں نے رسول اللہؐ کو کہتے سنا میں کل علم اسکو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول کو دوست رکھتا ہے اور اللہ ورسول بھی اسے دوست رکھتے ہیں اور وہ فرار کرنے والا نہیں ہے، میں نے رسول اللہؐ کو یہ کہتے سنا آنحضرتؐ نے فرمایا: یا علیؑ تیری میرے ساتھ وہی منزلت ہے جو موسیٰ کی ہارون کے ساتھ تھی جبکہ میرے بعد کوئی نبیؑ نہیں ہے اور میں نے رسول اللہؐ سے (یوم غدیر) یہ کہتے سنا جس کا میں مولا ہوں اسکا علیؑ مولا ہے۔

ملاحظہ: اے مومنین یہ تین خصلتیں جو رسول اللہؐ نے علی بن ابی طالبؑ کیلئے بیان کی ہیں یہ حضرت کے خلیفہ بلافصلِ نبی اور امام مطلق ہونے پر دلیل ہے، اگر مسلمان ان تین امتیازات کو بہ غور مطالعہ کریں تو ان کے لئے کوئی شک و شبھہ باقی نہیں رہے گا کہ علیؑ نبیؐ کے بعد تمام امت سے افضل ہے، جو

نفس نبیؐ اور نور نبیؐ ہے، اللہ و رسولؐ اسے دوست رکھتے ہیں اور نبی نے غدیر خم میں اسے اپنا خلیفہ و جانشین بناتے ہوئے یہ فرمایا تھا کہ جس کا میں مولا ہوں اسکا علیؑ مولا ہے علیؑ کو میرے ساتھ وہی نسبت ہے جو موسیٰ کو ہارون کے ساتھ تھی پس علیؑ میرے خلیفہ اور جانشین ہیں فقط نبی نہیں ہیں نبوت مجھ پر ختم ہو چکی ہے پس اس کلام نے جھوٹے خلیفوں اور اماموں اور ولیوں کی راہیں قیامت تک بند کر دی کیونکہ ہر لنگڑے لولے منافق نے اسی خلافت وولایت وامامت میں تصرف کیا ہے اور اپنے آپ کو نبیؐ کا خلیفہ ونائب بنایا ہے اور امت کے بے وقوفوں اور کم عقل لوگوں کو اپنا مرید بنایا ہے جن کے عقل میں یہ بات نہیں آتی ہے کہ نبیؐ کا خلیفہ اللہ بناتا ہے جیسے نبیؐ کو اللہ بناتا ہے نبیؐ اور نبی کے خلیفہ کا معصوم ہونا ضروری ہے اور خلیفہ تمام صفات میں نبیؐ کی مانند ہوتا ہے نور و علم و حلم، شجاعت و قضاوت اور امانت ودیانت وصداقت وشرافت وولایت اور جیسے نبیؐ مظہر صفاتِ خدا ہے ویسے نبیؐ کا خلیفہ بھی مظہرِ صفاتِ خدا ہے تمام امور کون ومکان جیسے نبیؐ کے ہاتھ میں ہیں اسی طرح نبیؐ کے ولی و خلیفہ کے ہاتھ میں ہیں۔

## حدیث 95

قال امیرالمومنین جمعنا رسول الله فی بیت ام سلمه أنا وفاطمة وحسناًوحسيناًثم دخل رسول الله فی کساء له أدخلنا معه ثم ضمناثم قال اللهم هولاء اهل بيتى واذهب عنهم الرجس وطهرهم تطهيرافقال ام سلمه يارسول الله فأنا ؟ودنت منه فقال انت ممن أنت منه وأنت على خير أعاد رسول الله ثلاثاًيصنع ذلک

ترجمہ: امیر المومنینؑ نے فرمایا: رسول اللہؐ نے ام سلمہ کے گھر میں ہمیں جمع کیا جبکہ میں اور فاطمہؑ اور حسنؑ و حسینؑ تھے اور رسول اللہؐ نے اپنی عباء میں ہمیں داخل کیا اور پھر ہمیں اپنے ساتھ ملایا اور فرمایا:

اے اللہ یہ میرے اہل بیتؑ ہیں تو رجس کو ان سے دور کر دے اور انکو پاک وپاکیزہ بنادے ام سلمہ کہتی ہے میں چادر کے قریب ہوئی اور کہا یارسول اللہ میں بھی آپ سے ہوں تو آنحضرتؐ نے فرمایا تو اس کی جنس سے ہے جس سے تو ہے اور تو خیر پر ہے اور تین مرتبہ اس جملہ تکرار فرمایا

(حوالہ: شواہد التنزیل ج۲ ص۵۲ ح۷۶۲ ابن مغازلی ج۲ ص۳۰ ح۳۴۶ فضائل صحابہ لابن حنبل ج۲ ص۵۷۷ ح۹۷۸ مسند احمد بن حنبل ج۶ ص۴۵ ح۱۶۹۸۵، المصنف ابن ابی شیبہ ج۷ ص۵۰۱ ح۴۰ سنن ترمذی ج۵ ص۶۶۳ ح۳۷۸۷)

ملاحظہ:

قصہ حدیث کساء منابع اہل سنت میں اور منابع اہل تشیع میں مشہور واقعہ ہے جس سے پنج تن پاک کی عظمت وطہارت وسنخیت اور جنسیت اور نورانیت وواقعیت کا پتہ چلتا ہے کہ اللہ نے عالم کائنات کو ان کے نور سے بنایا ہے اور انہیں اپنے نور عظمت سے بنایا ہے اور اس میں اللہ نے یہ بتایا ہے اگر ان کو نہ بناتا تو عالم کائنات کی کوئی شئ خلق نہ کرتا عالم کائنات کا وجود ان کے سبب سے ہے پس ان پر کسی کو قیاس نہ کرنا یہ نبیؐ سے ہیں اور نبیؐ ان سے ہے یہی وجہ ہے جب بی بی ام سلمہ نے کہا کیا میں بھی تم سے ہوں ؟ تو آنحضرت نے فرمایا تو اپنے باپ کی جنس سے ہے لیکن تو خیر یعنی ولایت امیر المومنینؑ پر ہے آنحضرت نے تین مرتبہ اس جملہ کو تکرار کیا اس کی وجہ یہ تھی کے امت کو بتارہے ہیں کہ کبھی بھی ازواج نبیؐ کو اہل بیتؑ میں شامل نہ کرنا اور اصحاب نبیؐ کو اہل بیتؑ پر مقدم نہ کرنا اور جو ایسا کرے گا دراصل اس نے رسول اللہ کی مخالفت کی اور رسول کا مخالف اللہ کا مخالف ہے اور وہ جہنمی ہے۔

* * *

## حدیث 96

عن ابن عباس فی حدیث زواج فاطمه و علی ثم التزمهما رسول الله فقال اللهم انهما منی وانا منهما اللهم کما اذهبت علی الرجس وطهرتنی وطهرهما

(حوالہ: معجم کبیر ۲۲ ۱۰، ۴۱۲، ۲۲، ۳۶۲، ۱۳۴، ۲۴، المصنف عبد الرزاق ص ۴۸۹ ح ۲۷۸۲)

ترجمہ: ابن عباس نے فاطمہؑ اور علیؑ کی شادی کا ذکر بیان کرتے ہوئے کہا ہے رسول اللہ ﷺ نے حضرت فاطمہؑ اور علیؑ کو اپنے نزدیک کرتے ہوئے فرمایا: اے اللہ یہ دونوں علیؑ و فاطمہؑ مجھ سے ہیں اور میں ان دونوں سے ہوں اے اللہ جیسے تو نے مجھ سے رجس کو دور کیا اور مجھے پاک وطاہر بنایا ہے اسی طرح ان سے بھی رجس کو دور کر کے پاک وطاہر بنا دے۔

ملاحظہ: اے مومنین اللہ کی مرضی کے مطابق کلام کرنے والی لسان مصطفیٰؐ نے علیؑ و فاطمہؑ کے بارے میں یہ فرمایا ہے یہ دونوں مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں اور جیسے میں پاک وطاہر ہوں ویسی ہی یہ پاک و طاہر ہیں اس کلام سے نبی ﷺ مومنین کو یہ درس دے رہے ہیں کہ ان سے محبت مجھ سے محبت ہے اور ان پر ظلم و ستم مجھ پر ظلم و ستم ہے جیسے میں عالم کائنات پر رحمت ہوں اسی طرح یہ بھی عالم کائنات پر رحمت ہیں اور جو مرتبہ اور مقام میرا خدا کے ہاں ہے وہی مرتبہ اور مقام انکا اللہ کے پاس ہے کیونکہ یہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں پس جس نے ان کو اذیت پہنچائی اس نے مجھے اذیت پہنچائی اور مجھے اذیت پہچانے والا اللہ کو اذیت پہچانے والا ہے اور اس پر اللہ و رسول کی لعنت ہے اور وہ اس آیت قرآن کا مصداق ہے (والذین یؤذون اللہ ورسوله لعنهم الله فی الدنیا والآخرة واعد لهم عذابا مهینا) جنہوں نے اللہ اور اسکے رسول کو اذیت پہنچائی ان پر دنیا و آخرت میں اللہ کی لعنت ہے اور ان

کے لئے رسوا کرنے والا عذاب ہے اب اس زمرہ میں سقیفہ بنی ساعدہ، عائشہ طلحہ وزبیر ومعاویہ وبنی امیہ اور بنی عباس اور تمام دشمن آل محمدؐ شامل ہیں۔

## حدیث 97

عن عمرو بن ميمون انى جالس إلى ابن عباس اذا أتاه تسعة رهط فقالوا يابن عباس اما ان تقوم معنا واما ان تخلوا بنا من بين هولاء فقال ابن عباس بل أنا أقوم معكم فهو يومئذ صحيح قبل ان يعمى قال فابتدؤا فتحدثوا فلا ندرى ما قالوا قال فجاء ينفض ثوبه ويقول اف و تف وقعوا فى رجل له بضع عشرة فضائل ليس لاحد غيره وقعوا فى رجل قال له النبى لأبعثن رجل لايخذيه الله ابداً يحب الله ورسوله إلى عن قال أخذ رسول الله ثوبه فوضعه على علي وفاطمة وحسن وحسين وقال إنما يريد الله ليذهب عنكم الرجس اهل البيت ويطهركم تطهيرا

(حوالہ: مستدرک علی صحیحین ج۳ص ۱۴۳ح ۴۶۵۰ ۹ مسند احمد بن حنبل ج ا ص ۱۰۸ح ۳۰۶۲ خصائص نسائی ۲۳، ۷۰ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ص ۱۸۵،)

ترجمہ: عمرو بن میمون نے نقل کیا ہے میں ابن عباس کے پاس بیٹھا ہوا تھا جب کہ نو آدمی اس کے پاس آئے اور کہا یا تو ہمارے ساتھ آ جایا اکیلا اس قوم کے پاس چلا جا (نعوذ باللہ جو علیؑ کو برا بھلا کہتے ہیں) یہ اس وقت کی بات ہے جب ابن عباس صحیح تھا اندھا نہیں ہوا تھا ابن عباس نے کہا میں آپ کے ساتھ چلتا ہوں پس انہوں نے ایک دوسرے کے ساتھ بحث ومباحثہ کیا ہم نہیں جانتے ایک دوسرے کو کیا کہا جب ابن عباس واپس آئے اپنے لباس کو جھاڑتے ہوئے کہا ہلاکت وبد بختی ہے اس قوم کے لئے جو علیؑ کو برا بھلا کہتے ہیں جس کے لئے دس ایسے فضائل ہیں جو کسی کے لئے نہیں ہیں ایک یہ کہ رسول اللہ نے

یوم فتح خیبر فرمایا: تھا میں ایسے مرد کو جنگ کے لئے بھیجوں گا اللہ کبھی اسے ناامید نہیں کرتا ہے جو اللہ اور رسولؐ کو دوست رکھتا ہے اور یہاں تک کہ آنحضرتؐ نے اپنے عبا کو اوپر کیا علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ کو عبا میں لیا اور فرمایا: اللہ کا ارادہ یہ ہے کہ وہ تم اہل بیتؑ سے رجس و نجس کو دور کرے اور تمہیں پاک و پاکیزہ بنادے جیسے پاکی کا حق ہے۔

ملاحظہ: اے مومنین اس حدیث شریف میں اور اکثر احادیث میں رسول خدا جو لسان وحی ہے اہل بیتؑ کے فضائل بیان کرتے ہوئے امت کو آگاہ کیا ہے کہیں میرے اہل بیتؑ کی شان و منزلت کو کم نہ کرنا کیونکہ نبیؐ قیامت تک آنے والے حالات کو اللہ کے حکم سے جانتے تھے اس لئے امت کے اہل بیتؑ پر ہونے والے ظلم و جور کو آگاہ کرتے ہوئے یہ تمام احادیث بیان کی ہیں کیونکہ ظالم خلفاء کے زمانہ میں علیؑ کے بارے میں کس قدر پروپگینڈا سخت تھا اور حضرت علیؑ کو برا بھلا کہنے والے حکومتی مال و زر کے لئے علیؑ کے خلاف ہر غلط بات کو منسوب کرتے اس لئے ابن عباس اور مومنین کو ان کے ساتھ مناظرہ کرنے پڑے اور علیؑ جو حق کے ولی ہیں ان کا دفاع کیا اور بتایا کہ علیؑ کے دس فضائل ایسے ہیں جو کسی میں نہیں پائے جاتے اور اس حدیث میں دو کا ذکر کیا ہے اگر عمری مسلمان ان دو کو اچھی طرح جان لیتے علیؑ کا حق ان کے لئے واضح ہو جاتا اور وہ کبھی بھی باطل کو نبیؐ کا خلیفہ اور جانشین نہ بناتے اور اللہ اور رسولؐ کے غضب کے مستحق نہ بنتے

## حدیث 98

عن سعد بن أبی وقاص لما نزلت هذه الآیة :فقل تعالوا ندع أبنائنا وأبنائكم دعا رسول الله علیاً وفاطمةوحسناًوحسیناً فقال اللهم هولاء اهلی

(حوالہ: صحیح مسلم ج۴ح۱۸۷۱سنن ترمذی ج۵ ص۲۲۵ح۲۹۹۹مسند احمد بن حنبل ص۳۹۱ح۱۶۰۸، الدر منثور ۲،۲۳۳ تاریخ دمشق ترجمہ امام علی ج۱ ۲۷۱،۲۰۷، یہ حدیث متواتر السند ہے)

ترجمہ: سعد بن ابی وقاص نے روایت کی ہے کہ جس وقت یہ آیت مباہلہ نازل ہوئی (تم اپنے بیٹوں کو لاؤ ہم اپنے بیٹوں کو لاتے ہیں تم اپنی عورتوں کو لاؤ ہم اپنی عورتیں کو لاتے ہیں تم اپنے نفسوں کو لاؤ ہم اپنے نفسوں کو لاتے ہیں تو رسول اللہ ﷺ نے علیؑ و فاطمہؑ اور حسنؑ و حسینؑ کو بلایا اور فرمایا: اے اللہ یہ میرے اہل بیتؑ ہیں۔

ملاحظہ: اے مومنین غور کریں اور سوچیں جب آیت مباہلہ نازل ہوئی رسول اللہ ﷺ نے اللہ کے حکم سے نجران کے عیسائیوں کو مباہلہ کے لئے حکم دیا تو اس میں عورتوں کی جگہ پر حضرت فاطمہؑ کو اور بیٹوں کی جگہ پر حسنین شریفین کو اور نفسوں کی جگہ پر علی بن ابی طالبؑ کو لے گئے اور یہ ہیں اہل بیت نبی ﷺ جو نبی ﷺ سے ہیں اور نبی ﷺ ان سے ہے اور ان کا ہر مقام میں تعارف کروایا ہے یہی میرے اہل بیتؑ و عترت ہیں، اور میں تمہارے درمیان اللہ کی کتاب اور اپنے اہل بیتؑ کو چھوڑے جا رہا ہوں ان دونوں سے کبھی دور نہ ہونا نہیں تو گمراہ ہو جاؤ گے

## حدیث 99

عن أميرالمومنين قال رسول الله ان الله أمرني ان ادنيک ولا اقسيک وان اعلمک و ان تعی وحق لک ان تعی قال فنزلت هذه الآية (و تعيها اذن واعية )

(حوالہ: حلیۃ الاولیاء 1، 65، کنز العمال ٤٠٨،٦، ح ٦١٦٠)

ترجمہ: امیر المومنین سے ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ نے مجھے حکم دیا ہے تجھ علی کو اپنے نزدیک کروں اور تجھے دور نہ کروں اور تجھے بتاؤں کے تو (میری تمام اچھائیوں کا) ظرف بن جائے اور تیرا حق بھی یہی ہے کہ تو (میری تمام اچھائیوں کا) ظرف ہے اس وقت یہ آیت نازل ہوئی (کہ علی کو اللہ نے نبی ﷺ کا سننے والا کان بنایا ہے)

## حدیث 100

قال رسول الله فی مرض موته (یاایهاالناس یوشک ان اقبض قبضا سریعا فینطلق بی وقد قدمت إلیکم القول معذرة إلیکم الا إنی مخلف فیکم کتاب ربی عزوجل وعترتی ثم أخذ بید علي فرفعها فقال هذا علي مع القرآن والقرآن مع علي لایفترقان حتی یردا علی الحوض واسئلهما ما خلفت فیهما

(حوالہ: صوائق محرقہ ص ۱۲۴)

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ اپنی وفات سے پہلے حالت مرض میں یہ فرمایا بہت جلد میری روح قبض ہو جائے گی پس یہ میری جدائی ہے بیشک میں اس سے پہلے بھی اپنا قول بتا چکا ہوں جو تم پر حجت ہے (اس کے علاوہ کوئی عذر قبول نہیں ہو گا) آگاہ ہو جاؤ بیشک میں تم میں اللہ کی کتاب اور اپنی عترت اہل بیتؑ چھوڑے جارہا ہوں پھر آنحضرت ﷺ نے علیؑ کے ہاتھ کو بلند کیا اور فرمایا: یہ علیؑ قرآن کے ساتھ ہے اور قرآن علیؑ کے ساتھ ہے یہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے یہاں تک کے حوض کوثر پر پہنچ میرے پاس پہنچ جائے گے اور میں تم سے ان دونوں (قرآن وعترت) کے بارے سوال کروں گا۔

اور دوسری روایت میں ہے جسے حاکم نے شرط شیخین یعنی بخاری اور مسلم سے نقل کیا ہے کہ یہ حدیث صحیح السند ہے اس میں یہ لفظ موجود ہے (اهل بیتی وعترتی) کے بعد یہ عبارت ہے (قال أتعلمون انی اولی بالمومنین من انفسهم ثلاث مرات قالوا نعم فقال رسول اللهﷺمن کنت مولاه فهذا علي مولاه) (حوالہ: مستدرک ج۳ ص۱۰۹)

ترجمہ: کیا تم جانتے ہو میں مومنین پر ان کی جانوں سے زیادہ حق رکھتا ہوں اور اس جملہ کو آنحضرتؐ نے تین مرتبہ تکرار کیا تو تمام لوگوں نے کہا جی ہاں یا رسول اللہ تو آنحضرتؐ نے فرمایا: جس کا میں مولا ہوں یہ علیؑ اسکا مولا ہے

اور نسائی نے اس حدیث کو زید بن ارقم سے نقل کیا ہے اور اس میں یہ جملہ اضافہ کیا:

ثم قال ان الله مولای وأنا ولی کل مومن ثم أخذ بيد علي فقال من كنت مولاه فهذا وليه اللهم وال من والاه وعاد من عاداه

(حوالہ: خصائص امیر المومنین لنسائی ۲۱)

ترجمہ: آنحضرتؐ نے فرمایا: بیشک اللہ میرا مولا ہے اور میں تمام مومنین کا ولی ہوں پھر علیؑ کا ہاتھ بلند کیا پھر فرمایا جس کا میں مولا ہوں اسکا ولی علیؑ ہے اے اللہ تو اسے دوست رکھ جو علیؑ کو دوست رکھتا ہے اور اسے دشمن رکھ جو علیؑ کا دشمن ہے

نوٹ: ان احادیث سے یہ ثابت ہوا ہے رسول اللہؐ نے غدیر خم میں امیر المومنین کو اپنا خلیفہ و جانشین اور ولی بنایا تھا اور پس جس نے غدیر خم میں اللہ و نبیؐ کے حکم سے علی علیہ السلام کی بیعت کی اور پھر بیعت کو توڑا یہ سب اللہ و نبیؐ کے دشمن ہیں۔

ملاحظہ: عمریوں کا استدلال ابو بکر کے مسلمانوں کے خلیفہ ہونے پر یہ ہے کہ ابو بکر کو نبیؐ نے کہا تم جماعت کراؤ اور نبیؐ نے بھی ابو بکر کے پیچھے نماز پڑھی ہے سب سے پہلے تو یہ بات عقل کے خلاف ہے کیسے انبیاء و مرسلین کے امام نبیؐ پر جو رحمت العالمین ہے اس پر ابو بکر مقدم ہو سکتا ہے؟ اور یہ بات قرآن مجید کے بھی خلاف ہے قرآن میں اللہ تبارک و تعالی نے سورہ حجرات میں یہ فرمایا ہے: (یاایھا الذین آمنوا لا تقدموا بین یدی الله و رسوله ......) اے مومنین تم اپنے آپ کو اللہ و رسول سے مقدم نہ کرو پس ابو بکر کا رسول اللہ سے مقدم ہونا قرآن کے خلاف ہے اور جو حدیث قرآن کے خلاف ہو اسے دیوار پر مارنے کا حکم ہے کیونکہ یہ حدیث بناوتی ہے سقیفہ اور بنی امیہ کی جعلی احادیث میں سے یہ ایک حدیث ہے اور اللہ نے دوسری آیت میں یہ فرمایا: (یاایھا الذین آمنوا لاترفعوا أصواتكم فوق صوت

النبی ) اے مومنین اپنی آواز کو نبیؐ کی آواز سے بلند نہ کرو جبکہ امام جماعت کی آواز ماموم سے بلند ہوتی ہے اس میں ایک تو ابو بکر امام جماعت ہونے کی حیثیت سے رسول اللہ پر نعوذ باللہ مقدم ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ رسول اللہ پر آواز بلند ہونے سے بھی مقدم ہے اور یہ بات قرآن مجید میں اللہ کے قانون کے مطابق توہینِ رسالت ہے۔

(شکریہ نامہ)

میں نہایت ہی ادب واحترام سے جناب سید علی حسنین شاہ صاحب (مقیم ڈنمارک) کا شکریہ ادا کرتا ہوں جس نے اس کتاب کی چھپائی میں ہمارے ساتھ کامل تعاون کیا اور اس کارِ خیر میں ہمارے ساتھ شامل ہوئے میں دعا گو ہوں اللہ تعالی ان کی سعی و کوشش کو بحق محمد وآل محمدؐ اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے

آمین یارب العالمین

* * *

والحمدللہ رب العالمین و صل اللہ علی نبینا واھل بیتہ الطیبین الطاھرین المعصومین